اوم

ترجمہ

سری جپ جی صاحب

موسوم بہ

جوہر معرفت

جس کو

گورو گرنتھ صاحب و نیز دیگر گرنتھوں و عارفوں و مہاتماؤں
کی مدد سے اردو میں ترجمہ کر کے پریمی بھگتوں و جگیاسو لوگوں کے فائدہ عام
کے لئے

بابو جیسٹن بخش ہیڈ مدرس جی گونڈہ (اودھ) نے تالیف کیا

باہتمام

بابو پیارے لال صاحب بھارگو

سنہ ۱۹۱۲ء

مطبوعہ نولکشور پریس لکھنؤ

اونگ

دیباچہ

حمد وثنا اُس کی واجب ہے جو کون و مکان اور دونوں کے درمیان آشکارا اور کُل موجودات میں محیط اور جزو کُل کا صانع عین دانائی سراپا نُور اور نفس کُل جسم کُل عقل کُل اور تعینات سے مُنزّہ ہے -

یہ صحیفہ جو رقم ہوتا ہے اس کا نام "جوہر معرفت" معروف بہ ترجمہ سری جپ جی صاحب" مولفہ سری گورونانک صاحب ہے کہ تمام بید و بیدانت و شاستر کا خلاصہ ہے - میں تہ دِل سے عمو یصاحبان منشی بالمکند لعل صاحب و منشی نانک شاہ صاحب کا شکر گزار ہوں کہ اُن کی تحریک سے اردو ترجمہ سری جپ جی صاحب کا رقم کرنا آغاز کیا اور منشی گنگا بخش صاحب و پنڈت نرسنگھ نرائین کا مشکور اس وجہ سے ہوں کہ منشی صاحب موصوف نے ترجمہ میں اکثر اوقات پر مشکلات کو حل کرنے میں مدد دی ہے اور پنڈت جی موصوف نے پونڈیوں اور بید کے سُرتیوں کو ناگری میں نقل کیا ہے - آخر میں مَیں منشی رامجیاون لعل صاحب ریونیو ایجنٹ کا جن کی کوشش بلیغ سے یہہ کتاب مطبع منشی نولکشور صاحب میں شائع ہوئی ہے حد سے زیادہ ممنون ہوں +

کمترین

چھٹین بخش خلف منشی گنپت دیال صاحب مرحوم
سابق رجسٹرار قانونگوئے تحصیل گونڈہ ساکن موضع پیاگپور ضلع گونڈہ حال وارد محلہ نوشہرہ ضلع گونڈہ

۲۲-نومبر ۱۹۰۶ء

اونگ

جپ جی

منتر

ایک اونگ ست نام کرتا پُرکھ نربھو نرویر اکال مورت اجونی سے
بھنگ گورو پرشاد جپ آد سچ جگاد سچ ہے بھی سچ نانک ہوسی بھی سچ -ا

پوڑی -ا-

سوچے سوچ نہ ہووئی جے سوچی لکھ وار - چپ یے چپ نہ ہووئی جے لائے
رہا لیوتار - بھوکھیا بھوکھ نہ اتری جے بناں پوریاں بھار - سہس سیانپا لکھ ہوے تا اِک
نہ چلے نال - کیو سچیارا ہوئی اے کیو کوڑے تٹے پال - حکم رضائی چلنا نانک لکھیا نال

پونڈی -۲-

حکمی ہوون آکار حکم نہ کہیا جائی - حکمی ہوون جیہ حکم ملے وڈیائی - حکمی اُوتم نیچ حکم
لکھ دکھ سکھ پاییہ - اِکنا حکمی بخشیش اِک حکمی سدا بھوایہ - حکمے اندر سب کو باہر حکم نہ کوے

نانک حُکمے جے بُوجھے تا ہَومے کہے نہ کوے - ۲

پونڈی -۳-

گاوے کو تانڑ ہووے کِسے تانڑ - گاوے کو دات جانے نیشانڑ - گاوے کو گُن وڈیائی آچار - گاوے کو وِدیا وِکھم بچار - گاوے کو ساج کرے تن کھیہ - گاوے کو جیہ لے پھر دیہہ - گاوے کو جاپے دِسے دُور - گاوے کو ویکھے حادرا حدُور - کتھنا کتھی نہ آوے توٹ - کتھ کتھ کتھی کوٹی کوٹ کوٹ - دیندا دے لیندے تھک پاہ - جُگا جُگ انتر کھاہی کھاہ - حُکمی حُکم چلاے راہ - نانک وِگسے بے پرواہ -

پونڈی -۴-

ساچا صاحب ساچ نائے بھاکھیا بھاو اپار - آکھِ منگہِ دیہہ دِیہہ دات کرے داتار - پھیر کہ اَگے رکھئے جِت دِسے دربار - مُونہوں کہ بولن بولئے جِت سُن دھرے پیار - امرت ویلا سچ ناؤں وڈیائی ویچار - کرمی آوے کپڑا ندری موکھ دُوار - نانک ایوے جانئے سب آپے سچیار -

پونڈی -۵-

تھاپیا نہ جاے کِیتا نہ ہوے آپے آپ نرنجن سوے - جِن سیویا تِن پایا مان - نانک گاوی اے گُنی ندھان - گاوی اے سُنئے من رکھئے بھاؤ - دُکھ پرہر سُکھ گھر لیجاے - گورمُکھ نادنگ گورمکھ بیدنگ گورمکھ رہا سمائی - گُور ایشر گُور گورکھ برہما گُور پاربتی مائی - جے ہوں جانا آکھا ناہیں کہنا کتھن نہ جائی - گُورا اِک دیہہ بُوجھائی - سبنا جیا کا اِک داتا سو میں بِسر نہ جائی -

پونڈی -۶-

تیرتھ ناواجے تِس بھاوا بِن بھانڑے کے نائے کری - جے تی سرشٹ اوپائی

دیکھا بن گرمان کی ملے لئی - مت وِچ رتن جواہر مانِک جے اِک گور کی سِکھ سُنی -
گورا اِک دیہہ بوجھائی - سبنا جیا کا اِک داتا سو مَیں بسر نہ جائی -

پوڑی -۷-

جے جُگ چارے آرجا ہور دسُونی ہوے - نواں کھنڈا وِچ جانیئے نال چلے سب
کوے - چنگا ناؤں رکھائیکے جس کیرت جگ لے - جے تِس ندر نہ آوئی تا بات
نہ پوچھے کے - کیٹا اندر کیٹ کر دوسی دوس دھرے - نانک نرگُن گُن کرے گُن
ونتیا گُن دے - تیہا کوئی نہ سُوجھئی جی تِس گُن کوے کرے -

پوڑی -۸-

سُنئیے سِدھ پیر سُر ناتھ - سُنئیے دھرت دھول آکاش - سُنئیے دِیپ لوے پاتال
سُنئیے پوہ نہ سکے کال - نانک بھگتاں سدا بگاس - سُنئیے دُوکھ پاپ کا ناش -

پوڑی -۹-

سُنئیے اِیشر برہما اِند - سُنئیے مُکھ سلاہن مند - سُنئیے جوگ جُگت تن بھید - سُنئیے
شاستر سمرت بید - نانک بھگتاں سدا بگاس - سُنئیے دُوکھ پاپ کا ناش -

پوڑی -۱۰-

سُنئیے ست سنتوکھ گیان - سُنئیے اٹھ سٹھ کا اشنان - سُنئیے پڑھ پڑھ پاوہہ مان -
سُنئیے لاگے سہج دھیان - نانک بھگتاں سدا بگاس - سُنئیے دُوکھ پاپ کا ناش -

پوڑی -۱۱-

سُنئیے سرا گُنا کے گاہ - سُنئیے شیخ پیر پادشاہ - سُنئیے اندھے پاوہہ راہ - سُنئیے ہاتھ
ہووے اَس گاہ - نانک بھگتاں سدا بگاس - سُنئیے دُوکھ پاپ کا ناش -

پوڑی -۱۲-

مَنّے کی گت کہی نہ جائے - جیکو کہے پیچھے پچھتائے - کاغذ قلم نہ لِکھن ہار -

منّنے کا بہہ کرن بیچار۔ ایسا نام نرنجن ہوئے۔ جیکو مَن جانے مَن کوے۔

پونڑی ۔۱۳۔

منّنے سُرت ہووے مَن بُدہ۔ منّنے سکل بھون کی سُدہ۔ منّنے مُونھ چوٹا نا کھائے۔ منّنے جم کے ساتھ نہ جائے۔ ایسا نام نرنجن ہوے۔ جیکو من جانے من کوئے۔

پونڑی ۔۱۴۔

منّنے مارگ ٹھاک نہ پائے۔ منّنے پت سیو پرگٹ جائے۔ منّنے مگ نہ چلے پنتھ۔ منّنے دھرم سیتی سنبندہ۔ ایسا نام نرنجن ہوئے۔ جیکو من جانے من کوئے۔

پونڑی ۔۱۵۔

منّنے پاوہہ موکھ دُوار۔ منّنے پروارے سادھار۔ منّنے ترے تارے گور سِکھ۔ منّنے نانک بھوے نہ بھکھ۔ ایسا نام نرنجن ہوے۔ جیکو من جانے من کوے۔

پونڑی ۔۱۶۔

پنچ پروان پنچ پردہان۔ پنچے پاوہہ درگہہ مان۔ پنچے سوہہ در راجان۔ پنچاں کا گورو ایک دھیان۔ جیکو کہے کرے بیچار۔ کرتے کے کرنے نہیں شمار۔ دھول دھرم دیا کا پُوت۔ سنتوکھ تھاپ رکھیا جِن سُوت۔ جیکو بُوجھے ہووے سچیار۔ دھولے اوپر کیتا بھار۔ دھرتی ہور پرے ہور ہور۔ تِس تے بھار تلے کون جور۔ جیہ جات رِنگا کے ناو۔ سبھنا لکھیا بُڑھی کلام۔ ایہہ لیکھا لِکھ جانے کوے۔ لیکھا لکھیا کیتا ہووے۔ کیتا تاں سُوا لہو رُوپ کیتی دات جانے کون کُوت۔ کیتا پسا و ایکو کواو۔ تِس تے ہوے لکھ دریاو۔ قُدرت کوَان کہا بیچار۔ واریاں نہ جاوا اِک بار۔ جو تُدہ بھاوے سائی بھلی کار۔ تُو سدا سلامت نرنکار۔

پونڑی ۔۱۷۔

اَسنکھ جپ اسنکھ بھاو۔ اَسنکھ پُوجا اَسنکھ تپ تاو۔ اسنکھ گرنتھ مُکھ بید پاٹ۔ اَسنکھ

جوگ من رہے اوداس - اسنکھ بھگت گن گیان بیچار - اسنکھ ستی اسنکھ داتار - اسنکھ سور موہنہ بھکھ سار - اسنکھ مون لیولائے تار - قدرت کون کہا بیچار - واریاں نہ جاوا اک بار - جوتدہ بھاوے سائی بھلی کار - توسدا سلامت نرنکار -

پوڑی -۱۸-

اسنکھ مورکھ اندہ گھور - اسنکھ چور حرام خور - اسنکھ امر کرجاہ جور - اسنکھ گل وڈھ ہتیا کماہ - اسنکھ پاپی پاپ کرجانہہ - اسنکھ کوڑیار کوڑے پھرانہہ - اسنکھ ملیچھ مل بھکھ کھانہہ - اسنکھ نندک سر کرنہہ بھار - نانک نیچ کہے بیچار - واریاں نہ جاوا اک بار - جوتدہ بھاوے سائی بھلی کار - توسدا سلامت نرنکار -

پوڑی -۱۹-

اسنکھ ناوں اسنکھ تھاون - اگم اگم اسنکھ لوے - اسنکھ کہیں سر بھار ہوے - اکھری نام اکھری سلاہ - اکھری گیان گیت گن گاہ - اکھری لکھن بولن بان - اکھری سرسنجوگ بکھان - جن ایہہ لکھے تس سر ناہہ - جیو فرمائے تیو تیو پاہ - جیتا کیتا تیتا ناو - بن ناوے ناہیں کو تھاو - قدرت کون کہا بیچار - واریاں نہ جاوا اک بار - جوتدہ بھاوے سائی بھلی کار - توسدا سلامت نرنکار -

پوڑی -۲۰-

بھری اے ہتھ پیر تن دیہہ - پانی دھوتے اوترس کھیہ - موت پلیتی کپڑ ہوے - دے صابون لے اوہ دھوے - بھری اے مت پاپ کے سنگ - اوہ دھوپے ناوے کے رنگ - پنتی پاپی آکھن ناہہ - کر کر کرنا لکھ لے جا - آپے بیج آپے ہی کھاو - نانک حکمی آوہو جاہو -

پوڑی -۲۱-

تیرتھ تپ دیا دت دان - جیکو پاوے تلکا مان - سنیا منیا من کیتا بھاو - انترگت تیرتھ

مل ناؤ سب گن تیرے میں ناہیں کوے۔ بن گن کیتے بھگت نہ ہوے۔ سواست
آتھ بانی برماو۔ ست سو بانڑ سدا من چاو۔ کون سو ویلا وقت کون کون تتھ کون بار
کون سی رُت ماہو کون جت ہوا آکار۔ ویل نہ پائیا پنڈتیں جے ہووے لیکھ پورانڑ۔
وقت نہ پایو قاضیا جے لکھن لیکھ قرانڑ۔ تتھ بار نہ جوگی جانے رُت ماہ نا کوئی جا کرتا
سرشٹی کو ساجے آپے جانے سوئی۔ کیو کرا کھاں کیو سالاہیں کیو ورنی کیو جانا۔ نانک
آکھن سب کو آکھے اِک دو اِک سیانا۔ وڈا صاحب وڈی نائی کیتا جا کا ہووے۔ نانک
جیکو آپے جانے آگے گیا نہ سوہے۔

پونڑی۔۲۲

پاتالاں پاتال لکش اگاساں اگاس۔ اوڑک اوڑک بھال تھکے بید کہن اِک بات۔
سہس اٹھارہ کہن کتیباں اصلو اِک دھات۔ لیکھا ہوئے تا لکھیئے لیکھے ہوئے بناس۔
نانک وڈا آکھیئے آپے جانے آپ۔

پونڑی۔۲۳

سالاہی سالاہ ایتی سُرت نہ پائیا۔ ندیاں اتے واہ پونہہ سمند نہ جان یہہ۔ سمند
شاہ سلطان گرہا سیتی مال دھن۔ کیڑی تل نہ ہوونی جے تس منو نہ بیسرہ۔

پونڑی۔۲۴

انت نہ صفتی کہن نہ انت۔ انت نہ کرنے دین نہ انت۔ انت نہ ویکھن سنن نہ انت۔
انت نہ جاپے کیا من منت۔ انت نہ جاپے کیتا آکار۔ انت نہ جاپے پارا وار۔
انت کارن کیتے بللاہ۔ تا کے انت نہ پائے جاہ۔ ایہہ انت نہ جانے کوئے۔
بہتا کہئے بہتا ہوئے۔ وڈا صاحب اونچا تھاؤں۔ اونچے اوپرا اونچا ناؤں۔ اے وڈ
اونچا ہووے کوے۔ تِس اونچے کو جانے سوے۔ جے وڈ آپ جانے آپ آپ۔
نانک ندری کرمی دات۔

پوڑی-۲۵

بُہتا کرم لکھیا نا جاے - وڈا داتا تِل نہ تمائے - کیتے منگہہ جودہ اپار - کیتیا گنت نہیں بیچار - کیتے کھپ تتُہہ بکار - کیتے لے لے مُکر پاہ - کیتے مُورکھ کھاہی کھاہ - کیتیا دُکھ بھُکھ سد مار - ایہہ بھی دات تیری داتار - بند خلاصی بھانے ہوے - ہور آکھ نہ سکے کوے - جیکو کھاے کو آکھن پاہ - اوہ جانے جیتیا مُونہہ کھاے - آپے جانے آپے دیہہ - آکھے سب کے اِی کے - جس نُوں بخشے صفت سالاہ - نانک بادشاہی بادشاہ -

پوڑی-۲۶

اموُل گُن اموُل باپار - اموُل باپاری اموُل بھنڈار - اموُل آوہہ اموُل لے جاہہ - اموُل بھاے اموُل سماہ - اموُل دھرم اموُل دیوان - اموُل تُل اموُل پروان - اموُل بخشیش اموُل نیشان - اموُل کرم اموُل فرمان - اموُلو اموُل آکھیا نہ جاے - آکھ آکھ رہے لِیو لاے - آکھ بید پاٹ پُوران - آکھے پڑھے کرے وکھیان - آکھ برہمے آکھ اِند - آکھ گوپی تے گوبند - آکھ ایشر آکھ سِدھ - آکھ کیتے کیتے بُدھ - آکھ دانو آکھ دیو - آکھ سُر نر مُن جن سیو - کیتے آکھ آکھن پاہہ - کیتے کہہ کہہ اُٹھ اُٹھ جاہہ - ایتے کیتے ہور کریہہ - تا آکھ نہ سکے اِی کے - جے وڈ بھاوے تے وڈ ہوے - نانک جانے سانچا سوے - جے کو آکھے بول بگاڑ - تا لکھئے سر گاواراں گنوار -

پوڑی-۲۷

سو در کیہا سو گھر کیہا جت بہہ سرب سنبھالے - باجے ناد انیک اسنکھا کیتے واون ہارے - کیتے راگ پری سیو کہیئن کیتے گاون ہارے - گاوہہ تُوہ نوں پون پانی بیسنتر گاویں راجا دھرم دوارے - گاوہہ چِت گپت لکھ جانہہ لکھ لکھ دھرم

بیچارے - گاونہہ ایشر برہما دیوی سوہن سدا سنوارے - گاونہہ اِند اِنداسن بیٹھے دیوتیاں درنائے - گاونہہ سدہ سمادھی اندر گاون سادھ بیچارے - گاون جتی ستی سنتوکھی گاونہہ بیر کرارے - گاون پنڈت پڑہن رکھیشر جُگ جُگ بیدا نالے - گاونہہ موہنیاں من موہن سُرگا مچھ پیالے - گاون رتن اوپاے تیرے اُٹھ سٹھ تیرتھ نالے - گاونہہ جودہ مہابل سُورا گاونہہ کھانی چارے - گاونہہ کھنڈ منڈل برہمنڈا کر کر رکھے دھارے - سے اِی تُدہ نوں گاونہہ جو تُدہ بھاون رتے تیرے بھگت رسالے - ہور کیتے گاون سے میں چت نہ آون نانک کیا بیچارے - سوئی سوئی سدا سچ صاحب ساچا ساچی نائی - ہے بھی ہوسی جاے نہ جاسی رچنا جن رچائی - رنگیں رنگیں بھاتی کر کر جن سی مایا جن اوپائی - کر کر دیکھے کیتا اپنا جیو تِس دی وڈیائی - جو تِس بھاوے سوئی کرسی حُکم نہ کرنا جائی - سو پات ساہو شاہاں پادشاہب نانک رہن رضائی -

پونڑی - ۲۸

مندا سنتوکھ سرم پت جھولی دھیان کی کرہنہ بھبُوت - کِھنتھا کال کنواری کایا جُگت ڈنڈا پرتیت - آئی پنتھی سگل جماتی من جیتے جگ جیت - آدیس تِسے آدیس - آد انیل انادا ناہت جُگ جُگ ایکو ویس -

پونڑی - ۲۹

بھگت گیان دیا بھنڈارن گھٹ گھٹ باجہ ناد - آپ ناتھ ناتھی سب جاکی رِدہ سِدہ اورا ساد - سنجوگ بجوگ دوئی کار چلاونہہ لیکھے اونہہ بھاگ - آدیس تِسے آدیس آد انیل انادا ناہت جُگ جُگ ایکو ویس -

پونڑی - ۳۰

ایکا مائی جُگت بیائی تین چیلے پروان - اِک سنساری - اِک بھنڈاری اِک لائے

دیوان - جیو تِس بھاوے تیوے چلاوے جیو ہووے فرمان - اوہ ویکھے اوہ
نا ندر نہ آوے بہتا ایہو وِڈان - آدیس تِسے آدیس آد انیل اناد اناہت جُگ جگ
ایکو ویس -

پونڈی - ۳۱

آسن لوئے لوئے بھنڈار - جو کچھ پایا سو ایکا بار - کر کر ویکھے سرجن ہار - نانک
سچے کی ساچی کار - آدیس تسے آدیس آد انیل اناد اناہت جُگ جگ ایکو ویس -

پونڈی - ۳۲

اِک دُو جیبھو لکھ ہوے لکھ ہووے لکھ بنیں - لکھ لکھ گیڑا آکھیئے ایک نام جگدیش -
ایت راہ پت پونڈیاں چڑھے ہوے اکیس - سُن گلاں آکاس کی کیٹاں آئی ریس
نانک ندری پائی کوڑی کوڑے ٹھیس -

پونڈی - ۳۳

آکھن جور چُپے نہہ جور - جور نہ منگن دین نہ جور - جور نہ جیون مرن نہ جور - جور نہ راج
مال من شور - جور نہ سُرتی گیان بچار - جور نہ جُگتی چھُٹے سنسار - جس ہتھ جور کر
ویکھے سوے - نانک اوتم نیچ نہ کوے -

پونڈی - ۳۴

راتی رُتی تھتی بار - پون پانی اگنی پاتال - تِس بِچ دھرتی تھاپ رکھی دھرم سال -
تِس بِچ جیہ جُگت کے رنگ - تِنکے نام انیک اننت - کرمی کرمی ہوے بچار -
سچا آپ سچا دربار - تِتھے سوہن پنچ پروان - ندری کرم پوے نِشان - کچ پکائی اوتھے
پاے - نانک گیا جاپے جاے -

پونڈی - ۳۵

دھرم کھنڈ کا ایہو دھرم - گیان کھنڈ کا آکھو کرم - کیتے پون پانی بیسنتر کیتے کانہہ مہیش

کیتے برہمے گھاڑت گھڑے روپ رنگ کے ویس - کیتیا کرم بھومی میر و کیتے کیتے دھو اوپدیش - کیتے اِند چند سُور کیتے کیتے منڈل ویس - کیتے سِدہ بدہ ناتھ کیتے کیتے دیوی ویس - کیتے دیو دانو مُن کیتے کیتے رتن سمند - کیتیا کھانی کیتیا بانی کیتے پات نِرند - کیتیا سُرتی سیوک کیتے نانک انت نہ انت -

پوڑی - ۳۶

گیان کھنڈ مہہ گیان پرچنڈ - تِتھے ناد بنود کوڈ انند - سرم کھنڈ کی بانی رُوپ - تِتھے گھاڑت گھڑے بہت انوُپ - تاکیا گلاں کتھیا نا جاہ - جیکو کہے پچھے پچھتاہ - تِتھے گھڑی سُرت مت من بدہ - تِتھے گھڑے سُرا سدہان کی سُدہ -

پوڑی - ۳۷

کرم کھنڈ کی بانی جور - تِتھے ہور نہ کوئی ہور - تِتھے جودہ مہابل سُور - تن مہہ رام رہیا بھرپُور - تِتھے سیتو سیتا مہما ماہہ - تاکے روپ نہ کتھنے جاہہ - نہ اوہ مرے نہ ٹھاگے جاہ - جن کے رام بسے من ماہہ - تِتھے بھگت بسے کے لوے - کرہ انند سچا من سوے - سچ کھنڈ بسے نرنکار - کر کر ویکھے ندر نہال - تِتھے کھنڈ منڈل برہبنڈ - جیکو کتھے تا انت نہ انت - تِتھے لوے لوے آکار - جیو جیو حکم تیوے تیو کار - ویکھے بگسے کر بچار - نانک کتھنا کرڑا سار -

پوڑی - ۳۸

جَت پہارا دِھیرج سُنیار - اِہرن مت بید ہتھیار - بھو کھلاں اگنی تپ تاؤ - بھانڈا بھاو امرت تتِ ڈھال - گھڑی اے شبد سچی ٹکسال - جن کو ندر کرم تن کار - نانک ندری ندر نہال -

شلوک

پون گورو پانی پِتا ماتا دھرتی مہت ۔ دیوس رات دوئی دائی دایا کھیلے سگل جگت ۔
چنگیائیاں بُریائیاں باچے دھرم ہدور ۔ کرمی آپو آپنی کے نیڑے کے دُور ۔
جنّی نام دھیائیا گئے مشقّت گھال ۔ نانک تے مکھ اُوجلے کیتی چھوٹی نال ۔

ॐ ब्रह्मानन्दं परमसुखदं केवलं ज्ञानमूर्तिं द्वन्द्वातीतं गगनसदृशं तत्वमस्यादिलक्ष्यं एकं नित्यं विमलमचलं सर्वधी साक्षिभूतं भावातीतं त्रिगुणरहितं सतगुरुं तन्नमामि ।

اوم - یہ مہا باک یعنی اسم اعظم عالم کا تخم اور مبدا مانا گیا ہے بید او پنشد اور ہر کتاب متبرک کے آغاز میں آیا ہے اس کی فضیلت او پنشدوں میں بالتصریح لکھی ہے - شری بھگوت گیتا کے اٹھویں ادھیاے کے تیرہویں منتر میں اس کے شغل کا طریقہ مختصر طور پر بیان کیا گیا ہے اور پندرہویں ادھیاے میں اس کا سروپ مرموز طور سے دکھلایا ہے -

چوپائی

"اونگ سدرش اچھر نہیں کوئی آد مول کارن جگ سوئی
اونکار مرن انت جو آوے سو کیولیہ پرم پد پاوے
اونکار بیاپک جگ ماہیں برہمہ روپ کچھ بھنشے ناہیں
آدانت سب منترون ماہیں منتر مکٹ منتر رہت سداہیں
سرب شاستر اونکار سروپا پن یا کی ابھیاس انوپا"

(برہمہ سروپ نروپنی ٹیکا بشن سہسر نام)

اس اسم کے چار حرف ہیں وہ مراد چاروں بید سے ہے چار حرف اشارہ از بیگار سے ہے - الف یعنی اکار مفتوح عالم جاگرت اور ناسوت اور رگ بید

معہ تمام سُرتی اور برہما اور بشن اس حرف کے دیوتا ہیں اور گایتری اس کے وزن کا نام ہے ۔ دوسرا حرف واؤ مضموم یعنی اوکار سے مُراد عالم فضا و ملکوت و سپن اور یجر بید اور تمام سُرتی اور بشن اور رودر اس کے دیوتا ہیں اور وزن اس کا ترشٹپ ہے ۔ تیسرا حرف میم ساکن یعنے مکار سُرگ یعنی جبروت و سکھپت اور شام بید معہ اُس کے سُرتی اور اہنگ سے اشارہ ہے اور مہادیو اور سورج اس کے دیوتا ہیں اور وزن جگتی ہے ۔ چوتھا نیم ماترا یعنے نون غنہ کہ اُس کا تلفظ نصف ہوتا ہے اشارہ برمھ سے ہے کہ عالم ذات ہے اور تُریا ولاہوت ہے اور اتھربن بید معہ اُس کے سُرتی کے ہے اس کا موکل پرماتما ہے"۔ (اتھرب سکھا اپنشد اتھربن بید میں ہے نمبر ۱۳ ہے ترجمہ سر اکبر کا موسومہ الکھ پرکاش) +

"برہما جب موجود ہوا متفکر ہوا کہ وہ کون سا کلمہ ہے جو حاوی کل کائنات کا ہو پس نہائت غور اور فکر سے اُس کو کشف ہوا کہ اوم ہے یہ حاوی اور صاحب کل کا ہے اور کلام الٰہی ہے اور جو کچھ میں اور تو ہے وہ سب اس میں ہے ۔ تمام ارزو اور تمام دیوتا اور تمام عالم اور تمام گفتار اور بید اور جگ اور متحرک اور ساکن اس سے پائے جاتے ہیں"۔ "سب کام کے شروع میں قرات اوم کی چاہیئے کہ اس سے اسروں پر غلبہ ملتا ہے اور کوئی نقصان نہیں پہنچتا ہے" (پرناو اپنشد ۔ الکھ پرکاش ترجمہ سر اکبر)

"اب سری اشٹ گورو کو نمسکار کرتے ہیں ۔ سوال ۔ کس واسطے ۔ جواب ۔ اپنا اصلی سروپ جو پرمیشر اُس کے حاصل کرنے کے واسطے یا بہو ساگر پار اوترنے کے واسطے یا گو نام اندھکار اگیان کا ہے ۔ رو نام پرکاشں گیان کا ہے اسواسطے بگیان کے ارتھ گورو کو ضرور نمشکار کرنا چاہیئے"۔

गुरु देवं नमस्कृत्य सर्वदेव मयो गुरु :॥

"سرب دیو کہیئے آکاش وغیرہ یعنی برہما بشن مہیش وغیرہ جو دیوتے ہیں

دے سب سری گورو مے ہیں گورو سے علیحدہ نہیں ہیں ایسا سرب روپ جو گورو ہے سوئی سو پرکاش (خود بخود روشن) ہے اُس کو میرا بار نبار نمشکار ہے کہ جس کے کرپا پرشاد سے یہ کتاب تصنیف کرتا ہوں"۔ (گیان موکش صفحہ ۲) اور سری گورو جی کیسے ہیں۔ برمھ کے آنند کے پرم سکھ کے دینے والے ہیں۔ شُدھ گیان کی مورتی ہیں۔ ودی سے علیحدہ پورن روپ یعنی مثل آکاش کے محیط ہیں۔ تت تونگ اس وغیرہ سُرتیوں کے گیان سے جو پُورن ہیں۔ ایک وحدہٗ لاشریک ہیں دائم قائم ہیں۔ پاک ہیں۔ غیر متحرک یعنی اچل ہیں۔ تمام عالم کے جو ناظر اور بھاو ابھاو یعنی جو عالم کی خرابی یا بکار ہے اس سے علیحدہ ہیں۔ ستوگن رجوگن تموگن سے مبترہ ہیں ایسے ست گورو جو ہیں اُن کو میرا نمشکار ہے۔

अखण्डमण्डलाकारं व्याप्तम्येन चराचरम् तत्
पदं दर्शितं येन तस्मै श्री गुरवेनमः ॥

اکھنڈ یعنی جس کا کھنڈ یعنی ٹکڑے نہ ہوں اکاش وت یعنی مثل خلا کے پورن ہو جس میں متحرک غیر متحرک سب ہوا اور جو سب میں ہو ایسے درجہ کے دکھلانے والے گورو کو ہم نمشکار کرتے ہیں۔

अज्ञान तिमिरान्धस्य ज्ञानाञ्जन शलाकया
चक्षुरुन्मीलितम् येन तस्मै श्री गुरवेनमः ॥

اگیان (جہل) کی تاریکی سے جو اندھے ہو رہے ہیں اُن کی آنکھوں میں جو گیان (علم) کی سلائی لگانے والے یا پھیرنے والے ہیں ایسے گورو کو ہمارا نمشکار ہے۔

"گورو دیو ماتا گورو دیو پتا گورو دیو سوامی پرمیشرا۔ گورو دیو سکھا اگیان بھنجن گورو دیو بندھو سہودرا۔ گورو دیو داتا ہر نام اوپدیشے گورو دیو منتر نرودھرا۔ گورو دیو شانت

سَت بُدہ مُورت گورو دیو پارس پرسپرا - گورو دیو تیرتھ امرت سرو ور گورو گیان منجن اپرم پرا - گورو دیو کرتا سب پاپ ہرتا گورو دیو پتت پویت کرا - گورو دیو آد جگ آد جگ مُجگ گورو دیو منتر ہر جپ اودہرا - گورو دیو سنگت پربھو میل کر کرپا ہم مُوڑہ پاپی جت لگ ترا - گوردیو ست گورو پار برہم پرمیشر گورو دیو نانک ہر نمشکرا (گورو گرنتھ صاحب)

ॐ तत् सत् सर्वे भ्यो गुरु भ्यो नमः अखंडान
न्द रूपाय ध्वान्त ध्वं सपटीयसे ॥ नानकाख्येतिवो
धाय गुरवे ब्रह्म रूपिणे नमस्कृत्वा जप व्याख्या
भूमिकां रचयामि हम् पश्यन्तु सज्जना प्रीत्याप्रोव्
उल्लह दयाःसदा ॥

جو گورو اکھنڈ روپ آنند روپ ہیں اور اگیان روپ اندھکار کے ناش کرنے میں سمرتھ ہیں ایسے نانک پر بودہ برمھ سروپ سری گورو کو نمشکار کر کے جپ جی صاحب کے اردو ٹیکا کے دیباچہ کا آغاز کرتا ہوں اس گرنتھ کو خوش دل اور صاف دل والے اور سجّن پُرش ہمیشہ دیکھیں یہی ہماری خواہش ہے گو کہ گورو نانک صاحب جی مہاراج کا مطلب جو کہ جپ گرنتھ میں صاحب موصوف نے بیان کیا ہے بہت ہی مشکل ہے لیکن پھر بھی ایسی دشوار نہیں کہ جس کا سمجھنا بالکل دشوار ہو جس کی جہانتک عقل کام کریگی وہ وہاں تک مطلب کو اپنی بھلائی کے واسطے نکال لیویگا یہی اس میں صفت ہے - جہاں تک اس ناچیز کی بُدہ نے کام کیا ہے وہاں تک بامداد اور گرنتھوں کے جو کہ نظر سے گزرے ہیں اور سنت مہاتما کی سنگت سے جو معلوم ہوا ہے عوام کے سامنے پیش نظر کیا ہے امید کہ براہ نوازش نقائص کو درست کر کے سرفراز فرماوینگے خود بھی حظ اُٹھاوینگے دوسروں کو بھی محظوظ کرینگے -

यदा यदाहि धर्म स्यग्लानि र्भवति भारत ॥
अभ्यु त्थानमधर्म स्य तदा त्मा नं सृजा म्यहम् ७
परित्राणाय साधू नां विनाशाय चदुष्कृताम् ॥
धर्मसंस्थापना र्थाय संभ वामियुगे युगे ८ ॥ गीता० अ०४

سری کرشن چندر کہتے ہیں ہے بھارت ارجن جب کبھی نیکی گھٹ جاتی ہے اور برائی غلبہ پاتی ہے اس وقت میں وجود اختیار کرتا ہوں آتما کا پیدا ہونا ممکن نہیں جب انقلاب زمانہ سے جہل انسانوں میں بڑھ جاتا ہے اس وقت کوئی وجود نادر علم اشراق کو ظاہر کرتا ہے اور اوتار کہا جاتا ہے۔ اس بھگوت باک سے دھرم کو قائم کرنا اوتار کا پروجن ہے سو قیام دو طرح سے ہے ایک تو اپنے آپ خود دھرماتما شانت سروپ ہو کر دھرم کا سیون پوربک اوپدیش کرنا۔ اور جو دھرم کے خلاف ادھرم کے پیرو کار ہوں اُن کو سزا دینے سے بھی دھرم کا قیام ہوتا ہے۔ سو گورو جی نے گورو نانک وغیرہ آٹھ شانت سروپ دہار کر دھرم کا آپ سیون کیا اور اپنے پریمی بھگتوں سے کرایا اور چھٹے گورو اور دسویں گورو جی نے دُر آچاریوں کا تیجسوی رُوپ دہار کر ناش کیا اور دھرم کا آپ سیون کر دوسروں سے سیون کرایا یہ باتیں صاحبان موصوف کی سوانح عمریوں میں تحریر ہے جیسے پرمیشر نے کپل دیو نرناراین وغیرہ شانت سروپ دہار کر دھرم کا سیون پوربک اُپدیش کیا اور رام کرشن پرسرام وغیرہ تیجسوی ہتھیار بند روپ دھار کر پاپی لوگوں کا ناش کیا اور اپنے آپ دھرم کا سیون کر دھرم کو قائم کیا ہے ویسے ہی گورو نانک وغیرہ سے دونوں قسم کے اوتاروں سے دونوں طرح سے دھرم کو قائم کیا ہے۔ (**اعتراض**) گورو نانک کو اوتار ہونے میں کیا ثبوت ہے۔ (**جواب**) گورو نانک کے اوتار ثابت کرنے کے واسطے کافی دلیل دی جاویگی لیکن قبل اس کے مثال کی صداقت کا بچار کرنا ضروری ہے۔

आप्तोपदेशः शब्दः (نیائے درشن سوتر ۷) مطلب اس کا یہ ہے کہ تمام عیوب سے پاک شخص کا جو بچن یا اُپدیش یا شبد ہے وہی پرمان یا مثال ہے یہ بات بید شاستر اتہاس پُران بھاکھا وغیرہ سب میں پائی جاتی ہے جہاں جہاں بے عیب لوگوں کا کلام ہے وہاں وہاں وہ کلام قابل مثال ہے۔ ثبوت اوتار

माझ वार महला १ कलिकातीराजेकसाइधर्म पंख करउडरिया। कूड अमावस सचचन्द्रमादीसै नाही कहि चडिया। हउँभालि विकुंनी होई अन्धेरे राह न कोई। विचिहउमैकरिदुःखरोई। कहु नानकिकिनि विधि गति होई।

جس وقت پرتھوی نے ادھرم کے بوجھ سے تکلیف اُٹھا کر پرمیشور کے سامنے پُکار کری تھی اُس وقت کی پُکار کو اپنے بچن میں لکھتے ہوئے گورو نانک دیو جی اپنے کو بھگوت کا اوتار بتلاتے ہیں۔ پرتھوی کہتی ہے ہے بھگوان یہ جو کلجگ ہے سو (کاتی) چھُری ہے اور اس کلجگ کے راجے قصائی ہیں مطلب یہ ہے جب کلجگ کے راجہ لوگوں نے کام کرودھ لوبھ روپی چھُری اپنے ہاتھ میں لی تب دھرم روپی پرند اوڑ گیا۔ جیسے قصائی جب اپنے ہاتھ میں چھُری لیتا ہے۔ تب گائے قصائی کو دیکھ کر کانپ اُٹھتی ہے تیسے ہی ان کلجگ کے راجہ لوگوں کو دیکھ کر دھرم کانپ گیا ہے۔ (کوڑ) اَنتھیا بچن روپ اماوس ہے اور ست بچن روپ چندرما نکلا ہوا نہیں دکھلائی دیتا مطلب یہ ہے جھوٹھ بولنے سے کلجگ کی بڑھتی ہوتی ہے اور آپ کے اوتار سے ست کی استھرتا ہوتی ہے جس سے دھرم بنا رہیگا پرتھوی کہتی ہے ہے بھگون میں دوڑتے دوڑتے پریشان ہوگئی ہوں کوئی بھی ست بادی نہیں ملتا جگت میں اندھکار پھیلا ہوا ہے کوئی دھرم کا راستہ

نہیں مل سکتا اور جو سب جیووں میں متھیا اہنکار ہے اُس سے دھرم کا بھی ادھرم میں ناش ہو جاتا ہے اس واسطے اس تکلیف سے میں روتی ہوں نتیجہ یہ ہے کہ نِشکام نِرمل شُدہ دھرم جاتا رہا ہے اب کرپا کر کے دھرم کو قائم کرو جو پرمیشر کہے کہ کلجگ کے اخیر میرا نہہ کلنگ اوتار ہوگا تب تیرا اودھار کرینگے تو پرتھوی کہتی ہے کہ تب تک میرا کیا حال ہوگا مطلب یہ ہے اُس اوتار سے پہلے میرا اودھار کرو اس طرح کی پکار سُن کر پرمیشر کا نانک نام سے اوتار ہوا اور دھرم کو قائم کیا۔ عبارت متذکرہ بالا سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ سری گورو نانک دیو جی اپنے کلام قابل مثال سے اوتار ثابت ہوے۔ اور بھوشیت پُوران میں بیاس جی نے بھی نانک نام والا اوتار لکھا ہے اُس پوران میں برہما جی کا سنباد ہے۔

एवं वै धर्म्य प्रागचुर्य्ये भविष्यतियदा कलौ ॥३३॥तदा वैलो
करक्षार्थ म्लेच्छा नांना सहेतवे । पश्चिमेतशुभेदेशे वेदि
वंशेन नानक: ॥३४॥नाम्नाच भुविराजर्षि व्रंह्म ज्ञानै
कमानस: । भविष्यति कलौस्कन्द तत्त्वविल्कलयाहरे।
॥३५॥ स श्रीमद्रा जसार्दुलानुपदिस्यचपुन: पुन:
म्लेच्छा न्हनिष्यति स्कन्द धर्मे तत्वोपदेशकृत्॥३६॥
तेनोपदिष्टंमार्गं वैये ग्रहीष्यन्तिभूमिपा: । तेवैराज्यं
करिष्यन्ति तस्य शिक्षानुसारत: ३७ ॥ भविष्य पुराण०
पूर्वार्द्ध० त्वाष्टकल्प० अध्याय १२६ ॥

اس کلجگ کے قائم ہونے کے بعد جس وقت کلجگ میں بید کے خلاف دھرم کی زیادتی ہوگی اس وقت میں ملیچھوں کے ناش کرنے کے واسطے اور لوگوں کی رچھا کرنے کے واسطے پچھم شُبھ دیش میں بیدی نام سے مشہور چھتری کے خاندان

میں نانک نام سے پرمیشر کے کلا سے پُورن اوتار ہونگے اور راج رشی اور تت کے جاننے والے اور برمھ گیانی ہونگے لیکن سب کو اُپدیش اس کا نہ کرینگے کیونکہ جوگ جگ وغیرہ کلجگ میں کم رہجائیگا لوگوں کے دل میں یہ بات نہ جمیگی پرمیشر کے نام کے جپ کا کبھی فنا نہیں ہوتا ہے اس وجہ سے پرمیشر کے نام کے اسمرن کا اُپدیش زیادہ تر کرینگے اور جو برمھ گیان کے اُپدیش کے ادھکاری ہونگے اُن کو ویسا اُپدیش کرینگے۔ اور سری منتوں کے خاندان میں جو راجہ لوگ پیدا ہوئے ہیں راجہ روپ سنگھ اُن سے انیک شریروں میں اپنی شکت کو پھیلا کر دھرم کا اُپدیش کرکے ملیچھوں کو ماریں گے وہ گورو نانک کے اُپدیش کے مطابق کلجگ میں راج کرینگے۔ اس جگہ پر اصطلاحی مطلب یہ ہے۔ بیاس بھگوان سربگ رشی کہتے ہیں جو لوگ گورو نانک جی کے اُپدیش کے مطابق چلیں گے وہ راج کرینگے اور جن کے دلوں میں گورو کے اُپدیش کئے ہوئے دھرم کا گیان نہ رہیگا وہ راج سے یا ایشور سے گر جائیں گے۔ یہی بات دسویں گورو سری گوبند سنگھ جی نے اپنے سو ساکھی میں لکھی ہے۔

(اعتراض) اور بھاگوت وغیرہ پورانوں میں اس کا تذکرہ نہیں ہے۔ (جواب) بھاگوت وغیرہ پورانوں میں مچھ کچھ اور لاتعداد اوتاروں کا ہونا لکھا ہے اس واسطے بھوشیت پوران میں نانک اوتار بھی ہونا لکھا ہے۔ اس واسطے سری گورو نانک دیو جی کے اوتار ہونے میں کچھ شک نہیں۔

شعر

روح نانک بادشہ را یک ظہور ذات او سر تا بپا نور است نور

اور نانک شبد کا ارتھ بھی یہی ہے (न मन को नानक:) "نہ ہووے جس میں انک یعنی ادھم" یہ بات باچ اسپتِ برہتِ کوش میں صفحہ ۳۱۴۳ میں لکھی ہے جس کی خواہش ہو دیکھ لیوے۔ سو ادھم شبد کا مطلب

استھول سوکشم کارج پرپنچ یعنے تمام سنسار اور مایا اور اگیان سے ہے جو دُکھ کا کارن ہے اور جو اس میں محو رہتے ہیں اُن کو دکھ معلوم ہوتا ہے اس لئے کارج بھی یہی ہے اس واسطے کارج کارن پرپنچ سے رہت ست کا دینے والا پرماتما نانک شبد کا ارتھ ہے - اسی واسطے کارج کارن سے پرے بستو کو پرشوتم نام سے گیتا میں بیان کیا ہے -

तथाहि ॥ यस्मात्क्षरमतीतोऽहमक्षरादपि चोत्तमः अतोऽस्मि लोके वेदे च प्रथितः पुरुषोत्तमः ॥ गी० अ०१५ श्लो: १८ ॥

سری کرشن چندر کہتے ہیں جس سے میں کارج روپ سنسار اور کارن روپ اکشر دونوں سے پرے ہوں اس سے لوک اور بید میں پرشوتم نام سے موسوم ہوں - سری کشن چندر کہتے ہیں چونکہ میں حدوث اور قدم سے برتر ہوں لہذا مجھے کل عالموں نے پرشوتم یعنے ذات بے نشان کے نام سے تعبیر کیا ہے - اس طرح سے نانک اور پرشوتم دونوں کے ایک ارتھ ہیں - (اعتراض) جو گورو نانک دیو جی ایشر کا اوتار تھے تو ساکشات ایشر کو گورو کی ضرورت نہیں کیونکہ ایشر میں اگیان ہوتا نہیں اسی واسطے جوگ سوتر میں ایشور کو سویَنگ گورو لکھا ہے -

सएष: पूर्वेषामपि गुरु: कालेनानवच्छेदात् ॥ योग० पाद० १ सू० २६ ॥

سو یہ پرمیشر سرشٹ کے آد کال میں ہونے والے برہما وغیرہ سب کے گورو ہیں کیونکہ کال یعنے وقت کی پابندی سے آزاد ہیں مطلب یہ جو کسی وقت میں ہو اور کسی وقت میں نہ ہو اور کسی وقت میں ہوا اور اتنے دن تک رہا اور فلاں سال میں ناش ہو گیا جو اس طرح کی بستو ہوتی ہے وہ وقت اور مقام کی پابند ہوتی ہے

پرماتما سب وقت میں ہے اور ہر جگہ ہے اس سے بھید سے رہت ہے اس سے یہ ثابت ہوا جو پرمیشر سوئیگ گورو ہے اسی واسطے گورومت میں ایشر کو واہ گورو نام سے بولتے ہیں۔

वाहयन्ति कारयन्ति जग दुत्प त्पादि कार्य्य मितिवाहा ब्रह्मा दय स्तेषां गुरु : गरुर्वा ह गुरु :

جو جگت کے پیدائش وغیرہ کارج کو پرجاپت وغیرہ سے کراتے ہیں وہ برہما آدواہا ہیں اُن کو اُپدیش کرنے والا ایشور واہ گورو ہے اس طرح کا ارتھ واہ گورو شبد کا پاتانجلی رکھہ کے سُوتر سے ملتا ہے اس طرح سے گورو جی کو ایشور کا اوتار روپ سوئیگ گورو ہونے سے گورو نانک دیو جی کو جہاں بابا کالو سری گورو جی کے باپ پڑھانے کے واسطے لے جاتے تھے اُن پنڈت اور اُستادوں کو گورو جی اُپدیش کرتے تھے یہ بات گورو جی نے اپنی کلام میں ظاہر کی ہے اور جس طرح کا اُپدیش بغیر پڑھے سُنے کیا تھا اسی طرح کا ہمیشہ کرتے تھے اس سے معترض کی بات ثابت ہوتی ہے کہ گورو نانک دیو سوئیگ گورو ہیں اُنکو گورو کی ضرورت نہیں۔ (جواب) لوک مرجادا کی رچھا اور قیام کے واسطے گورو نانک دیو جی کو بھی گورو ضرور کرنا پڑا جیسے رام اوتار میں بشِشٹ جی تھے اور کرشن اوتار میں سانیدیپن جی کو گورو کیا تھا ویسے گورو روپ اوتار میں بھی لوک مرجادا کے استھت کے واسطے گورو کرنا پڑا۔ سو گورو تین طرح کے ہوتے ہیں (۱) جو بیوہارک بدیا کا اُپدیش کرتا ہے سو بیوہارک (دنیاوی) گورو ہوتا ہے (۲) جو گائتری وغیرہ منتر یا جگ آدکرم کا اُپدیش کرتا ہے سو بیدک گورو ہوتا ہے اور (۳) جو آتما کا برہم روپ سے ایکتا اور ساکشات کرا دے سو ادھیاتمک گورو ہوتا ہے سو گورو جی کے والد اور ہردیال پنڈت بیوہارک اور بیدک گورو ہیں اور لشن بھگوان ادھیاتمک گورو ہیں جیسے

نچکیتا نے جوگ بل سے سنجمنی پوری میں جمراج کے پاس جاکر برمھ گیان کا اُپدیش حاصل کیا تھا ویسے گورو نانک دیو جوگ بل سے بشن بھگوان کے پاس ست لوک میں گئے تھے اس میں یہ سوال ہوتا ہے کہ جو بشن بھگوان گورو نانک کے گورو ہوتے تو گورو نانک اپنی بانی میں اُن کی چھوٹائی (حقارت) نہ کہتے اور چھوٹائی گورو نانک جی کی بانی سے ظاہر ہے -

भैरव अष्ट पदी महल्ला १ रोगी ब्रह्मा बिष्णु सरुद्रा रोगी सकल संसारा ॥ सूही महल्ला ४ ब्रह्मा बिष्णु महादेव त्रैगुण रोगी विचि हउमै कार कमाई ॥*

علاوہ ازیں اور کئی جگہوں میں گورو جی کی بانی میں بشن بھگوان کی چھوٹائی پائی جاتی ہے - اس کا جواب یہ ہے کہ بشن ادِک شبدوں سے پرمیشر کے انش اوتار کی چھوٹائی بیان کی ہے اور گورو نانک جی کے گورو کارن برمھ ہیں ان کی پار برمھ بھگوتی وغیرہ شبدوں سے استُت کی ہے - ایک وقت گورو ارجن دیو جی سے بہت سے پریمی بھگتوں نے پوچھا ہے بھگون ہم نے یہ سُنا ہے کہ گورو نانک دیو جی پار برمھ کے پاس اُپدیش لینے واسطے گئے تھے سو پار برمھ آپ کیسا ہے اور اُس کی سبھا (دربار) کیسی ہے جب اس طرح پریمی لوگوں نے پوچھا تب گورو ارجن دیو جی نے جو جواب دیا تھا وہ نیچے لکھتے ہیں -

सारंग अष्ट पदी महल्ला ५ ॥ अगम अगाध सुनहु जन कथा पारब्रह्म की अचरज सभा ॥ १ ॥ रहाउ ॥

ارتھ - ہے پریمی لوگو (اگم) جو پار برمھ مثالوں سے نہیں بتلایا جا سکتا اور جس کا جاننا بہت ہی مشکل ہے اُس کی کتھا سنو وہ پار برمھ آپ اشچرج (تعجب خیز) ہے اور اس کی سبھا بھی عجیب و غریب ہے -

* برہما بشن مہادیو اور تمام سنسار بیمار ہے - برہما بشن مہادیو تینو گن اہنکار کی بیماری میں پھنسے ہیں

सदा सदा सतिगुर नमस्कार। गुरु कृपा ते गुन गाय ऋपा।
रामन भीतरि होवै परगाश। ज्ञान अंजन अज्ञान विनास॥१॥

سب وقتوں میں پار برہم کو نمشکار ہے اُس پرم گورو کی کرپا سے بیحد تعریف اس
کی کرتے ہیں اور آگے کرینگے کیونکہ اُس کی کرپا سے من میں پرکاش ہوگا اور گیان
روپ انجن سے اگیان کا ناش ہوگا -

मिति नाही जाका विस्थार। शोभा ताकी अपर अपार
अनिक रंग जाके गने न जाहि। शोग हरष दुहूं महि
नाहि ॥

جس کے بستار کا حد نہیں اور جس کی شوبھا کا کچھ انت نہیں اور جس کے انت
رنگ ہیں اور شادی وغم سے آزاد ہے -

अनिक ब्रह्मे जाके वेद धुनि करहि। अनिक महेश
वैस ध्यान धरहि। अनिक पुरुष अंश अवतार अनिक
इन्द्रउ भे दरवार॥

بے شمار برہما بید سے استت کرتے ہیں اور انیک شیو استھت ہو کر دھیان
کرتے ہیں اور انیک پورکھ جس کے انس اوتار ہیں اور انت اِندر جس کے دربار
میں کھڑے ہیں -

अनिक पवन पावक अरु नीर। अनिक रतन सागर दध
खीर। अनिक सूर ससी अरु नख्याता अनिक देवी देवा
वहु भाति ॥

انیک ہوا - اگ اور جل اور انت ہی رتن سمندر ہیں اور انت ہی وہی دودہ
کے سمندر ہیں مطلب اِن ہوا وغیرہ کے دیوتا اس دربار میں کھڑے ہیں اور

انیک سورج چاند اور تارے اور بہت طرح کے دیوی دیوتا بھی اس استھان
میں موجود ہیں -

अनिक वसुधा अनिक काम धेनु। अनिक पारजात
अनिक मुख वेनु अनिक आकास अनिक पाताल।
अनिक मुखी जपधि गोपाल॥

اُس سبھا میں پرتھوی دیوتا اور کامدھین اور کلپ برکش کرشن اور اکاش اور پاتال
کے تینوں دیوتے اور پرتھوی وغیرہ کے دیوتے انت ہیں اور وہ پاربرمھ گوپال انت
مُنہ والا جپا جاتا ہے -

अनिक सास्त्र आस्म्रति पुरा। अनिक युक्त होवत वख्या
न। अनिक सरोते सुनहि निधान। सर्वजीयपूरन मनवान॥

انیک شاستر اور اسمرت اور پُوران کا انیک طرح سے اُس سبھا میں بیان ہوتا
ہے اور اس پرماتما کو انیک سُننے والے سُنتے ہیں اور وہ بھگوان سب ایشور ج سے
پُورن پرمیشر سب جیوں میں پورن ہے جیسے مٹھائی کے کھلونے مٹھائی سے علیحدہ
نہیں ویسے اُس پاربرمھ کے لوک میں سب بستو پاربرمھ کے سروپ ہیں -

अनेक धर्म अनिक कुवेर। अनिक वरुन अनिक
तुमेर। अनिक सेस नोतन नाम लेह। पारब्रह्म का
अन्तनतेह॥

اُس لوک میں انیک دھرم راج کو بیر برن اور سُمیر پربت انت ہیں اور
اوس لوک میں سیش ناگ ہمیشہ نئے نئے نام لینے والے انت ہیں تب بھی پاربرمھ
کا انت نہیں ملتا ہے اس کہنے سے ایک شیش ناگ کے سبھیا پر رہنے والے
بشن لوک سے پاربرمھ کے لوک کو علیحدہ ثابت کیا ہے -

अनिक पुरीय। अनिक तेह्खिन्ड। अनिक रूपरंग ब्रहमंडा अनिक बना अनिक फलमूल। आपहि सूखम आपहि अस्थूल।

اُس لوک میں بیحد پوری اور بیحد کھنڈ ہیں اور نیلے پیلے روپ والے برہمنڈ بھی اُس لوک میں بیحد ہیں اور بن پھل پھول مُول بھی اُس لوک میں انت ہیں بہت کیا کہیں جو کچھ استھول سوکشم بستو ہے - وہ سب رُوپ آپ ہی ہے *

अनिक जुगादि दिनस अर रात। अनिक परलो अनिक उत्पात। अनिक जीपजाके ग्रह माहि। रमति राम पूरन सबठाहि॥

جگ دن رات مہینہ سال اور اوتپت پرلے بھی اُس لوک میں انت ہیں اور جس کے گھر میں انت جیو ہیں سو سب میں رہنے والا رام سب استھان میں پوُرن ہے -

अनिक माया जाकी लखी न जाय। अनिक कला खेलै हरिराय॥ अनिक धुनतिल लति संगीत। अनिक गुप्त प्रगटे तहिचीत॥

پار برھم کی مایا شکت انت ہے جو جانی نہیں جاتی اور اُس استھان میں انت کلا سے پرماتما کھیل کرتا ہے اور اُس استھان میں انت پرکار کی سندر آواز سے سنگیت راگ گائے جاتے ہیں اور بے شمار چیزیں چھپی ہیں لیکن پار برھم پر سب ہی ظاہر ہیں -

सभ ते ऊंच भगत जाके संगि। आठपहरि गुन गावहि रंग॥ अनिक अनाहद अनन्द झुनकार। उआरसका

कुछ अन्त ना पार ॥

سب سے افضل بھگت لوگ جس کے ساتھ ہیں اور جو بھگت لوگ پرماتما کی محبت میں آٹھوں پہر مست رہتے ہیں انت اناہد شبد اور آنند کے دینے والے جھنکار شبد اُس لوک میں ہو رہے ہیں اور وہ جو رس یعنے آنند ہے اُس کا نہ آد ہے نہ انت ہے کیونکہ من بانی کا بشے نہیں یعنے دل و زبان اُس کی ماہیت کو نہیں جان سکتے -

सत्ति पुरुष सति असथान। ॐ चते ॐ चनिरमल निरबान ॥

आपना किया जानहि आप। आपे घटि घटि रहियो वियाप ॥

कृपानिधान नानक दयाल। जिन जपिया नानक ते भए निहाल ॥

وہ پرماتما آپ ست ہے اور اُس کا لوک بھی ست ہے وہ پرمیشر اونچے سے اونچا ہے نرمل سب دُکھ سے رہت ہے اپنے کئے کو آپ ہی جانتا ہے آپ ہی ہر گھٹ میں بیاپک ہے وہ پرماتما کرپا سمندر گورو نانک پر دیال ہوئے رحیم تب اپنے نام کا شکل اُپدیش کیا - سری گورو ارجن دیو کہتے ہیں جو شخص ایسے پرماتما کو منتر کر کے سیون کرتے ہیں وہ نہال ہوتے ہیں مطلب یہ جو گورو منتر کا پریم سے جپ کرتے ہیں وہ بڑی تقدیر والے ہیں - اس گورو بچن میں کسی خاص لوک کا بیان ہے کیونکہ سبھا اور دوار پال اور بن پھل موُل پوری کھنڈ برہمنڈ آدک کے بیان سے خاص لوک کا مطلب معلوم ہوتا ہے اسی لوک کو گورو مت کے لوگ سچ کھنڈ کہتے ہیں

पउड़ी। प्रथम भगवती सिमिर कै गुरु नानक लई ध्याय।

अंगद गुरु तै अमरदास रामदासै होय सहाय ॥

अर्जुन हरिगोबिंद नों सिमरौं श्री हरिराय ॥

श्री हरि कृष्ण ध्याईऐ जिस डिठे सब दुःख जाय ॥
तेगबहादुर सिमरिये घर नौ निधि आवै धाय ॥
सब थाई होय सहाय ॥

یہ دسویں گوروجی کا بچن ہے اس میں گورونانک دیوجی وغیرہ سے لیکر دسواں بھگوتی شبد کا ارتھ پار برمھ ہے جن کا اسمرن روپ منگل یعنے یادو اُستت و آنند گوروجی گوروگوبند سنگھ جی نے کی ہے اس بچن میں پار برمھ ہی بھگوتی شبد کا ارتھ ہے یہ بات کلام مندرجہ ذیل سے ثابت ہوتی ہے -

तथाहि ॥ खण्डा प्रथमै साजिये जिनि सभ सैंसार उपाया ॥
ब्रह्मां विष्णु महेश साजि कुदरती दा खेल रचाय बनाया ॥
सिंधु प्रवत मे दनी विन थमा गंगन रहाया ॥ सिरजे दानौ
देवते तिन अन्द्र वाद रचाया ॥ तैहीं दुर्गा साजि कै दैता
दाना सकराया ॥

کھنڈا یعنے موت تمام سنسار کا بنا کر بعد کو جس نے سب سنسار پیدا کیا ہے اور برہما بشن مہیش کو بنا کر اپنی مایا کا کھیل رچ کر جیوں کا تیوں جگت کو بنایا اور سمند اور پربت و پرتھوی ان کو رچا اور بغیر ستون کے یا آدھار کے آکاش کو قائم کیا اور دانو اور دیوتے پیدا کر کے اُن میں فساد برپا کرایا اور اُسی پار برمھ نے دُرگا بھگوتی بنا کر اُن سے دیتوں کا ناش کرایا - اس دسویں گوروجی کے بچن میں درگا اور برہما وغیرہ کا کرتا بھگوتی شبد کا ارتھ معلوم ہوتا ہے - دسویں گورو سے کسی نے سوال کیا کہ گورونانک دیو کے کون گورو ہیں تب گوروجی نے جواب دیا -

सवैया पादशाही १० । कोटि कइन्द्र करे जिह के कइ कोट
उपिन्द्र बनाय खपायो ॥ दानो देव फनिन्द्र धसयर पच्छि

पशु नहि जात गनायो ॥ आज लगे तपसाधत हैं शिव ब्रह्मा कछु पार न पायो ॥ वेद कतेब न भेद लख्यो जिह सोइ गुरु गुर मोहि बतायो ॥

جس پرمیشر کے کروڑوں اندر اور بشن وغیرہ پیدا کئے ہوئے ہیں اور جس نے ان کا ناش بھی کیا ہے اور دانو دیوتے ششیش ناگ پشو پنچھی ان کو پیدا کیا ہے اور ناش کیا ہے لیکن ان سب کی گنتی نہیں ہے کہ کتنے اُس سے پیدا ہوے اور کتنے ناش ہوئے اور شیو و برہما اب تک تپ کرتے ہیں لیکن پار برمھ کا انت نہیں پایا اور بید اور کتیب (اسمرت پوران قُران اور شاستر وغیرہ) اس طرح پر اس کا بھید نہیں جانا کہ یہ ہی ہے یعنے اشارہ سے یا کھلا کر تبلایا ہو۔ وہ گورو پرماتما نانک دیوجی کے گورو ہیں یہ ہم کو اپنے گورو نے سمجھایا ہے۔ اس میں یہ بات سیدہ ہوئی کہ سب ایشور ج سے پورن ست لوک نواسی پار برمھ سری گورو نانک دیوجی کے گورو ہیں۔ اُس ست لوک کو ہی بھگت لوک ترپاو بھبھوت کہتے ہیں جس کا اُپدیش بید میں ہے

एता वान स्यमहि मात तो ज्या पांश्च पूरुष : ॥
पादो ग्रस्यविश्वा भूतानि त्रिपाद स्या मृतंदिवि ॥
यजुर्वेद संहिता अध्याय ३१ मंत्र ३ ॥

اس منتر میں تینوں گن مایا کے بکار سے ملا ہوا اور تینوں گُن پرکرت کے بکار سے رہت سروپ کا بیان کیا ہے جسقدر یہ پرپنچ سنسار ہے یہ سب پرماتما کی مہماں یعنی تینوں گن بکار کی بھبھوتی ہے اُس سے پرمیشر بہت ہی پرے اور شُدہ ہے کیونکہ پرماتما کے ایک انش میں تمام سنسار ہے اور اس کا ترپاد روپ بھبھوتی سونیگ پرکاش سروپ پرماتما میں موجود ہے مطلب یہ کہ پار برمھ پرمیشر تینوں گُن سے رہت ہے۔ اسی کو گورو ارجن دیوجی نے سچ کھنڈ کہا ہے کوئی کوئی

وگ کہتے ہیں کہ گورو نانک دیو نرا کار کا ہی اُپدیش کرتے ہیں ساکار کا نہیں کرتے ہیں۔ ان کے بھرم کے دور کرنے کے واسطے ایک ساکار کا بچن لکھ کر اس کا ارتھ لکھتے ہیں۔

वडहस महला १ तेरे वंके लोयण दंत रीसाला। सोहणे नक्क जिन लंमडे वाला॥ कंचन काया सोयने की ढाला। सोवन्न ढाला कृष्ण माला जपहु तुसी सहेलीहो। यम द्वारन होहु खलीया सिख सुनोहु महेलीहो॥ हंस हंसा बग बगा लहै मन की जाला। बंक लोयण दन्त रीसाला॥

گورو نانک دیو جی کے پاس بھگت لوگوں نے عرض کیا اے گورو پرمیشر کے سروپ کا اُپدیش کرو اُس کا جپ منتر تبلاؤ تب گورو جی شبد بولے۔ ہے سہیلی ہو پریمی لوگو تمہارے اشٹ دیو کی بہت ہی کرپا سے بھری ہوئی آنکھیں ہیں اور سندر ہیں اور تمہارے اِشٹ دیو کے ناک اور بال بہت ہی سُندر اور لمبے ہیں جیسے سونے کی ڈھلی ہوئی پُتلی ہوتی ہے اس طرح روشن و چمکدار جسم ہے ایسے چمکدار شریر پر السی کے پھول کی مانند نیلے کمل کی مالا ہے ہے پریمی لوگو تم لوگ من میں اُس کا دھیان سے جپ کرو ہمارے اُپدیش کو سُنو۔ جمراج کے دروازہ پر دین و عاجز ہو کر نہ جاؤ گے کیونکہ وہاں پر ایسا بچار ہوتا ہے کہ ہنس ہنس ہی رہتا ہے اور بگلا بگلا ہی رہتا ہے مطلب یہ کہ جن لوگوں نے پرمیشر کا دھیان سے جپ کیا ہے اور جن شخصوں نے کام کرودھ لوبھ موہ کا سیون کیا ہے وہ علیحدہ علیحدہ کئے جاتے ہیں۔ پرمیشر کے جپ دھیان سے من کی میل دور ہو جاتی ہے۔ اور بید میں سرگن کا اُپدیش ہے۔

य एषोऽन्तरादित्यो हिरण्मयः पुरुषो दृश्यते हिरण्य

शाम श्मश्रुर्हिरण्य केशा आप्रणखात्सर्व एवसुवर्णः : तस्य यथा कप्यासं पुण्डरीकमेवमक्षिणी तस्योदिति नाम सएष सर्वेभ्यः पाप्मभ्य उदित उदेति हवैसर्वेभ्यः पाप्मभ्यो यएवंवेद ॥ छान्दोग्य० अ०१ खंड ६

جو اُپاسنا کرنے والے لوگ سورج منڈل کے اندر اپنے دیو کو سونے کی مانند پرکاش مان دیکھتے ہیں اور جس کے بال اور شریر اور ناخون سے لے کر چوٹی تک مثل تپے ہوئے سونے کے چمک رہا ہے اور جس کے آنکھ مثل سُرخ کمل کے ہیں اور جو سب پاپوں سے رہت ہے۔ اُس کی جو اُپاسنا کرتا ہے سو بھی سب پاپوں سے مُکت ہو جاتا ہے۔ ان باتوں سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ سری گورو نانک دیو جی نے نِرگُن و سرگُن دونوں کا اُپدیش جہاں جیسا ادھکاری اور شِکھ ملا ہے وہاں ویسا کیا ہے +

بھگوت گیتا کے تیسرے ادھیائے کے اُنتیسویں اشلوک میں سری کرشن مہاراج نے فرمایا ہے کہ اگیانی کرم کانڈی کو گیانی (عارف) نہ بھٹکاویں یعنی اگر وہ گیان کو نہیں سمجھتے ہیں اور نِراکار کا اُپدیش اُن کے ذہن میں نہیں آتا ہے تو وہ یعنے گیانی لوگ اگیانیوں کو سرگن کا اُپدیش کریں اور نیک افعال میں لگاویں کیونکہ اگر ایسا نہ ہوگا تو وہ کرم بھی چھوڑ دینگے اور گیان کو بھی حاصل نہ کر پاوینگے۔ دونوں طرف سے گمراہ ہونگے۔

گورو گرنتھ میں اُپدیش کا سلسلہ بالکل بید کے مطابق ہے جیسے جو ایک بید میں اور ایک شاکھا میں ارتھ ہے وہی سب بید اور سب شاکھا میں ارتھ ہے ویسے ہی جو ایک بانی میں ارتھ ہے وہی سب میں ہے کسی بانی میں پہلے سادھن کا اُپدیش کیا ہے بعدہٗ نتیجہ کو دکھلایا ہے اور کسی میں پہلے نتیجہ تبلایا ہے بعد کو سادھن کا اُپدیش کیا ہے۔ مطلب مہاتماؤں کا یہ ہے کہ کسی طرح سے تھوڑا بہت جانکر جیو کلیان پاوے۔ دیباچہ ختم شُد +

उत्कृष्टां सर्व देवे भ्यो वाग धिष्ठातृ देवताम ॥ नियं त्रीं सर्व सत्वाना नमस्क त्यकरो म्यहम ॥ १ ॥

جو پرماتما شبد کا شبد اور انکھ کا انکھ اور اسی طرح سے تمام اندریوں اور بستو کا چیتن اور تحریک کرنے والا ہے اور سب کا سہارا اور قیام دینے والا ہے اس کو پرنام و نمشکار ہے +

सच्चि न्मुखशरी राय सर्व सत्ता प्रदायिने ॥ जगदुद्धा र क्षायब्रह्मणे गुरवें नम : ॥ ३ ॥ गुरु गोविन्द संज्ञाय धर्मरक्षा विधायिने ॥ धर्म कंटकवि नाश सिंह रूपायते नम :

ارتھ - برھم سروپ سری گورو نانک دیو کو نمشکار ہو سو گورو نانک دیو جگت کے اودھار کرنے میں بہت ہی لائق و فائق ہیں اور تمام نام روپ پر پنچ (سنسار) کو ستا دینے والے ہیں۔ مطلب یہ ہے کہ سنسار از خود جڑ ہے پار برھم ہی کی ستا سے ست معلوم ہوتا ہے جیسے سانپ کا بھرم رسی میں رسی ہی کے سچ ہونے سے معلوم ہوتا ہے اور جب رسی کی سچائی مضبوط ہوتی ہے تب وہ سانپ کا بھرم بھی جاتا رہتا ہے اسی طرح سے برھم میں فرضی اکاش وغیرہ جگت از خود کچھ نہیں ہے بالکل شون ہے برھم ہی کی ستا سے ست معلوم ہوتا ہے اور گورو نانک دیو کا شریر ست چد آنند سروپ ہے کیونکہ برھم ہی کی شکت کے بل سے اوتاروں میں جو شکت ہے وہ برھم ہی کی ستا کو ظاہر کرتی ہے - جیسے جل ہی برف کی شکل میں رہتا ہے اور اگ ہی لمپ چراغ

مشعل کے روپ میں ہے اسی طرح ست چد آنند برھم ہی اوتار شریر روپ سے بچتر یا یاکے بل سے پرتیت ہوتا ہے۔ سری گورو گوبند سنگھ جی جو دھرم کی رچنا کرنے والے ہیں اُن کو نمشکار ہے کیونکہ جیسے قدیم زمانہ میں ہرناکشب وراون وغیرہ کے مارنے کیواسطے بشن نے نرسنگھ ورام اوتار دھارن کیا تھا ویسے ہی کلجگ میں گورو گوبند سنگھ جی نے دھرم کے خلاف لوگوں کے ناش کیواسطے اوتار لیا ہے اس طرح آدوانت گورو کو نمشکار ہو جیسے ہاتھی کے پاؤں میں سب کے پاؤں آگئے اسی طریقہ سے بِدیا گورو سنپردا ماتا پِتا وغیرہ سب کو بندگی پہنچ گئی۔ اب گورو نانک دیوجی کو پار برھم کے اُپدیش سے منتر حاصل ہوا ہے اُس کا آغاز کرتے ہیں۔ اس منتر کا سروپ یہ ہے۔

? ओं सति नाम्र कर्ता पुरुष निरभउ निरवैर अकाल मूर्ति अजूनी सै भंग गुप्रसाद ॥ जप ॥

"ایک اونگ ست نام کرتا پورکھ نربھو نِروَیر اکال مُورت اجونی سے بھنگ گور پرشاد جپ"

اِس منتر کا اُپدیش دے کر جپ ایسے جپ کرنے کی اگیا دی ہے پھر پرمیشر کے حکم سے گورو جی نے آپ جپ کیا۔ اسی واسطے دسویں گورو جی نے اپنی سو ساکھی روپ گرنتھ میں سِدہ منتر نام سے لکھا ہے مطلب گورو جی کا یہ ہے کہ گورو نانک دیو جی اِس منتر کو سِدہ کر کے پھر سب کی بھلائی اور کلیان کے واسطے سب کو اُپدیش کرنے لگے اس منتر کے جپ کرنے سے سب کام پورا ہوتا ہے اور اس ایک منتر میں سب بید کا ارتھ اور لُب لُباب بھرا ہوا ہے اس کے ارتھ میں نِشٹھا کرنے سے جنم مرن وغیرہ کے بندھن سے یعنی تناسخ سے مُکت یا رستگاری حاصل ہوتی ہے۔ اس منتر میں اونکا کے شروع میں ایک کا ہندسہ لکھا ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ ایک پرم اُتم تتو میں سب کی استھت ہے وہ ایک تتو ہی اپنی عجیب وغریب طاقت سے طرح طرح کے نام روپ

میں معلوم ہوتا ہے ۔ اس ایک کے ہندسہ کے لکھنے سے یہ بات بھی ثابت ہے کہ سری گورو نانک دیوجی نے نرگن سرگن دویت ادویت دونوں کا اُپدیش برابر جہاں جیسا موقع ہوا کیا ہے ۔ کیونکہ جب ایک کہا تب دو اُس میں آگیا کیونکہ منطق سے یہ پرتجوگی یعنے ضد کے کلمے ہیں جیسے نیکی بدی بندھن مکت نرگن سرگن دویت ادویت ۔ دو کو قائم کرکے تب ایک کو اُس میں سے نکالا ہے اور جب ایک ایسا شبد کہا تب گویا دوسرے کو ایک میں محو کرکے ایک ہی قائم کیا ۔

چوپائی

ایک برمھ دوجا نہیں کوئے اپن پر اَس بھید نہ ہوئے

کبت

ایک ہی بچار کر سکھ دکھ سم جانے ایک ہی بچار کر مل سب دھوئی ہے
ایک ہی بچار کر سنسار سمُدر ترے ایک ہی بچار کر پرم گت ہوئی ہے
ایک ہی بچار کر بُدھ نانا بھاو تجے ایک ہی بچار کر دوسرو نہ کوئی ہے
ایک ہی بچار کر سُندر سندیہہ ٹٹے ایک ہی بچار کر ایک برمھ جوئی ہے

چھند

ایک اکھنڈت برمھ براجت نام جُدو کر بشو کہاوے
ایکہ گرنتھ پوران بکھانت ایکہ دت بششٹ سناوے
ایکہ ارجن اودھو سون کہہ کرشن کرپا کرکے سمجھاوے
سُندر دویت کچھو مت جانہو ایکہ بیاپک بید بتاوے

چوپائی

جہاں رام تنہہ میں نہیں میں تنہہ ناہیں رام
دادو محل بریک ہے دوئی کا ناہیں ٹھام

شعر

گفتمش من چہ و تو چہ و عالم چیست گفت من دانہ ام و تو ثمر و کون شجر
یک سر بصد سینہ و ایک رو بصد آئینہ یک شاہ بصد کشور یک ماہ بصد ایوان
آبیست کہ دریا شدہ امواج برانگیخت گر گشت حبابے + گہ یخ شدہ در عالم تکرار درآمد دراین و دراں شد
ہرچند نگویم رہ بیہودہ نپویم رازیست نہفتہ + ہرکس کہ بفہمید سبکسار برآمد خود جملہ جہاں شد

"एकं सत् विप्रा बहुधा वदन्ति" جو ہے سو ایک ہی ست ہے رشی لوگ بہت طرح سے کہتے ہیں - مقولہ سوامی وویکانند (رگ وید - ۱ - ۱۶۴ - ۴۶)

کبت

بھولو سمادہ جاپ بھول گئو پن پاپ کون ہرکو آپ کہاں لو بکھانئے
برہوں سنجوگ بھئے سوگ اُلٹ بھوگ بھئے سرجن یہ جگ بھئے کیسے جی آنئے
جانت ہے وہ جا تب چاہت ہے پوجا یہاں ایک ہے نہ دوجا کھو کیسے جی آنئے
جل میں ترنگ ایسو جیو اور برہم ایسے لاکھ روپ دیکھے کو ایک روپ مانئے

عبارت مندرجہ بالا سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ ایک ہی پرماتما طرح طرح کے روپ میں ہوتے ہوئے بھی جیسا کا تیسا ہے یہ ہی ایک بستو بید میں اپنی تشریح اور تفسیر کو ظاہر کرتی ہے وہ ایک کیا ہے اونکار ہے۔ اونکار کا ارتھ تمام بید اور بیدانت ہے کہاں تک بیان کیا جا سکتا ہے بُدھ کام نہیں کرتی۔ جہاں تک ہو سکا دیباچہ کے آغاز میں اونکار کا ارتھ لکھا ہے وہاں سے مطلب سمجھ لینا چاہیئے -

چوپائی

اونکار آدیہو اور انتا کہے جات کلیان کرنتا

اسی اونکار کے عمل کو سری رامچندر جی نے سری لچھمن جی کے سوال پر رام گیتا

میں تبلایا ہے (ملاحظہ ہو ۵۰ و ۵۱ اشلوک رام گیتا) ارتھ نیچے لکھتا ہوں -

"اونگ کار صاحب اہے پر نو درس کو بھاو۔ کہت نام نامی ملے کہے کون سو نیاو۔ بشو نام اکار ہے تیجس ہے اوکار۔ پراگ مکارے جانئے تت گیان کے وار۔ جاگرت بشوا کار کو لاوے تیجس مانہہ۔ تیجس مے کو لین کرے پراگ مکارے مانہہ پراگ مئے کو لین کرے تُریا انبھو مانہہ۔ اُسی دیس میں ہوے رہے جہاں سرو مانہہ"

(رام گیتا بھاشا)

اس طرح اونکار کے سادھن سے آتما کا ساکشات کار ہوتا ہے -

راگ رام کلی محلہ پہلا

اونگ کار سرب پرکاشی - آتم شدہ اکریہ ابناشی
ایش جیو میں بھید نہ جانو - سادہ چور سب برمھ پچھانو
ہستی چنیئی تزن لو آونگ - ایک اکھنڈت بسے اناونگ

सच्चिदानन्द रूपाय कृष्णायाक्लिष्टकर्म्मणे नमो वेदान्तवे
द्याय गुरवे बुद्धि साक्षिणे ॥ गोपाल तापनी श्रुति

اب اس شرتی بچن کے انکول (مطابق) ست نام منتر کا ارتھ شروع کرتے ہیں -
ست چد آنند سروپ بیدانت سے جاننے کے لائق اور بدھ ساکشی اور کلیش رہت جگت کی اوتپت استھت اور ناش روپ کرم والے پرماتما کو نمشکار ہووے - اس منتر میں چد اور آنند کے ساتھ ست پد دکھلائی دیتا ہے اس واسطے ست چد آنند جو پُرکھ ہے سو نام کا کرتا ہے یعنی نام روپ سنسار کا کرتا پُرکھ ہے اور یہ نام روپ جو پرپنچ ہے سو نامی یعنی کرتا پورکھ سے علیحدہ نہیں ہے (جیتا کیتا تیتا ناوں) - کیونکہ صرف نام ماتر ہی یہ سنسار بکار ہے مطلب یہ کہ

(वाचारम्भणं विकारो नामधेयम्) छांदोग्य० उ० अ० ६

صرف گُنے ماتر بکار ہے - ست چدآنند پرماتما کا سروپ لچھن ہے اور نام کرتا یہ برھم کا ظاہری لچھن ہے کیونکہ آلوچن پوربک سرشٹ بید میں سنی جاتی ہے (آلوچن) دیکھنا چیتن کا دھرم ہے جڑ کا نہیں اس وجہ سے سنسار کا کارن یا کرتا چیتن آتما ہے - اس سُرتی میں سنکلپ پوربک سرشٹ سُنی جاتی ہے -

तदैक्षत बहुस्यां प्रजायेयेति छान्दोग्य० अ० ६ खण्ड २

ارتھ - ست برھم نے سرشٹ کی رچنا کے واسطے (ایکو ہم بہوسیام) ایسا سنکلپ کیا کہ اپنے آپ میں بہت روپ ہو کر پرجا روپ سے پیدا ہوں - مطلب یہ ہے کہ پیدا کرنا پالن کرنا ناش کرنا یہ برھم کا (ایکدیشی) ظاہری لچھن ہے اور یہ سنسار جو فعل دکھلائی دیتا ہے اِس کا فاعل پرماتما معلوم ہوتا ہے - (نارائن اوپنشد اتھربن بید میں اسی بات کو ثابت کیا ہے) (یجر بید تیسرے اُپنشد میں بھی اس کو ثابت کیا ہے) اب ست نام کرتا پورکھ کا ارتھ خلاصہ لکھتے ہیں

چوپائی

ست گیان پُن برھم اننتا بادہت نہیں ترکال سری کنتا
ست روپ ترکال آبا دہا توستا ست جگت اگاوہا
سنتت کرت سنت ستکارا ست کرتا اس نام اُودارا
جگت روپ رچ کر بستارا ببدہ پرکار کرت بیوہارا
پرم سوتنتر نہ پر آدھینا رچ آدہین بھوم رچ لینا

دوہرہ

پرم پورکھ پورن جگت آد پورکھ ہو سوے جگ رچنا کر کر رہت پریچھن ہارا سوے
پورون مانہہ اور پور بست پورن کرت سب کام پران روپ اچھا کرت پُن اچھا کو دہام

اب جو برھم کرتا ہے تب اُس کی بھی کسی جگہ سے پیدایش ہوئی ہوگی کیونکہ لوک

میں جو جو فاعل ہوتا ہے وہ کسی نہ کسی سے پیدا ہوا ہوتا ہے اس شنکا کے دور کرنے کے واسطے اَجُونی ایسا پد اس منتر میں کہا ہے ۔ جُوُن نام اوتپت کے مقام کا ہے یعنے سوپرکھ روپ کرتا اوتپت استھان سے رہت ہونے سے اَجونی ہے ۔ اوتپت رہت ہونے سے بھی کال سے ناش والا ہوگا اس شنکا کے سماوہان واسطے اکال مورت کہا ہے کال سے وہ ناش ہونے کو جوگ نہیں کیونکہ وہ کال کا بھی کال ہے اگر وہ کال کا بھی کال ہے تو بھی اپنے برابر کسی کو رکھتا ہوگا یعنے برابر وَیر والا ہوگا اس کے جواب میں کہتے ہیں کہ وہ نِروَیر ہے یعنے دوی اُس میں ہے ہی نہیں تو وَیر یعنی دشمنی کہاں سے ہو اور نربھے بھی ہے کیونکہ جب کوئی برابر کا ہے ہی نہیں تب بھے خوف کس سے ہو ۔ اب نربھو نِروَیر اکال مورت اَجونی کا خلاصہ ارتھ لکھتے ہیں ۔

چوپائی

سنسرت بھیے نہیں کبھوں گوشائیں ۔ اجر امر چیتن ۔ سدائیں
بھوت پشاچ بھیانک جوئی ۔ نہیں ڈر پائے سکت تو ہیں کوئی
ایشورج اَد گیان گُن تیرے ۔ جہ کر جیتے جگت گھنیرے
کھٹ بیکار تے رہت کرپالا ۔ جنم مرت نہیں کو نہو کالا

دوہرہ

دیکھت جگت پرتیکش سب ہستا ملک سماں ۔ نہیں جنمے نہیں جنمہو یاتے اج بھگوان
اہو اجنم جنم تو ناہیں ۔ برہما ہی کے برمھ کہائیں

دوہرہ

جنم اجون اگر بھے تو اجو نج نام ۔ تین بید گاوت تو نہ یاتے کہہ ترشیام
اِن نربھو ادک چار شبدوں سے پرماتما کو بیدانت سے جاننے جوگ بتلایا ہے
اس واسطے جو گوپال تاپنی سرتی میں بیدانت بیدا ہے یہ پد ہے اُس کی برابری گورو

بچن میں سدہ ہوئی سے بھنگ (सँभ) سے شبد کا شے سمجھنا چاہئے بھاکھا
کی ریت سے جکار کی یکار اور تکار کا سکار لکھتے ہیں

(शेते वासनाप सिमन् सशय : अनत : करणम्)
رہتی ہے باسنا جس میں سو شے ہے انتہ کرن"۔ اس واسطے انتہ کرن میں جو بھنگ
(भं) پرکاش روپ بستو ہے سو شے بھنگ ہے مطلب یہ جو پہلے اونکار وغیرہ
پدوں سے بیان کیا ہے وہ انتہ کرن اور اس کی برتیوں کا پرکاش روپ ہے اسی
طرح سے جانا ہوا پرماتما موکش کا کارن ہوتا ہے یہ سُرتی میں کہا ہے۔

प्रति वोध विदतं मतममृत त्वं हि विन्दते ॥ आत्मनाविन्द
तेवीर्य्यं विद्यया विन्दतेमृतम् ॥ केन उपनिषत् ॥ एड०२
श्रुति ०४

جتنے انتہ کرن کے برتِ روپ گیان اُن کا پرکاش روپ سے جو گیان ہوتا ہے
سو گیات کہا جاتا ہے مطلب یہ کہ انتہ کرن کی برتی اور چنچلتا استھر تا ستوگنی رجوگنی اور تموگنی
پنا جو ہے اُس کا پرکاش کرنے والا بید انت سے بیان کیا ہوا نتِ مُکت برمھ ہے اس
طرح سے جو جانا جاتا ہے سو گیات کہا جاتا ہے۔ ایسے جاننے سے گیانی مُکت کو
نشچے پاتا ہے اس طرح کا گیان روپ زور اپنے آپ ہی پراپت ہوتا ہے۔ اس
جیو نے اگیان کے بش سے دیہہ آدہین اتم بھاونا کر رکھی ہے سو اپنے بچار سے
ہی نت مکت برمھ کی مستقل نشچے سے برمھ گیان کے ذریعہ سے مکت کو حاصل کرنا
ہے۔

چوپائی

سونیگ پرکاش سو نیہو جانو سونیگ جوت نہیں کارن آنو

جب اس طرح کی ابدیا یعنے اگیان یا جہل انادہ ہے اور ادویت سدہانت تب اُسکی

نبرتی کیسے ہوگی اور اس نبرتی کا ذریعہ جو گیان وہ کیسے حاصل ہوگا اس شنکا کے دور کرنے کے واسطے گورو مہاراج فرماتے ہیں (گورو پرشاد) یعنے گورو کی کرپا یا انوگرہ سے وہ گیان حاصل ہوگا - مطلب یہ کہ اپنی کرپا سے گورو روپ ہو کر اُپدیش کرتا ہے جب پرماتما گورو ہوا تب جیو روپ چیلے کی گیان کے وسیلہ سے مکت ہوتی ہے ایک بستو میں مایا اور اودیا کے اوپادہ سے گورو چیلے کا روپ ہو جاتا ہے یہ تو ایشور اور جیو روپ گورو شکھ بھاو میں مایا اور اودیا روپ اپادہ ہے اور جہاں جیووں میں پرسپر گورو شکھ کلپنا ہے سو چیتن گورو اور چیتن شکھ کہا جاتا ہے - چیتن ساکشات ایشر ہے کیونکہ گورو جی نے کہا ہے (جن جاتا سو تس ہی جیہا) اس گورو منتر میں سُرتی کی برابری کیواسطے ستے بھنگ اور گورو پرشاد کہا ہے کیونکہ گوپال تاپنی سُرتی میں (گوروے بُدہ ساکشنے) ایسا کہا ہے - بُدہ ساکشی اور ستے بھنگ دونوں ایک ارتھ ہیں - اس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ جو ست آدک منتر میں استھت پد ہیں اُن سے جو بستو معلوم ہوئی اور اونکار سے جو بستو معلوم ہوا سو ستے بھنگ ہے اور جو ستے بھنگ ہے سو اونکار آدسے جانا جاتا ہے اس پرکار سے جیو پرماتما کا ابھید اُپدیش کیا ہے - اب گورو پرشاد کا ارتھ خلاصہ بتلاتے ہیں -

کبت

گورو کے پرشاد بُدہ اوتم دشا کو گہے گورو کے پرشاد بھو دُکھ بسرائی
گورو کے پرشاد پریم پریت ہوا دہک ٹرھے گورو کے پرشاد رام نام گُن گائی
گورو کے پرشاد سب جوگ کی جگت جانے گورو کے پرشاد سُن میں سمادہ لائی
سُندر کہت گورو دیو جیون کرپال ہوئے تن کے پرشاد تتو گیان پُن پائی

اس گورو منتر میں چاروں بیدوں میں پردہان جو گائتری منتر ہے اس کا بھی ارتھ دکھایا ہے -

سری رامچندر نے بھی رام گیتا میں نمبر ۲۴ اشلوک میں گورو پرشاد یعنی گورو کی کرپا سے اتم تتو کا حاصل ہونا بیان کیا ہے -

तत्सवितु र्वरेण्याय भर्गो: देवस्य धीमहि धियो यो न: प्रचोदयात्

جو پرکاش روپ جگت سرشٹا پرمیشر کا پردہان - بھکار سے سرب بہاسک سروپ رکار سے سرب رنجک آنند روپ - گکار سے جگت اوتپت کارن اور پرے کارن روپ کو ہم مکت کے خواہشمند لوگ خیال کرتے ہیں یعنی چنتن یا دھیان کرتے ہیں -

भइति भासयती मान्लोकान् रइति रंजय तीमानि भूतानि गइति गच्छन्त्य स्मिन्ना गच्छन्त्य स्मादिमा: प्रजास्त स्माद् भरगत्वाद् भर्गो : मैत्र्युपनिषत् अ० ६ ॥

جو سب لوکوں کو پرکاش کرے اور سب کو آنند دے اور سب جس میں لین ہوویں اور جس سے یہ سب کام کریں اور اوتپن ہوویں وہ بھرگ ہے اس سے پرماتما کا سروپ معلوم ہوتا ہے

جیسے بیوم کمبھ کے باہر اور بھیتر ہو کو دُور کمبھ کو ہزار کوس لیگیو
جیوں ہے بیوم یہاں تیوں ہی وہاں پُن ہے اکھنڈ یہاں نہ بچھوہ نہ تو وہاں ملاپ بھیو
کمبھ تو نیو پرانو ہو کے بنس جائے بیوم تو نہ ہے پرانو نہ تو کچھ ہے نیو
تیسی ہی سندر دیہہ آوے رہے ناش ہوئے آتما اچل ابناشی ہے انا بھیو

من ترا از رگ جانت بتو نزدیک ترم
تو مرا در بدر خلق چرا مے طلبی

اب منگھ شریر آدمیں پرماتما کا روپ بیان کرتے ہیں -

تل میں تیل دودھ میں گھرت دار ماہنہ پاوک پہچان
پشپ ماہنہ جیون پرگٹ باسنا ایکھ ماہنہ رس کہت بکھان
پوست ماہنہ افیم نر نتر بنس پتی میں شہد پرمان
سُندر بہن ملو پُن دیست دیہہ ماہنہ یوں آتم جان

جو پرمیشر ہماری سب انتہ کرن برتیوں کو یعنے مَن بُدہ اہنکار اور چت کو تحریک کرتا ہے چیتن سُتا دیتا ہے۔ مطلب یہ کہ ہماری بُدہ آپ کی کرپا سے اچھے کاموں میں لگے ایسی خواہش ہے تب اس منتر میں مہا باک روپ اُپدیش ہے کیونکہ جو بُدہ کو متحرک کرنے والا ہے سو سنسار ادک کا کرتا ہے اور جو سب جگت کا کرتا ہے سو بدہ برتنوں کا پرکاش کرنے والا ہے۔ اتنا فرق ہے کہ گورو مہاراج "جپ" ایسا لکھتے ہیں اور بید منتر میں دھیمہ (धी महि) لکھا ہے لیکن جو بچار کیا جاوے تو

گوبند سرن ہرنا بھجو من سے راکھو ہیت
جیسے پیا کی سُندری پیا کو نام لیت

جپ کے اندر دھیان آجاتا ہے کیونکہ سُرتی میں لکھا ہے۔

यत् पुरुषो मनसा भिगच्छति तद्वा चावदति। नृसिंहपू-
र्वतापनी खण्ड़ ०?॥

جس شے کو کوئی شخص من میں خیال کرتا ہے اُس کو زبان سے بیان کرتا ہے یا مُنہ سے آہستہ کہتا ہے یہ سُرتی کا ارتھ ہوا اور جپ بھی تین طرح کا ہوتا ہے۔ ایک زور زور کہنا۔ دوسرا اس قدر آہستہ سے کہ نزدیک بیٹھنے والے کو بھی کم سُنائی دے اور تیسرا یہ ہے کہ صرف دل سے کہے یہ مانسِک ہے۔ اس طرح گائتری منتر کے برابر گورو منتر ہے۔ اب اس گورو منتر میں چار چیزیں اور جاننی چاہئیں۔ وہ چار چیزیں یہ ہیں۔ بشے۔ پروجن۔ ادھکاری۔ سنبدہ۔ اونکار آدتو اس منتر میں بشے ہیں مطلب

یہ کہ ادویت تت کا اس گرنتھ میں اُپدیش ہے یہ اس کا ماحصل ہے۔ اور سنسار دوکھ سے مکت ہونا پرمانند روپ جو اپنا آپ ہے اُس کو جاننا یہ پروجن یعنی مطلب ہے یعنے نربھو نرویر اور اکال مورت ادک جو پد ہیں یہی پروجن ہیں۔ اور بغیر گیان کے بے خوفی اور سمتا حاصل نہیں ہو سکتی اس واسطے جپ ایسا کہا یعنے جپ کا کرنے والا جو ادھکاری ہے وہی گویا تیسری چیز ہوئی۔ اور نام جپنا اس کا سن بندہ یعنے تعلق ادھکاری سے ہے اور گورو گرنتھ صاحب کا اور بھگت پوربک گیان کا گورو گرنتھ صاحب سے حاصل ہونا یہ سن بندہ ہے۔ اور گورو پرشاد یعنی گورو کی کرپا یا انوگرہ کی سب سادھنوں اور کام کے پورا ہونے کے واسطے ضروری ہے۔ اب جو پہلے منتر میں بشے روپ ادویت بستو کا مختصر طور پر اُپدیش کیا ہے اس کو مفصل کہتے ہیں۔ کیونکہ بیاس وغیرہ اچارجوں کے مختصر اور مفصل اُپدیش کا طریقہ چلا آتا ہے اس طریقہ کو سری گورو جی نے قبول کیا ہے۔

आदि सचु जुगादि सचु ॥ है भी सचु नानक होसी भी सचु ॥१॥

"آد سچ جگاد سچ۔ ہے بھی سچ نانک ہوسی بھی سچ"

اس کلام میں ست روپ ادویت تت کو ماضی حال مستقبل تینوں وقتوں میں ایک روپ ہونا ثابت کیا ہے۔ مطلب یہ کہ جو سرشٹ سنکلپ سے پرتھم کال ہے یعنی ابتدا میں جب سرشٹ پرماتما کے ارادہ ازلی سے قائم ہوئی۔

(چوں خطابے کرد باخود گشت پیدا کائنات + علتِ ایجاد عالم بس خطابے بیش نیست)

اُس میں ست پرماتما موجود تھا

नजायते म्रियते वाकदाचि ॥ नायं भूत्वा भविता वा न भूयः

سری بھگوت گیتا کے ادھیائے دوسرے اشلوک ۲۰ میں بھی پرماتما کو تینوں کال میں لازوال اور قدیم ہونا ثابت کیا ہے مثال کے لئے نصف اشلوک تحریر ہے۔

(چھاندوک اوپنشد - ہے سوم یہ آگے ست ہی تھا ایک ہی ادویت تھا -)

(सदेवसोमये दमग्र असीदे कमे वा ऽ द्वितीयम-)

چوپائی

اہو اناد آد کے روپا - آد پورکھ بھئے روپ انوپا

غیر تو نیست ہیچکس موجود ،، زاں سبب بے شریک و ہمتائی

پیدائے جہاں توئی پنہاں جہاں اغاز جہاں توئی انجام جہاں

اور جب سرشٹ سنکلپ ہو کر سوکشم اور استھول جگت قائم ہوا یعنے ست جگ ترتیا اور دواپر آد جگوں میں بھی ست بستو موجود تھی - مطلب یہ کہ اس کلجگ کے پہلے بھی پرماتما موجود تھا اور اب بھی موجود ہے اور آئندہ بھی رہیگا - شکھ کے اس سوال پر کہ ست برھم کس کال میں ہے گورو مہاراج نے جواب دیا کہ سب کال میں ہے بہت سے لوگ اعتراض کرتے ہیں کہ پہلے ہی است تھا بعد کو اس است سے ست ہوا اس شنکا کے دور کرنے کے واسطے بھی گوروجی نے سرب کال میں یعنی تمام اوقات میں پرماتما کا ہونا بیان کیا ہے - یہ بات چھاندوگ اوپنشد کی سُرتی سے بھی ثابت ہوتی ہے جہاں اُدوالک اور شویت کیتو کا مکالمہ ہے -

सदेव़सोम्ये दमग्र आसी देकमेव़ाद्वितीयमतद्धैक आहु र

सदे वेदमग्र आसी देक मे वाद्वितीयंतस्मा दसतः सज्जायेत॥३॥

कुतस्तुखलुसौम्यैव़ ढं स्यादिति हो वाच कथमसतः सज्जाये

तेति सत्त्वेव़ सौम्ये दम ग्र आसी देकमेवाद्वितीयम् ॥ २ ॥

اودالک رکھ نے اپنے بیٹے شویت کیتو سے کہا کہ ہمارے خاندان میں جو بید کو نہیں پڑھتا وہ نیچ گت کو پراپت ہوتا ہے اس سے تم کو چاہئے کہ بید پڑھو اور گورو کی سیوا کرو اس طرح باپ کا حکم مان کر بارہ برس تک گورو کی سیوا کر بید پڑھکر اپنے

باپ کے پاس واپس آیا لیکن برمھ بدیا کو نہ جانکر اہنکار کے بس ہوکر اپنے باپ کے سامنے آکر بیٹھ گیا۔ باپ نے پوچھا ہے پریہ تم نے گرو سے وہ بستو بھی پوچھی ہے جس ایک کے سُننے اور جاننے سے سب کو چاہے نہ سُنے اور نہ جانے تب بھی سُنتا اور جانتا ہے۔ تب لڑکے نے جواب دیا کہ سنسار میں کون ایک ایسی بستو ہے جس ایک کے جاننے سے سب جانا جاتا ہے۔ اس ایک ادویت تتو کو سری سوامی شنکر آچارج نے پرشن اُوتری میں جب شکھ نے سوال کیا ہے کہ وہ کون سی چیز ہے جس کو جانکر کوئی بستو باقی نہ رہے۔ تب سوامی شنکر آچارج نے جواب دیا ہے کہ شکھ بودھ روپ یعنی شیو روپ سرباتما پر پورن برمھ کا گیان۔ تب اودالک رکھ نے مثال دیکر کہا جیسے ایک مٹی کے جاننے سے سب گھڑے شراب وغیرہ کے جانے جانے میں کیونکہ گھڑے وغیرہ کا اصلی سروپ مٹی ہی ہے اور جیسے سونے کے زیور وغیرہ سونے کے جاننے سے جانے جاتے ہیں۔ اس طرح ایک تتو ہے جس کے جاننے سے سب جانے جاتے ہیں جب اس طرح اودالک رکھ نے کہا تب شویت کیتو نے جواب دیا کہ اس علم کو ہمارے گورو نہیں جانتے اگر جانتے ہوتے تو ہم کو تبلاتے۔ شویت کیتو نے کہا آپ ہی کرپا کر کے تبلائیے۔ تب اودالک رکھ نے کہا۔ اے بیٹے یہ جو پرپنچ سنسار ہے سو تمام پرپنچ سے پہلے وقت میں ست ہی تھا کیونکہ دویت رہت ہے اور حالت موجودہ میں بھی ست ہے اتنا فرق ہے کہ پہلے نام روپ رہت تھا اور اب نام روپ سہت ہے آگے بھی ست ہی رہیگا۔ اس بچار میں کوئی ایک بچار سے رہت لوگ کہتے ہیں کہ پہلے است ہی تھا اور اب بھی است ہی ہے آگے بھی است ہی ہوگا سو است ایک نشچے کر کے دویت رہت ہے اور است سے ست پیدا ہوتا ہے اس طرح شون بادی کا مت لکھ کر اس کو کھنڈن کرتے ہیں اگر شون یعنے است سے سنسار ہوتا تو گھٹ پٹ ادگ یہ سب شون ہی ہوتے لیکن یہ سب ست معلوم ہوتے ہیں۔ کیونکہ

چار طرح کے شبدوں سے ست برمھ ہی کہا جاتا ہے ۔(۱) پرا شبد نابھ میں ہے جیسے برمھ ۔ (۲) پشینتے ہردے میں جیسے سبل برمھ ۔ (۳) مدہماں گلے میں جیسے کارج رُوپ کارن ۔ (۴) بیکھری جیسے مُکھ سے نکلے استھول ۔ یہ بات اتھربن بید کے دھیان بندو اپنشد سے معلوم ہوتی ہے ۔ اور بیدانت بندرابن بہار میں بھی اس کا تذکرہ ہے ۔

वीजाक्षरात्परंविंन्दुं नादंविन्दोः परेस्थितम् ॥
सुशब्दं चाक्षरेक्षीणेनि : शब्दम्परम्पदम ॥
ध्यानविन्दु० मंत्र ४ ॥

اس سرتی میں دھیان کا سلسلہ باندھا ہے ۔ پہلے سب کا آسرے یعنے جائے وجود وقیام پرماتما ہے اُس میں جب سرشٹ سنکلپ تُسکت ہوئی

پیش ازیں کز جہاں نبود نشاں — عشق در عشق خویش بود نہاں
عشق پیش از جہاں کن فیکوں — در سرائے منزہ از چہ وچوں
بود آزاد از حدوث و قدم — بود مستغنی از ظہور و بطوں
پا نہاد از دروں خلوت دل — بہر اظہار حسن خود بیروں
تو اولی و آخری تو باطنی وظاہری — تو قاصدیؔ مقصدیؔ ناظریؔ منظری

تو اس کو ظاہر میں ست یا تُسکت نام سے کہا ۔ جب شبد برمھ کو اس کے دھیان میں ملایا اور شانت ہوا تب پھر اسی طرح کا ہو گیا ۔ سری گورو مہاراج نے اسی طرح سے تُسکت اور شبد سرشٹ کو برمھ رُوپ سے کہا ہے

ہے بھی سچ نانک ہوسی بھی سچ ۔

है भी सचु नानक होसी भी सच

گورو مہاراج کہتے ہیں موجودہ اور آئندہ حالتوں میں پربھ ست روپ برمھ ہے ۔

مطلب یہ کہ سنسار کو برہمستا سے علیحدہ ستاشوں ہونے سے ادویت ثابت ہوتا ہے۔ اب مختلف طور سے اسی بات کو اور مہاتماؤں اور عارفوں کے کلام سے حتی الامکان ثابت کرتے ہیں +

توہے ست کرتار تیرا ہے نام تیرے نام لینے سے ہوتا ہے کام
تجھے بھے نہیں اور نربھے ہے تو فنا سے نہیں تجھ کو کچھ گفتگو
توہے ایک جلوہ ہیں تیرے ہزار کسی کا نہیں دشمن و دوستدار
توہے پیر کامل تجھے دہائی تیرا ذکر کرنے سے ترجائی
تیری راست ہے ابتدا انتہا سدا راست ہے اور ہوگا سدا
کلام گورو نانک اب یاد کر سدا اچھے دل سے یہ فریاد کر

بہزار دیدہ خواہم کہ نظر کنم برویت بہزار کسوت ایجاں چو توہر زباں برآئی
دوی اینجانے گنجد بردن شو کہ یا من باشم اینجا یا تو باشی

عالم زیک حدیث پُرازگفتگو شد از نکتہ الست ایں ہمہ گفتار آمدہ
اے درپس ہر لباس و پردہ بردیدۂ دید جلوہ کردہ
خود را بلباس ہر دو عالم آوردہ بہر زماں و پردہ
ما راز شمردہ گشت معلوم آنکس کہ ہست ناشمردہ
اگرچہ درجہاں صد یار داری چہ شد آخر بیک کس کار داری

رباعی

صانع بجہاں کہنہ ہیچو طرفیست آبے است بمعنی و بظاہر برفیست
بازیچہ کفر و دین بطلان بسیار بگذار مقامے کہ خدا ہم حرفیست
اے کہ شاہد دیار یکتائی جلوہ گرگشت درمن و مائی
روز وحدت بکثرت آوردی اے تو پنہاں زبس ہویدائی

غیر تو نیست تا ترا بیند درحقیقت ترا تو بینائی
ہمہ سوئی چرا ہمہ سوئے ہمہ جائے چرا ہمہ جائے
چوں بصحرا شدی زخلوت صرف عالم شہر تست صحرائی
دیدہ و نور دیدہ جملہ توئی از کہ برقع زروے بکشائی
در حجاب از کہ ماندۂ ہر گاہ
خود تماشا و خود تماشائی

کبت

برمھ نرہیہ نرامے نرگن نِت نرنجن اور نہ بھاسے
برمھ اکھنڈت ہے اَدہ اُوردھو باہر بھیتر برمھ پرگاسے
برمھ ہی سوکشم استھول جہاں لگ برمھ ہی صاحب برمھ ہی داسے
سُندر اور کچھو مت جانہو برمھ ہی دیکھت برمھ تماسے

کبت

توہی میں جگت یہ توُہی ہے جگت ماہنہ تو میں اور جگت میں بھنتا کہاں رہی
بھوم ہی تے بھاجن انیک بھانت نام روپ بھاجن بچار دیکھین وہ ایک اہی
جل تے ترنگ بھئی پہین بُدبُدا انیک بھانت سو ہو تو بچارے ایک وہ جل ہے سہی
جینتے ہیں مہاپُرکھ سب کو سدہانت ایک سُندر اکھل برمھ انت بید ہے کہی

کبت

جیسے ایک لوہے کے ہتھیار نانا بھانت کئے آدانت مَدہ ایک لوہ ہی پرمانئے
جیسے ایک کنچن کے بھوشن انیک بھئے آدانت مدہ ایک کنچن ہی جا مٹے
جیسے ایک مین کے سمہارنے ترہا نتی ہے آدانت مدہ ایک مین ہی بکھانئے
تیسی ہی سُندر یہ جگت سو برمھ مے برمھ سو جگت مے نشچے کر مانئے

دو عالم چیست نقش صورت دوست | چہ جائے نقش صورت بلکہ خود اوست
بصد آئینہ یکیروے مقابل | اگرچہ صد نماید یک یک اوست
در باطن دانہ شجر و بر دیدم | خود عین طلا صورت زیور دیدم
این کثرت عالم است در وحدت حق | چوں مرغ دروں بیضئہ مضمر دیدم

اب جو ادویت پد گورو منتر او پر اُپدیش ہوچکا ہے اُس کو جپ کرنے یا اس درجہ پر پہنچنے کے لئے جو ادھکاری یا شکھ نے گورو مہاراج سے طریقہ دریافت کیا ہے اُس کے جواب میں گورو مہاراج فرماتے ہیں۔

सोचै सोचि न होवई जे सोची लखवार ॥

"سوچے سوچ نہ ہووئی جے سوچی لکھ بار"

جو ادھکاری ظاہرًا پاک ہونے کو چت یا دل کی صفائی سمجھ رہا ہے یہ اُس کی غلط فہمی ہے باہری صفائی چت کو شدہ نہیں کرسکتی۔ اگر لاکھ دفعہ بھی باہری صفائی کی جاوے تو بھی دل صاف نہیں ہوسکتا۔ اس واسطے تو اچھی طرح سوچے اور بچار کرے۔ مطلب یہ کہ باہری صفائی سے صرف جسم کی صفائی ہوگی دل صاف نہ ہوگا۔

सर्वेषामेव शौचानामर्थशौचं परं स्मृतम् ॥
योऽर्थे शुचिर्हि स शुचिर्न मृद्वारिशुचिः शुचिः ॥

मनु० अ०५ श्लोक १०६

مطلب یہ کہ شدہ یہ ہے کہ بے ایمانی سے غیر کی دولت کے لینے کی خواہش نہ کرنا یہ پاکی ہے اور جو صرف مٹی اور پانی سے پاک ہونا ہے یہ ناپاکی ہے۔ اور (मनः सत्येन शुध्यति) یہ منوجی کا کلام ہے یعنے پانی سے جسم وراستی سے دل پاک ہوتا ہے۔

ہزار گنج عبادت ہزار گنج مزار | ہزار طاعت شبہا ہزار بیداری

ہزار روزہ و تسبیح صد ہزار نماز قبول نیست اگر خاطر بیا زاری

ایک عارف کا قول ہے کہ کسی کے دل کو نہ دُکھانے سے بھی دل کی صفائی ہوتی ہے۔

مُباش در پئے آزار ہر چہ خواہی کُن کر در شریعت ما غیر ازیں گناہے نیست

مے باید شنید۔ پاکان باطن را بہ ناپاکی ظاہر چہ کار و پاکان ظاہر را بہ ناپاکی باطن احتیاج بسیار۔

نظم

بشستی دست وپا و دل نشستی کہ در نہائے آب و گل نشستی

دل از ناپاکی باطن چو پاک است اگر ناپاک شد دست چہ باک است

علاوہ بریں من کی شُدھتا کے واسطے بیدانت اور نیز عارفوں اور برمھ رشیوں نے نشکام کرم اور شم سنتوکھ. بچار ست سنگ اور ببیک بیراگ وغیرہ سادھن بتلائے ہیں۔

اشلوک

سنتوکھ پرمولا بھ ست سنگھ پرمنگ ہنگ بچارہ پرمنگ گیانگ شمنگچ پرمنگ سکھنگ

شعر

گُل توحید نروید ززمینے کہ درو خار شرک و حسد و کبر و ریا و کین است

رباعی

باید طلب اندر رہ و لدار درست ہمت در کار باید اے یار درست

اخلاص درست و صبر ناچار درست زیں چار درست میشود کار درست

سری سوامی شنکراچارج نے پرشن اوتری میں فرمایا ہے کہ اوتم تیرتھ من کی شُدھتا ہے

سری گورو نانک صاحب نے فرمایا ہے کہ

(بھرئے مُت پاپاں کے سنگ وہ دھوپے ناداں کے رنگ)

یعنے دل کی ناپاکی پرمیشر کے نام کے سُمرن سے دور ہوتی ہے۔

ببیک دوہرہ

دیہہ پرپنچ انت ہے اتم نت بکھان   سارا سار جانیو یہ ببیک سب مان

براگ دوہرہ

برہما اندرِ آدوے کرت دیہہ دھر بھوگ   کاگ بشٹ سم نے گنیں بیت راگ جے لوگ

کبت

باسن تیاگ سداں سُم ہے دُم باہج برت کو نگرہ ٹھانے

دیکھے نہ دوکھ بکھے اوپرت تیکشا سے دوکھ جیون سُکھ مانے

ساسن بید کے اچارج کے سو پرمان ہئی سردہا سو بکھانے

ایک ہوئے چت سمادہ بسے یہ بھانت سمادہ چھ سادہن جانے

یہ چھ سادہن من کی شدھتا اور برہم کی پراپتی کے واسطے ادھیاتم پرکاش میں سکھدیوجی نے بیان کیا ہے۔ علاوہ بریں جسم میں تو چھ بکار اور دس دوکھ ہیں یہ کبھی پاک ہو ہی نہیں سکتا۔

دوہرہ

اُپجت ہے پُن بڑہت ہے بال جُبا پن ہوئے   بردہ ہوت اور مرت ہے کھٹ بکارے جوے

کبت

سوچ اسوچ بھری دُرگندہ بسے بہو کھنڈ سو تول نہارو

روگ گرسے بہو بھانت جرے ستھلے پن مکھ یا بیدہ چھارو

ہوت نہ ہوت گھٹے دن میں چھن میں مٹ جات نہ لاگت بارو

دیہہ سداں دس دوکھ بھری اور آتم برہم ادوکھ بچارو

(ادھیاتم پرکاش)

شعر

خانہ خالی کن دلا تا منزلِ جاناں شود کین ہوسناکانِ دل جاں جائے دیگر کردہ اند
دیدہ دِل بیکشاید چشم از اغیار پوشیدن کلیدِ قفل دل باشد نگہ بر خویش زدیدن

رباعی

مخصوص صفا بہ سر تراشیدن نیست تسلیم و رضا بخرقہ پوشیدن نیست
رمزیست کہ از فیض میسر گردد این دولتِ نایاب زکوشیدن نیست

بھرتھری شتک

کاہوت مڑائے موڑ بار کاہوت رکھائے جٹا بہار
کاہوت بھامنی تجے بھوگ جو لو نہ چت تھر جبے جوگ

मैत्री करुणा मुदितो पेक्षाणां सुखदुःखपुण्या
पुण्यविषयाणां भावना तश्चित्त प्रसाद्

नम्। योग॰ पाद।१। सु॰ ३३॥

سکھی پرکھوں میں دوستانہ برتاؤ۔ دکھی لوگوں میں رحیمانہ برتاؤ کرنے سے۔ نیک لوگوں کو دیکھ کر خوش ہونے سے اور بدکار اشخاص کو دیکھ کر نفرت نہ کرنے سے چت کی شدھتا ہوتی ہے۔ اس طرح کے دھرموں سے اور پرمیشر کی بھگتی سے من نرمل ہوتا ہے۔ باہری صفائی دل کے صاف کرنے کو مجبور ہے یعنی انتہ کرن سے جو چار چیزوں کا مجموعہ ہے یعنی مَن بُدھ چت اہنکار (خیال گمان یقین خودی) کام کرودھ لوبھ موہ اہنکار کو نہیں دور کر سکتی۔

دل کی صفائی کے واسطے بھگوت بھگتی کی ہدایات گورو مہراج نے بھی فرمائی ہے

ہر کی بھگت کرو من میت
نرمل ہوئے تمہار و چیت

دوہرہ

ناہر ہوکر نیہرا من میں پیہو آئے　　باہر بھیتر پہو بن جہہ پاوے تہہ کھاے

اور اسی بات کو ہنومان جی نے راون سے کہا ہے -

تُلسی کرت راماین - سُندر کانڈ

भ्रम तजि भजहु भक्त भय हारी

بھرم تج بھجہو بھگت بھئے ہاری

मोहू मूल बहु शूल प्रद त्यागहु मति अभिमान ॥

भजहु राम रघुनायकहि कृपा सिंधु भगवान ॥

دوہرہ

موہ مُول بہو شُول پر دتیا گہو مت ابھمان -

بھجہو رام رگھو نایکہہ کرپا سندھ بھگوان -

चुपै चुप न होवई जे लाय रहा लिव तार

"چپّے چُپ نہ ہووئی جے لائے رہا لیوتار"

جو کوئی مثل بگلا اور بلّی کے دھیان لگائے رہے یعنی مون دہارے رہے یا خاموشی اختیار کئے رہے اور من کی چنچلتا نہ دور ہو تو ایسے چپ ہونے سے سادہ نہیں ہوتی یعنی بلا ایکاگر چت ہوے ست بستو کی پراپت نہیں ہوتی +

اسی بات کو بھگوت گیتا میں لکھا ہے -

شعر

برزباں تسبیح در دِل گاو خر　　ایں چنیں تسبیح کے دارد اثر

कर्मेन्द्रियाणि संयम्य आस्ते मनसा स्मरन्

इन्द्रियार्थान् विमूढात्मा मिथ्याचार: स उच्यते ६

यस्त्विन्द्रियाणि मनसानियम्यारभतेऽर्जुन। कर्मे
न्द्रियैः कर्मयोगमसक्तः सविशिष्यते ७ गी० अध्याय ३।

مطلب یہ کہ جو شخص ظاہراً دنیا کے دکھلانے کے واسطے کچھ کرم نہیں کرتا ہے اور دل میں تمام زمین آسمان کے قلابے ملا رہا ہے وہ متھیا آچار والا ہے اس سے وہ پُرکھ سریشٹ یعنی افضل ہے جو من سے سب اندریوں کو اپنے قابو میں کر کے نشکام کرم کرتا ہے۔ جیسے بگلا مچھلی کے واسطے اور بلّی چوہے کے واسطے دھیان لگا کر بیٹھے رہیں وے دھیانی نہیں کہے جا سکتے۔

کبت

ہنس شویت بگ شویت دیکھئے سماں دُوو ہنس موتی چگے بک مچھلی کو کھات ہے
پکِ اور کاگ دُوو کیسے کر جانے جائیں پکِ انب ڈار کاگ کرنکھ جات ہے
سیند ہوا اور پتنگ پکھان سم دکھیت یہ تو کٹھور وہ جل میں سمات ہے
سُندر کہت گیانی باہر بھیتر شُدہ واکی پٹ ترا اور باتن کی بات ہے

भुखिया भुख न उत्तरी जे बंना पुरीया भार ॥

"بھوکھیا بھوکھ نہ اوتری جے بنتا پوریا بھار"

ترشناوان پرکھوں کی ترشنا کبھی دُور نہیں ہوتی اگر اِندر آد دیوتوں کی لوک کی تمام بھوگ بلاس کی چیزیں اکٹھا کر دی جائیں تب بھی آسودگی نہ ہوگی۔ آسودگی صرف صبر سے حاصل ہوتی ہے۔

کبت

گیہہ تجیو اور ویہہ تجیو پُن کیہہ لگائکے دیہہ سنواری   میگھہ سہے سِر سیت سہے تن دھوپ سہے جو پنچ اگن باری
بھوکھ سہے رہ روکھ تیرے پر سُندر داس سہے دُکھ بھاری   ڈاسن چھاڑ کے کاسن اوپر آسن مارے پے آس نہ ماری

جوگ سوتر میں یہ بات صاف طور پر ظاہر ہے۔

तथहि ॥ संतोषादनुत्तमः सुखलाभः ॥ योग ॥पाद॥२ सु. ४२ ॥

ترشنا یعنے باسنا (خواہش یا بھوکھ) کے تیاگ کا نام سنتوکھ یا صبر ہے۔ اس سے سب سے اوتم سے اوتم سکھ ملتا ہے یہ بات بیاس جی نے ایک اشلوک میں کہی ہے۔ اور رقعات عالمگیری میں بھی ہے (رقعات عالمگیری)

حرص قانع نیست بیدل ورنہ اسباب معاش   آنچہ ما درکار داریم اکثر درکار نیست

اشلوک بیاس جی — यच्च काम सुखं लोके यच्च दिव्यं महत्सुखम् ।
तृष्णाक्षय सुखस्यैते नार्हतः षोडशीं कलामिति ॥

جو اس لوک اور دیو لوک میں آنند ہے یہ دونوں کے طرح کے سکھ نرباسنک یعنی بے خواہش پرکھ کے سکھ کے سولہویں کلا کے بھی برابر نہیں ہے۔ اس واسطے ترشنا تیاگ بھگوت دھرم کا سیون کرنا چاہیے۔ جوگ بششٹ میں بششٹ جی نے رامچند جی سے کہا ہے کہ اے رام جی مکت کے دروازہ کے چار دوار پال ہیں اُن سے متر بھاونا کرو جب اُن سے دوستانہ برتاؤ ہوگا تب وہ موکش دوار میں پہنچاوینگے وہ دوار پال یہ ہیں شم سنتوکھ بچار ست سنگ۔ جن پورکھ نے اِن کو بش کیا ہے تین کو یہ بہت جلد موکش روپی دوار کے اندر کر دیتے ہیں۔ سو چاروں بش نہ ہوویں تو تین ہی سہی۔ اگر تین نہ ہوں تو دو ہی سہی۔ اگر دو نہ ہوں تو ایک ہی سہی۔ اگر ایک بس میں ہوگا تو چاروں بس میں ہو جاوینگے کیونکہ ان میں آپس میں بہت ہی محبت ہے جہاں ایک رہتا ہے وہاں چاروں اکٹھ ہو جاتے ہیں۔ جن پرکھوں نے ان سے اسنیہہ کیا ہے وے سکھی ہیں اور جنہوں نے ان کو تیاگ دیا ہے۔ وے دکھی ہیں۔

اب بھگوت دھرم یہ ہیں۔

तस्मा द्भारत सर्वात्मा भगवान् हरिरीश्वरः । श्रोतव्यः

कीर्वि त्नव्यश्च स्मते व्यश्चे च्छता। भ्यम् (भगवद्गीता) अ:२ श्लो:२॥
ارتھ۔ جس کارن سے یہ سنسار ساگر بھوساگر معلوم ہوتا ہے اس سے ہے راجن ابھے کے ایچھا والے پُرکھ کو پرمیشر ہی سرون کیرتن اسمرن کرنے کو جوگ ہے۔ بات یہ ثابت ہوئی کہ ادھکاری کو باسنا تیاگ کرنا چاہیئے۔ اب شاستر باسنا کے تیاگ کو تبلاتے ہیں۔

(تن سُکھائے پنجر کرے دھرے رین دن دھیان۔ تلشی مٹی نہ باسنا بنا بچارے گیان)

شیر زر بوسد بخدمت مرد قانع را قدم۔ پیر سگ خاید بدنداں پلے مرد ہر درے

"سہس سیانڑپا لکھ ہوے تا اِک نہ چلے نال"۔

सहस सियाणपा लख होहि त एक न चलै नाल : ॥

اگر شاستر کے پڑھنے پڑھانے میں ہزاروں بلکہ لاکھوں چالاکی اور ہوشیاری ہو تو بھی ان میں سے ایک بھی پرلوک میں ساتھ نہیں جا سکتے۔ اس واسطے نجات کے چاہنے والوں کو چاہیئے کہ زیادہ شاستروں کے دیکھنے سننے اور بحث کرنے کے جھگڑوں میں نہ پڑے صرف ادھیاتم بدیا کے جو تبلانے والے گرنتھ ہوں اُن کو بچار کرنا چاہیئے اور زیادہ کتابوں کے دیکھنے کی خواہش نہ کرنی چاہیئے۔ کتب بینی واقعی عمدہ چیز ہے جس کو تجربہ ہوتا ہے اُس کو اسی سے ہوتا ہے لیکن مطلب صرف ست شاستروں کے بچار سے رکھے۔ کیونکہ اول تو اگر مذہبی کتابوں کا صرف مطالعہ کرنا چاہیں نہ کہ غور سے لحاظ اور بچار کریں تو بھی شاید زندگی وفا نہ کرے اس وجہ سے صرف ادھیاتم بدیا (علم لدنی) کا شغل چاہیے اگر اس میں پاس ہے سب کا اُستاد ہے اگر اس میں مغل ہے سب کا شاگرد ہے۔ اسی بات کو اگن پوران میں پانچ اشلوکوں میں ثابت کیا ہے۔ جو شخص اپنے آتما کو سنسار سے اودھار کرنے کو سمرتھ نہیں وہ پنڈت بھی ہے تب بھی مورکھ ہے اور جو سمرتھ ہے وہ اگر ظاہرا ناخواندہ بھی معلوم

ہوتا ہے تو بھی سب پر روشن ضمیر ہے یعنے سب کا جانیوالا ہے -

पुराणं भारतं वेदधर्म शास्त्राणियानिच। आयुष: क्षपणा-
यैव धर्म तश्चे न्न चा चरेत् १ पुत्र दाराादि संसार: पुंसां संमू-
द चेतसाम्। विदुषां शास्त्र सम्भार: सद्योगा भ्यासविघ्नकृत् २
इदंज्ञे यमिदं ज्ञेयंय: सर्वं ज्ञातुमिच्छति। अपिवर्ष शतेनापि
शास्त्रान्तं नाधिगच्छति ३ विज्ञाया क्षरतन्मात्रं जीवितं
चापि संचलम् विहाय शास्त्र जालानि पारलौकि कमाचरेत्
४ पण्डि तोपिहि मूर्खे ऽ सौशक्ति युक्तो ऽ प्यशक्तिक:।
य: संसाराञ्च चात्मानं समुत्तारयितुंक्षम: ॥५॥ अग्निपुराण
ارتھ اوپر لکھ چکے ہیں -

سوال - جب پرلوک میں کوئی چترائی ساتھ نہیں جاتی تب ساتھ جانیوالی کیا چیز ہے

جواب
अणुभ्यश्च महद्भ्यश्च शास्त्रेभ्य: कुसलोनर:
सर्वत: सारमादद्यात् पुष्पेभ्य इवषदपद: (सांख्यशास्त्र) अ०४॥
کشل پورکھ چھوٹے بڑے شاستروں سے سرب پرکار سے سار بستو کو گرہن کرے
جیسے بھونرا سار بستو رس کو لے لیتا ہے وہی سار بستو پرلوک میں ساتھ دیتی ہے -
جب ایسی بات ہے تب سار بستو کا اوپدیش کرو - اسی طرح کے سوال کے جواب
میں سار بستو کا اوپدیش بید میں کیا ہے -

प्राजापत्यो हारुणि: सुपर्णेय: प्रजापतिं पितर मुपससारकिं
भगवंत: परमंवदंतीतितस्मै प्रोवाचसत्ये नवायुराण वातिस
त्ये नादित्यो रोचते दिवि सत्यं वाच: प्रतिष्ठा सत्ये सर्वं प्रति
ष्ठितंतस्मात् सत्यंपरमंवदंति ॥ तैत्तरीयारण्यक। अ० १०

अनुवाक०६२ ॥

ارتھ - اُسپھٹ آرونڑ نام کے رشی پرجاپت کے بیٹے نے جو سوپرنا کے پیٹ سے پیدا ہوئے تھے اپنے باپ پرجاپت کے پاس جاکر سوال کیا ہے بھگون آپ پرم سب سے اُوتم بستو کیا کہتے ہو تب رشی جی نے جواب دیا کہ ست دھرم سے ہی بایو دیوتا اپنے ایشورج میں برتمان ہو تمام سنسار کو پاک کرتا ہے اسی طرح ست کے پربھاؤ سے آفتاب اکاش میں قائم ہوکر دنیا کو پرکاش کرتا ہے اور ست ہی شبد کی بڑائی ہے یعنی راست گو کی باتیں سب سچ ہوتی ہیں جو کچھ سراپ یا آشرباد بھلا یا بُرا ست بولنے والے کے مُنہ سے نکلتا ہے وہ سب سچ ہوتا ہے - سچ دو قسم پر منقسم ہے ایک تو سچ بولنا جاوپر لکھ آئے ہیں اور دوسرا برمھ روپ ابناشی ست ہے اب اس کا اُپدیش کرتے ہیں - (सत्ये सर्वं प्रतिष्ठितं) ست میں ہی سب سنسار کی استھت ہے اس واسطے ست ہی سب سے اوتم بستو ہے اسی مطلب سے جپ جی میں سوال ہے -

"کیو سچیارا ہوئیے کیو کوڑے تُٹّے پال حُکم رضائی چلنا نانک لکھیا نال"

किव सचियारा होइयै किव कूडै तुटै पालि ॥

हुकमि रजाई चलणा नानक लिखिआ नालि ॥१

ہے بھگون ست بادی کیسے ہو یہ کہو - جواب

مہانارائن اوپنشد - یجر بید الکھ پرکاش

ایک رکھیشر نے پرجاپت سے پوچھا کہ عارف کامل کس کو کہنا چاہیئے پرجاپت نے جواب دیا کہ جو راست باز ہو کر اُس کی زبان کو تاثیر ہوتی ہے اور اُس کا سب سے اعلےٰ مرتبہ ہوتا ہے اور مخالفان پر فتح پاتا ہے پس جو اس صفت سے موصوف ہو وہ عارف کامل ہے - راست بازی سے کوئی چیز بہتر نہیں ہے - جھوٹھ بولنے کا پردہ

جب تک نہیں دور ہوتا تب تک ست بادی نہیں ہو سکتا اب سوال ہے کہ کیسے جھوٹھ کا پردہ ٹوٹے وہ جھوٹھ کیا ہے جیو انیک جنم میں جھوٹھ بول کر جھوٹھ ہی بیوہار کر رہا ہے اور ست بستو پرماتما کو بھول کر دیہہ ادک کو ست آتما روپ جان رہا ہے اس سے یہ پردہ مضبوط ہو گیا ہے جب یہ پردہ دور ہو تب ست بادی ہو۔ پردہ کیسے دور ہو۔ جواب (حکم رضائی چلنا - हुकमि रजाई चलणा) پرمیشر کا جو حکم ہے اُس کے مطابق عمل کرنے سے جھوٹھ کا پردہ دور ہو جاتا ہے اب جو کوئی پوچھے کہ پرمیشر کا حکم کیا ہے تو گورو مہراج فرماتے ہیں کہ ساتھ ہی نزدیک ہی ست نام آد منتر بید بچن روپ آگیا لکھی ہے۔ اُس کے مطابق چلنے سے یا عمل کرنے سے لوک پرلوک میں ست بچن اور ساتھ ہی ست بستو کا گیان تمہارے ساتھ چلیگا۔

دوہرہ

ٹھاکر پتھر مالا لکڑ گنگا جمنا پانی　　جب لگ من ہیں سانچ نا تب چار وید کہانی

کبت

ست چد آنند سروپ سو پرکاش جاکو سم سبھی کے وہی انتر رہت ہے
اچل اکھنڈ اج اکریہ اننت ان اچھی اروپ اندری من نگھت ہے
نربکار نراد ہار نر بکلپ نراکار کوٹ وت نرگن نرنجن لہت ہے
آتما کو برمھ جانے دیہہ کو است مانے پنڈت سیانے گیان یا ہی کو کہت ہے

(دھناسری محلہ ۹)

پرشن - ہے بھگون جس کا حکم آپنے بید آد ست نام آدک آتما سروپ کو جاننے جوگ اور جیو کو ادھکاری سادھن کرنے والا بتلایا ہے اس کا اور طرح سے اُپدیش کیجئے جس کو جانکر میں ست بادی ہو جاؤں۔

جواب - " حکمی ہوون آکار حکم نہ کہیا جائی "

हुकमी होवनि आकार हुकम न कहिआ जाई

ہے شکھ اُس آگیا والے پرمیشر سے تمام استھاور جنگم سوکشم استھول اور براٹ ادک اکار ہوتے ہیں اور وہ (دکھی)، پرماتما اور طرح سے نہیں تبلایا جاسکتا یعنے انگلی کے اشارے سے نہیں دکھلا سکتے ہیں ۔ اسی بات کو بید میں کہا ہے ۔

यत्तदद्रेश्यमग्राह्यमगोत्रमवर्णमचक्षुः श्रोत्रं तदपाणि
पादम्। नित्यंविभुंसर्वगतं सुसूक्ष्मं तदव्ययंयद्भूत योनिं
परिपश्यन्ति धीराः ॥६॥

جس پرم تتو کو بچار والے لوگ تمام سنسار کا کارن دیکھتے ہیں وہ سب بکار سے رہت ہے اور بہت ہی باریک سے باریک اور سب جگہ حاضر و ناظر ہے اور ابناشی ہے اور چیتن ہے اور ہاتھ پاؤں اُس کے نہیں ہیں کرم اندریوں سے گرہن نہیں کیا جاسکتا اور گیان اندری سے تبلایا نہیں جاسکتا سب سے پرے سب جگت میں آتما روپ سے پرسدہ ہے ۔

گیان اندریاں یہ ہیں ۔ کان ۔ پوست ۔ آنکھ ۔ جیب ۔ ناک اور کرم اندریاں ہاتھ ۔ پاؤں ۔ منہ ۔ مقام بول ۔ مقام بزار ہیں یہ سب عاجز ہیں کہ پرماتما کو تبلا دیں کیا وجہ کہ یہ سب از خود فرضی اور جڈ ہیں اُسی کی ستا سے کام کرتے ہیں اور اُسی سے پیدا ہوئے معلوم ہوتے ہیں بیٹا اپنے باپ کی پیدائش اور ماہیت کو نہیں جانتا ۔

کبت

استھاور جنگم جیو جتے جگ بھانت بھانت بھیکھ دھرے ہے
تا منہ ست چدآنند روپ سو آتم ایک پرکاش کرے ہے
تا بن جانے تے سندہ سو لاگت جانے تے گوپد تول ترے ہے
بندت تاہ کہی سکھدیو جو برمھ سداں سبھی تے پرے ہے

کبت

من بُدھ اندرین کے کارن چلا بیو کو سَکل اوپادہن تے نیارو رہے گات میں
جیسے گھٹ مُٹھ مانہہ بیاپک اکاس نیارو بیوم کُھ دوکھن تے دیکھواودات میں
جیسے رب جوت آگے سووت سوجیو جاگے تب اُٹھ کام لاگے سبھی پربھات میں
اج ابناشی پرپورن پرکاشی سکھدیو سکھراسی ایسے نت لکھ آتمئین

اب جو پرماتما کو سب سنسار کا کارن کہا ہے اُس کو بیان کرتے ہیں -

यथोर्णा नाभि: सृजते गृह्णते च यथा पृथिव्या मोषधय: संभवन्ति। यथा सत: पुरुषात्केसलोमानि तथाऽक्षरात्संभवतीह विश्वम् ७ मुण्डक उपनिषद खण्ड १।

برمھ جگت کا کارن نہیں ہو سکتا کیونکہ سہایک رہت ہونے سے - جو سہایک رہت ہوتا ہے سو کسی کا کارن نہیں ہوتا ہے - جیسے کمہار کے پاس اگر ڈنڈا اور چاک نہ ہو تو گھڑے وغیرہ کا کارن نہیں ہو سکتا - اسی طرح برمھ بھی جس کو کسی کی مدد کی ضرورت نہیں ہے کارن نہیں ہے (यथोर्णा नाभि: सृजते गृह्णते च)
جیسے مکڑی اپنے آپ ہی جال پھیلا کر بعدہ اُس کو نگل جاتی ہے - اس کا کوئی سہایک نہیں اسی طرح برمھ اپنے آپ جگت کو رچکر پھر اُس کا ناش کرتا ہے برمھ جگت کا اوپادان کارن نہیں ہوتا چونکہ جگت برمھ کا سروپ ہے اس واسطے برمھ جگت کا اوپادان کارن نہیں - اب جو کہا جائے کہ اُس ست پرماتما میں یہ جڑ دُکھ روپ است سنسار کیسے معلوم ہوتا ہے تو (यथा सत: पुरुषात्के शलोमानि)
جیسے زندہ شخص کے بال وغیرہ بیجان چیزیں ہوتی ہیں اسی طرح پرماتما سے جگت میں جڈ چیزیں ہوتی ہیں - (یہ سریر چیتن ہے تاتے نکھ جڑ ہوئے - گو بر جڈ تے پرگٹ ہے گوبر وڑا چد سوے - ادھیاتم پرکاش)

کبت

جیسے گھٹ کارج کو کارن کہت دوی اوپادان ماٹی اور نمت جو کمہار ہے
ایسے پانچ تت تین گن تے جگت بھئو آپ ہی تو جیوا ایس آپ کرتار ہے
مٹی اور کمہار نیارو ایکے ایک سوچ بہار وتا تے اور او پمان دے کیو نردھار ہے
جالا کو نمت او پادان جیسے مکڑی ہے تیسے بھانت جگ کو بچار برمھ چار ہے

اس طرح سے (ئکی ہوون اکار) کو ثابت کیا کہ پرماتما میں اور سرشٹ میں کچھ بھید نہیں ہے۔ اور (حکم نہ کہیا جائی) اس کا بھی مطلب یہ ہوا کہ پرماتما کو صرف جو چیزیں آنکھ سے دکھلائی دیتی ہیں انہیں کی مثالوں سے تبلا سکتے ہیں ورنہ اس کو تو بید بیدانت کسی سے نہیں تبلا سکتے ہیں۔

دوہرہ

اپرم چیت چیتن ہے اروا ودیت سبھائے من اندری کر سکت نہیں کینکر برنو جائے

کبت من ہرن

کانن کو ناد ناہیں جیبھ کو سواد ناہیں بچن کو باد ناہیں جگت سے جو کو کہے
آنکھ کو دکھاؤ ناہیں ناک کو سونگھاؤ ناہیں کر کو گھاو ناہیں پاے نیارو کو لہے
من کر جان ناہیں دو سرو پرمان ناہیں یو وہ انومان ناہیں پر گٹ جا ایسو ہی کہے
است پرچنچ کیسے ست پہچان پاوے آپ سکھ جانے دوجا مانے ین کر کہے

دیگر

سیس کے سہس مکھ جیبھا جہہ دو ہی ہزار جاتے نئے نئے نام لیت رہت ہے
ایک برہمانڈ جا کو پاوت نہ پار کوئی ایسے روم روم کوٹ کوٹ لیت ہے
کہے سکھدیو ایک او وے پور کھ جاسے نیت نیت کہے نہ پرمان چاہیت ہے
ست چد آنند سروپ ابناشی یہ پورن پرگٹ پار برمھ کہیت ہے

کبت

دیہہ ناہیں اندری ناہیں من بُدھ پران ناہیں کارن اہیدا ناہیں اور کچھ جو کہیو
برن آسرم ناہیں جات کل دھرم ناہیں کرتا کرم ناہیں بھوگتا نہ تے کہیو
مایا کو بلاس ناہیں ایس کو پرکاشس ناہیں جیو جیدبھاس ناہیں بھانت تے کہیو
جگرت سوپن او سکھوپت لکھے سداں توریا پرگٹ بُدھ روپ برھمے کہیو

کبت من ہرن

سرا لکاس سوانس ناسکا پون باس سورج سے نین مُکھ انل کو کریو ہے
ہر ہر بھو جادُو وہیہ چیتو رانن ہوے ودر تو سکل لوک بید بانی رریو ہے
پربت ہے است روم سکل بنس پتی میگھہ مالا بیرج پتال پاؤ تریو ہے
اکتھ اروپ جا کی مہاں انوپ ہے وہی بشو بھوپ ہی بشو روپ ہریو ہے

سوال - اگر پرمیشر روپ حکمی سے سب سنسار اور برہمانڈ کی اونپت ہے اور جو پنڈ برہمانڈ کے دہارن کرنے والے جیو پرماتما سے علیحدہ ہیں تب ادویت سدہانت نہیں بنتا -

جواب " حکمی ہووں جیہ حکم ملے وڈیائی ":

हुकमी होवनि जीअ हुकमि मिलै वडिआई ॥

جو پنڈ برہمانڈ کے دہارن کرنے والے جیو ہیں سو سب حکمی پرماتما ہی ہیں کیونکہ اوپادہی سہت پرماتما کا نام جیو ہے -

سوال - جب پرماتما ہی اوپادہی سہت ہو کر جیو ہو گیا تب سرگنا اور سواتہ سدہ (آپ ہی آپ پورن) برہم روپتا دور ہو گئی اور ایک رِتا کا بھی ابھاو ہوا اس کے جواب میں گورو مہاراج نے فرمایا ہے (حکم ملے وڈیائی) -

ارتھ - پرماتما کے حکم اگیا روپ دھرم کے سیون کرنے سے جیو برھم بھاو کو پراپت

ہوتا ہے :۔ مطلب یہ جب مایا کے بل سے اپنا سروپ بھول کر دُکھی سُکھی سنساری مانتا ہے تب پھر شُرتی بید بیدانت کے بودھ گیان سے اپنے سروپ کو جانکر ستہ سدھ برمھ بھاو روپ ٹمدپائی اس جیو کو مل جاتی ہے ۔

सेयंदेवतै क्षत हन्ता ह मिमास्ती स्रोदेवता अनेन जीवेना त्मना ऽनुपविश्य नाम रूपे व्याकरवाणीति ॥ छान्दोग्य उपनिषद । अ० ६ खण्ड ० ३ ॥

ارتھ ۔ جب پرمیشر نے جگت کو بنایا تب یہ بچار کیا کہ اس سنسار میں اپنے آپ کو جیو روپ سے پرویش کرنا چاہئے ایسا سنکلپ کر نام و روپ سے ظاہر آیا ۔ اس سُرتی میں پرماتما ہی جیو روپ ہوا ۔

"پہلے درخت تخم میں پوشیدہ تھا ۔ جب درخت نے صورت اور نام کو پایا تخم اُس کے اندر پوشیدہ ہو گیا اگر آتما نظر نہیں آتی ہے سبب یہ ہے کہ جس چیز سے آمیزش کرتی ہے عین وہ ہو جاتی ہے اور صفت اور عادت اس کی قبول کرتی ہے جیسے حرارت عزیزی جب معدہ میں جاتی ہے جٹھر اگن کہلاتی ہے اور جہاں جہاں جاتی ہے بنام دیگر موسوم ہوتی ہے حقیقت میں آگ ایک ہے ۔ اسی طرح سے آتما محیط عالم ہے اور ایک ہے ۔ **مصرعہ**

کہ شود آتش دو رنگ از اختلاف سنگہا ۔

جسم میں جیو آتما ہوا کے ساتھ حرکت کر کے پران موسوم ہوتا ہے ۔ آنکھ کے ساتھ وصل کر کے باصرہ موسوم ہوتا ہے کان کے ساتھ اتصال کر کے سامع کہلاتا ہے ۔ دل کے ساتھ وصل کر کے متفکرہ کہلاتا ہے ۔ حاصل یہ ہے کہ جیو آتما ایک ہے مقام اور حالت کے اختلاف سے بنام دیگر موسوم ہوتا ہے

مُدتے در گمان ایں بودم ٭ کہ منم ذاکر و توئی مذکور

شد تعظیم کنوں کہ غیر تو نیست ذاکر و ذکر شاکر و مشکور"

(ملاحظہ ہو برلا دارن اوپنشد - ١٤٩ اصغو الکھ پرکاش)

جنہیں پٹ یہہ بھلی بچارو آدانت سب سوت نہارو
جیسے ایک اوکھ رس ہیئو گوڑ شکر مصری سب ہیئو
تیوں ہی نج بچار سے لہئی ایک برمھ سب ہی کچھ کہئی

([illegible])

اسی بات کو رام گیتا میں سری رامچندر نے لچھمن جی کو سمجھایا ہے (ملاحظہ ہو رام گیتا - ٦ - ٢ - اشلوک) آنند آمرت برشنی میں بھی اس رمز کو تبلایا ہے (ملاحظہ ہو آنند آمرت برشنی ہفتم ادھیائے -)

دوہرہ

بھول گیئو اگیان تے اپنو آتم روپ - تا ہی کو پھر جانبو گیان کہت کبھو پ

کبت

ون دن چھن چھن ہوے جات بھن بھن ویہہ کے سنجوگ برا دہین رہت ہے،
شیت لگے گھام لگے بھوکھ لگے پیاس لگے شوک موہ مان اِت کھید کو لہت ہے
اندہ بھیو پنگو بھیو موک ہو بدھر بھیو ایسے مان نان بھرم ندی میں بہت ہے،
سُندر ادہک موہہ یا ہے تی اچنبھا آئے بھول کے سروپ کو انا تھ سو کہت ہے

دیگر

آپ ہی چیتن یہ اندرن چیتن کر آپ ہی گمن ہوے آنند بڑ ہایو ہے
جیسے نرشیت کال سووت نہالی اوڑہ آپ ہی تپت ہوئے آنگچھ پایو ہے
جیسے بال لکڑی کو گھیر اکر ڈ انگ چڑھے آپ اسوار ہوے آپ ہی کو دایو ہے
تیسے ہی سُندر یہ جڑ کو سنجوگ پائے آپ سکھ مان مان آپ ہی بھولایو ہے

دیگر

کہوں بھولیو کام رت کہوں بھولیو سادہ جت کہوں بھولیو گینہ مدہ کہوں بن باسی ہے
کہوں بھولیو پنچ جان کہوں بھولیو اونچ مان کہوں بھولیو موہ باندہ کہوں تو اوداسی ہے
کہوں بھولیو مون دھرے کہوں یک باد کرے کہوں بھولیو تکے جائے کہوں بھولیو کاسی ہے
کہت سُندر اہنکار ہوتے بھولیو آپ ایک آمے روے اور دوجے آوے ہانسی ہے

دیگر

پاپ اور پن دودہ پاٹیا پربل جاکے لوک اور بید ریت باسنا کی باری کے
کام کرودہ لوبھ موہ گیان سورا کہیو چڈہ کہے سکھدیو چاکا کر من بچار کے
برن اسرم ابھمان کی زنجیر جان تاکے سکھ دکھو کی بڑو وری ڈار کے
بھرم کو نیوار روپ آپنو سنبھار سنگھہ نکریو پر یودہ جگ پنجڑ کو پھار کے

دیگر

دینتا کو تیاگ نر آپنو سروپ دیکھ تو تو شدہ برمھ اج درس کو پرکاسی ہے
اپنے اگیان تے جگت سب تو ہی رچے سرب کو سنگھار کر آپ ابناسی ہے
متھیا پرپنچ دیکھ وِشے جن آن جیتی دیون کو دیو تو سرب سکھ راسی ہے
جیو جگ ایش ہوئے مایا سے پربھاسے تو ہی جیسے جو ساپ سیپ پے پربھاسی ہے

"حکمی اوتم نیچ حکم لکھ دکھ سکھ پائیہہ"

हुकमी उत्तम नीचु हुकमि लिखि दुःख सुख पा-
ईयहि ॥

کبت

کیٹ پتنگ کرے پس پنچھی ادھو گت میں جل جیون بھاوے
کے سُر لوک بسیرو کرے کبھوں سُر راج کی سمپت پاوے

مانس ہوئے سکھ دُکھ سہئے گھر اونچ کی نیچ جوئے پرگٹاوے

آتم ایک بیبک بناں یہ بھانت سو جیون کرم بناوے

دیگر

پُن کرے سُرلوک لے پاپن تے سب نرکن دہاوے

پُن او پاپ سماں دوہوں مہہ مانس کل میں چھب چھاوے

جو سکھ دیولاٹ لکھیو سو گھٹے نہ بڑھے اور جائے نہ آوے

آتم ایک بیبک بناں یہ بھانت سو جیون کرم بناوے۔ ادھا پرکاش

حکمی جو پرماتما سو ہی جیو بھاوے اوتم کرم کے پربھاوے اوتم اور نیچ کرم کے پربھاوے سے نیچ ہوتا ہے سو دونوں (حکم) بید میں لکھے کے مطابق دُکھ اور سُکھ پاتے ہیں +

(पुण्योवै पुण्ये न कर्म्मणा भवति पापः पापेन) वृह० उ० अ० ५ ब्रा० २॥

شبھ کرم کرکے شبھ گت اور اشبھ کرم کرکے اشبھ گت کی پراپتی ہوتی ہے۔

"اِکنا حکمی بخشیش اِک حکمی سدا بھوائیہ"

"इकना हुकमी बखसीस इक हुकमी सदा भवाईअहि॥

(اکنا)، کسی ایک نشکام دھرم کے کرنے والوں کو (حکمی)، پرمیشر سے گورو کے ذریعہ سے گیان کی بخشیش ملتی ہے اور سکام کرم کرنے والوں کو پرمیشر ہمیشہ جنم جنم آنتر میں بھرمنتر کراتا ہے۔ سکام کرم وہ ہے جس میں پھل کی اچھا ہووے سکام کرم سے پھل کی پراپتی ہوتی ہے اسے مزدوری کہتے ہیں

نہ از برائے بہشت است بندگی مارا۔ کہ دوستی بود آنجانہ کار مزدوری

نشکام کرم وہ ہے جس میں پھل کی ایچھا نہ ہووے اس سے من کی شُدھتا ہوتی ہے

اوپاسنا سے من نشچل یعنی ایکاگر (یکسو) ہوتا ہے جو کرم اُپاسنا سے بکینٹھ آدی کی ایچھا رکھتے ہیں اُن کو دیوتا سریر ملتا ہے لیکن دیوتا کو مکت سریر نہیں کہہ سکتے کیونکہ دیو سریر میں بھی جگ آد کا دُکھ بنا رہتا ہے بہت پن کے پھل سے دیو سریر ملتا ہے سو ناش وان ہے اور چھین پُن کے بعد مرت لوک میں پھر آنا پڑتا ہے جو دُکھ کا گھر ہے

"چھننے پُنئے مرت لوکے بشنت"

سُرتی ہے کہ پُن کے ختم ہونے پر پھر مرت لوک میں آنا پڑتا ہے۔

"حکمے اندر سب کو باہر حکم نہ کوے۔ نانک حکمے جے بوجھے تاہومے کہے نہ کوے"

हुकमै अंदरि सभ को बाहरि हुकमु न कोय ॥
नानक हुकमै जे बुझै त हउमै कहै न कोय ॥२

پرمیشر کے حکم ہیں سب کچھ ہے اس کے حکم سے باہر کوئی نہیں ہے۔ پرمیشر کے حکم میں بندھے ہوئے اپنے اپنے کام میں سب مستعد ہیں۔ سری گورو نانک صاحب فرماتے ہیں کہ جو کوئی پرمیشر کے حکم میں سب چیزوں کو جانیگا تو اہنکار نہ کریگا۔ یعنے اپنے کو فاعل کسی چیز کا نہ مانیگا۔

رباعی

اے ہیچ میدانی چہ چیزی چیستی و کیستی خویش را دریاب دائم ہستی و بانیستی
آنکہ میگوید کلیم است آنکہ می شنود سمیع آنکہ مے بیند بصیر است پس بگو تو کیستی

جوزمین آگ ہوا خلا آفتاب چاند کواکب جہات برق ابر تینوں عالموں چاروں بیدوں تمام جگوں عناصر بسیط عناصر کثیف پران حواس ظاہری حو رس باطنی دل روشنی تاریکی نطفہ خون وغیرہ میں ہے اور سب میں تصرف کرتا ہے وہ فرمان فرمائے عالم اور عالمیان کا ہے یہ سب اُس سے غافل ہیں لیکن وہ ان سب کے اندر بیٹھ کے ان کے کام کرتا ہے اور وہی آتا ہے اور وہی آتا جاتا میں اور سب میں ہے اور یہی

لازوال اور لاثانی ہے اور دیکھا سمجھا نہیں جاتا ہے اور اُس کے سوائے کوئی دیکھنے والا اور سننے اور سمجھنے والا نہیں ہے اور اُس کو فنا بھی نہیں ہے"۔ دکارکی اور اودالک رکھیشر کا مباحثہ۔ برہ دارن اوپنشد صفحہ ۱۷۰۔ لکھ پرکاش)

اب پہلی اور دوسری پونڈی کا خلاصہ تھوڑے میں لکھ کر آگے تیسری پونڈی کا ترجمہ شروع کرینگے۔

تجھے فکر کرنے سے پایا نہیں ۔۔۔ کسی کے تصور میں آیا نہیں
رہا چپ تو پھر کھائے غوطے ہزار ۔۔۔ تیرے بھید قدرت کا پایا نہ پار
کسی کو ہے گر بند بیچارگی ۔۔۔ تردد سے ہوتی ہے اوارگی
تفکر سے وہ دفع ہوتی نہیں ۔۔۔ تردد سے وہ رفع ہوتی نہیں
کرے لاکھ دانائی انجام کار ۔۔۔ تیرے حکم سے ہووے زیادہ نہ کار
ارادت میں گر ہووے ہر دم خلل ۔۔۔ کہاں پاوے وہ مدعا و محل
تیرے حُکم سے جو کہ باہر نہیں ۔۔۔ ہوا کونسا تجھ سے ماہر نہیں
کلام مُشرف ہو نانک کا یاد ۔۔۔ کہو اچھے دل سے سدا شاد شاد
ہوا حکم سے تیرے کون ومکیں ۔۔۔ ہوئی رُوح پیدا زمان و زمیں
ہوئے حُکم سے تیرے پیدا اوتار ۔۔۔ ہوئے حُکم سے سب صغیر و کبار
ہوئی حُکم سے رنج و آسودگی ۔۔۔ ہوئی حُکم سے رنج و بہبودگی
تیرے حکم سے بختیاری ہوئی ۔۔۔ شقی کو مذمت و خواری ہوئی
تیرے حکم میں ہیں ستمگر رحیم ۔۔۔ تیرا حکم جاری ہے سب پر کریم

یہ ہے قول نانک اسے یاد رکھ
سدا اچھے الفت سے فریاد رکھ

"گاوے کو تانڑ ہووے کسے تانڑ"

गावै को ताणु होवै किसै ताणु ॥

اب کہتے ہیں کہ جو ایسا پرماتما ہے اُس کے بل یعنی زور پربھوتائی کو کون گاتا ہے یا بیان کرتا ہے اس کے جواب میں سری گورو مہاراج فرماتے ہیں کہ جس کسی کو طاقت ہو یعنے گیان کی بخشش ہوئی ہے وہی گاتا ہے۔ اب کہتے ہیں کہ گیان روپ دات یعنی بخشش کو کون گاتا ہے اُس کے جواب میں فرماتے ہیں۔

"گاوے کو دات جانے نیسانڑ"

गावै को दाति जाणै नीसाणु ॥

اس میں نصف سوال ہے اور نصف جواب ہے۔ مطلب یہ کہ وہی اس کے گیان کی بخشش کو بیان کر سکتا ہے جو نشان یعنے علامات سے واقف ہے۔ علامات کی چھ قسم ہیں۔ اول۔ اوپ کرموپ سنگھار (उपक्रमोपसंहार) دوم۔ ابھیاس سوم۔ اپوربتا۔ (अपूर्वता) چہارم۔ پھل یعنے نتیجہ۔ پنجم۔ ارتھ باد۔ ششم۔ اوپ پت (उपपति)۔

۱۔ اول کی تعریف یہ ہے کہ جو بات شروع میں ہو وہی اخیر میں ہو جیسے گورو گرنتھ صاحب میں ابتدا میں ایک اونگ ست نام کا اوپدیش ہے یعنے اودیت پرماتما کا ہی نام اور مہما ہے ویسی ہی اخیر میں (سب نانک برمھ پسارو) کا بیان ہے۔ ملاحظہ ہو منداونی محلہ پنج۔ تھال وچ تِن بستو وغیرہ وغیرہ سب نانک برمھ پسارو)۔

۲۔ دوسرے کی تعریف یہ ہے۔ بار بار ایک چیز کو کرنے کا نام ابھیاس ہے۔ جیسے جپ جی صاحب میں سری گورو نانک صاحب نے ۱۶ و ۱۷ و ۱۸ و ۱۹ چار پونڈیوں میں "تو سداں سلامت نرنکار" کہا ہے۔ بار بار کہنے کا یہی مطلب ہے کہ پورا ابھیاس ہو کر دڑہ نشچے ہو۔ اور بھی کئی جگہوں میں گورو گرنتھ صاحب میں ایک ہی بات کو مکرر سکرر

کہنے کا یہی مطلب ہے جیسے "مانجھ وار سلوک محلہ پہلا

ہم زیر زمیں دنیا پیران شائخ ما - میرود بادشاہا افزوں خدایا ایک توہی - ایک توہی
نہ دیو دانوانرا نہ سدہ سادہکا دہرا است یک دِگر کوئی ایک توئی - ایک توئی
نہ دادے دہند آدمی نہ سپت زیر زمین است ایک دِگر کوئی ایک توئی - ایک توئی
نہ سور سس منڈلو نہ سپت دیپ نہ جلو ان پون تھر نہ کوئی ایک توئی - ایک توئی
نہ رزق دست انکسے ہم ایک آس بسے است ایک دِگر کوئی ایک توئی - ایک توئی
پرندے نہ گراہ زر درخت آب آس کر دہند سوئی ایک توئی - ایک توئی
نانک للاٹ لکھیا سوئے میٹ نہ سکے کوئی کلا دہرے ہرے سوئی ایک توئی - ایک توئی"

۳ - تیسرے نشان یا لچھن کی یہ تعریف ہے - جیسے جپ جی صاحب کی پانچ وچھ پوڑی میں کہا ہے کہ "گوراں ایک دیہہ بوجھائی" یہ گورو میں گویا ایک خاص بات ہے - اور جیسے (ست پورکھ جن جانیا ست گورو تسکا ناؤں) یہ بھی ہے اس میں بھی اوپر بتا ہے اور جیسے - بھیروں محلہ پہلا - گورو کے شبد ترے مُن کیتے انند اوک برہما ترے سنک سنندن تپسی جن کیتے گور پرشادی پار پرے - بھوجل بن شبدے کیو ترئی - یہ گورو میں اوپر بتا ہے +

۴ - چوتھا نتیجہ یا پھل ایسے گیان کا کیا ہے - شبد لکھ کر ثابت کرتے ہیں "سورٹھ محلہ ۳" - من میرے گورو شبدی پایا جائے - بن شبدے جگ بھُلدا پھر دا درگہ ملے سزائے

سُوہی وار محلہ پہلا

دِیوا بلے اندھیرا جائے بید پاٹ مت پاپاں کھائے
اُوگوے سُور نہ جاپے چند جہ گیان پردیشا اگیان مٹنت

۵ - پانچویں کا یہ مطلب ہے کہ گیان کی تعریف اور اگیان کی بُرائی - جیسے - سری راگ محلہ پہلا - گیان پدارتھ پائی ترہوں سوجھی ہوئے -

سُوہی چھند محلہ پہلا - گیان مہارس نیتری انجن تربھوں روپ دکھایا -
مانجھ وار محلہ ۲ - نہہ بھلیتس جنمس جاوت برمھ نہ بندتے "
۶ - چھٹے نشان کا یہ مطلب ہے - شبد " گوڑی پوربی محلہ ۵ -
ایکے گُن انک بھانت ساجی بہو پرکار رچایو - کہو نانک بھرم گور و کھوئی ہے لیو تت تت ملایو"
سُکھمنی محلہ ۵ - بستو ماںہہ لے بستو گڑائی - تاکو بھن نہ کہنا جائی -
بوبجھے بوجھن ہار بببیک - نارائن ملے نانک ایک "
دھناسری محلہ ۵ - اوے جو بیچ ہم تم کچھ ہوتے اب تن کی بات بلانی -
انکار ہل تھیلی ہوئی ہے تاتے گنگ بکھانی -

یہ تین گورو باک اوپ پت چھٹے نشان کے تبلانے والے ہیں - جیسے ایک سونے سے انیک طرح کے زیور بنتے ہیں لیکن سونا جیوں کا تیوں رہتا ہے اسی طرح سے گورو نے بھرم کو دور کرا دیا ہے اور تت کا تت میں ملاپ ہو گیا ہے - مطلب یہ کہ جیسے سونے سے مختلف قسم کے زیور بنتے ہیں لیکن سونا جیسے کا تیسا ہے اسی طرح پرماتما میں طرح طرح کی منظر ہونے پر بھی وہ پرماتما جیسے کا تیسا ہے - سکھمنی کا ارتھ یہ ہے کہ بچار والا پرش بوجھے اور سمجھے کہ نانک اور نارائن یہ دو شبد ایک ہیں علیحدہ نہیں - دھناسری کا مطلب یہ ہے کہ پرمیشر کے سامنے ہو کر اوپدیش کرتے ہیں ہے بھگون اپچار یعنے نادانی میں جو بیچ میں کچھ اہنکار یا ممتا رہی وہ اب بچار ہونے پر جاتی رہی ہے جیسے بہت قسم کے زیور ایک ہی سونے کے ڈبے میں رکھے ہوں - نام اُن کے جدا جدا ہیں لیکن وہ سب سونا ہے اسی طرح انیک نام روپ پدارتھ کے ایکتا کا بچار اور بیان کا نام اوپ پت چھٹا نشان ہے مطلب یہ کہ اوپر جو چھ نشان بیان کر آئے جو پورکھ ان چھٹوں نشانوں سے واقف ہو یا ان کا عامل ہو وہ ہی شخص اُس پار برمھ کی بخشیش یعنے گیان کی ذات کو کہہ سکتا ہے - جب تک ست گیان اننت آنند وغیرہ برمھ کے سروپ گنوں کا اپنے آتما میں جیوں کا

نیوں ایکتا نہ کریگا تب تک جنھارتھ گیان آتما کا نہ ہوگا اس سے ہے گورو برمھ کی صفت کو کون بیان کرتا ہے - یہ سوال ہے - اب اس کا جواب دیتے ہیں -

گاوے کو گُن وڈائیا چار

गावै को गुण वडियाई आचार

ارتھ یہ کہ جس شخص کے آچار یعنی افعال اچھے ہیں وہ اس کی صفت کو بیان کر سکتا ہے - منوسمرتی میں منوجی نے چوتھے ادھیائے میں افعال حسنہ کو مفصل بیان کیا ہے - کچھ اُس کا انتخاب یہاں لکھ دینے سے غالباً گورو مہاراج کے باک کی ضرور تائید ہوگی - وہ یہ ہیں -

۱ - صبر و قناعت کو اختیار کرے کہ جملاً آسائش اس سے ہوتی ہے -

۲ - جو شے شبد - سپرس - روپ - رس - گندہ کے ذیل میں ہو اُس میں دل کو محو نہ کرے بلکہ ان کو فانی سمجھکر ان سے دل کو ہٹاوے -

۳ - جو گھر پر آوے اُس کی تعظیم کرے اُس کو بٹھاوے اور جب وہ رخصت ہو تھوڑی دور اُس کو پہنچانے جاوے -

۴ - ناستک نہ ہو جاوے دیوتوں و بیدوں کی مذمت نہ کرے اور کسی سے دشمنی پیدا نہ کرے - مکر و ظلم و غرور و غضب نہ کرے -

۵ - جو فعل شاستر و رسم کے خلاف ہوں اُن کو نہ کرے -

۶ - یقین کرو کہ نیک افعال علت و اسباب نجات ہے -

اسی واسطے گورو جی نے فرمایا ہے کہ جس کسی کے ایسے افعال ہونگے وہی پرمیشر کے گُن کو گاویگا یعنے بیان کر سکیگا +

گاوے کو وِدیا بِکھم بچار

गावै को विद्या विषम विचार

اب کہتے ہیں کہ پہلے جو گُن یا صفت بیان کر آئے ہیں اُس سے جو پرماتما کے جاننے

کی وِدّیا یا علم کو کون بیان کر سکتا ہے سری گورو مہاراج اس سوال کے جواب میں فرماتے ہیں کہ جسکو بکھم بچار ہے یعنے سب آچار اور بچار میں جو مشکل سے مشکل بچار ہے اُس سے جو واقف ہے وہی بیان کر سکتا ہے۔ سب سے مشکل بچار گیان کا ہے اور یہی سب سے افضل ہے کیونکہ اسی سے موکش حاصل ہوتا ہے۔ (گیان کا نپتہ کر پاتڑ کو دہارا)

کبت

دیہہ اور دیکھئے تو دیہہ پنچ بھوتن کو برمھا اور کیٹ لگ دیہہ ہی پردہان ہے
پران اور دیکھئے تو پران سب ہی کو ایک چھودہاپن نرکہا کو وبیاپت سمان ہے
من اور دیکھئے تو من کو سوبھاو ایک سنکلپ بکلپ کر سدا ہی اگیان ہے
آتما بچار کئے آتما ہی دیسے ایک سُندر کہت کو وو دوسرو نہ آن ہے

"زبان سے دعوےٰ کرنا اس مرتبہ کا آسان ہے اور گمراہی ہے اور دل سے سمجھنا اس درجہ کا اور اسنا تسنا ہی ہے مگر حد سے زیادہ مشکل ہے" (امرت بند او پنشد۔ اتھربن بید)

انتخاب از رامائین۔ کاگ بھُشنڈ اور گرڑ سمباد۔ ہے تات یہ اکتھ کہانی سنو جو سمجھتی ہی بنتی ہے بکھانی نہیں جاتی۔ یہ جیو انباشی ایشور کا ہی انس ہے جو چیتن پاپ ہت سوبھاوک ہے سُکھ ندہان ہے جیسا گیتا میں لکھا ہے۔

"ममैवांशो जीवलोके जीवभूतः सनातनः"

اسی کارن یہاں جیو کو ایشور انس برنن کیا ہے۔ ہے گوشائیں سوی مایا کے بس ہو کر جیو ایسے بندہ گیا ہے جیسے طوطا اور بندر آپ سے آپ بندہ جاتے ہیں۔ بندر تنگ برتن میں ہاتھ ڈال مُٹھی باندھنے پر پھر نہیں کھولتا اسی کارن پھنس جاتا ہے۔ طوطا نلکی میں پھنستا ہے جیسے طوطے اور بندر آپ سے آپ پھنس جاتے ہیں ایسے ہی جیو آپ سے آپ مایا میں پھنس جاتا ہے جیسے طوطا اور بندر چیتن روپ ہو کر جڑ بستو پنجرہ اور رسی میں ہو کر نہیں نکل سکتے ایسے ہی جیو مایا میں پھنسکر نہیں چھوٹتا۔ جڑ مایا اور چیتن جیو میں گانٹھ پڑگئی ہے

گو کہ جیو میں مایا کی گانٹھ متھیا ہے لیکن چھوٹنا کٹھن ہے اسی بات کو گورو مہاراج نے بکھیم بچار کہا ہے۔ تب ہی سے یہ جیو سنساری ہو گیا ہے نہ گانٹھ کھُلتی ہے نہ سُکھی ہوتا ہے باوجودیکہ بید پوران نے بہت سی تدابیر تبلائی ہیں لیکن چھوٹتا نہیں اور اُلجھتا ہی جاتا ہے کیونکہ سادھن ساودھانی سے نہیں کرتا اپنی کرنی سے ادھک پلٹ جاتا ہے اب اسکے چھُوٹنے کا اوپاے بتلاتے ہیں۔ جو نارائن کی کرپا سے ستوگُنی سردھا ہردے میں گاے بن کے آوے اور جب تپ سنجم نیم جو انیک پرکار کے ہیں اور جتنے بیہ نے شُبھ دھرم اور آچار برنن کئے ہیں وے سب ہری گھاس اُس ستوگنی روپی گائے کے چرنے کیواسطے ہوں جب وہ ستوگُنی روپی گائے اُس گھاس کو کھائے اور پریم روپی بچھڑے کو پاکے پنہلے جاوے نبرت مارگ کی رسی سے گائے کی ٹانگ باندھ کر وشواس کے برتن میں دودھ دُوہا جائے اور نرمل من اہیر اس کو دُوہے۔ پرم دھرم روپی دودھ کو دوہکے اکام یعنی نشکام روپی آگ سے اوٹاوے۔ سنتوکھ اور شانتی کی ہوا سے اُس کو ٹھنڈا کرے اور سَم درشٹ کا جامن دیکر اُسے جماوے مطلب یہ کہ اس پرکار کے نشکام کرم کرے اور پرسنتا متھنے والی بچار متھانی سے متھے اور دَم یعنے اندری کا جیتنا اور سم یعنے خواہشات کا ترک کرنا اور ست ان کی رسی ہو۔ اس طرح اُس دہی کو متھکر بمل بیراگ روپی مکھن کو نکال لیوے۔ جوگ کی اگن کو پرگٹ کرکے شُبھ اشُبھ کرم کی لکڑی کو اُس میں جلاوے اور بُدھ گرہستی سرا یکے یعنے گھرت روپ جامن کو الگ کرکے ٹھنڈا کرکے جب دیکھے کہ ممتا روپی سٹھا جل گیا ہے تب بگیان روپی بُدھ اوجل گھرت چت روپی چراغ میں دڑہتا سے بھرے اور ستما کے ڈیوٹ کو وڑہ بناکے اُس پر چراغ رکھدے تب جاگرت سوپن اور سکھوپت تینوں اوستھا کے پھل سے کپاس کو نکالکر ستوگُن رجوگُن اور تموگن بنولوں کو اس میں سے نکال ڈالے اور تُریا وستھا روئی کی گاوہی بتی بناکر اس پرکار سے اُس تیجوان بگیان مے دیپک کو جلاوے جس کے پاس جانے ہی سے مدآدک شلبھہ پنکھی جل جاتے ہیں (اسی رمز کو مانڈوک اوپنشد اتھربن بید اور کیول اوپنشد اتھربن بید

میں بیان کیا ہے) اور ذنرسگھ اوترتاپنی اوپنشد۔ اوترکھنڈ ۲ میں بھی یہی ثابت کیاہے) بید کے مہاباک تت تونگ اس آو (چار بید ہیں۔ چاروں کے مہاباک یہ ہیں۔

شیام بید کو بچن ہے تت تونمُ اس پد تین ۳ چوپائی - جانیوان کوارتھ جن لیو سار تن بین تت پدالیش جیو تونگ پد ہےاس پد برمھ کہاوے - مایاتے یہ تین بھیدہے ایکے بید بتاوے تت تونگ بیں تو ہی اہے یہ کہوتت تونگ اسکوارتھ۔ یہی برت جا کی بھئی سو سب بھانت سمرتھ اہنگ برمھ اسمی ہے. یجر بید کو باک - ارتھ سیجھے ایکہی سو پرتیت من تاک پرگ گیان مانند برمھ اتِ رگ بید کو سار - یہ وہ سب ہی ایک سے سب کو ایک بچار ایم اتما برمھ ہے کہت اتھربن روپ - یے چاروں ہیں ایک سے سبھی آتم بھوپ)

کبت

پرگ گیان مانند برمھ ایسے رگ بید کہے اہنگ برمھ اسم اتِ یجر بید یوں کہے -
تت توم اسی اتِ شیام بیدیوں بکھانت ہے ایم آتما برمھ کہہ اتھربنڑ یوں لہے -
ایک ایک بچن میں تین پد ہیں پر سِدہ تن کو بچار کر ارتھ تنت کو گہے -
چار بید بچن سب کو سدہانت ایک سُندر سمجھکر چُپ چاپ ہور ہے -

یہی اکھنڈ برت اس دیپک کی پرچنڈ شکھا ہو اُس سمے آتما کو جو انبھو سکھ ہو تب بھرم سے جو بھید بُدھ ہو رہی ہے یعنے اپنے کو اور ایشر کو علیحدہ جاننا جو سنسار کی جڑ ہے اُس کا ناش ہو جاتا ہے اُس سمے ابدیا کا اپار اور پربل پروار موہ آدک اندھکار یہ سب نشٹ ہو جاتے ہیں تب وہی بُدھ او جیالا پاکر ہردے میں بیٹھ اُس گانٹھ کو کھولنے لگتی ہے جو وہ گانٹھ کھل جاوے تو یہ جیو کرتارتھ ہو جاوے۔ ہے گرڑجی گانٹھ کو کھُلتا ہوا جان کر اُس سمے مایا انیک پرکار کے بگھن کرتی ہے اس کارن اس سے ساودہانی ہونی چاہئے اور بہت ہی ہوشیاری اور مضبوط اعتقاد چاہئے۔ اُس سمے یہ مایا ردھ (راج دولت وغیرہ) سِدھ (جوگ بل وغیرہ) کو اُٹھاے عقل کو لالچ دکھلاتی ہے۔ کسی طرح چھل یا بل سے انچل

سے چراغ کو گُل کر دیتی ہے جو عقل ہوشیار رہوئی تو اُن کو ناشمان (فانی) جانکر اُن کی طرف رُخ نہیں کرتی جو مایا کے گھنوں سے جیوں تیوں کر کے بچے تو پھر دیوتا لوبھ دکھلاتے ہیں کہ ہمارے دیولوک میں سب اچھی اچھی چیزیں ہیں وے دیوتا کہاں ہیں سو کہتے ہیں۔ جو اندریوں کے دوار اور روم ادک انیک جھروکے ہیں اُن میں دیوتا اپنا اپنا استھان کئے بیٹھے ہیں جب اُس بشے کے پون کو آتا دیکھتے ہیں تب زبردستی کیواڑ کھول دیتے ہیں جب وہ بشے روپی پون ہردے روپی گھر میں جاتی ہے تب ہی بگیان کے دیپک کو بجھا دیتی ہے تب گانٹھ کھُلی نہیں وہ پرکاش مٹ گیا کیونکہ محسوسات کی طرف توجہ کرنے والے انسان کو اُن سے تعلق ہو جاتا ہے تعلق سے خواہش پیدا ہوتی ہے۔ خواہش سے غضب۔ غضب سے محبت۔ محبت سے سہو پیدا ہوتا ہے۔ سہو سے عقل ضائع ہوتی ہے۔ عقل کے زائل ہونے سے عروج سے زوال آتا ہے۔ اور عقل پریشان ہو جاتی ہے۔ اندریوں کے دیوتاؤں کو گیان اچھا نہیں معلوم ہوتا بشے بھوگ پر بہت پریت رکھتے ہیں۔ مکھ کا دیوتا اگن زبان کا برن۔ آنکھ کا سورج۔ ناک کا اشونی کمار۔ کان کا دشا۔ ہاتھ کا اندر۔ چرن کا بشنو۔ من کا چندرماں آدک اسی طرح سب انگ انگ کے دیوتا ہیں۔ جب بشے کے پون نے بدھ کو باولا کر دیا تو پھر اُس چراغ کو کون جلاوے تب پھر جیو جنم مرن کے انیک کلیشوں کو پاتا ہے۔ ہے گرڑجی پرماتما کی مایا بہت دُستر ہے۔ تری نہیں جاتی اس سے پار ہونا مہا کٹھن ہے جس کے پار ہونے میں مہا کشٹ اٹھانا پڑے اُس کو دُستر کہتے ہیں گیان کہنے میں کٹھن ہے سمجھنے میں کٹھن ہے سادھن میں کٹھن ہے جو گھُن اکشر نیائے ہو یعنے جیسے گھُن سے اتفاقیہ اکشر بن جاتا ہے ویسے ہی اِن تینوں گھنوں سے نکل جاوے تو سب معاملہ طے ہے۔ گیان کا مارگ تلوار کی دھار کے برابر ہے۔ جو کوئی نربگھن اس راہ سے پار ہو جاوے وہ مُکت کو پراپت ہوتا ہے اُسی کو پرم پد کہتے ہیں“۔

فکر کُن تا وارہی از فکر خود　فکر کُن نا فرو گردی از جسد

فکر آں باشد کہ بکشاید رہے راہ آں باشد کہ پیش آید شہے

شاہ آں باشد کہ از خود شہ شود نے بخزن ہا و لشکر ہا شود

عبارت متذکرہ بالا کے اندراج سے گورو مہراج کے باک "گاوے کو وِدیا بکھم بچار" کی تائید ہوتی ہے اور یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ اس طرح کے بِکھم (مشکل بچار والا آتم گیانی ادویت ست کی بدیا کا کارن اُپدیش کرتا ہے۔

گاوے کو ساج کرے تن کھیہ

गावे कोसाजि करे तनु खेह

اب یہ سوال ہے کہ جن کو ایسا بکھم بچار نہیں ہے وہ کیا برمھ بدیا کے واسطے اُپدیش کرتے ہیں یا نہیں۔ اُس کے جواب میں گورو مہراج فرماتے ہیں "جو شریر کو پیدا کر کے ناش کرتا ہے وہ بھی گاتا ہے یعنے اُپدیش کرتا ہے" مطلب یہ کہ پہلے گورو کے اُپدیش سے برمھ سروپ آتما کو جان کر اُس میں تین شریر (کارن۔ سوکشم۔ استھول) کو قائم کر کے پھر ئے یعنے ناش کرتا ہے سو بھی ادویت انبھو سے برمھ بدیا کا اُپدیش کرتا ہے۔ اب وہ تینوں شریر کیا ہیں اور کیسے اُن کو فرضی قائم کیا اور کیسے ئے کیا۔ یہ کہتے ہیں

اول۔ کارن یعنے مایا۔ اگیان۔ اودیا۔ یا ارادہ ازلی ہے۔ جو چاہو سو کہو اسی کو پراگ سکھوپت اور مکار بھی کہتے ہیں۔

دوم۔ سوکشم۔ یہ عناصر لطیف ہیں یعنے پانچ گیان اندری (کان۔ پوست۔ آنکھ۔ جبھہ ناک) اور پانچ کرم اندری (ہاتھ۔ پاؤں۔ مُنہ۔ مقام بول اور مقام براز) اور پانچ پران (سمان۔ پران۔ اپان بیان۔ اودان) اور مَن اور بُدھ۔ ان سترہ تتوں کے مجموعہ کو سوکشم شریر۔ تجس۔ سوپن۔ اوکار۔ کہتے ہیں۔

کارن	ذات	صفات
سوکشم	علیم	علم
ستھول	جان	جسم

سوم۔ استھول اس کو عناصر کثیف کہتے ہیں اور بشو۔

جاگرت اور اکار کے ناموں سے موسوم کرتے ہیں۔

مقولہ کبیر صاحب

پانچ پون کا کھیل ہے جتنا ہے برہمنڈ جیسے برتیں انڈ میں تیسے برتیں پنڈ

پانچ مہابھوت یعنے عناصر بسیط۔ پانچ گن یعنے خاصیت عنصری۔ پانچ گیان اندری یعنے حس۔ پانچ کرم اندری یعنے قوت افعالی۔ پانچ پران یعنے انفاس۔ ان پچیس کا نام پرپنچ ہے۔ اکاش۔ پون۔ اگنی۔ جل اور پرتھوی ان کو استھول یا عناصر کثیف کہتے ہیں نقشہ مندرجہ ذیل واسطے سہولیت کے درج کیا جاتا ہے اس سے استھول سوکشم تمام پرپنچ ظاہر ہوگا اور انانیت یا اہنکار اس کے سمجھنے سے جاتا رہیگا کیونکہ جس جس فعل کو یہ اپنے کو فاعل مانتا ہے یہ اُس کا کرتا نہیں ہے بلکہ یہ اُس کی قدرت سے سرزد ہوتے ہیں۔

اکاش	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
اگنی	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
جل	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]
پرتھوی	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]

اب ساج یعنے پیدا کر کے و قائم کر کے فنا کرنے کا طریقہ جو گورو مہاراج نے پوڑی میں فرمایا ہے بُرہ داروں و مانڈوک اُپنشد کا حوالہ دیگر گورو مہاراج کے واک کو ثابت کرتے ہیں۔ "سونے کی حالت میں تمام حواس اور تمام قوت باطن کی طرف رجوع کرتی ہیں اور وہ اکاش جو دل میں ہے اُس میں محو ہو جاتے ہیں اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ اگر حس حواسوں کا اُن کی ذات سے تعلق ہوتا بحالت سونے کے دل میں محو نہ ہو جاتے۔ حالت خواب کو سوپن کہتے ہیں اور یہ لفظ مرکب ہے سو کے معنے ہیں خودی۔ پن کے معنے ہیں پانا۔ چونکہ حالت

خواب میں اپنے تئیں پاتا ہے اور حواسوں کو اپنے میں آپ محو کرتا ہے پھر جس طرف کو متوجہ ہوتا ہے وہیں جاتا ہے چنانچہ کبھی بادشاہ ہو جاتا ہے اور کبھی گدا اور کبھی عالم او کبھی جاہل۔ پس یہ پُرش عین علم ہے اور جس حالت میں بیداری کے اسباب ان کو اپنی طرف کھینچ لیتے ہیں حالت سکھپت میں ہوتا ہے اور اس مقام کا نام منتھا ہے کیونکہ اس حالت میں ۷۲ ہزار رگ تمام بدن میں محیط ہو جاتے ہیں اور آرام سے سوتا ہے اور اس حالت سکھوپت میں مثل طفل کے کچھ فکر نہیں رکھتا ہے اور مثل بادشاہ کے جہاں پر متصرف ہوتا ہے اور مثل عالِم کے جو حق الیقین رکھتا ہو مطمئن ہو جاتا ہے۔ غرض کہ جیو آتما اور پرم آتما ایک ہو کے آرام پاتے ہیں اور حالت سوپن میں جیو آتما تماشا صورت غریبہ کا کیا کرتا ہے اور حالت جاگرت میں مثل عنکبوت کے تانا اور بانا بُنا کرتا ہے اور جس طرح آتشکدہ سے چنگاری اُڑا کرتی ہیں حواس محسوسات کی طرف حرکت کیا کرتے ہیں۔ پرم آتما عین علم ہے جب حالت مہا سکھپت میں ہوتا ہے تب تمام حواس اور عناصر اور اجرام اور اجسام برہما سے چیونٹی تک یعنے دیوتا اور انسان اور حیوان اور نباتات اور جمادات سب اُس میں محو ہو جاتے ہیں۔" (برہ دارن اُپنشد)۔

"پہلے جاگرت جس کو عالم ناسوت کہتے ہیں اُس حالت بیداری میں تمام عالم اسباب سے خبردار ہوتا ہے اور ہو سکتا ہے اور انتہائے نظر تک دیکھ سکتا ہے اور امکان بشر کے غایت تک عمل نیک کر سکتا ہے اس پائے اول کے سات عضو ہیں۔ (۱) سامعہ (۲) لامسہ (۳) باصرہ۔ (۴) ذائقہ (۵) شامہ (۶) دل (۷) عقل اور ۱۹ چیزوں سے عالم ظاہر میں متوجہ ہے ۱۶ کلا جو بدن میں آدمی کے ہیں اور تین گُن ستوگُن رجوگن اور تموگن کر ان سے ادراک محسوسات کثیف اور لطیف کا کرتا ہے اور دیوتا اس حالت کا بِسوا نتر اگنی یعنے حرارت عزیزی ہے اور یہ سب آدمیوں اور جانوروں میں برابر ہے۔

دوسرے سوپن ہے یعنی وہ حالت جس میں خواب اور سوپنا دیکھتا ہے اس حالت ملکوت

میں وے جملہ ۱۹ قوت اس کے ہمراہ رہتی ہیں اتنا تفاوت ہے کہ حالت جاگرت میں اعضائے کثیف سے محسوسات اجسام کثیف کے کرتے ہیں اور اس حالت میں اعضائے لطیف سے محسوسات لطیف کی لذّت حاصل کرتے ہیں اس حالت کے دیوتا کا نام تیجس ہے یعنی روشنی۔

تیسری حالت سکھوپت اور جبروت موسوم ہے اس حالت میں حواس ظاہری اور باطنی اور صفات سب اپنے فعل سے معطل ہو جاتے ہیں اور جو کچھ محسوسات حالت بیداری اور خواب میں کرتا تھا کچھ نہیں کرتا ہے اور کچھ نہیں دیکھتا ہے سبب یہ کہ جیوآتما اور پرماتما ایک ہو جاتے ہیں اور یہ وقت کمال سرور کا ہے لیکن غفلت ہے۔ اس حالت کا موکل پراگ ہے یعنی محض دانائی"۔

اب تینوں شریر اور تینوں اوستھا اور تمام ترپٹی سے ہوتے ہیں "چوتھی اوستھا تریا یعنے لاہوت ہے اور یہ علم اور دانائی ہے جو مدد سے اُن ۱۹۔ اشیاء اور عمل نیک کے حاصل ہوتا ہے اور صاحب محل اور اطراف جو کچھ ہے یہی ذات واحد ہے پس اُس میں محو ہو جاتا ہے۔ سکھوپت کی حالت خواب ہے جو کہ پراگ موسوم ہے مگر جب آنکھ کھل جاتی ہے پھر وہ لذت جاتی رہتی ہے اس واسطے حالت سکھوپت سے بھی یہ بہتر ہے کہ صاحب اس حالت کو جاگرت اور سوپن اور سکھوپت میں ایک ہی حالت رہتی ہے جو کہ حد سے زیادہ سرور کی ہے اس حالت کی تعریف حد سے زیادہ ہے"۔

"پرنو اشارہ اوم سے ہے اس کا اول حرف اکار یعنی الف مفتوح ہے اور اوستھا کی قسم اول جاگرت ہے۔ تمام انتظام اسی حرارت عزیزی سے ہے اور اس سے تمام محسوسات اور لذات جاہل اور عالم اور کامل اور عامل کو ملتی ہیں جو اس کی حقیقت سے واقف ہو دل کی مراد پاوے اور الف اس واسطے کہتے ہیں کہ اول سب کا ہے اور سب اس سے پائے جاتے ہیں۔

اوم کا حرف دوم یعنے او کار یعنے واو مضموم ہے اور حالت دوم سوپن کہ نام اُس کے موکل کا تیجس ہے اس سے ثابت ہوتا ہے کہ دل کے خیالات سے جہاں چاہے جا سکتا ہے جو اس کی طاقت سے واقف ہو وہ کامل ہوا اور وا وسب سے بزرگ ہے۔

اوم کا تیسرا حرف مکار یعنی میم ساکن ہے وہ اشارہ حالت سکھوپت سے ہے اس کا موکل پراگ یعنے دانائی ہے کہ میم دکھانے والے کو کہتے ہیں جو کہ سب کو دکھاوے اور سب کو محو کرے اور سکھوپت کی بھی تعریف یہی ہے۔ جو ہوی

نیم ماترا آن غنہ ہے اور حالت تُریا جس کو لاہوت کہتے ہیں یہ ماترا تلفظ میں نہیں آتی ہے۔ شبد میں آتا بھی ہے اور اشبد بھی ہے اس کی حالت بیان سے باہر ہے۔ جو عالم عارف ہو وہ اس عبارت اور اس مضمون کو سمجھے"۔ مانڈوک اوپنشد۔ اتھربن بید اس اوپنشد کے اخیر کی سُرتی کا ترجمہ بالکل گورو مہراج کے باک "گاوے کو ساج کرے تن کھیہ" سے مطابقت کرتا ہے۔

کبت

جاگرت اوستھا جیسے سدن میں بیٹھت نھان کچھو ہوئے تاہ بھلی بھانت دیکھیے
سوپن اوستھا جیسے دیہری میں بیٹھے جانے رہے جوتی وہاں تاکی بُت سب لکھیے
سکھوپت بھوہر عقلہ میں بیٹھ تے نہ سوجھ پرے مہاں اندہ گھور تہاں کچھو نہیں پکھیے
بیوم اُو سوت گھروا برے بھوہرے مانہہ سندر ساکشی سروپ تُوریا بسکھیے

دیگر

جاگرت کے بکھے جیونین میں دیکھیت بیدہ بیوہار سب اندرن گھت ہے
سوپنے ہو مانہہ پُن ویسے ہی بیوہار ہوت نینن تے آئے کر کنٹھ میں رہت ہے
سکھوپت ہردے میں بلین ہوے جات سب جاگرت سوپن کی تم سُدہ نہ لہت ہے
تین ہو اوستھا گوئی ساکشی جب جانے آپ تُریا سروپ یہ سندر کہت ہے

اسی بات کو اچھی طرح سے دلیل کے ساتھ سری اننداگری جی نے "آنند امرت برشنی

کے دوسرے بھاگ میں بیان کیا ہے۔ حضرت مولانا شمس تبریزؒ نے انہیں تین چاروں کو جو اوپر بیان ہو چکا ہے اپنی مثنوی میں بیان کیا ہے۔ وہ ذیل میں درج ہے۔

یکے منزل کہ آں ناسوت نام است　　پُر از اوصاف حیوانی تمام است
ازاں منزل اگر خود بگذرد کس　　دوم منزل رسد او با ملک پس
دراں عالم چو او معروف گردد　　ملائک اسماں مکشوف گردد
چو برگیرد قدم را او ز ملکوت　　رسد در منزل سوم بجبروت
مقام روح بر من حیرت آمد　　نشان از مے بگفتن غیرت آمد
دراں منزل بود کشف و کرامات　　ولے باید گذشتن زاں مقامات
اگر دُنیا و عقبیٰ پیش آید　　نظر کردن دراں ہرگز نشاید
ہنوز ذکر باید در گذشتن　　بآب توبہ باید دل بشستن
چو گردد جان و دل از غیر حق پاک　　رسد در عالم لاہوت بیباک
دراں منزل چہارم جُست و جوئی　　نباشد با خدا جز گفت و گوئی
مقام قُرب منزل بے نشانست　　بجز کون و مکاں دیگر جہانست
بعون حق رسد آنجا چو سالک　　شود بر ہر یکے اشیاء مالک

عبارت متذکرہ بالا کا مطلب یہ کہ جو انترمکھ ست ساکشی روپ سبتو برخہ گیان نام ست کہی جاتی ہے اُس میں بچر شکتی روپ کارن شریر کو حل کرے پھر اس کارن میں سوکشم شریر کو پھر اُس سوکشم میں استھول براٹ کو حل کرے۔ اپنے جُز استھول شریر کو کُل براٹ استھول سے ایکتا دھیان کر جُز سوکشم کو کُل سوکشم سے ایکتا جانکر بعدہٗ جُز کارن سے کل کارن کو ایک سمجھکر کُل کارن کو برہم میں جہاں سے ان سب کا وجود مانا ہے عدم کر کے باقی جو رہگیا سو وہی ایک ادویت تت رہگیا جس کا اُپدیش ہوا ہے۔

ہم صورت ناسوتیم ہم معنی لاہوتیم　　پنہاں تر از پنہانم ہم پیدا تر از پیدا استم

گاوے کو جیہ لے پھر دیہہ

गावे को जीय लै फिर देह

ہے گورو مہاراج جو پہلے کے تین طرح کے ادھکاریوں کے واسطے اُپدیش دینے والا گورو گیانی ہے تب تو گیان سے مول اگیان کے نبرتی ہونے سے (کو جیہ دیہہ گاوے) کون اُس گیانی کی دیہہ کو گاتا ہے کیونکہ اوپادان کارن کے نبرت سے کارج یعنی دیہہ بھی نہ رہیگی اور جو گیان سے مول اگیان کی نبرتی نہ ہوئی تو گیان کا کچھ پھل نہ ہوا سو پُورکھ اگیانی ہے اگیانی اُپدیش دینے والا نہیں ہوسکتا۔ جواب۔ (پھر دیہہ لے) سو گیانی اگیان کے دور ہونے پر بھی پھر دیہہ کو (لے) پراپت ہوتا ہے۔ مطلب یہ جو آتم گیان ہے سو پرالبدھ اور اُس کا سبب جو جسم ہے اُس سے پیدا ہے اس واسطے پرالبدھ جسم سے علیحدہ کا گیان خلاف ہے نتیجہ یہ کہ گیان ہونے کے بعد بھی گیانی کا جسم رہتا ہے۔ اسی واسطے بیاس جی کے سوتر میں سنچت اور کریامان کرموں کا ناش گیان سے کہا ہے اور اسپرش بھی کہا ہے۔ جو گیانی کا جسم نہ رہتا اور نیک و بد کرم نہ ہوتے تو اُن کرموں کا اسپرش بیاس جی کیوں کہتے۔

तदधिगम उत्तर पूर्वाघयोर श्लेषविनाशौ तद्व्यपदेशात्।
शारीरक० अ०४ पा १ सूत्र १३

ارتھ۔ تس پرماتما کے گیان کے ہوئے گیان سے پہلے اور پیچھے وقتوں میں ہونے والے پاپوں کا اسپرش اور ناش ہوتا ہے کیونکہ چھاندوگ اوپنشد کی شرتی میں اُس کا اُپدیش ہے۔

यथा पुष्करपलाश आपो नश्लिष्यन्त एवमेवं विदि पापं
कर्म नश्लिष्यते। छां० अ०४ खण्ड १४। श्रुति ३।
तद्यथेषीका तूलमग्नौ प्रोतं प्रदूयेतैवं हास्य सर्वे पाप्मानः

प्रदूयन्ते । छां० अ०५ खण्ड । २४ । ३ ॥
جیسے کمل کے پتر میں جل اسپرش نہیں کرتا اسی طرح گیانی کو پاپ کرم کا اسپرش نہیں ہوتا جیسے لوہے کی تیلی آگ میں ڈالنے سے جل جاتی ہے اسی طرح گیانی کے سب پاپ جل جاتے ہیں۔

इतरस्याप्येवमसंश्लेषः पातेतु । शा : अ ४ पा०१ सूत्र०१४॥
جیسے پاپ کرم کا گیانی کو تعلق نہیں ہوتا اسی طرح پُن کرم کا بھی تعلق نہیں ہوتا تو نشچے کرکے شریر کے چھوٹنے پر بدیہہ مکت کو پاوے گا۔

भोगे नत्वि तरेक्षपयित्वासपद्यते । शा० अ०४ पा०१ सूत्र १९ ॥
پرالبدہ کرم کا جو شریر اُس کے کرم کو نبرت کرکے یعنے پرالبدہ بھوگ کرکے برہم بھاؤ کو پراپت ہوتا ہے۔ ایشاباس اوپنشد ججر بید کی شُرتی بھی اس بات کو تبلاتی ہے۔ جس کا ترجمہ یہ ہے: "جوگیان کے ساتھ کرم اور جوگ اور اوپاشنا کرتے ہیں وے فانی لذات اور کل محسوسات کو اسباب اودیا جانتے ہیں اور جب تک اس دنیا میں زندہ رہتے ہیں جیون مکت کے درجہ میں رہتے ہیں اور جب قالب عنصری سے مفارقت کرتے ہیں بدیہہ مکت پاتے ہیں۔"

आगमि सञ्चय नाशो ब्रह्म ज्ञानादिभिः स्मृतः ॥
प्रारब्धस्यतु भोगेन नाशः किं बहुविस्तरात् ॥
جوگ بششٹ میں بششٹ جی مہاراج نے سری رامچندر سے یہی بات کہی ہے۔ ارتھ۔ ہے رامجی برمھ گیانی پُرکھ کے اگامی اور سنچت یہ دو کرم تو ناش ہوجاتے ہیں۔ باقی رہا شریر پرالبدہ سو دیہہ کے ساتھ ہے۔ جیسے اگن کا بھُونا ان جنتا نہیں اور اُنکر وغیرہ نہیں نکلتے اور جو بویا ہے اور غلہ کھیت میں نیار ہے وہ بغیر کاٹے نجات نہیں اسی طرح سے پرالبدہ کی شریر گیان ہونے کے بعد بھی رہیگی۔ سنچت۔ اگامی یا کریامان کس کو کہتے

ہیں - اس کا بھی بیان پر سمجھ لینا کسی قدر ضروری ہے -

"سنچت اور پرالبدہ جیسے کریامان تری کرم ‏ سُن لے نیکے کہت ہوں تینکے اوبدہ دھرم
ایک جنم کے کرم پھل بھوگتے جنم انیک ‏ سنچت تاسوں کہت ہوں سُکھ دُکھ سہت بیک
ایک جنم کے کرم پھل بھوگے دُوجی دیہہ ‏ سو پرالبدہ کہاوے سُن اب سہت سنیہہ
ایچھا ان ایچھا پریچھا تے ترے گن کرم کے بھوگ ‏ جنم آو اورانت لو کہت بیکی لوگ
کرم ہوت پرالبدہ تے مُورکھ جانت ناتہہ ‏ مان لیت ہیں ہم کری کریامان سو آہہ
جنم دُہراوت کرم تے مان لیت پھر اگ ‏ اودے بھئی پرالبدہ تے جو سمجھت ہیں بیگ
گیان اودے اور ہوت ہے سنچت کرم بلات ‏ کریامان ہوتے نہیں پرالبدہ رہ جات"

(دادو سیانم پرکاش)

"گیانی کے سنچت کرم سب بھسم ہو گئے کیونکہ سنچت کرم اگیان کے سہارے تھے جب اگیان دور ہوا تب سنچت کرم بھی دور ہوئے جیسے سایہ درخت کا ہوتا ہے جب درخت نہ رہا تب سایہ کہاں ہو۔ سنچت کرم گیان کے ہوتے ہوئے دور ہوئے - پرالبدہ کرم کا بھوگ کیا کریامان کا ابھمان نہیں ہوا" (بیدانت بندرابن بہار) -

عبارت متذکرہ بالا کا یہ مطلب نہیں نکلتا ہے کہ گیان کے ہوتے ہی جسم کا ناش ہو جاتا ہے بلکہ گیان کے پیچھے جسم قائم رہتا ہے یہ بات ثابت ہوتی ہے - اور گیانی لوگ برہم کا اُپدیش اول اوسط اور ادنےٰ ادھکاری کو جس طرح کا سکھ اُنکے پاس آتا ہے اُس کو ویسا ہی اُپدیش کرتے ہیں اور گیان کو تبلاتے ہیں - اب شکھ سوال کرتا ہے کہ ہے گورو اُن گیانی پورکھوں کو اور لوگوں سے علیحدہ کر کے کون بیان کرتا ہے اس کے جواب میں گورو مہاراج فرماتے ہیں -

گاوے کو جاپے دِسے دُور

गावै को जापै दिसै दूर ॥

ارتھ - باوجودیکہ ایسے گیانی لوگ سنساری بشئی پورشوں کو دور دکھلائی دیتے ہیں لیکن

جگیاسو پورکھوں کو یعنے جو سرد ہا اور بشواس رکھتے ہیں ایسے وگوں کو دجاپے ، پرتیت ہوتا ہے یعنے اون جگیاسو پرکھوں کو گیانی لوگ معلوم ہو جاتے ہیں جب ان کو معلوم ہوتا ہے تب ان کی خاصیت کو اور سنساری جیووں سے علیحدہ کرکے بیان کرتے ہیں۔ اِسی واسطے سُرتی میں آتما کے کہنے اور جاننے والے کو اسچرج روپ کہا ہے۔

आश्चर्यो वक्ता कुशलोऽस्य लब्धाऽऽश्चर्यो ज्ञाता कुशलानुशिष्टः। कठ० उप० वल्ली २

پرمیشر کا کہنے والا اشچرج ہے اور اس کہنے والے کا تلاش کرنے والا بھی بہت ہی ہوشیار ہے اور جاننے والا بھی کسی ہوشیار گورو کے اُپدیش سے سمجھا ہوا اشچرج روپ ہے۔ دُور کے معنے نہایت کے بھی ہیں یعنے جو اُس پرماتما کو بے نہایت سمجھتا ہے اور آتما کو جیوں کا تیوں جانکر بھی یہ سمجھتا ہے کہ چونکہ وہ بے نہایت ہے لہذا بیان سے باہر ہے وہ بھی گاتا ہے۔ سرب میدہ اوپنشد۔ ججربید کی سُرتی سے جس کا ترجمہ ذیل میں درج ہے یہ بات پایۂ ثبوت کو پہنچتی ہے " پرجاپت نے من میں سوچ کیا کہ جوگ اور تپ وغیرہ ریاضت کی حد معین ہے اور برہمہ بے نہایت ہے وہ شغل جو تمام قسم کی ریاضت اور عبادت سے اعلےٰ اور جس سے اُس بے نہایت کا وصل ہووے کرنا چاہئے پھر کل عالم کو برہمہ اور برہمہ کو جملہ عالم تصور کیا اور سمجھا کہ جیسے تانے اور بانے سے جو بُنتا ہے وہ کپڑا کہلاتا ہے اُسی طرح کل عالم برہمہ ہے۔ جب یہ یقین ہوا سمجھا کہ آفتاب اور آگ اور ہوا اور چاند اور جل اور تینوں بید اور مطلق اور مقید اور پرجاپت اور چھن اور پل اور گھڑی اور رات اور دِن اور ماہ اور سال و ابر و برق و رعد و جُزو و کُل و نیک و بد سب وہی برمھ ہے اور اُسی سے ظاہر ہوئے ہیں۔ برمھ کو بلند یا پست یا ظاہر یا باطن کچھ نہیں کہہ سکتے اور وہ کسی طرح احاطۂ بیان میں نہیں آسکتا اور نہ اندر اور نہ باہر۔ برمھ کو قوت حواس ظاہری اور باطنی اور دلیل اور علم سے پانا غیر ممکن ہے مگر غور اور بچار اپنے سے وہ بے نظیر

ہے اور تعینات سے منزہ ہے اُس کا کوئی نام اور نشان اور مکان نہیں ہے اور جو رنگ و بو و نام و نشان ہیں سب اس کے ہیں"۔ کین اوپنشد اتھربن بید میں پرجاپت نے ایک چیلہ سائل کے سوال پر جواب دیا ہے کہ " ہماری جماعت میں جو سمجھتا ہے کہ میں نہیں سمجھا وہی سمجھا ہے اور اسی قدر سمجھا ہے جو کہ مذکور ہوا ہے اور جو کہتا ہے کہ میں سمجھا وہ کچھ نہیں سمجھا۔ ہے کہ وہ فہم میں نہیں آتا ہے۔ جو سمجھا کہ میں سمجھا وہ خاک سمجھا یعنے کچھ نہیں سمجھا جو سمجھا کہ میں نہیں سمجھا وہ حقیقت کو پہنچا۔ جو سمجھا اُس نے بیان نہ کیا کہ دوی بمجرد سمجھنے کے جاتی رہی اور بیان کو دوی درکار ہے"۔ بُرہ وارُوں اوپنشد۔

رباعی

اے مُرغ سحر عشق ز پروانہ بیاموز　　کان سوختہ را جاں شد و آوازہ نیامد

ایں مدعیاں در طلبش سرگردانند　　آں را کہ خبر شد خبرش باز نیامد

تیری خبر نہ پاؤں تو کس کے در پہ جاؤں　　چپ ہیں یقین والے گم ہیں گمان والے

"تمام گفتگو اور نام اور نشان اور ضمائر اور نظائر فرضی ہیں کہ بغیر اِن کے سمجھنا اور سمجھانا ناممکن ہے اگر میں اور تو اور یہ اور وہ مذکور نہ ہوتے بیان مدعا کس طرح ہونا ممکن تھا۔ پس سمجھو کہ یہ سب نشان شل امواج دریا ناپیدا کنار (گورو مہاراج نے اپنے باک میں اسی لفظ کو دور کہا ہے) کے ہیں کہ جس پر اطلاق ایں و آں و چوں و چرا کا نہیں ہے"۔ اِن اوپنشدوں کی سرتیوں کے مطلب سے اور گورو مہراج کے باک سے یہ بات اخذ ہوتی ہے کہ جو پرماتما کو دور یعنے بے نہایت سمجھتا ہے وہ بھی گاتا ہے۔

گاوے کو ویکھے ہادرا ہدُور

गावै को वेखै हादरा हदूर ॥

یہاں ہُدور حضور نام بڑے کا ہے۔ اور ہادر بمعنی حاضر ہے۔ اس وجہ سے اس سوال پر کہ پرمیشر کو کون گاتا ہے۔ گورو مہراج فرماتے ہیں کہ جو سب سے بڑے کو حاضر

دیکھتا ہے وہ پرمیشر کو گاتا ہے۔ مطلب یہ کہ جو آتما کا ابھید گیان سم دم بیبیک بیراگ آد سادھنوں کے ذریعہ سے عالم و عامل ہو کر جاتا ہے سو ہی دوسرے کو اُپدیش کر سکتا ہے اور جس کو آپ ہی شک و شبہ ہے وہ دوسرے کو کیا اُپدیش کریگا۔ اب جو برمھ کو حاضر و ناظر و ٹہرا دیکھتا ہے اُس کو بُرہ داروں او پنشد کی سُرتی سے ثابت کرتے ہیں"۔ حیات ابدی کے واسطے آتما سے محبت چاہئے یہ دیکھنے اور سُننے اور سوچنے سے ثابت ہوتی ہیں اور کیفیت موجودات کے معلوم کرنے سے اس کی حقیقت عیاں ہوتی ہے۔ عوام آتما کو غیر از موجودات کو غیر جانتے ہیں پس آتما سے دور رہتے ہیں کہ خود دور ہو جاتے ہیں۔ حقیقت کو جو سمجھے تمام اجسام اور اجسام لطیف اور کثیف عین آتما اور پرماتما ہے دیکھو باجا بجانے والا باجے سے بموجب علم موسیقی کے نوع بنوع کی گت اور راگ اور راگنی کمی اور بیشی سُروں سے نکالتا ہے اصل سب کی آواز ہے لیکن مسموع ہونا آواز کا بغیر باجے اور بجنے اور علم موسیقی کے ممکن نہیں ہے گو کہ باجے کے جسم میں وہ آواز ہے۔ باجے مثل سنکھ اور بین اور دہل بہت ہیں آواز سب کے اندر محجوب ہے۔ باجے کی آواز سُننے سے بجانے والے کی قابلیت معلوم ہوتی ہے اور وجود بجانے والے کا منقوش خاطر ہوتا ہے اگر باجہ نہ بجے وجود باجے اور بجانے والے اور لیاقت بجانے والے کی ظاہر نہ ہووے پس علم باجا بجانے والے کا عین وجود بجانے والے کا ہے اسی طرح موجودات کے دیکھنے اور اُس کا حال سُننے اور دل کو قائم کرنے سے آتما کا وجود ثابت ہوتا ہے کیونکہ ہستی موجودات عالم کی صفت کسی ذات کی ہے پس جملہ ایک ذات ہے یہ کثرت ثبوت وحدت کی ہے اور ثبوت وحدت بغیر کثرت محال ہے پس صفات عین ذات اور ذات عین صفات ہے

زساز مُطرب پُر سوز ایں رسیدہ بگوش
کہ چوب و تار صدائے تمن تمن ہمہ اوست

(برہ داروں اوپنشد مجرمید)

غزل

جہاں دیکھو وہاں موجود میرا کرشن پیارا ہے   اسی کا سب ہے جلوہ جو جہاں میں آشکارا ہے
تیرا دم بھرتے ہیں ہندو اگر ناقوس بجتا ہے   تمہیں کو شیخ نے پیارے اذان دیکر پکارا ہے
نہ ہوتے جلوہ گر تم تو یہ گرجا کب کا گر جاتا   نصارا کو بھی تو آخر تمہارا ہی سہارا ہے
تمہارا نور ہے ہر شے میں کر سے کوہ تک پیارے   اسی سے کہہ کے ہر ہر تمکو ہندو نے پکارا ہے
گنہ بخشو رسائی دو رسا کو اپنے قدموں تک   برا ہے یا بھلا ہے جیسا ہے پیارے تمہارا ہے

ازخود گذر در خود نگر بیخود بخود شو باخبر   زیں ہر دو بالا کن نظر بر خود بہیں زخود بہیں
ازخود اگر یکسو شوی بیخود سراپا او شوی   از سوے خود بے سو شوی بر خود بہیں نے خود بہیں
او در نشاں بس بے نشاں او بے نشاں در ہر نشاں   بل برتر از وہم و گماں بر خود بہیں دو خود بہیں

بر بند چشم دعوے بکشائی چشم معنی   یکدم زخود نہاں شو او را عیاں بہ بینی

لوگ کہیں ہر دور ہے ہر ہے ہردے ماہنہ   ٹاٹی لاگی کپٹ کی تا سے سوجھت ناہیں

او در دل من است و دل من بدست او   چوں آئینہ بدست من و من در آئینہ

کبت

ہے دل میں دلدار سہی انکھیاں اولٹی کر تاہ چتئے
آب میں خاک میں باد میں آتش جال میں سندر جان جنئے
نور میں نور ہے تیج میں تیج ہے جوت میں جوت ملے مل بہئے
کیا کہئے کہتے نہ بنے کچھ جو کہئے کہتے ہی لجئے

اس تحریر سے نتیجہ یہ نکلا کہ سرت بید برہم نشٹھ ہی ادھکاری کو اُپدیش دے کر آتم گیان کرا سکتا ہے۔ غیر نہیں کرا سکتا اسی واسطے گوروجی نے رگادے کو دیکھے بادرا بدور) یہ کہا ہے۔

اب یہ سوال ہے کہ اگر بدعان (عالم) اوپدیش کرنے والا ہے اور لایق ادھکاری

یا چیلہ اُپدیش سُننے والا ہے تو ابتدا میں ثابت کئے ہوئے ادویت ست (وحدانیت حق) میں تفرقہ اور کمی ہونے سے پار برھم کی اکھنڈتا ثابت نہیں ہوتی - اس سوال کے جواب میں گورو مہراج فرماتے ہیں

کتھنا کتھی نہ آوے توٹ - کتھ کتھ کتھی کوٹی کوٹ کوٹ

कथना कथी न आवै तोटि । कथि कथि कथी कोटी कोटि कोटि ॥

بکتا کو کتھی کہتے ہیں اس لئے (کتھی کتھنا) کتھن والے کے کتھن یعنے کہنے سے آتم بستو میں (توٹ)، یعنے اصل میں فرق (نہ آوے) نہیں آتا - مطلب یہ کہ کہنے والے کہا کریں کروڑ برس کروڑ جگ کروڑ کلپ تک تب بھی اُس کی اصلیت میں کچھ کمی بیشی نہ ہوتی کیونکہ جیسے خواب کی حالت میں خواہش سے طرح طرح پر معلوم ہوتے بھی ساکشی (حاضر و ناظر) ایک رس نربکلپ تفرقہ سے مبترہ ہے اسی طرح بیداری وغیرہ کی حالتوں میں بھی بکتا سروتا یعنے کہنے اور سُننے والے اگیان یعنی جہل میں فرضی ہیں - گیان سے ان میں بھید نہیں -

از قدیمی حادث از حادث قدیم ہمچناں یک رشتہ باشد نے دو نیم

" جو کچھ نظر آتا ہے اور موجودات کہلاتا ہے اُس پرماتما سے موجود ہوا ہے اور قایم ہے اور فنا بھی اُس میں ہوگا پس اس موجوادات کو پرماتما جاننا چاہئے - اگر یہ موجودات کثیر نما نہ ہوتی سمجھنا اور سمجھانا ضرور نہ ہوتا کہ عالم وحدت میں علم عالم اور معلوم تین نقطہ نہ ہوتے - جو کچھ نظر آتا ہے یہ وہم اور خیال ناظر کا ہے کیونکہ الات کثرت سے کثرت کو دیکھتے ہیں ورنہ وحدت میں کثرت کو گنجایش نہیں ہے پس چاہئے کہ وحدت اور کثرت کو اسم فرضی تعین کہے اور غور کرکے سمجھے کہ وحدت سے کثرت اور کثرت سے وحدت کا قیام ہے پس دونوں ایک ہیں اگر دُوی نہ ہوتی ثبوت وحدت محال ہوتا پس کثرت سے وحدت کو قیام ہے - طالب علم کے سمجھانے کے واسطے یہ کہا جاتا ہے کہ آتما ظاہر ہے اور پوشیدہ ہے اور عین علم ہے اور عناصر میں محجوب ہے اور حواس محسوسات اور اعضا کی راہ سے ظاہر

ہوتی ہے اور بنام مختلف موسوم ہے اور سب اس میں محو ہونگے ورنہ یہ مقام خاموشی کا ہے"
برہ دارؤں اوپنشد ججر بید ۔

علاوہ بریں اگر غور سے دیکھا جاے تو چار بید - چھ شاستر اور ان کے علاوہ تین شاستر جین - بودھ اور ناستک اور اٹھارہ سمرتی اور اٹھارہ اوپ سمرتی اور اٹھارہ پُوران اور اٹھارہ اوپ پُران اور توریت انجیل زبور قرآن اور ہر ملت و مذہب کے عارف رند اور صوفی اور رشی و مُنی و عالم و فاضل سب اُسی ایک وحدہٗ لاشریک کے حمد و ثنا گو گو طرز بیان و زبان میں اختلاف ہے اب تک کہتے چلے آئے اور حالت موجودہ میں کہہ رہے ہیں اور آئندہ کہینگے لیکن کسی نے انت نہ پایا وہ جیوں کا تیوں رہا نہ گھٹا نہ بڑھا ۔

شیخ کعبہ ہو کے پہنچا ہم کنشت دل میں ہو   درد منزل ایک تھی ٹک راہ ہی کا پھیر تھا

جس کی ماہیت سمجھنے کو دیوتا اور انبیا اور حکما اور عقلا عاجز رہے اور معرفت بقصور ہیں اور ہمیشہ سب اسی طرح رہینگے وہ وہی ہے ۔

کبت

بید تھکے کہہ تنتر تھکے کہہ گرنتھ تھکے رِش باسر گاتے
شیش تھکے شیو اندر تھکے پُن کھوجے کیو ہو بھانت بتھاتے
پیر تھکے اور میر تھکے پُن دہیر تھکے بہو بول گراتے
سُندر مون گہی سدہ سادہک کون کہے اُس کی مکھ باتے
جوگی تھکے کہہ جیں تھکے رکھہ تاپس تھاک رہے پھل کھاتے
نیاسی تھکے بن باسی تھکے جاو داسی تھکے بہو پھیر پھراتے
شیخ مشایخ اور ہو لایق تھاک رہے من میں مسکاتے
سُندر مون گہی سدہ سادہک کون کہے اُس کی مکھ باتے

اب اس طرح پرادویت سدہانت میں کلپت (فرضی)، سروتا اور بکتا سے کچھ فرق نہ ہونا ثابت

کر کے اب داتا بھوگتا گرہتیا یعنے دینے والا اور لینے والا و بھوگنے والا وغیرہ دویت سے بھی ادویت سدہانت کو قائم کرتے ہیں -

دیندا دے لیدے تھک پاہ - جگا جگ انتر کھاہی کھاہ

देदा दे लैंदे थक पाह । जुगा जुगंतर खाही खाह ॥

جو پرمیشر کرم پھل کا داتا ہے سو دان کرتا ہے اور لینے والے ست جگ ترتیا دواپر کلجگ چاروں جگوں میں (کھاہی) بشیوں کو (کھاہ) بھوگتے ہیں - لیکن (تھک پاہ) بھوگ میں ایشور وگورو کی کرپا سے گلان یعنے نفرت کو پراپت ہوتے ہیں مطلب یہ کہ ویراگ ہوجاتا ہے خلاصہ یہ کہ سکام کرم کا پھل سورگ آد بھوگ بھوگ کر اُوتم ست سنگ پرالبدہ کے پربھاو سے نشکام کرم کر کے شُدہ چت شاستر بچار کے پربھاو سے پھر بشیوں میں یعنے محسوسات میں رغبت نہیں ہوتی اس ارتھ کی تائید میں سُرتی اور سوتر مثالاً لکھتے ہیں -

फलमतउपपत्ते: शा० अ० ३ पा० २ सूत्र ३८ ॥ सवाएष महानजआत्मा ऽन्नादोव सुदान:। वृ० उप० अ० ४ब्रा ४ स्रुति २४ ॥

سرگ ایشور سے کرم کا پھل ملتا ہے - نشچے کر کے یہ ایشور سب سے بڑا ہے جنم سے رہت ہے - سب کا آتما ہے اور سب کو ان (غلہ) کو دیتا ہے اور دولت کے چاہنے والوں کو دھن دیتا ہے - اور جب نشکام کرم سے دل پاک ہوجاتا ہے تب بشے بھوگ میں نفرت ہوجاتی ہے -

य: स्तन्यं पूर्वं पीत्वापि निष्पीडयच्चपयोधरात् । यस्मिन जातो भगे पूर्वं तस्मिन्नेव भगे रमेत् । ३। यामाता सापुनर्भार्या भार्या जननीहि सा। य: पिता सपुन: पुत्रोय: पुत्र: सपुन: पिता:। ४ एवं संसारचक्रे गा कूपचक्रघटाइव भ्रमन्तो

यानि जन्मानि भुत्वालोकान् समश्नुते।५। योग तत्तो उप
निशिद ॥

ارتھ۔ سنسار گت کی بچتر تا دکھلاتے ہوئے بیراگ کا اوپدیش کرتے ہیں کہ جس استن (پستان) سے پہلے بلا تکلیف دیتے ہوئے دُودھ پیتا تھا اب موجودہ حالت میں اُنہیں استنوں کو (پستانوں کو) ہاتھ سے بخیال دیگر ملتا ہے اور جس مقام سے پیدا ہوا تھا اُسی سے بھوگ کرتا ہے۔ جو ماں تھی وہی بیوی ہے اور جو بیوی تھی وہی ماں ہے جو باپ تھا وہی لڑکا ہے اور جو لڑکا تھا وہی باپ ہو جاتا ہے۔ اسی بات کو سکھدیو جی نے رمبھا اپسرا سے کہا ہے۔ یہ اُس موقع کا تذکرہ ہے کہ جب سکھدیو جی تپ کر رہے تھے ان کو تپ کرتے دیکھ اندر کو خوف ہوا تب اندر نے رمبھا اپسرا کو سکھدیو جی کا تپ بگاڑنے کے واسطے بھیجا تھا تب سکھدیو جی نے اخیر میں اُس کو یہی جواب دیا تھا۔

शुक उ०- यत्र जातारतास्तत्र येपीतास्ते च मर्द्दिता: । अहो
लोकस्य मुर्खत्वं वैराग्यं नैव जायते ॥ ४५ ॥

جنھ سے جنیورت سوئی کیو ارو جاہ پیو تھ مَرد نیو
یہ مور کتھا سب لوک اِیو اتنے پر ہونہ براگ بھیو

اس طرح اِس سنسار چکر یعنے گرداب عالم میں لوگ بھٹکتے ہیں جو جو جنم پاتے ہیں اُس کی گنتی نہیں ہے جو اس بیراگ سے بودھ ہو جاوے اور ہو جاتا ہے تب مکت حاصل ہوتی ہے اور اگر کچھ خامی رہی اور عمل نہیں ہوا تو سننے سے بھی او تم لوک مل سکتے ہیں اچھے کام کا نتیجہ اچھا ہی ہوتا ہے۔ ہے بھگون جو پرماتما سب جیووں کو پھل دیتا ہے تب سب کو اچھے پھل دینا چاہئے یا سب کو بُرا ہی دینا چاہئے کیونکہ ایسا کوئی جیو نہیں ہے جو کسی نہ کسی طرح اچھے و بُرے کرم کو نہ کرتا ہو جب سب ہی کرم کرتے ہیں تب سب کو ایسا پھل ہونا چاہئے جو یکساں ہو اس اعتراض کی تردید میں گورو مہاراج فرماتے ہیں۔

"حکمی حکم چلائے راہو - نانک وگسے بے پرواہو" - ۳

हुकमी हुकम चलाये राहु, नानक विगसै वेपरवाहु ३॥

(حکمی) پرماتما اپنے حکم یعنے اگیا روپ (بشکل حکم) سرتی اور اسمرتی یعنے بید شاستر نے جو (راہو) یعنے طریقے و راستے چلائے (نکالے ہیں) پر چلاتا ہے اور جو اُس راستہ سے سردھا یعنے اعتقاد اور صدق دلی سے جاتے ہیں اُس پر (بے پرواہو) پورن کام پرماتما ہوا بھی سری گورو جی کہتے ہیں (وگسے) پرسن (خوش) ہو کر کرپا کرتا ہے یعنے رحیم ہوتا ہے مطلب یہ کہ جو لوگ سو بھاوسے پراپت کرم کو کرتے ہیں یعنے اپنے برن آسرم کے مطابق کرم کرتے ہیں اور جو جیو بید و شاستر کے بموجب کرم کرتے ہیں اُن پر پرماتما خوش ہو کر عمدہ نتائج کو بخشتا ہے اور جو شاستر و بید کے خلاف چلتے ہیں اُن کو ڈنڈ دیتا ہے یعنی وہ سزا کے مستوجب ہوتے ہیں - لیکن جیسا جیو کا کرم ہے ویسا پھل دیتا ہوا رنج و راحت اور رغبت و نفرت بُرائیوں سے مُبرّہ رہتا ہے اسی واسطے پرماتما میں بے رحمی وغیرہ کے بُرائیوں کا نہ ہونا بیاس جی نے بیان کیا ہے -

वैषम्यनैर्घृण्ये न सापेक्षत्वात्तथा हि दर्शयति। शा० अ० २ पाद १। सू० ३४॥ श्रुति० पुण्यो वै पुण्येन कर्मणा भवति पापः पापेन। बृ० अ० ३ ब्रा २

پرمیشر میں غصہ و غضب و بیرحمی وغیرہ خرابیاں نہیں ہیں کیونکہ ایشر جس کے جیسے کرم ہوتے ہیں اُن کو ویسا پھل دیتا ہے اسی مطلب کو سُرتی بھی دکھلاتی ہے - سُرتی کا ارتھ عمدہ افعال کے فاعل ہونے سے بلند درجہ کو اور بد افعال کے مرتکب ہونے سے پستی کو جاتا ہے ٭

اب تیسری پونڈی کا خلاصہ لکھ کر چوتھی پونڈی کا آغاز کرینگے - پونڈی کے معنے سیڑھی یا زینہ کے ہیں ٭

خدایا جس کو ہو طاقت بیان کی — نشان دیوے وہی تجھ بے نشان کی
کوئی لاکھ گاوے تیرا دھر کے دھیان — نہ پاوے کبھی تیرے عظمت کا شان
سخاوت کوئی تیری گا کر سنائے — کوئی تیرے عظمت و عادت کو گائے
کوئی علم دیکھے کرے بندگی — کوئی خاک کر نیکی سنجیدگی
کوئی روح مطلق کا اقرار کر — کرے ہے تیری یاد دل شاد کر
کوئی جانتا ہے خفی و جلید — کوئی جانتا ہے حضور و بعید
ہزاروں حکایت ہیں اور داستان — کروڑوں روایت ہیں با فخر و شان
سخی ایک تو اور سایل ہزار — لئے سیر ہوتے ہیں دیتے نہ عار
ہزاروں ہیں مذہب ہزاروں طریق — نگہ ایک تیری ہے سب پر شفیق
ہوں اچھے برے جس کے جیسے کرم — نتیجہ کو دیتا و رہتا پرم
کلام مبارک ہے نانک کا یاد — یہ اچھی نصیحت ہے کہ دل سے شاد

ساچا صاحب ساچ نائے بھاکھیا بھاو اپار

साचा साहिब साचु नाय भाखिया भाउ अपार ॥

پہلے بچار کے بیان سے ایشور کو کرم پھل کا داتا اور کرم اور گیان کے طریقہ کا چلانے والا کہا ہے اب اسی ایشور کا سروپ بیان کرتے ہوئے جیو اور ایشور میں شدہ نرمل چیتن سروپ آتما کو کہتے ہیں - ارتھ - جو پرماتما (صاحب) سب سے بڑا یعنے برمھا بشن مہیش وغیرہ کا کرتا ہے وہ (ساچا) ماضی حال مستقبل ہر سہ زمانہ میں لافانی ہے اور (ساچ نائے) اُس کا نام بھی سچا ہے اور بید میں (بھاکھیا) بیان کیا ہوا ہے (بھاو) گیان روپ پرکاش (اپار) دیش کال بستو سے پرچھید رہت مطلب یہ کہ برہم سروپ گیان میں وقت و مقام کی پابندی نہیں ہے -

صاحب کی تعریف یہ ہے

کبت

شیش مہیش گنیش جہاں لگ بشن برنچ ہو کے سر سوامی
بیاپک برمھ اکھنڈ انابرت باہر بھیتر انتر جامی
اور نہ چھور اننت سکے گنیر تاہی تے سُدرہے گھن نامی
ایسو پربھو جن کے سر اوپر کیوں پرہے تن کو کہیں کھامی

جو سرب بیاپک کا پرتجوگی یعنے محیط عالم کا ضد ہے وہ پابند زمان و مکان ہے جیسے کسی ایک جگہ میں ہونے والے گھٹ اکاش وغیرہ خلا محیط عالم کے پرتجوگی ہیں کبھی قائم رہتے ہیں کبھی ہٹ جاتے ہیں اس سے کال یعنے وقت سے پرے یعنے منزہ نہیں ہیں کیونکہ پراگ یعنے عین دانائی اور فانی کے ضد کو وقت سے مبرہ ہونا کہتے ہیں گھٹ یعنے سبوچہ وغیرہ کے پیدائش سے پہلے حالت عین دانائی ہے اور پیدا ہو کر فنا ہونا گھٹ وغیرہ کا ظاہر ہے اس وجہ سے پراگ بھاو (حالت سکھوپت اور عین دانائی) اور فنا کے گھٹ وغیرہ ضدین ہیں اس واسطے جو سرب بیاپک کا پرتجوگی ہوتا ہے وہ پابند زمان و مکان ہوتا ہے برمھ میں پرچھید (تفرقہ۔ نقص) نہیں اس سے اپار ہے یعنے اننت ہے۔

सत्यं ज्ञान मनन्तं ब्रह्म ॥ तैत्तरीय • उप •

برمھ (ست) لافانی گیان سروپ ہے اور اننت ہے بیاپک ہونے سے زمان و مکان سے آزاد ہے لامکاں ہے۔

आखहि मंगहि देहि देहि दात करे दातार ॥

آکھہ منگہ دیہہ دیہہ دات کرے داتار

جب شدھ بدھ گورو بھگت آتم گیان کے واسطے اُپدیش کو (دیہہ دیہہ) اس طرح بار بار مانگتا ہے تب گورو برمھ گیانی بچن کو (آکھہ) کہتے ہیں اور (داتار) بخشش کے

دینے والے مہاتما لوگ گیان کی دات (بخشش) کرتے ہیں۔ مطلب یہ کہ جب ادھکاری کی از حد خواہش دیکھتے ہیں تب مہاتما لوگ اُپدیش کرتے ہیں۔

ਫੇਰਿ ਕਿ ਅਗੈ ਰਖੀਐ ਜਿਤੁ ਦਿਸੈ ਦਰਬਾਰੁ ॥

پھیر کہ اگے رکھیئے جِت دِیسے دربار

ہے بھگون جب گورو کا اُپدیش سُن کرکے گورو اور بید پاک کا مطلب ذہن نشین ہو گیا تب (پھیر کہ) بعد اُس کے کیا کرنا ہے۔ اس کے جواب میں گورو مہاراج فرماتے ہیں رجِت دربار دیسے سو آگے رکھئے، جس منن ندھیاس سے (دربار) تُریا پد یا عالم لاہوت جو شک و شبہ سے پاک درجہ ہے (دیسے) ساکشات کار ہووے سو (آگے) مطلب یہ کہ نشچین کرکے سُننے کے بعد (رکھیئے) قائم کرئے یعنے بار بار منن ندھیاس کرنا چاہئے۔ مطلب یہ کہ پہلے گورو برھم کا اُپدیش لایق ادھکاری کو کرتا ہے بعدہٗ ادھکاری گورمُکھ سے بیدانت پاک کا مطلب نشچین کرتا ہے پھر مختلف طریقہ سے غور کرکے مستقل طور سے دل میں قائم کرتا ہے پھر چوتھے درجہ کا ساکشات کار یعنے حاضر و ناظر ہوتا ہے۔ دربار سنسار میں سبھا کا نام ہے۔ لیکن یہاں پر تمام پرپنچ سنسار کا مخزن جو تُریا پد ہے اُس سے مطلب ہے۔ ہے بھگون تُریا ساکشات کار سے اور گورو سرنا گت سے لے کر ندھیاس وغیرہ سب سادھنوں کا نتیجہ مکت کا حاصل ہونا ہے اس واسطے جب گورو کی سرن جاوے تب مُکھ سے گورو کیسا بچن بولتے ہیں یہ سوال ہے اُس کا جواب گورو مہاراج فرماتے ہیں۔

ਮੁਹੌ ਕਿ ਬੋਲਣੁ ਬੋਲੀਐ ਜਿਤੁ ਸੁਣਿ ਧਰੇ ਪਿਆਰੁ ॥

مُونہو کہ بولن بولئے جِت سُن دھرے پیار

جب سِکھ یعنے چیلا دُنیا وی دُکھ سُکھ سے پریشان ہو کر گورو کی سَرن (پناہ) میں آتا ہے تب گورو اُس کی عرض معروض سے اُس کی خواہش جانکر مُنہ سے

ایسے الفاظ نکالتے ہیں جس کو سُن کر ادھکاری اپنے فائدہ اور بہبودی کو جانکر محبت کرتا ہے مطلب یہ ہے کہ جس چیز کے علم کی آرزو کر کے ادھکاری نے گورو کی سرن لی ہے اُس چیز کے علم کو تبلانا گورو کو واجب ہے۔ منڈوک اُپنشد کی سُرتی .. جس کا ترجمہ ذیل میں درج ہے اس بات کو ثابت کرتی ہے ٭

"گورو عاقل اور عالِم اور عامل کرے یعنے برمھ پہچاننے والا اور حواسوں کو ضبط کر کے اور صدق کو بڑہا اور غرور اور تکبر کو چھوڑ آتما کے گیان کو سعی کرے کہ اس برمھ بدیا سے بے زوال ہو جاتا ہے اور اُس ذات بے زوال کو پاتا ہے جب ایسا مُرید صادق ہو گورو بھی بے مضایقہ و بے پرواہ اُس کو یہ راہ راست بتلاوے"۔
الکھ پرکاش منڈوک اُپنشد اتھربن بید - اس سُرتی میں جیسا سنسار سے برکتِ ادھکاری برمھ گیانی کے پاس آوے اُس کو ویسا ہی اُپدیش کرنے کو لکھا ہے اسی واسطے گورو جی اُپدیش کا طریقہ دکھاتے ہیں۔

امرتِ ویلا سچ ناؤ مُدیائی ویچار۔ کرمی آوے کپڑا ندری موکھ دوار

अम्रत वेला सचु नाउ वड़िआई वीचारु।
करमी आवै कपड़ा नदरी मोखु दुआरु॥

مانکھ چولا امرت ویلا - کامل گورو دو کامل چیلا - اس میں اسکو ایسا میلا - گپتہ پرگٹ اپنے کھیلا - ہے ادھکاری لو گویہ مانکھ جنم (انسانی جسم) امرتِ ویلا یعنے مُکت کا وقت ہے یعنے اس انسانی جامہ میں اپنے آپ کو جیوں کا تیوں جانکر نجات پاتا ہے چرند پرند و درندکے جامہ میں علم لدنی مشکل ہے۔

کبت
من ہر چھند

کان کے گئے تے کہاں کان ایسے ہوت موڑہ نین کے گئے تے کہاں نین ایسے پائی
ناسکا گئے تے کہاں ناسکا سوگندہ لیت مُکھ کے گئے تے ایسے مُکھ کہاں گائی

ہاتھ کے گئے تے کہاں ہاتھ ایسو کام ہوت پاؤں کے گئے تے ایسے پاؤں کت دہائی
یاہی تے بچار دیکھ سُندر کہت تونہہ دیہہ کے گئے تے ایسی دیہہ کت پائی

کبت

نہ سو جنم ناہیں دھرم بید شاستر سون بپر سون برن اور آسرم نہ گریہہ سو
کرم سو پربل نہ ابل بجھے لپٹ سو جگ سو نہ بھرم نہ بھولیا اور نیہی سو
گورو سو نہ بید او بچار نہ بچار ایسو اگ سو نردگی اور انجھی نہ ابھی سو
من سو اوپاد بک شُبُہ سو نہ سنگھی اور دیہہ سو نہ دیہرا نہ دیو اور دیہی سو

کبت

پریت سی نہ پاتی کو دپریم سے نہ پھول اور چت سو نہ چندن سنیہہ سون دسیہرا
ہردے سون نہ آسن سہج سون نہ سنگاسن بھاو سی نہ سیج اور سُتن سے نہ گیہرا
شیل سو اشنان ناہیں دھیان سون نہ دھوپ اور گیان سو نہ دیپک اگیان تم کیہرا
من سی نہ مالا کو د سو ہنگ سو نہ جاپ اور آتما سو دیو ناہیں دیہہ سون نہ دیہرا

کبت

پایو ہے منکھ دیہہ اوسر بنیو ہے آنے ایسی دیہہ بار بار کہو کہاں پائی
بھولت ہے باورے تو اب کے سیا تو ہوے رتن امول یہ کاہے کو ٹھگائی
سمجھ بچار کر ٹھگن کو سنگ تیاگ ٹھگ بازی دیکھ کہوں من نہ ڈولائی
سُندر کہت تونہہ اب ساودہان کیوں نہ ہوے ہر کو بھجن کر ہر میں سمائی
مے باید شنید - ظاہر آدمی پوست است و باطن آدمی دوست - اگر چشم ظاہر کشائی
پوست بینی واگر در باطن در آئی دوست بینی - چشمے دیگر کشا تا ہمہ اوست بینی -

ताए नम ब्रुब्रन्नाय तनंन : प्रजानीहियस्मिन् प्रतिष्ठिता
अन्नमदामेति ? ता भ्यो गाभानयत्ता अब्रुव़न्नवैनो ऽ

यमलमिति । ताभ्यो ऽ श्वमानयत्ता अब्रुवन्नवै नो ऽ
यमलमिति २ ताभ्यां पुरुष मानयत्ता अब्रुवन्सुकृतं
बतेति पुरुषो वावसुकृतम् । ता अब्रवी द्यथायतनं
प्रविशतेति ३ ऐतरेय० उप० खण्ड० २ ॥

جب برمھاجی نے براٹ پورکھ کو پیدا کیا اور پران آنکھ وغیرہ کے سرغنہ دیوتاؤں
کو پیدا کیا تب دیوتاؤں نے کہا ہے بھگون ہمارے کھانے پینے کے لائق چھوٹا سا
مقام بتاؤ کیونکہ براٹ شریر کے لایق کھانے پینے کی چیزیں نہیں ہیں تب اُن کو
گائے اور گھوڑے وغیرہ کے شریر بنا کر دیا انہوں نے کہا یہ جسم ہمارے لائق نہیں
ہے پھر جب منکھ شریر بنا کر قائم کیا تب کہا یہ جسم آپ نے نہت عمدہ بنایا ہے کیونکہ
اس میں مکت کے سادھن کر موکش کو حاصل کرینگے پھر اپنے اپنے مقام پر قائم
ہوئے ۔اسی مطلب سے گوروجی نے منکھ شریر کو امرت ویلا کہا ہے ۔بہت ترجموں
نے امرت ویلا کا ترجمہ صبح کا وقت بھی کیا ہے یہ بھی درست ہے کیونکہ ہر مت و
مذہب کے لوگ صبح صادق کو مبارک اور عمدہ وقت نیک کام کے لئے خیال کرتے
ہیں اور صبح کے وقت کا لکھا پڑھا یاد کیا ہوا مضمون ذہن نشیں بھی رہتا ہے علاوہ
بریں جس وقت پرمیشر کے نام کا سمرن کیا جاوے وہی امرت ویلا ہے ۔گوروجی کہتے
ہیں ہے پیارے یہ منکھ مکت کا دوار ہے (سچ ناو) ست ہے نام جس کا ایسے
پرماتما کی (وڈیائی) بزرگی کو بچار کر ۔اُس پرماتما کی بڑائی کو بید سمرت اتہاس پوران
گورو مہاراج جی کے بچن وغیرہ سب ہی بیان کرتے ہیں ۔اسواسطے اس جگہ پر کچھ بید
باک لکھتے ہیں ۔

नतस्य कश्चित् पति रस्ति लोके न चेशिता नैव च तस्य
लिङ्गम् । स कारणं करणाधिपाधिपो न चास्य कश्चिज्ज

नित्‍ता न वाधिप : ९ ॥

اس پرماتما کا کوئی سوامی نہیں نہ کوئی لوک میں اس کو قیام دینے والا ہے اور نہ اُس کا کوئی کارن ہے وہ آپ سب کا کارن یا سبب ہے اور جزو کل سب کا مالک اور سب کا پیدا کرنے والا ہے ۔

एको देव : सर्व भूतेषु गूढ़ : सर्व व्यापी सर्व भूतान्तरात्मा ।
कर्म्माध्यक्ष: सर्व भूताधिवास : साक्षी चेता केवलो ।
निर्गुणश्च ११ श्वेताश्वतर० उप० अ० ६ ॥

ایک دیو سب اجرام واجسام میں پوشیدہ ہے اور محیط عالم ہے اور سب کا آتما ہے اور سب کو متحرک کرنے والا ہے اور سب کا سرغنہ ہے اور کرموں کے پھل کا دینے والا ہے اور سب کا حاضر و ناظر ہے اور سب جڑ پدارتھوں کو چیتن کرنے والا ہے اور تینوں گن ستوگن رجوگن تموگن سے رہت ہے"۔ اور جب جیو صرف کرمی یعنے کرم کانڈی ہی ہے مطلب یہ کہ کرم ہی کو زیادہ کرتا ہے تب (کپڑا) جسم کو دھارن کرتا ہے اور (موکھ دوار) جب مُکت کے دروازہ یعنے گیان حاصل کرتا ہے تب (ندری یا نظری) گیانی کہا جاتا ہے مطلب یہ جیسے پرماتما کے سروپ کی بڑائی کی ہے ویسی ہی جیو آتما کی بھی سروپ کو کہا ہے اس طرح پرماتما اور جیو آتما کو علیحدہ کر کے نہیں کہا ہے جب ایک تت میں نشٹھا کرتا ہے تب نظری کہا جاتا ہے ۔ ایشاباس اوپنشد۔ یجربید۔ الکھ پرکاش +

= جو گیان کے ساتھ کرم اور جوگ اور اُپاسنا کرتے ہیں وے فانی لذات اور کل محسوسات کو اسباب اودیا جانتے ہیں اور جب تک اس دُنیا میں زندہ رہتے ہیں جیون مکت کے درجہ میں رہتے ہیں اور جب قالب عنصری سے مفارقت کرتے ہیں بدیہہ مکت پاتے ہیں ۔

دوزخ بدرا بہشت مرنیکاں را ۔ جاناں مارا و جان ماجاناں را ۔

دُنیا طلبد غافل عقبیٰ طلبد عاقل - من عاشقم - بیدل جُز یار نے خواہم -

گیانی اُس چیز کو جو نام اور نشان اور رنگ و بو رکھتا ہے فانی سمجھتا ہے وجس کو فانی سمجھتا ہے اُس کو پیار نہیں کرتا ہے اور اُس بیچوں اور چرا کو جو جاودان ہے ہر شے میں موجود دیکھتا ہے پس جس کو عوام جا بجا اور در بدر تلاش کرتے ہیں وہ دل میں پاتا ہے اور لذت بے نہایت حاصل کرتا ہے اور جو سرگنؑ کے پوجنے والے ہیں اور بیکنٹھ کی امید رکھتے ہیں اور دوزخ سے ڈرتے ہیں اُن کو نادان سمجھتا ہے اور اُن کے حال پر افسوس کرتا ہے کہ یہ بے نہایت تاریکی میں بھٹکتے ہیں - گیان کا لازمہ یہ ہے کہ نرگنؑ اور سرگنؑ اور ظاہر اور باطن کو ایک ہی سمجھے اور بدیا اور اودیا کو ایک ہی تھیلی کا بٹہ قرار دے - ہ

درانجمن فرق و نہاں خانہ جمع - والله ہمہ اوست ثم بالله ہمہ اوست

اور جو محسوسات کے لذات کو ناچیز جانے اور تعینات کی الفت نہ کرے اور انکو فانی تصور کرے اُس کو نہ خوف دوزخ ہے اور نہ شوق بہشت اور اس کی جان اور جسم کو آفات دوزخ مکدر نہ کریں اور لذات بہشت مسرت بھی نہ دیں کیونکہ جو ایسا گیانی ہے وہ جاودانی ہو جاتا ہے اس کو فانی اسباب کب اپنا اثر کر کے متغیر کریں + ایک قسم کے گیانی ہوتے ہیں جو نرگنؑ کی دھارنا دھرتے ہیں اور باطن پرستی کرتے ہیں +

دوسری قسم کے وے ہیں جو سرگنؑ کی اُپاشنا کرتے ہیں اور بہشت دوزخ کی بیم و رجا میں رہتے ہیں -

یہ دونوں ظُلمات میں بھٹکتے ہیں - واجب یہ ہے کہ قوت ادراک سے حق الیقین حاصل کرے اور اگیان کو فنا کرے پھر گیان کو بھر فنا کو بھی فنا کر دے اور نرگنؑ اور سرگنؑ اور وحدت اور کثرت اور جیو اور ایشور سب کو ایک ذات سمجھے اور قال

اور قبل سے منزہ ہو جاوے" ایشا باس اُپنشد - الکھ پرکاش -

چشم دریا ہیں کسے نادر کہ در دوے غرق شد - ورنہ نقش موج بیند ہر کہ او بر ساحل است

مطلب یہ ہے کہ ایک تتو کے گیان کے علاوہ اور کوئی دوسرا نجات کا رستہ نہیں - اسی رمز کو شیوتیا شوترا وپنشد ادھیائے ۶ منتر ۱۵ میں بھی بیان کیا ہے - اس بچار سے پرمیشر کی بڑائی اور موکش کا دروازہ گیان کا حاصل ہونا (نظری) گیانی نام سے کہا جانا یہ باتیں ثابت ہوئیں - اب جو کہا ہے دکرمی آدے کپڑا) کرم سے جنم مرن پرباہ کی شانتی نہیں ہوتی ہے یعنے تناسخ سے آزادی نہیں ہوتی ہے اس توحید باک سے ثابت کرتے ہیں -

"چھین پُن مرت لوک بسنت" سُرتی ہے - مطلب یہ کہ نیکی کے اختتام کے بعد مرت لوک میں بسنا یعنے جنم لینا پڑے گا -

کوکنک اوپنشد - رگ بید میں چترمن نے سویت کیتو کو سمجھایا ہے کہ مد جگ اور تپ وغیرہ کے عمل کرنے والے مرنے کے وقت اپنے اعمال کے نتائج کی امید رکھتے ہیں اور جگ کے کرنے سے جگ کا کرنے والا چندر لوک کو جاتا ہے اور وہاں دیوتاؤں کا خدمتگذار ہوتا ہے پس دیوتاؤں کو ایک طرح کی مسرت ہوتی ہے کہ خدمت کو خدمتگار ملتا ہے جگ کے کرنے والوں کو بفکری اور آزادی اور آرام کچھ نہیں ہوتا ہے اور جب میعاد معینہ تمام ہوتی ہے وہ اس لوک سے نکال دیا جاتا ہے اور جب وہ وہاں سے نکلتا ہے مرت لوک میں آتا ہے گویا بہشت سے نکل جہنم میں پڑتا ہے اور جیسا اُس کا شوق ہوتا ہے یا اُس کے عمل ہوتے ہیں ویسا قالب پاتا ہے مثل خوک اور خر اور سانپ اور زاغ و زغن اور مرد اور عورت - اور جب کوئی اس سے دریافت کرتا ہے کہ تمہارا کیا حال تھا اور ہوا ہے تب جواب دیتا ہے کہ میں وہ ایک نطفہ ہوں کہ چند - لوک سے ٹپکا ہے اور وہ لوک دینے والا عیوض اعمال کا ہے

اور پاک ارواح عالم کا بھی ہے - پہلے میں برہمن تھا اور ہر روز صبح اور شام جگ کیا کرتا تھا اب میں نے اول پشت پدر میں قیام کیا پھر واسطے بھگتنے نتیجہ اپنے اعمالوں کے شکم مادر میں گھر کیا پھر اس عالم میں اپنے باپ کی صورت پائی ہے افسوس ہے کہ پہلے مجھے گیان نہیں ہوا تھا اور جاہل رہی تھی اس کے نتیجہ سے سخت تکلیف وقت برآمد ہونے شکم مادر سے پائی اب میں گیان حاصل کرونگا تاکہ مکرر تکلیف اٹھانی نہ پڑے"۔

منڈوک اوپنشد - اتھربن بید - الکھ پرکاش "عمل دو قسم کے ہیں کہ اُن کا نتیجہ نیک ہے - ایک جگ - دوسرا خیرات جو بامید نتیجہ ملنے کے اُن کو بہتر جانتے ہیں اور آتما کو نہیں پہچانتے ہیں یا اس کے پہچاننے کو فضول اور بے ضرور جانتے ہیں وے جاہل ہیں اور اس جہالت کا سبب یہ ہے کہ اس کا دل حد سے زیادہ جورو اور لڑکوں کی محبت اور حواسوں اور اندریوں کی لذت میں غرق ہے اور زن اور زمین اور زر کے اسباب کو منتہائے مراتب نعمائی کا جانتا ہے پس جو فضل کرتا ہے بمراد زیادہ ہونے اور قائم رہنے ان اسباب کے کرتا ہے اور نتیجوں کا متوقع رہتا ہے - فرض کرو کہ وہ چاند کے لوک میں پہنچتا ہے اور نتیجہ اپنے عمل کا پاتا ہے لیکن بعد تمام ہونے میعاد مقررہ کے پھر جنم لیتا ہے"۔ اس جگہ پر یہ سمجھ لینا کہ سری گورو گرنتھ صاحب جی میں بہت مقاموں میں کرم سے سورگ نرک آواگون کو کہینگے سو ایک مقام پر بید باک سے ثابت کر دیا ہے سب جگہ سمجھ لینا چاہیے - اور ندری (نظری) موکھ دوار کو بھی اوپر ثابت کر آئے ہیں - اب ادویت سدھانت میں گورو جی اپنی نشٹھا کو دکھاتے ہوئے سب کو واجب اور فرض جان کے اُپدیش کرتے ہیں +

नानक एवै जाणीऐ सभु आपे सचिआरु ॥४॥

نانک ایوے جانیئے سب آپے سچیار - ۴ -

سری گورو جی کہتے ہیں ہے بچار کرنے والو دایوے ،، ایسا جاننے کے لایق ہے۔ (بیچیار آپے سب)، ست روپ پرماتما اپنے آپ ہی سب روپ ہے یعنے پرماتما دیہیاں سے علیحدہ کوئی چیز نہیں اس طرح نشچے کرنا چاہئے جیسے سنسار میں اوپادان کارن سے کارج علیحدہ ستا شون ہے اسی طرح تمام سنسار برھم روپ ستا سے علیحدہ ستا بہت ہے۔ اسی ارتھ کو سُرتی کہتی ہے۔ برہو دارن اُپنشد کی سُرتی کا ترجمہ جس سے گورو مہاراج کے باک کی تائید ہوتی ہے۔ ذیل میں درج ہے۔

"گیانی اور عارف کو لازم ہے کہ خواہش دُنیا اور عقبیٰ کو بالکل چھوڑ دے کہ یہ لوازمات اگیان یعنے جہل اور اودیا کے ہیں جب اگیان سے باہر ہووے تب علم بید جو سراپا معقولات ہے اور علم الٰہی جو عین سرور ہے اور یہی حکمت نظری ہے حاصل کرے اور علم کو صاحب علم اور عمل گورو سے حاصل کرے۔ اور گورو ایسا چاہئے کہ علم اور عمل سے مشرف ہو اور طمع اور غرور سے بری ہو اور جب علم حاصل ہو دلائل عقلی سے تحقیق کرے پھر تصدیق کرے پھر وہم وخیال کو دفع کرے پھر آتما کا دھیان دھرے پھر اُس میں محو ہو جاوے۔ جب برہمن یعنے برھم کا جاننے والا ہووے پس عین برھم ہو جاوے۔ جب تک اس راہ سے کمال نہ ہووے فقط زبانی بات بنانے سے کچھ حاصل نہیں ہے کیونکہ یہ مقام حال کا ہے قال کا نہیں ہے جو خواہش کو چھوڑ اور علم کو حاصل کر غور اور بچار کو کر اور برھم کو پہچان برھم میں محویت پیدا کرے وہ بیدانتی اور برھم گیانی اور برہمن ہوتا ہے فقط زبان سے بات بنانے اور باپ اور دادا کی فضیلت جتانے سے حاصل نہیں ہوتا ہے"

مصرعہ۔ کاندریں راہ فلاں ابن فلاں چیزے نیست۔

"ایک ہونا سبب اور مسبب اور لطیف اور کثیف اور کارن اور کارج یعنی فاعل اور فعل اور وحدت اور کثرت اور تخم اور درخت اور برھم اور مایا اور جیو اور

ایشور اور بدیا اور ابدیا کا اشلہ ذیل سے ثابت ہوگا۔

۱۔ مٹی کوزہ کے کارن یعنے سبب اور کوزہ کارج یعنے بسب ہے اور حقیقت میں دونوں واحد ہیں اسی طرح سے تمام موجودات وجود سے پہلے برھم میں محجوب تھی اور جس طرح سے مٹی کوزہ میں ہے برھم موجودات میں موجود ہے اور جس طرح سے کوزہ مٹی میں محو ہوگا موجودات برھم میں محو ہوگی پس جیسے کہ مٹی اور کوزہ ایک ہے برھم اور مایا ایک ہے +

۲۔ پانی تمام ندی اور نالوں کا ادی اور آخر ایک ہے کہ سب کا مرجع سمندر ہے اور سب کا وجود سمندر کے بخار سے ہے اور نام ہر ایک ندی کا جدا ہے ویسے برھم اور مایا ایک ہے +

۳۔ آنکھ کی شکل ہر ایک مرد اور زن اور انسان اور حیوان کی بنوع دیگر ہے مگر فعل سب کی آنکھ کا ایک ہے +

۴۔ چمڑہ ہر ایک کے جسم کا بنوع دیگر ہے مگر قوت لامسہ سب میں یکساں ہے +

۵۔ ہر ایک کان میں جو آواز بنوع دیگر مسموع ہوتی ہے حقیقت سب کی آواز ہے +

۶۔ ہر ایک عضو اور آلہ تناسل بصورت مختلف ہے لذت سب کی بصورت واحد ہے +

۷۔ ہر ایک کے مقعد سے اخراج فضلہ بطور واحد ہوتا ہے اصل تمام علوم کی نطق ہے +

۸۔ ان سب حواسوں کا اور ان کے فعلوں کا سبب کا دل ہے +

۹۔ خلا ہر چیز میں موجود ہے اصل سب کی خلا اور انتہا سب کی چدا کاش ہے بس جو بصورت کثرت ہے وہ کارج اور جو بصورت واحد ہے وہ کارن ہے +

۱۰۔ ایک کنکری نمک کو دیکھو بظاہر دروں اور بروں اس کا سب نمک ہے مگر جو غور کرو پہلے وہ پانی تھا اور فی الحال وہ جما ہوا پانی ہے اور آخر کو بھی پانی ہو جاویگا

پس یہ نام اور صورت نمک فرضی ہے اور نیست ہست نما ہے اور اس کی ہستی ان میں محجوب ہے زمانہ ماضی میں بھی یہ پانی تھا اور حال میں بھی پانی ہے اور آخر بھی یہ پانی ہو جاوے گا لفظ نمک ایک جھونٹھ اور مفروض (لفظ) ہے اصل اس کی کچھ نہیں ہے جو کچھ ہے وہ پانی ہے ٭

۱۱۔ آتما عین علم تھا اور اب بھی عین علم ہے اور نام اور صورت سب نیست ہست نما ہیں اور آخر کو بھی جب کہ سب فنا ہونگے اور نام اور صورت کچھ نہ رہے گا وہ آتما جو عین علم ہے رہیگا" برہ داروں اوپنشد - الکھ پرکاش - مطلب اخیر میں یہ ثابت ہوا کہ یہ جو تمام منظر ہے سب آتما کا سروپ ہے اسی واسطے گوروجی کہتے ہیں ایسے جانو اپنے آپ بیچار ہی سرب روپ ہے - اب چوتھی پونڈی کا خلاصہ لکھ کر پانچویں پونڈی کا آغاز کرینگے ٭

سدا سچ ہے تو اور سچا ہے نام ۔۔۔ سدا راستی سے ملے تیرے کام
زبان مختلف اور ایمان کثیر ۔۔۔ کہیں نام صدہا صغیر و کبیر
کوئی سچے دل سے جو مانگے دعا ۔۔۔ عطا اس کو کرتا ہے سب مدعا
جو چاہے ہو دیدار تیرا نصیب ۔۔۔ محبت سے تیرے ہے وہ بھی قریب
زبان سے ہو یا دھیان سے کام ہو ۔۔۔ سدا بہتری سے جو انجام ہو
مانکھ جنم جنم امولک کا یا ۔۔۔ برمھ بچار اسی میں پایا
گوہر عمر بے بہا ہے یہہ ۔۔۔ رائگاں اس کو حیف کھوتے ہو
مزرعۂ آخرت ہے یہ دُنیا ۔۔۔ وہی کاٹو گے جو کر بوتے ہو
صُبح اُٹھے اور ذکر تیرا کرے ۔۔۔ سدا دل سے سمرن کو پہرا کرے
عمل ہو جو پورا تو دیکھے جمال ۔۔۔ محبت سے کوئی نہیں شے محال
کرم گر نتیجہ کی خواہش سے ہو ۔۔۔ تو آواگون سے وہ باہر نہ ہو

جہاں میں کرے جتنے سب کاربار تیرے نام نامی کا رکھے ادبار
نصیحت جو نانک کی لاوے بجا تو اچھے یہ دل سے کہے تو سدا

جو پرماتما جاننے کے جوگ (لائق) ہے تب جوگیان ...کا بشے ہوتا ہے وہ ورشیہ (منظر) اور ایک دیش میں قائم ہوتا ہے جب پرماتما ایسا ہے تب کارج یعنے سبب اور ایک دیشی اور جاننے والے سے علیحدہ ہوگا اس شنکار کے دور کرنے کے واسطے گورو مہراج فرماتے ہیں۔

थापिया न जाय कीता न होय आपे आप निरंजनसोय॥

تھاپیا نہ جاے کیتا نہ ہوے آپے آپ نرنجن سوے

وہ پرمیشر سرب بیاپی ہے اس واسطے ایک دیش میں استھاپن (قایم) نہیں کیا جاتا۔ (کہ جزاو نیست در سراے وجود۔ بہ حقیقت کسے دِگر موجود) اور نہ کسی کا (کیتا) کارج ہو سکتا ہے کیونکہ کمی و بیشی و علیحدگی میں کارج ہوتا ہے پرماتما بیاپک ہے اس سے کارج بھی نہیں اور جاننے والے سے علیحدہ بھی نہیں کیونکہ (آپے آپ) اپنے آپ ہی سب کا جاننے والا ہے اُس کا کوئی دوسرا گیاتا (جاننے والا نہیں) (نرنجن سوے) وہ پرمیشر (انجن) اگیان و ابدیا و مایا سے رہت ہے۔ سرتی مندرجہ ذیل بھی اُس کو (پرماتما کو) سرب بیاپک سرب گیاتا ابدیا رہت اور کارج نہ ہونا بیان کرتی ہے +

अपाणि पादो जवनो ग्रहीता पश्यत्यचक्षुः स शृणोत्यकर्णः॥ सवेत्ति वेद्यं न च तस्यास्ति वेत्ता तमाहुरग्र्यं पुरुषं महान्तम्० श्वे० अ० ३ मं० १९॥ निष्कलं निष्क्रियं शान्तं निरवद्यं निरञ्जनम्। अमृतस्य परं सेतुं दग्धेन्धनमिवानलम्॥ श्वे० अ० ६ मं० १९॥

پرمیشر ہاتھ پاؤں آنکھ کان سے رہت ہے اور لینے دینے دیکھنے سننے والا ہے مطلب یہ کہ اندریاں اُس کے نہیں ہیں لیکن جتنا لینا دیکھنا سننا وغیرہ کارج فعل، ظہور میں آتا ہے وہ سب اُسی کے ستّا سے ہوتے ہیں یعنے سب کا وہی تحریک کرنے والا ہے اس واسطے چیتن پرمیشر ہی سب کارج کا کرتا یا کارن کہا جاتا ہے اور وہی پرمیشر باوجودیکہ اُس کے انتہ کرن (من - بدھ - چت - اہنکار) نہیں ہے سب کو جانتا ہے اُس کا جاننے والا کوئی نہیں وہ سب میں بیاپک ہے سب سے پہلے وجود والا ہے پرماتما کا سروپ کریا دوکھ ادیا سے رہت ہے شانت سروپ ہے یعنے اُتپت وناش جنم ومرن سے رہت ہے اس وجہ سے کارج نہیں ہے - جیسے لکڑی جلا کے آگ موجود رہتی ہے اس طرح اگیان اور کارج کو فنا کر کے ان سے رہت (آزاد) پرماتما جاتا ہوا موکش کا باعث ہوتا ہے -

کبت

جو پربھو ہے اُتپت بھئی یہ سو پربھو ہے اور اِشٹ ہمارے
جو پربھو ہے سب کے سراوپر تا پربھو کو سر ہی ہم دہارے
روپ نہ ریکھ الیکھ اکھنڈت بھن ہے سب کارج سارے
نام نرنجن ہے تن کو پن سُندر تا پربھو کی بلہار سے ؂

دیگر

سروتر کچھو اور ناہیں نیتر کچھو اور ناہیں ناسا کچھو اور ناہیں رنا نہ اور ہے
توک کچھو اور ناہیں : کیہ کچھو اور ناہیں ہاتھ کچھو اور ناہیں پاؤں کی دور ہے
من کچھو اور ناہیں اور بدھ کچھو ناہیں چت کچھو اور ناہیں اہنکار تور ہے
سُندر کہت ایک برمھ بن اور ناہیں آپ ہی میں آپ بیاپ ہو سب ٹھور ہے

پُرکھ سوکت اُپنشد - ججر بید کی سُرتی ہے جسکا ترجمہ الکھ پرکاش سے لے کر ذیل میں

درج ہے مقولہ بالا کی تائید ہوتی ہے -

"وہ ایک پُرش ہے جس کے بہت سر اور آنکھ اور کان اور ناک اور مُنہ اور زبان اور ہاتھ اور پاؤں اور ہر ایک عضو اور حواس ظاہری اور باطنی ہیں اور تمام عالم میں وہی محیط ہے اور تمام انسان اور حیوان اُس کی آنکھوں سے دیکھتے اور اُس کے کانوں سے سُنتے ہیں وہ پُرش جس کی یہ تعریف ہے ہر ایک کے دل میں مقیم ہے وہ زمان ماضی میں تھا اور حال میں ہے اور استقبال میں بھی ہوگا اور وہ صاحب ہر ایک کا ہے اور بے نظیر ہے اور لاثانی ہے اور بے نام اور بے مقام اور بے نشان ہے اور تمام عالم اُس کی کتاب کا ایک حرف ہے"۔

ਜਿਨ ਸੇਵਿਆ ਤਿਨ ਪਾਇਆ ਮਾਨੁ ॥ ਨਾਨਕ ਗਾਵੀਐ ਗੁਣੀ ਨਿਧਾਨੁ ॥

(جن سیویا تِن پایا مان نانک گاوئے گُنی ندہان)

جن لوگوں نے ایشور اور گورو کو بھگت سے سیون کیا ہے یاد کیا ہے عبادت کی ہے اُن لوگوں نے شاستر گیان اور انبھو گیان روپ مان پایا ہے سری گورو جی کہتے ہیں جب اُن کو گیان سروپ مان یعنے بڑائی ملی تب (گُنی ندہان) سب گنوں والا تمام سنسار کے ہُئے کا ادہار یعنے عالم کے فنا کا اعلی ذریعہ اُن لوگوں کی معرفت رگا وے رگایا جاتا ہے یعنے تبلایا جاتا ہے مطلب یہ کہ جب بھگت و پریم سے پرمیشر خوش ہوتا ہے تب بیدانت کے ارتھ میں نشچے ہونے سے پرماتما کے سروپ و گُن یعنے ذات وصفات اور عالم کے پیدائش و فنا اور قیام کو تبلایا جاتا ہے یعنے اِن کو جانکر اوروں کو براہ نصیحت اُپدیش کرتے ہیں یا گاتے ہیں -

यस्य देवे परा भक्तिर्यथा देवे तथा गुरौ । तस्यैते कथिता ह्यर्थाः प्रकाशन्ते महात्मनः श्वे० अ० ६ मं० २३ ।

सविश्वकृद्विश्वविदात्म योनिर्ज्ञः कालकालो गुणी

सर्व विद्य: ॥ प्रधान क्षेत्रज्ञ पतिर्गुणेश: स ॐ सारमोक्ष
स्थिति बन्ध हेतु: ॥ श्वे० अ० ६ मं० १६ ॥

جن کی گورو اور پرمیشر میں برابر بھگتی ہے اُن مہاتما کو بید میں لکھے ارتھ اپنے آپ معلوم ہو جاتے ہیں -

پرمیشر جگت کا کرتا ہے اور سب جگت کا جاننے والا آتما کا سروپ ہو اسب کا اوپادان کارن ہے گیان سروپ کال کا بھی کال روپ ہے اور ست چت آنند سروپ والا ہے اور جسکے جاننے سے سب جانا جاتا ہے ایسا پرمیشر ہے اور پردہان یعنے سب کا سرتاج ہے اور جیو سروپ سب کا سوامی ہے اور ست رج تم تینوں گنوں کو قیام دینے والا ہے اِن کا ایشور ہے اور اگیان میں سنسار کو قائم کر کے بندھن کا و گیان میں فنا کر کے موکش کا باعث ہے - اس کے علاوہ اور بہت سے کلاموں سے وہ شخص پرماتما کو گنی ندہان روپ سے گاتا ہے کیونکہ اُن پر ایشورا اور گورو کی کرپا ہے - ہے بھگون جب ایشورا ور گورو کرپا سے گیان حاصل کرنے پر گیانی لوگ پرماتما کے گن اور سروپ کو گاویں تب جگیاسو پرکھوں کو یعنے مریدوں کو کیا کرنا چاہیئے - اس پر سری گورو جی کہتے ہیں -

गावीऐ सुणीऐ मन रखीऐ भाउ ॥

گاویئے سُنیئے من رکھئے بھاو -

جس وقت مہاتماؤں (عارفوں) کی معرفت پرماتما گلیا جاتا ہے اُس وقت اُس پرماتما کو سُنتا جوگ ہے وہ سننا دو طرح کا ہے ایک تو گورو مکھ سے اُپدیش سُنتا جس کے سُننے سے آتما کا برمھ روپ سے انبھو ہوتا ہے - اور دوسرا سُننا بید گورو باک کا ارتھ نشچے کرنا ہے پھر جب گورو اُپدیش اور مطلب کو نشچے کر لیا تب (من رکھیئے) اپنے من میں منن یعنے ایکاگر چت ہو کر کے غور سے نشچے کر کے قائم کرنا چاہیئے ان

سادھنوں کے تکمیل کے بعد (بھاو) سروپ کا جیوں کا تیوں اکھنڈ ساکشات کار ہوتا ہے -

کبت

پرتھم سرون کر چت ایکاگر دھر گوروشت اگم کے سواور دھارئی
دوتیا منن بار بار ہی بچار دیکھ جوئی کچھو سُنتے تاہ پھیر کے سہارئی
ترتیا پرکار ندھیاس رہی جو نیکے کرنہ سنگ بچرت آپن پوتارئی
ساکشات کار یہی سادہن کرت موئے سُندر کہت دویت بُدہ کو نوارئی

ساکشات کار کا نتیجہ کیا ہے - اس کے جواب میں گورومہاراج فرماتے ہیں -

दु:ख पर हरि सुख घरलैजाय ॥
دُوکھ پرہر سُوکھ گھرلے جائے -

سب دُکھ یعنے تکالیف کا (پرہر) یعنے ناش (خاتمہ) ہوتا ہے اور (سکھ گھرلیجائے) سب سکھوں کا یعنے راحتوں کا جو (گھر) یعنے مخزن ہے اُس میں لین یعنے غرق ہوتا ہے مطلب یہ کہ آتما کے قریب گیان سے یعنے حق الیقین سے ہر قسم کے سب تکلیف دُور ہو جاتے ہیں اور ہر طرح کے آرام کا جو آنند گہن پرمارتھ تت ہے وہ حاصل ہوتا ہے یہ بات بید سے ثابت ہے -

यदा चर्मे वदा काशं वेष्टयिष्यन्तिमानवाः तदाद्देव
मविज्ञाय दुःखस्यान्तोभविष्यति ॥ श्वे० उप० अ०६ सं०२०॥

مطلب یہ کہ سب دُکھوں کا خرم جو سروپ کا اگیان ہے وہ اگر دُور نہ ہوگا تو دُکھوں کا ناش بھی نہیں ہو سکتا اس واسطے تکلیف کے دُور ہونے کا ذریعہ صرف سروپ کا گیان ہے جیسے خلا کو انسان مثل چمڑے کے لپیٹ نہیں سکتا ویسے ہی پرماتما کے گیان بغیر دُکھ کا ناش نہیں ہو سکتا -

دوہرہ

جوگ جگت بن بٹھیب سائیں۔ جم اکاش گھہ موٹھی ماہیں

جب اگیان کا دفعیہ گیان سے ہوا تب آنند گھن وستو میں یعنے اُس شے میں جو راحت کا مخزن یا کان ہے لے یعنے محو ہونا ہے اور شُرتی مندرجہ ذیل میں تمام الحت پرماتما کے تھوڑے سے تھوڑے آنند سے بیان کیا ہے۔

एतस्यैवा ऽऽ नन्दस्यान्यानि भूतानि मात्रा मुपजीवन्ति ॥ बृह० उप० अ० ३ ब्रा० ३ ॥

اس آنند روپ پرماتما کے تھوڑے سے تھوڑے آنند کے سہارے سب جیو آنندت (خوش) ہو رہے ہیں۔

अखंडानंद रुपस्सेतस्या नंद लवा स्रता :
ब्रह्मा दया तारतम्य मेना भवंता नंद नोलवा ॥

اکھنڈ آنند جو پرماتما کا روپ ہے اُس کے انند کے چنگاریوں سے برمھا شن مہیش وغیرہ چھوٹے بڑے سب جیو آنند اُٹھا رہے ہیں۔

ہے بھگون سرون منن ندھیاس یعنے سُننے غور کرنے اور نشچے کرنے سے جن کو حق الیقین ہوا ہے اُن کا قیام اس سنسار میں کس طرح پر ہے کیونکہ پرالبدہ جسم تو گیان کے بعد بھی قائم رہیگا بدیہہ مکت تو ابھی ہوا نہیں اس سے اُن گورمکھوں کی کس طرح پر بود و باش ہے اس سوال کا جواب لکھتے ہیں۔

गुरुमुखि नादं गुरुमुखि वेदं गुरुमुखि रहिया समाई ॥

گورمکھ نادنگ گورمکھ بیدنگ گورمکھ رہیا سمائی۔

"گورمکھ سُکھ من مکھ بے مکھیا" اِس گورومہاراج کے بچن سے جو گور و بھگت

اور عامل ہے وہ گورمکھ ہے اور جو عامل نہیں ہے وہ من مکھ ہے اس سے یہ ترجمہ ہوا جو گورو بھگت اور عامل ہے وہ ناد اور بید کو بچارتے ہوئے (سمائی) سامان چیتن روپ (دہیا) استھرتا کو پراپت ہوتا ہے ۔ مطلب یہ کہ گورمکھ لوگ بید کو بچار کر پھر سب بید کا خلاصہ جو اونکار ہے اُس کے تینوں ماترا کو گورو روپ تینوں دیوتوں کا دھیان کر پھر تُریا یعنے نصف ماترا کا چنتن کر کے پھر ناد کا دھیان کرتے ہوئے پورن برہم سامانیہ چیتن روپ اپنے آپ کو جانتے ہیں ۔ اونکار کا سرگنُ سے لے کر ناد تک دہیان کرنے کا طریقہ دہیان بند او پنشد میں لکھا ہے ۔ ترجمہ سُرتی دہیان بند او پنشد ۔ اتھربن بید ۔ الکھ پرکاشں ۔ " جس دم کے تین جزو ہیں ۔ کھینچنا ۔ روکنا ۔ چھوڑنا وقت کھینچنے دم کے ناف میں تصور کرے بشن کا کہ جن کے چار ہاتھ ہیں اور برنگ گُل آتش کے ہیں اور صاحب قدرت ہیں ۔ وقت نگاہ رکھنے تنفس کے دل میں تصور کرے برمھا کا رنگ سفید مائیل بہ سُرخی اور چار مُونہہ اور باپ کا باپ اور گُل کنول پر بیٹھے ہوئے ہیں وقت چھوڑنے دم کے پیشانی میں صورت مہادیو کی تصور کرے جن کے تین آنکھ مثل بلور کے صاف ہیں اور گُناہوں سے پاک ہیں اور عین حکمت ہیں "۔

" تین محل ناف میں اور تین سینہ میں اور تین دماغ میں ہیں اور تین تین راہ رکھتے ہیں ۔ برمھ تین قسم کا نظر آتا ہے ۔

۱ - ناف میں بصورت بشن کے ۔ ۲ - دل میں بصورت برمھا کے ۔ ۳ ۔ سر میں بصورت مہادیو کے +

تین حرف برمھا اور چوتھی ماترا پر نو ہے جو اس رمز کو سمجھے وہ بید کو جاننے والا انفصال اس شبد کا مثل خط بے انفصالی دو دھار تیل کے اور جرس کے آواز کے ہے کہ کیفیت اُس کی بیان سے باہر ہے بعد کہنے پرنو کے از خود ظاہر ہوتی ہے "۔

دہیان بند او پنشد ۔ الکھ پرکاشں ۔

نتیجہ یہ نکلا کہ گورمکھ لوگ بید کا بچار کرنا و روپ اونکار کے دہیان سے شانت سروپ میں سمائے رہتے ہیں۔ ہے بھگون اُن گورومکھوں کے جو گورو ہیں اُن کا قیام اس سنسار میں وہ گورمکھ لوگ کس طرح جانتے ہیں کیا اُن کو سب لوگوں کے برابر جانتے ہیں یا سب سے زیادہ جانتے ہیں اس کے جواب میں گورومہراج فرماتے ہیں

गुरु ईस्वर गुरु गोरख बरमा गुरु पारबती माई : ॥

گورو اِیشور گورُ گورکھ برما گورو پاربتی مائی ۔

گورومکھ لوگ گورو کو (اِیشور) شیو روپ جانتے ہیں کیونکہ جیسے رودر بھگوان سنسار کا ناش کرتے ہیں اسی طرح گورو بھی اپنے اوپدیش سے پیدا ہوئے گیان سے جنم کا باعث جو اگیان ہے اُس کو ناش کرتے ہیں اس سے ناش کرنے کی طاقت سے پورن گورو ایشور روپ ہیں - اسی طرح (گورکش) بشن روپ گورو ہیں کیونکہ جیسے بشن بید کے خلاف چلنے والے اُسروں کا ناش کر کے بید مارگ کی رچھا یعنے حفاظت کرتے ہیں ویسے گورو بھی بید کے مخالف ناشک مت والوں کا کھنڈن کر کے ادویت بستو ہیں بید کا مطلب ثابت کر کے بید کے طریقہ کو چلاتے ہیں اس سے بشن روپ ہیں- (برما)، یہ لفظ اصل میں برمھا ہے بہت بُڈھے ہوئے کا نام برمھا ہے جیسے سب بید مرجادا کو قائم کرنے سے سب جگت میں سب سے قدیم اور ضعیف ہوا برمھا کہا جاتا ہے ویسے گورو بھی سب ادھکاری لوگوں میں بید کے راہ کو مضبوط کرنے سے برمھا روپ ہیں - اسی طرح گورو پاربتی (ما) لکشمی (ای) سرسوتی روپ ہیں کیونکہ جیسے ستی کے سروپ کو جو ہمالیہ کے شریر سے پیدا ہوا تھا ناردو نے امتحاناً خلاف اُوپدیش کیا تب بھی پاربتی نے چت کو شیو سے نہ ہٹایا ویسے برمھ گیانی گورو بھی پرالبدھ سے پیدا ہوئے بے شمار تغیر و تبدل سے اپنے ادویت نشٹھا میں کمی بیشی واقع نہیں ہونے دیتے یعنے استقلال سے وحدانیت میں قدم جمائے رہتے ہیں اس وجہ سے پاربتی

روپ ہیں - اور لکشمی بھگوتی جیسے اپنے موجودگی اور ملاپ سے غریبی کو دور کرکے امیری کو ظاہر کرتی ہیں ویسے گورو بھی اپنی نزدیکی اور ملاقات سے شکھ کی دویت بھوم روپ بکیسی محتاجی کو دور کر بیاپک برمھ روپ دولتمندی کو دیتے ہیں اس واسطے گورو لکشمی روپ ہیں - اسی طرح جیسے سرسوتی بھگوتی اپنے اوپاسک لوگوں کو یعنے پرستش کرنے والوں کو بہت جلد علم دیتی ہیں ویسے گورو بھی اپنے سرن میں آئے ہوئے بھگت لوگوں کو بہت جلد برمھ بدیا کو دیتے ہیں اس سبب سے گورو سرسوتی روپ بھی ہیں اسی واسطے شیوگیتا کے پہلے ادھیائے میں گورو کی مہما لکھی ہے -

मनुष्यचर्मणावद्ध: साक्षात्परशिव: स्वयम्। सच्छिष्या
नुग्रहार्थायगुढ: पर्य्यटतिक्षितौ १ प्राकृतै: संस्कृतै:
र्वापिगाद्यपद्या क्षरैस्तथा :॥ देसभाषादिभि:शिष्यं
वोधयेत्स द्गुरु: स्मृत: २ ॥

انسانی جامہ میں اپنے آپ ساکشات پرشیو روپ عالم فاضل مریدوں پر رحم کرنے کے واسطے دُنیا میں گھومتے ہیں اور جو سُرتی سمرتی و سنسکرت و ہندی سے اور دیش بھاکھا یا رائج الوقت زبان سے بودھ کراوے یعنے راہ حق پر چلاوے وہ ست گورو کہلاتا ہے +

ہے بھگوان آپنے شیو بشن و برمھا اور ان کی تین شکتی کے گنوں سے پورن ہونے سے گورو کو ایشور وغیرہ کا سروپ کہا لیکن گورو کے اصلی سروپ کو آپ مجھ پر کرپا کرکے تبلائیے اس پر سری گورو جی کہتے ہیں -

जे हउ जाणा आखा नाही कहणा कथनु नजाई।
गुराइक देहि वुझाई :॥

جے ہوں جانا آکھا ناہیں کہنا کتھن نہ جائی - گورا یک دیہہ بجھائی -

ہے شکھ جو میں گورو کے سروپ کو اور طرح سے یعنے ناظر و منظر کی شکل میں جانا ہوتا تو کیا تیرے واسطے (آکھنا ناہیں)، نہ بیان کرتا یعنے ضرور کہتا لیکن گورو کا جو اصلی سروپ پرشیو روپ ہے یعنے سب سے پرے اور کلیان روپ ہے وہ (کتھن) باگ اندری یعنے زبان سے (کہنا) کہا نہیں جاتا لیکن اُن دہاتما لوگوں نے یعنے گورو نے (دو یہہ) سب دیہوں یعنے جسموں میں جو ایک پرم آتما موجود ہے وہ بتلا دیا ہے (بجھائی) مطلب یہ ہے کہ سب جزو کل سوکشم واستھول یعنے جڑ و چیتن شریروں میں جو ایک چیتن دیو ہے وہ اپنا اصلی روپ گورو نے نشچے کیا ہے جیسے سب دیہوں میں ایک چیتن ہے ویسے "امرت ویلا سچ ناؤ ٹدیائی ویچار" اس پونڈی میں سرتی شال سے ثابت کیا ہے دیکھ لینا -

نظم

صفات از ذات و ذات از وصف ظاہر　بجز ذاتش بذاتش نیست ماہر

جہاں جسم جاں مرات ذاتش　چہ باشد جسم و جاں عکس صفاتش

دریں خانہ ذاتست بس با صفات　ہماں نقش و نقاش و نقش اوراست

دریں خانہ آں خانہ سازاے دلی　ہموں ضع مضوع وصورت گراست

ہے بھگون جو بستو آپ کو گورو نے تبلائی ہے وہ شے آپ نے اپنے سے علیحدہ روپ سے جانی ہے یا اپنے آتما روپ سے سمجھی ہے اس کے جواب میں گورو مہراج فرماتے ہیں +

सभना जीया का इक दाता सो मै विसरि न जाई ५ ॥

سبھنا جیا کا اِک داتا سو میں بسر نہ جائی - ۵ -

جو برھماسے لے کر چیونٹی تک سب جیووں کو کرم او پاسنا گیان کے نتیجہ کا دینے والا ایک پرمیشر ہے (سوئیں) سو میرا سروپ ہے اسی سے (بسر نہ جائی)

ہم کو کبھی بھولتا نہیں ایسے اپنا آتما روپ .... چیتن کو کیول گورو اُپدیش سے جانا ہے اور طرح نہیں جانا اسی واسطے آتم دیو صرف گورو اُپدیش سے جانا جاتا ہے -

کبت

گورو بن گیان ناہیں گورو بن دھیان ناہیں گورو بن آتما بچار نہ لہت ہے
گورو بن پریم ناہیں گورو بن پریت ناہیں گورو بن شیل ہو سنتو کھ نہ گہت ہے
گورو بن باس ناہیں بدھ کو پرکاش ناہیں بھرم ہو کی ناش ناہیں سنشے ہی رہت ہے
گورو بن بات ناہیں کوڑی بن ہاٹ ناہیں سندر پرگٹ لوک بید یوں کہت ہے

پونڈی میں جو کرم وغیرہ کے پھل کا دینے والا انترجامی کو آتما کا سروپ بیان کیا ہے اس میں اختلاف کو رفع کرنے کے واسطے اوپنشد کے مطلب کے جاننے والوں نے بھاگ تیاگ لکشن سے اوپادہ و بھید کو چھوڑ کر مایا رہت چیتن بستو کو ایک سمجھ کر اکھنڈ بستو تبلائی ہے - کیونکہ کارن اوپادہی بشِشٹ چیتن ایشور ہے اور انتہ کرن جزو اگیان اوپادہی بشِشٹ چیتن جیو ہے ان دونوں میں کارن اور انتہ کرن جزو اگیان اوپادہی یعنے فروعیات کو متھیا بھوت یعنے چیتن ستا سے علیحدہ ستا رہت جان کر اور ان فروعیات کو اصل میں لین کر کے چیتن پرماتما کو بھید رہت جانکر ابھید کا اوپدیش کیا ہے - ادھیاتم پرکاش -

دوہرہ

تت پد ایشور کو کہت تونگ پد جیو بکھان — اَس پد برھم الپت ہے یہی دوہوں پہچان
یہ ایشور سربگ ہے جیو سداں الپگ — سم کہئے جو دوہوں کو تو نہہ مانے اگ
تت پد مانو سندھ ہے تونگ پد نو بد سمان — اَس پد پانی دوہوں میں تاہ ایک کر جان
تت پد جیسے بھوپ ہے تونگ پد منو کسان — اَس پد مانکھ کو کہے ایسے جانو جان
دیو دت ہے مانئے ملیو بہو جُت مت — پھر وہ دیکھو بپت جُت کیونکر آوے چت

باسدیو کی تج بیو ابکی تجو بپت درشٹ کروجب دیہہ پر تو یہ اہی است

الشیور کی سربگتا سو مایا تے جان جیوں کی الیگتا تاہ ابید امان

جواو پادہ کر مول ہے تاکو جھوٹی جان شُدھ بُدھ میں برمھ ہے تاکو آتم مان

اسی رمز کو بہت فصاحت اور بلاغت کے ساتھ سری رامچندر جی نے سری لچھمن جی سے رام گیتا میں بیان کیا ہے۔ رام گیتا ملاحظہ طلب ہے اس کتاب کے زیادہ ضخیم ہو جانے کے خیال سے صرف حوالہ پر اکتفا کیا ہے۔

(एषत आत्मा सर्वान्तर:) वृ० ३।४।१। (एषत आत्मा न्तर्याम्यमृत:) वृ० ३।७।३। तत्सत्यंस आत्मा तत्त्वमसि॥ छा० ६।८।७।

سُرتی ارتھ۔ سوال۔ اسپٹ ولد چکراین رکھیشر نے جاگولک سے پوچھا کہ برہم جو عین آتما ہے اُس کی نشاندہی کرو۔ جواب۔ جو آتما تیری ہے وہی آتما کل موجودات کی ہے۔

اودالک رکھ شویت کیتو اپنے بیٹے سے کہتے ہیں وہ برمھ روپ حق اور لافانی ہے اور وہی آتما جیو روپ ہے رہے بیٹے وہ ست ہے اور وہ تو ہے۔ جہاں کہیں گورو کے باک میں ابھید اُپدیش ہو وہاں سب جگہ بھاگ تیاگ لکش سے جیسا اوپر بیان کر آئے ہیں اختلاف کو دفع کر کے ابھید جان لینا۔

نظم

عارف حق شناس را باید گر بہر سُو کہ دیدہ بکشاید

بیند آنجا جمال حق پیدا نگسلد از جمال حق قطعا

چشم دِل را کار فرما سوے دست خویشتن را ہم ببیں جز دے دست

چند باشی در نقاب اعتبار ایں صدف را بشکن و گوہر برآر

گر بخود بینی بہ بینی پوست را ورنہ خود بینی بہ بینی دوست را

اب پرماتما کے اصلی سروپ کا بیان کرکے وگورو بھگت اور پرماتما کا گنی ندہان روپ وغیرہ سے یعنے صفات کے ذات ہونے سے اور سرون کیرتن منن ندہیاس روپ سادھنوں سے اور ان سادھنوں کے پھل روپ گیان اور گیان کا نتیجہ دُکھ کا دور ہونا اور سکھ میں لین ہونا بیان کرکے اور گورمکھوں کا قیام اور گورو کی تعریف بعدہٗ برمھ بدیا کا پورا خاکہ کھینچ کر گورو مہراج نے دکھلاتا ہے گورو کی نصیحت سے پیدا ہوئے گیان روپ تیرتھ میں اشنان کا خاص طریقہ چیلے کو بتلانے کے واسطے گورو کو زیادہ محبت ہے اور محبت کی وجہ یہ ہے کہ شکھ بچار اور بیراگ رکھتا ہے اور بچار اور بیراگ سادھن بید کے یاک جگ دان تپ وغیرہ نشکام کرموں سے پیدا ہوتے ہیں جب ان سادھنوں سے گورو کی محبت کا باعث چیلہ ہوتا ہے تب گورو کا اوپدیش سُن کے برمھ بدیا کو پاتا ہے ان باتوں کو اوپر کی پونڈی میں بیان کرتے ہوئے اب اس ذیل کی پونڈی میں ابھیاس کا اوپدیش اپنے من کے ذریعہ سے کرتے ہیں ۔

तीर्थ नावा जे तिस भावा विण भाणे कि नाय करी ।
जेती सिरठ उपाई वेखा विण कर्मा कि मिले लयी

تیرتھ ناواں جے تس بھاوا بن بھانے کی نائے کری ۔
جیتی سرٹھ اوپائی ویکھا بن کرماں کی ملے لئی ۔

گیان روپ تیرتھ میں تب اشنان کرونگا جب اُس گیان کے اوپدیش کرنے والے گورو کو (بھاوا) پیارا لگوں گا بغیر پیارا لگے کیا اشنان کروں گا مطلب یہ ہے کہ کسی طرح سے نہیں کر سکتا ست بستو کا حق الیقین سے جاننا گیان تیرتھ ہے اور اس کا ہردے یعنے دل میں جیوں کا تیوں پرکاش ہونا اشنان ہے ۔ خلاصہ یہ کہ بچار اور بیراگ والے لوگ میں برجھ گیانی گورو کا محبت ہونا ہے اور اُسی کو بگیان

کی خواہش ہوتی ہے گورو جب شکھ (مُرید) میں جو بیراگ اور بچار رکھتا ہے گیان کی خواہشمندی نجات کی آرزومندی دیکھتے ہیں اور موجودات کے ناپاک خیالات سے اُس کے خیال کو پاک وصاف دیکھتے ہیں تب محبت کرتے ہیں جیسے کٹھ اوپنشدمیں جمراج نے نچکیتا شکھ کی بہت طرح سے آزمائش کی جب ہر طرح سے اُس کو مستقل مزاج و ثابت قدم پایا تب برمھ بدیا کا اوپدیش کیا اسی طرح جب گورو پریم کرینگے تب شکھ گیان تیرتھ میں اشنان کریگا۔ لیکن یہ بچار اور بیراگ اور مکُت کی خواہش چت کی صفائی اور نشکام دھرم سے ہوتی ہے اس واسطے گوروجی نشکام دھرموں کا اوپدیش کرتے ہیں۔ سرتھ اصل میں لفظ سرشٹ ہے بمعنی سنسار (دیکھا) ہم اپنے انبھو یعنے علم اشراق اور بید بچنوں سے دیکھتے ہیں (جیتی) جیتی سرشٹ ہے بغیر کرم سے کیا (ملے لئی) ملنے لگا ہے مطلب یہ کہ سکام کرم کے بغیر اس لوک اور پرلوک کا سُکھ نہیں ملتا اور نشکام کرم کے بغیر چت شدہ نہیں ہوتا اور بچار و بیراگ و چت شدہ کا جو ماحصل گیان سو ملتا نہیں۔ اس سے نشکام دھرم ضرور کرنا چاہیئے۔ اب اس مطلب کے صداقت کے واسطے مثالاً سُرتی لکھتے ہیں۔

नैषा तर्केण मतिरापनेया प्रोक्तान्येनैव सुज्ञानाय प्रेष्ठ।
यान्त्वमापः सत्यधृतिर्बतासि त्वादृङ्नो भूयान्नचिकेतः
प्रश्न ॥ कठ० व० २।९ ॥

کٹھولی اوپنشد کی یہ سُرتی اُس موقع کی ہے جہاں پر نچکیتا نے جمراج کو خوش کرکے آتم گیان کی خواہش کی ہے ۔

تب جمراج نے کہا کہ تمام دنیا کا راج سونا ہاتھی گھوڑا درازی عمر لڑکا پوتا وغیرہ جو چاہو سو مانگو اس طرح پر ہر قسم کے لالچ سے جب نچکیتا آتم گیان کے آرزو سے نہ

ہٹاتب آتما کا اوپدیش بڑی محبت سے کیا اس موقع کی یہ سرتی ہے جس کا ترجمہ یہ ہے
کہ ہے پیارے شکھ نچکیتا جس کو آتم گیان میں نشچے ہے وہ عقیدہ ترک اور دلیلوں سے
دور نہیں ہوتا صاف عقل والے چیلے کو اور مضبوط گیان ہوتا ہے جس درجہ میں تو پہنچا
ہے ہے پیارے تو خوش ہوتا ہے حق پر قائم ہے تمہاری مانند سائل ہمارا لڑکا یا چیلا
ہو یہ ہم مانگتے ہیں۔ اس سُرتی میں بیراگ وغیرہ سادھنوں کے عامل ہونے سے نچکیتا
سے جمراج کو محبت کرتے سُنا ہے اس سے گورو مہراج بھی گورو کی محبت کا سبب
بیراگ وغیرہ عمل کا اُپدیش کرتے ہیں۔ بیراگ وغیرہ سادھنوں کا ذریعہ نشکام دھرم
ہے یہ بات سُرتی مذکورہ ذیل سے ظاہر ہے +

तमेतंवेदानुवचनेन ब्राह्मणाविविदिषन्तियज्ञेनदाने
नतपसाऽनाशकेन॥ बृ० अ०४ ब्रा०४।२२॥

ارتھ - برمھچیتن کو برمھ بھاو کی خواہش والے اور مُکت کے چاہنے والے لوگ
جگ دان تپ وغیرہ کرم رغبت و نفرت سے آزاد ہو کر کے جاننے کی آرزو رکھتے
ہیں۔ یعنے نشکام دھرم کو گیان کے واسطے خاص ذریعہ تبلایا ہے۔ اسی سے گورو
جی کا یہ مطلب ہے کہ نشکام دھرم سے (فعل بے تعلق ہو کر کرنا اور نتیجہ کی خواہش نہ
رکھنا) دل صاف ہوتا ہے اور صفائی دل سے بیراگ اور بچار وغیرہ ہوتا ہے اور
بیراگ و بچار وغیرہ سے گورو چیلے کو پیار کرتے ہیں تب اوپدیش دیتے ہیں اور اُس
اُپدیش سے پیدا ہوئے گیان تیرتھ میں اکھنڈ انبھو روپ اشنان ہوتا ہے یعنے
فنا فی اللہ ہوتا ہے۔

मति विच रतन जवाहर माणक जे इक गुरु की सिख
सुणी। गुरा इकदेहि बुझाई:। सभना जीया का इक
दाता सो मैं विसर न जाई ६॥

مت وِچ رتن جواہر مانک جے اِک گورو کی سکھ سُنی - گورا اِک دیہہ بوجھائی - سبھنا جیا کا اِک داتا سو میں بسر نہ جائی - ۶ -

جب گورو کی (اک) ایک بستو میں اوپدیش کو چیلا سُنتا ہے تب (مت وچ) بُدھ میں - جیسے جواہر موتی وغیرہ زیادہ چمکدار چیزیں اور چیزوں کو اپنے چمک سے روشنی دیتے ہیں ویسے ہی بُدھ میں جو آتما مثل جواہر وغیرہ کے چمکدار ہے اپنے چمک سے روشنی دیتا ہے - مطلب یہ کہ گورو کے اُپدیش کو سُن کر کے چیتن آتما کو بُدھ (عقل) میں جان لیتا ہے - پرماتما بے مثال ہے اس کا کوئی ثانی نہیں ہے لیکن چیلے کے سمجھانے کے واسطے جو دنیاوی چیزوں میں سے نفیس اور عمدہ چیزیں ہیں اُنہیں سے مشابہت دیکر بتلایا جاتا ہے پرماتما کے نور سے تمام جہان منور ہو رہا ہے چہ جائیکہ جواہر دموتی وغیرہ -

شعر

معمور ہو رہا ہے عالم میں نور تیرا - ہر شے میں دیکھتا ہوں رنگ وظہور تیرا -

پونڈی کا ارتھ یہ ہوا کہ بُدھ میں خود بخود روشن مثل ستر وجواہر کے چیتن دیو سب دیہوں میں ایک روپ گورو نے بتایا ہے - وہی سب جیوں کے پھل کا داتا ہے - سو میں ہوں اسی سے ہم کو بھولتا نہیں - اب اسی رمز کو برہ دارون اوپنشد کی سُرتی سے جس کا ترجمہ ذیل میں درج ہے ثابت کرتا ہوں - برہ دارُن اوپنشد - ججر بید - الکھ پرکاش +

سوال - راجہ جنک کا جاگولک سے مخاطب اُس پُرش لاثانی کا کون ہے -

جواب - آفتاب ہے کیونکہ انتظام عالم کا اس کی روشنی سے ہوتا ہے اور سبب تمام حرکات اور افعال کا آفتاب ہے

سوال - جب آفتاب غروب ہوتا ہے اُس وقت اُس کا نور کہاں جاتا ہے -

جواب - چاند میں کہ چاند کی روشنی سے انتظام عالم کا ہوتا ہے -

سوال - جب آفتاب اور چاند نہیں ہوتا ہے تب کہاں جاتا ہے -

جواب - چراغ اور مشعل اور آگ ہیں کہ انتظام عالم کا ان کی روشنی سے ہوتا ہے -

سوال - جب یہ تینوں نہیں ہوتے ہیں تب نور کہاں رہتا ہے -

جواب - آواز ہیں کہ بوقت تاریکی کے آواز کے سماعت سے آمد و رشد اور کاروبار ہوتا ہے -

سوال - جب یہ چاروں نہ ہوں تب روشنی کہاں رہتی ہے -

جواب - تب آتما ہیں کہ عقل سے کام کرتے ہیں اور یہ سب سے اعلیٰ ہے کیونکہ اس کی ضرورت ہر حال میں ہوتی ہے -

سوال - آتما کیا چیز ہے -

جواب - سراپا عقل اور علم کیونکہ تمام عمل علم اور عقل سے ہوتے ہیں اور جاہل اور نادان عالم اور عاقل کی مدد سے کام کرتے ہیں اور یہ پہان کے ہمراہ بصورت علم کے عالم میں بیاپک ہے "

عبارت متذکرہ بالا سے گورو مہراج کے پاک کی تائید ہوتی ہے کہ بدہ میں گورو کے اوپدیش سے چیتن پرماتما کا پرکاش ہوتا ہے - اب پانچویں و چھٹی پونڈی کا خلاصہ لکھکر ساتویں پونڈی کا آغاز کرینگے -

تو مجہول ہے اور نہ معقول ہے — نہ انکار قدرت کا تو مول ہے
وہی تجھکو پاوے کرے جو تلاش — سدا نام تیرا بھجے سب قماش
بھجے نام اور دل میں رکھے جو چاہ — مبرا رہے دکھ سے سکھ سے نباہ
تو الہام غیبی ہے تو بید ہے — تو ہی سب کا ماوائے امید ہے
تو ہی بش ہے اور برمھا تو ہے — تو ہی ایشور اور بھو کرمان تو ہے
تو ہی تینوں دیووں کے شکتی کا روپ — تیرا روپ سب سے ہے اوہ بدہ انوپ

حقیقت تیری مجھ سے کب ہو بیان کہ قاصر ہے سب طرح کام و زبان
جب تک گوروں میں اہا نہ چنیہاں کوٹ انتر پٹ بچ ہت دیہاں
جب چنیہاں تب اور نہ کوئی تن من جیو جوبن سب سوئی
یہ ارشاد نانک سدا یاد ہو سدا اچھے مرشد سے فریاد ہو۔ ۵۔
جہاں میں جہانتک ہے روی زمین بغیر از عمل کچھ بھی ملتا نہیں۔
کرے غسل تیرتھ جو ہے قاعدہ نہیں اُس کی مرضی تو کیا فائدہ
وہ مرشد حقیقی ہے پروردگار نہیں شرک سے اُسکو ہرگز ہے کار
وہ رزاق ہے اور ہے پرتپال کرے دم میں جاہے وہ جسکو نہال
ہدایت جو مرشد کی دل سے نباہے تو گویا جواہر و موتی بنا ہے
میں کرتا رہیہ منہ دیکھا دوسر اور بھرم کر لیکھا
بُوند سُمند جس ہووے (ملا ہوا) تمیرا گاہرائے تس ملے نہ ہیرا
رنگ پان بلا جس ہوئی آپہہ کھوے رہا ہوئی سوئی
یہ احکام نانک رہیں یادگار سدا اچھے مُرشد سے ہووے پکار۔ ۶۔

जेजुग चारे आरजा होर दसुणी होय। नवा खण्डा विचि जाणीये नाल चले सभ कोय। चंगा नाउ रखाय कै जसकीरति जग लेय॥

جے جُگ چارے آرجا ہور دسونی ہوے۔ نوا کھنڈا بچ جانئے نال چلے سب کوے۔ چنگا ناو رکھایکے جس کیرت جگ لئے۔

جو کسی سکام کرم کرنے والے شخص کی (آرجا) عمر چاروں جگ کے برابر ہو اور چاروں جُگ سے (ہور) اور (دسُونی) دس گُنا ہووے یعنے چالیس جُگ اور چار ملاکر چوالیس جگ کی عمر ہووے اور نو کھنڈ میں سب جگہ (جانئے) مشہور

ہووے سب نوکھنڈ کے لوگ اُس کے ناموری کے واسطے ساتھ چلیں اور نام بھی
اُس کا سب سے اعلےٰ ہو اور تمام عالم میں جہاں وہ شخص جاوے اپنے نیکی وبہبودی
کو سنا کرے ۔ بھارت ۔ کم پورکھ ۔ ہر برکھ ۔ کیت مال ۔ بھدر اشو ۔ رنتر ک ہرن کے
اوتر کورُ ۔ الاوَرت یہ نوکھنڈ ہیں ۔ اِن کا عرض وطول بہت ہے پرماتما کی سرشٹی کی
انتہا نہیں پورانوں میں اِن کا عرض وطول لکھا ہوا ہے فضول کا غذ رنگنے سے گریز
کر کے اس جگہ پر قلمبند نہیں کرتا ہوں ۔ اب کہتے ہیں کہ اگر ایسا شخص ہووے جیسا
اوپر لکھ آئے ہیں اور گیان نہ ہووے تو اُس کی کیا حالت ہے ۔

जे तिस नदर न आवैई त वात न पुछै के कीटा अन्दर कीट कर दोसी दोस धरे

جے تِس ندر نہ آوئی تا بات نہ پوچھے کے کیٹا اندر کیٹ کر دوسی دوس دھرے +

جو اُس کو (ندر) سروپ کا جیوں کا تیوں یعنے جیسا چاہئیے ساکشات کار معنی
حق الیقین (نہ اوئی) نہ حاصل ہووے (تا) تب اُس کی (کے) کوئی بھی موکش یعنے
نجات کا چاہنے والا بات نہیں پوچھتا اور مرنے کے بعد اگر بُرے افعال زیادہ
ہووے ہیں تو کیڑے سانپ وغیرہ کے (اندر) بھیتر کیٹ کرا جاتا ہے یعنے ان کا
جسم دھارن کرتا ہے اور اگر سکام کرم یعنے با تعلق افعال زیادہ ہیں تب راگ دویش
غیبت و نفرت والے لوگوں میں دوکھ والا یعنے ناقص شمار کیا جاتا ہے ۔

کبت

بدّھ بڑی چترائی بڑی اور سُندرتا تن میں لپٹی ہے
نام بڑو دھن دھام بڑو اور کیرت ہو جگ میں پر گٹی ہے
گج جھومت دوار متنگ رہیں اندر ہوتے نہ ایک گھٹی ہے
تلسی رگھوناتھ کے بھگت بنا جیسے سندر نار کے ناک کٹی ہے

नानक निरगुणि गुण करे गुणवंतिया गुण दे।
तेहा कोय न सुझई जि तिस गुण कोय करे। ७ ॥

نانک نرگن گن کرے گن دیتیا گن دے۔ تیہا کوئی نہ سوجھئی جی تس گن کوئی کرے۔

سری گورو نانک جی کہتے ہیں جو نشکام دھرم کرنے والے (نرگن یعنی بیراگ بچار وغیرہ گنوں سے رہت ہو یعنے محروم ہو تو پرمیشر نشکام دھرم سے خوش ہو کر ان لوگوں میں بیراگ وغیرہ گنوں کو پیدا کرتا ہے اور (گن دیتیا) بیراگ وبچار وغیرہ خاصیتوں سے پورن لوگوں میں (گن) سروپ گیان کو پیدا کر دیتا ہے اور (تیہا) تیسا یعنے ایسی چیز (کوئی نہ سوجھئی) کوئی نہیں دکھلائی دیتی (جی) جو اس پرمیشر کو کسی گن یا دوکھ سے موصوف کر سکے۔ مطلب یہ کہ پرمیشر ایک رس ہے اور سب صفتوں سے مبترہ ہے اور مطابق کرم کے سب کو نتیجہ دیتا ہے۔

श्वोभावा मर्त्यस्ययन्दत कैतत्सर्वेन्द्रियाणांजरयन्ति तेजः ॥ अपिसर्वं जीवितमल्पमेवतवैववाहास्तवनृत्यगीते २६ नवित्ते न तर्पणी योमनुष्यो लप्स्यामहेवित्तमद्राक्ष्मचेत्वां। जीविष्यामोयावदीशिष्यसित्वंवरस्तुमेवरणीयः सएव २७ कट० व०१ ॥

اس پونڈی میں "۲۶ جگ سے" لیکر "۲ تا بات نہ پوچھے کوے" تک درازی عمر و ناموری دنیاوی وغیرہ سب چیزوں میں بیراگ کا اپدیش کیا ہے ایسا ہی اپدیش سرتی مندرجہ بالا میں بھی کیا ہے جس کا ارتھ یہ ہے کہ جب نچکیتا کو جمراج نے کہا جو تیرا دل چاہے طلب کریں تجھ کو عطا کرونگا تب نچکیتا نے اتم گیان یعنے علم الہی کے پانے کی درخواست کی تب ملک الموت نے جواب دیا کہ دولت دنیا اور کثرت اولاد اور سلطنت روی زمین اور آزادی عمر اور اقسام نعمت طعام اور

شراب اور لباس اور اسباب جو تجھکو درکار ہو طلب کر اس کی حقیقت استفسار نہ کر تب
نچکیتا نے کہا جن نعمتوں سے تم متوقع کرتے ہو یہ سب فنا پذیر ہیں خدا جانے کل
کون جیئے کہ مرنے کے بعد یہ سب بیکارہ ہو جاتی ہیں اور اُن کے پانے سے
پانے والا سیر بھی نہیں ہوتا ہے اور افزایش کو حرص رہتا ہے پھر ان کو میں
کیا کروں جب میں ایسے عظیم المراتب کے حضور میں حاضر ہوا مجھکو تحقیقات
اور طلب نعمت عظمےٰ کا چاہیے اور ناچیز اور بے حقیقت اشیا کا طلب کرنا بھی
پست ہمتی ہے تمام جہاں پیری اور موت اور عاقبت کے خوف سے ڈرتا ہے
پس میں آپ کی مہربانی سے اس بیم اور رجا سے نجات حاصل کروں - تب
ملک الموت نے خوش ہو کر کہا کہ تو طالب راہ معرفت کا ہوا پس لایق تعریف ہے -
تو نے ضرور دنیا اور اُس کی لذات کو فانی سمجھا ہے -

اور "کیٹا اندر" سے لے کر اخیر پونڈی تک ایک تو نیچ کرم سے نیچ جنم کا ملنا
اور اچھے کرم سے راجسی اور ساتوکی جنم کا ملنا گورو مہاراج نے کہا ہے اور دوسرے
آتم سروپ میں کلپت یعنے فرضی پرپنچ یا سنسار کا گُن یا دوکھ نہ ہونا کہا ہے -
یہ سب باتیں سُرتی جو ذیل میں تحریر ہے ثابت کرتی ہے

तद्य इह रमणीयचरणा अभ्याशो ह यत्ते रमणीयां
योनिमापद्येरन् ब्राह्मणयोनिं वा क्षत्रिययोनिं वा वै
श्ययोनिं वाथ य इह कपूयचरणा अभ्याशो ह यत्ते क
पूयां योनिमापद्येरन् श्वयोनिं वा सूकरयोनिं वा चंडा
लयोनिं वा ७ अथैतयोः पथोर्न कतरेणचन तानीमा
नि क्षुद्राण्य सकृदा वर्त्तीनि भूतानि भवन्ति जायस्व
म्रियस्वेत्येतत्तृतीयं ८ स्थानम् छान्दो० अ० ५ खंड० १०॥

کبت

کیٹ پتنگ کرے پسُو پنچھی اوہوگت میں جل جیوں بھاوے
کے سُرلوک بسیرو کرے کبھوں سُرراج کی سمپت پاوے
مانکھ ہوے سکھ دُکھ سہے گھراوپنچ کی پنچ جونے پرگٹاوے
اُتم ایک ببیک بناں یہ بھانت سوجیوں کرم بناوے
پُن کرے سُرلوک بسے اتِ پاپن تے سب نرکن دہاوے
پُن اوپاپ سماں دوہوں میں مانکھ کے کل میں جیب چھاوے
جوسکھد یو للاٹ لکھیو سو گھٹے نہ بڑھے اروجائے نہ آوے
اُتم ایک ببیک بناں یہ بھانت سوجیوں کرم بناوے

ترجمہ بہشت سے نکلکر جب اس دُنیا میں آنے کو ہوتے ہیں تو اگر جیووں کے افعال حسنہ کی تعداد زیادہ ہے تو برہمن چھتری بَیس کے خاندان میں جنم لیتے ہیں اور جو افعال قبیحہ کے نتیجہ کی زیادتی ہے تو کتا سُور چانڈال کی شکل میں قابل نفرت جنموں میں پیدا ہوتے ہیں اور جو شاستر کے مطابق کرم اوپاسنا کے طریقوں سے محروم ہیں وہ تناسخ سے آزادی نہ پاکر رزیل سے رزیل جنموں میں پیدا ہوتے ہیں اور مرتے ہیں اس طرح کے کرم کرنے والے نجات نہیں پاتے ہیں ایسے کرم کانڈی جیووں کا بغیر صحبت نیک و عنایت پرماتما جلدی نجات پانا مشکل ہے اور پرمیشر کے کرپا سے نشکام دھرم اور بیراگ وغیرہ حاصل ہوتا ہے اب اس قدر اور ثابت کرنا ہا کر فرضی عالم کے کوئی عیب و ہنر پرماتما کو ملوث نہیں کر سکتے اس امر کی تائید میں سُرتی لکھتے ہیں -

सुर्य्यो यथा सर्वलोकस्य चक्षुर्नलिप्यते चाक्षुषैर्बाह्यदो
षै : ॥ एकस्तथासर्व भूतान्तरात्मानलिप्यते लोकदु:

रवेनबाह्य : ॥ ११ क० ० च० ५ ॥

جیسے کہ ایک آفتاب جہان کا نورچشم ہے اگر کسی کی آنکھ میں ضرر پہونچے یعنی اندھا ہوجاوے کچھ سُورج میں نقصان نہیں ہوتا ہے آفتاب پاک اور ناپاک پر روشن ہوتا ہے کسی کی پاکی اور ناپاکی آفتاب میں موثر نہیں ہوتی ہے کہ وہ منزہ ہے اسی طرح ایک پرماتما جو اندر و باہر ہے سنسار کے رنج و راحت سے موثر نہیں ہوتا ہے کیونکہ وہ سب میں محیط ہے اور سب سے منزہ یعنے الگ ہے۔ اس موجودات کے وجود اور عدم سے اُس کی حالت میں کچھ تغیر و تبدل نہیں ہوتا ہے وہ ہمیشہ قایم بالذات ہے +

اب اس ساتویں پونڈی کا خلاصہ لکھکر ندھیاس (حق الیقین) کو جو گیان کا خاص الخاص اور قریب سے قریب طریقہ ہے حاصل کرنے کے واسطے منن (عین الیقین) اور سرون (علم الیقین) کو بیان کرینگے۔

سوال۔ سرون و منن کو تو گورو مہاراج نے ہدایت کی ندھیاسن کا اوپدیش صاف طور پر نہیں معلوم ہوتا ہے۔

جواب۔ جب سرون و منن ڈرہ یعنے مضبوط ہوتا ہے تب ندھیاس اُن دونوں کا نتیجہ یعنے پھل ضرور ہوتا ہے اور تدبیر کی ضرورت نہیں ہوتی اسوجہ سے گورو مہاراج نے علیحدہ اِن کا اُپدیش نہیں کیا۔ ایک اشلوک میں سربگ مُن نے ندھیاس کا سروپ بیان کیا ہے۔

श्रवण मनन वुद्ध्योर्जातयोर्यत्फलंतन्निपुणमतिभिरु
वैरुच्यते दर्शनाय ॥ अनुभव न वि हि: नायैवमेवेति
वुद्धि : श्रुतमनन समाप्तौतन्निदिध्यासनेहि १ ॥

سرون اور منن روپ بُدھی کے پیدا ہونے اور مضبوط ہو جانے کے بعد ندھیاسن

جو اُس کا نتیجہ اور پھل ہے عقلمند لوگ بیان کرتے ہیں بغیر انبھو کے سرون اور منن کے اختتام ہیں جو بُدھ ہے سو ندھیاسن ہے ندھیاسن کے بعد ببتو کا جیوں کا نیوں ساکشات کار ہوتا ہے - خلاصہ سٹیرھی ختم -

اگر عمر میں کوئی معقول ہو — یہاں تک کہ اپد الدہر طول ہو
امیری میں معروف مشہور ہو — ویا زہد و تقوی میں منظور رہو
سدا عمر بھو نیک نامی کمائی — کوئیں باولی اور مندر بنائی
جو رخ جانب حق نہ لاوے کبھو — تو سب ہے عبث طول ہے گفتگو
کرم پوچ ہے اور الزام ہے — گناہوں سے پُر ہو یہ انجام ہے
کرم سرشٹ سے سرشٹ کا یا ملے — کرم بھرشٹ سے بھرشٹ کا یا ملے
نہ ہو مکت اس طرح کے کرم سے — نہو گیان انبھو دُوی بھرم سے
کریں دھرم جو دھرم نشکام کو — انہیں دیوے بیراگ انجام کو
بیبک اور بیراگ جس کو ملی — اُنہیں گیان بگیان ایشر نے دی
وہ قادر حقیقی ہے یہ جو دہے — کرندموم بخشش سے محمود ہے
گورو کا یہ ارشاد سو ہے بجا — کر اچھے دلوں سے رہے یہ صدا

اب پہلے سرون کی تعریف گورو جی کرتے ہیں -

सुणिये सिद्ध पीर सुरनाथ:

سُنئے سدہ پیر سُر ناتھ -

سرون کرنے سے سدہ پورکھوں کا (پیر) گورو روپ ہوتا ہے جیسے ہٹھ پر دیپکا گرنتھ (हठप्रदीपिका ग्रंथ) میں یہ لکھا ہے کہ ایک مرتبہ سری شیو جی کسی ملک میں بھگوتی پاربتی کو جوگ بدیا سُناتے تھے اور اُن کے پاس ایک مچھلی मत्स्य کا بھی اُس علم جوگ کو سُنکر چت قایم ہو گیا تب بھگوتی نے اُس کی یہ حالت

دیکھ کر سری شیوجی سے پوچھا کہ ہے بھگوان یہ چل کی رہنے والی مچھلی چنچل سو بھاو والی کیسے استھر چت ہو گئی تب شیوجی نے کہا یہ سرون کا پھل ہے جو جوگ بدیا اس نے سُنا ہے اُسی کا یہ نتیجہ ہے تب بھگوتی کے کہنے سے اس تس یعنے مچھلی کو منکھ روپ جوگ بل سے بنایا اُس کا نام متسیندر ناتھ (मत्स्येन्द्र नाथ) رکھا اُسی کو مچھندر ناتھ کے نام سے بھاکھا کی بول چال سے کہتے ہیں وہی مچھندر ناتھ گورکھ ناتھ وغیرہ سدھوں کو اوپدیش دے کر اُن کے گورو ہوئے یہ سرون کا پربھاو ہے اور سرون کے پربھاو سے ہی اندر (سُر) دیوتوں کا (ناتھ) سوامی یعنے مالک ہوا جب تک اندر نے پرجاپت گورو سے آتم بدیا کو نہیں سُنا تھا تب تک ظاہری دشمن بیروچن وغیرہ اور باطنی دشمن کام کرودھ وغیرہ اُس کو تکلیف دیتے رہے جب پرجاپت گورو سے سُن کر آتم بودھ ہوا تب ظاہری دشمن بیروچن وغیرہ کو فتح کر کے اور باطنی دشمنوں کو یعنے کام کرودھ وغیرہ کو ناش کر کے دیوتوں کا ناتھ یعنی راجہ اندر ہوا یہ سرون کا پربھاو ہے سُرتی متذکرہ ذیل سے یہ ثابت ہے -

सयावद्ध्वा इन्द्र एतमात्मानंनविज ज्ञेताबदेन मसुरा अभी वभूवुः सयदाविजज्ञे ऽ यहत्वा ऽ सुरान् विजित्यसर्वे षाञ्च देवानां सर्वेषा ञ्चभूतानां श्रैष्ठ्यं स्वाराज्यमाधि पत्यंपर्यैत् तथोएवैवं विद्वान् सर्वान् पाप्मनो ऽ यहत्य सर्वेषांच भूतानां श्रैष्ठ्यं स्वाराज्य माधि पत्यंपर्यैतिय एवं वेद ॥ कौषीतकि० अ०४। श्रुति २०॥

وہ مشہور اندر دیوتا جب تک آتما کو سرون وغیرہ سادھنوں سے نہیں جانتا تھا تب تک اُس کو بیروچن وغیرہ اور کام کرودھ وغیرہ دشمن ستاتے تھے اور جب آتما کو جان گیا تب دشمنوں کو فتح کر کے اور قتل کر کے سُر ناتھ یعنے سب دیوتوں کا مالک

اور سردار ہوگیا اسی طرح اگر کوئی دوسرا بھی جانے اور سُنے توسب پاپ کو ناش کر کے سب کا مالک آزاد اور افسر ہوجاوے اندر نے ایک سوایک برس گورو کی سیوا کر تینوں حالتوں کی ناظر پرماتما کو سرون وغیرہ سادھنوں سے جانا یہ بات چھاندوگ اوپنشد کے آٹھویں ادھیائے میں لکھی ہے۔ اس موقع پر گوروجی نے سِدہ متسندر ناتھ اور راجہ اندر کو سرون کے پرتاب یعنے علم الیقین کے فضل سے اعلےٰ درجہ پر پہونچنے کے مثالوں سے سرون کی تعریف کی ہے۔

सुणिये धरति धवल आकाश। सुणिये दीप लोय पाताल। सुणिये पोहि न सके काल ॥

"سُنئے دھرتی دھول اکاش۔ سُنئے دیپ لوے پاتال۔ سُنئے پوہ نہ سکے کال"

سُننے سے پورکھ (دھرتی) زمین کی خاکساری کی صفت کو قبول کرتا ہے یعنے انکساری آجاتی ہے۔ زمین پر سب پاؤں رکھتے ہیں اور سب سے دبی رہتی ہے لیکن اہنکار نہیں کرتی کوئی اس کو چاہے کھود ڈالے اور چاہے چندن لگادے ایکساں حالت رہتی ہے چھما کا جو گن اس میں ہے وہ قائم رہتا ہے اسی گن کو سُننے والے لوگ پاتے ہیں یعنے وہ بھی کسی پر غصہ نہیں کرتے۔ سُکھمنی کا پد ہے۔

"برھم گیانی کے دھیرج ایک جیوں بسودھا کو دکھودے کو چندن لیپ"

"جاکا من ہوے سکل کی دینا ہر ہر نام تن گھٹ گھٹ چینا"

اور سُننے سے (دھول) نرمل اکاش جیسے سب کا ادھار ہے ویسے ہی گیانی برھم روپ سے سب کا مخزن یعنے ادھشٹان ہوجاتا ہے اور جیسے (دیپ) چراغ تاریکی کو دور کر کے مکان کے اندر کی سب چیزوں کو مکین پر روشن کردیتا ہے ویسے ہی سرون کرنے والا گیانی اپنے اوپدیش سے جو مثل چراغ کے ہے اگیانی کے ہردے

کو جس میں خواہشات تعبیہ بھری ہوئی ہیں صاف کر کے جتنی ست است چیزیں ہیں سب کو اُس پر یعنے اگیانی پر ظاہر کر دیتا ہے۔ اور جیسے (دیپ) یعنے ملک دو طرف صاف پانی سے گھرا ہوا ہے ویسے ہی سُننے سے گیان کے چاہنے والے لوگوں سے صاف دل سرون کرنیوالا گھرا ہوا رہتا ہے اور (لوے) پرکاش جگت انترکش لوک یعنے روشن عالم اعراف جیسے سورج و چاند نچھتروں سے معمور ہے ویسے ہی سرون کرنے والا پورکھ نرمل چت برتیوں سے یعنے راگ دویش رہت خیالوں سے معمور ہے یعنے بھرا ہوا ہے۔ اور (پاتال) زمین کے سات طبق جو سات پاتال کہلاتے ہیں عاجزی کی خاصیت سے ملے ہوئے جانئے ویسے ہی سرون سے ادھکاری بہت ہی عاجز ہو جاتا ہے یعنے غرور نہیں کرتا ہے کہ میں فلاں چیز ہوں میں ایسا ہوں مثالاً عالم ہوں یا دولتمند ہوں ایسا نہیں گنتا اس جگہ پر اتنا اور سمجھ لینا چاہئے کہ مثال تین طرح کی ہوتی ہے ایک تو یہ کہ حرف بحرف مطابقت ہو دوسرے یہ کہ مثال دئے ہوئے لفظ یا جملے کے کسی حصہ سے مثال دینے والے کا مطلب نکلتا ہو۔ تیسرے یہ کہ مثال دئے ہوئے لفظ یا جملے کی صفت سے ثابت کرنے والے کے گفتار کی صداقت ہوتی ہو۔ اس وجہ سے گورو مہاراج نے جو سرون کے سادھنے والے لوگ ہیں اُن کو جو بہت مثالوں سے دکھلایا ہے سمجھنے والے کو چاہئے کہ جہاں پر بات کی جس قسم کی مثال سے تائید ہو وہاں ویسے سمجھکر یقین کرنا چاہئے اب آگے گورو مہاراج فرماتے ہیں کہ سرون کرنے والے کو کال (پوہ نہ سکے) چھو نہ سکے یعنے موت نزدیک نہ آ سکے موت جسم و پران کی جدائی کو کہتے ہیں جب سرون کرنے والے پورکھ نے اپنے آپ کو ان مے پران مے منومے بگیان مے آنندمے کوشوں سے علیحدہ جانا تب موت اُس کے آتما کو نہیں چھو سکتی پانچوں خزانوں یا درجوں سے اپنے کو باہر خیال کرتا ہے۔

"سمر داس گر تار کنہہ کہ کا لہہ جاے بھولاے ۔ جگت ڈرے سکال کا تم کا کال ڈرلے"
اس رمز کو شرتی مندرجہ ذیل بھی بیان کرتی ہے ۔

सयश्चायंपुरुषे ।
यश्चासावादित्ये । सएक : । सय़एवंवित् । अस्माल्लो का
त्प्रेत्यं । एतमन्नमयमात्मानमुपसंक्रम्य़ । एत प्राणामय़मा
त्मान मुपसंक्रम्य । एतमानंदमय़मात्मान मुपसंक्रम्य़ ।
इमांल्लो कान्क्ना मान्नी कामरूप्यनुसंचरन् । एतत्साम्मगा
यन्नास्ते । हा३वुहा ३वुहा ३वुअहमन्नमहमन्नमहमन्न
म् । अहमन्ना दो ३ऽ हमन्नादो ३ऽ हमन्नाद : । अहथं
श्लोक कृदह थं श्लोक कृदह थं श्लोक कृत् । अहम
स्मि प्रथमजा ऋता ३ स्य । पूर्वं देवे भ्यो अमृतस्यना ३
भायि । योमाद दाति सइदेवमा ३ वा : । अहमन्न मन्न
मदन्तमा ३ द्मि । अहंविश्वं भुवनमभ्य भवा २ म् । सुव
र्न ज्योती : यएवं वेदं ॥ तैतरीय० खड० १० ॥

ان مے پران مے منو مے بگیان مے آنند مے یہ پانچ کوش کارن سوکشم استھول شریروں میں ہوتے ہیں ۔ استھول شریر تو ان مے کوش ہے سوکشم شریر میں تین کوش ہیں پانچ کرم اندری اور پانچ پران تو پران مے کوش ہے اور پانچ گیان اندری اور بدھ بگیان مے کوش ہے اور کارن شریر میں آنند مے کوش ہے یہ ابدیا اور اگیان ہے جو چیز نہ ملے اور اچھی معلوم ہو اُس وقت کے خیال کو انند مے کوش میں سے ہونا کہتے ہیں ۔ آنند بلی ۔ اُپ نکھد میں پانچوں کوش یعنے خزانوں کو اس طرح پر لکھا ہے ۔

* एतं मनोमय मात्मानमुपसंक्रम्य
एतं विज्ञानमय मात्मानमुपसंक्र म्य

+ [illegible]

۱۔ ان مے کوش کی تعریف میں

بھوت آکاش برمھ سے ظاہر ہوا۔ پون آکاش سے ظاہر ہوئی۔ اگن پون سے ظاہر ہوئی۔ جل اگن سے پیدا ہوا۔ مٹی جل سے پیدا ہوئی۔ جمادات پرتھی سے ہوے۔ نباتات جمادات سے اُگیں۔ غذا یعنے غلہ وغیرہ نباتات سے بنے۔ حیوان مطلق و ناطق غذا سے تولد ہوئے۔

جیو آتما کو ایک پرند تصور کرو اور تمام اجرام و اجسام کو اس کا جسم مثل سر اور ہاتھ اور پاؤں اور دُم اور تمام جہان کے قلوب کو اُس کا گھونسلہ۔ پس سب کے دلوں میں جو جان ہے وہی پرند ہے۔ تلے سے ناف تک اُس کی دُم ہے اس وجہ سے زمین پر رہتے ہیں اور غذا سے پیدا ہوتے ہیں اور زندگی کرتے ہیں اور فنا بھی اُسی میں ہوتے ہیں یہ غذا سب کی دوا ہے پس جو غذا کی تعظیم کرے اور اُس کو مشرف جانے وہ شرف پاوے کیونکہ بدن غذا کا مخزن ہے اور بدن کے اندر پران ہیں اور پرانوں سے بدن پُر ہے۔ بید کی سُرتی ہے کہ غذا سے سب جاندار پیدا ہوے اور زندہ رہتے ہیں جو کوئی اس کو برمھ جانے وہ تمام نعمت پاوے+

۲۔ پران مے کوش کی تعریف۔

پران بایو کو سر اُس پرند کا فرض کرو۔ بیان بایو کو دہنا ہاتھ۔ اودان بایو کو بایاں ہاتھ۔ سمان بایو سے تمام جسم پُر ہے۔ اپان بایو دم ہے اور یہ مقام قیام اُس پرند کا ہے۔

بید کی سُرتی ہے کہ پران خلاصہ غذا کا ہے اور تمام فرشتے اور حیوان ناطق اور مطلق اس کے سبب سے متحرک ہیں اور پران اور حیات مترادف ہے اور اس سے عمر طبعی پاتا ہے اور حیات معلوم ہوتی ہے۔

۳۔ منو مے کوش کی تعریف

درمیان دل اور پران کے جو ہے اُس کو ایک پرند فرض کرو۔ مجر بید
اُس کا سر ہے۔ رگ بید اُس کا دہنا بازو ہے۔ شام بید اس کا بایاں بازو
ہے۔ عمل کرنا بموجب احکام بید کے یہ اس کی جان ہے۔ اتھربن بید اُس کی دم
ہے۔ برمھ وہ ہے جہاں گویائی کو رسائی کی مجال نہیں ہے جو یہ سمجھے وہ عین
سرور ہو جاوے اور کسی طرح سے رنج نہ پاوے اور یہی بید کی سُرتی ہے +

۴۔ بگیان مے کوش کی تعریف۔

دل اور دل کا خزانہ ایک ہی ہے اور آتما خزانہ پران کا ہے اور عین پران
ہے اور اُس کے درمیان خزانہ بگیان کا ہے اور وہ عین بگیان ہے اور دل میں بھرا
ہے بگیان کو بھی ایک پرند قرار دو۔ اعتقاد اس کا سر ہے۔ نتیجہ اعمال نیک اُس کا
دہنا بازو ہے۔ راستی اُس کا بایاں بازو ہے۔ استغراق و محویت ذات پاک میں
اُس کی جان ہے۔ عقل کل اُس کی دم ہے اور عقل سے سب کام درست ہوتے
ہیں۔ بید کی سرتی ہے کہ جس کو علم ہو وہ محتاج جگ وغیرہ اعمال کا نہیں رہتا ہے
پس چاہئے کہ علم کو مکمل کرے کہ دیوتا سب اس کی طفیل برمھ سے لین ہوئے ہیں
کیونکہ جو عالم ہوا اُس سے حرکت نالایق نہیں ہوتی ہے اور آرزو اور خواہش اُس سے
جاتی رہتی ہے پس گناہوں سے بری ہوتا ہے +

۵۔ آنند مے کوش کی تعریف۔

جب لذات محسوسات کو ناچیز سمجھے اس مرتبہ میں پہنچے۔ اس کو بھی ایک پرند
قرار دو محبت اس کا سر ہے۔ وصل مطلوب۔ دہنا ہاتھ ہے۔ یاد اور تصور محبوب
بایاں ہاتھ ہے۔ مسّرت اُس کی دُم ہے اور یہی جاے قیام ہے۔ بید کی سُرتی
ہے کہ جو اس ہستی کو نیست سمجھے وہ ہستی ظاہری سے نیست ہو جاوے اور جو
اس کی ضد پر سمجھے ضد پہ نتیجہ پاوے۔ سب دانشمند اس راہ کو سب سے فوق

دیتے رہتے ہیں"۔

رام گیتا میں سری رامچندر جی نے لچھمن جی سے فرمایا ہے کہ

برگٹ گوپت کے پرے ہے پرمانم کرتا — نت ست چد آنند گمن تربھون کے ادہار
پنچ کوس کو سنگ کہ تداکار بلگائی — ہے وہ وہ تے بھن پربھو کون کہے پتیائی
جیسے پھٹک پکھان میں سُرخ آدی رنگ — تیسے بہاست ہوت ہے آج او دے جڑ سنگ
بُدہ برت جب لگ اہے تب لگ ہے سنسا — یہی مول اگیان کو یا میں بھرا بکار
نہیں ست وہ جگت پہل جھوٹھ ماں تج دیو — سُدہا رساین نام رس ہردے جاگھ تم لیو
کبھوں جیوں جنمے مرے گھٹے وہ نانہہ — بڑھے نہ بیچھے وار ہے پورن سب گھٹ مانہہ

کبت - من ہرن

ان مے تھول جان پران پرانا ہیں سماں پانچ کرم اندری اور من مانو مے ہے
پانچ گیان اندری اور بُدہ ہے بگیان مے کارن ابدیا سو تو آنند ہیں لے ہے
تین دیہہ مانہہ پنچ کوس سکھدیو کہے تنکے بچار دیکھو بھرم ہی کو بھے ہے
کوس کی نہ کو وکھے دیہہ ون سو وو ایک آتما کو جو وو جانیو آنند کو چھے ہے
ان مے کوش سو تو پنڈ ہے پرگٹ یہ پران مے کوش پنچ بایو ہی بکھانئے
منو مے کوش پنچ کرم اندری ہیں پر سدہ پنچ گیان اندری بگیان کوش جانئے
جاگرت سوپن بکھے کہئے چتوار کوش سکھو پتی ماہ کوش آنند میں مانئے
پنچ کوش آتما کو جیو نام کہیت سُندر شنکر بھاشیہ سانکھ یہ آنئے

پران آتش عزیزی ہے اور ہضم کرنا طعام کا اس کا کام ہے اور یہی پرماتما ہے کہ پانچوں قسم کی ہوا ان کے جسم میں سماتا ہے اور سب کی لذت لیتا ہے اب میں اس غذا سے اسودہ ہوا تمام عالم مثل میرے آسودہ ہو جاوے آتما سے کہے کہ اے آتما فنا کرنے والی تو ہے اور پیدا کرنے والی بھی تو ہے یہ طعام جو میں نے کھایا ہے تجھے پہنچے۔

پیدا کرنے والے عالم نے تمام جہان کو غذا کی رسی سے باندھا ہے اور غذا کے بس میں ڈالا ہے چاہیئے کہ غذا کو آتما سمجھ کے غذا کی تعظیم کرے پس سمجھو کہ غذا سے حیات اور حیات سے تمام کام کر سکتا ہے اور اس سے آتم گیان ملتا ہے۔ غذا آدمی کی غلہ ہے اور غلہ کو آن کہتے ہیں اور آن کے دو حرف ہیں۔ آ - نَ - ا کے معنے خورندہ - ن کے معنے خوراک ہیں غرضیکہ غذا کو خورندہ غذا کا کھاتا ہے اور خورندہ غذا کو غذا کھاتی ہے۔ اور خلاصہ غذا (ان مَے) کا پران (پران مے) ہے اور خلاصہ دل (منومے) کا عقل (گیان مے) ہے اور عقل کا خلاصہ سرور (آنند مے) ہے۔ جس کو یہ علم ہووے اور غذا اور راستی اور دل اور عقل اور علم اور پران اور آتما سب کو از خود پاوے اور جو غذا تمام جاندار کھاتے ہیں سب کی لذت اس کو ملے۔ بید کی سُرتی ہے کہ تمام جاندار کال (زمان) میں ہیں اور کال سب کو کھاتا ہے اور ہضم کرتا ہے جو کہ آتما کو سزاوار تعظیم کا جانے کہ یہ کال کا بھی کال ہے یعنے زمان کو بھی کھاتا ہے وہ بیدانتی اور گیانی اور مہا پُرش اور برہم کا جاننے والا اور بید کا سمجھنے والا اور لافانی ہے۔ عبارت متذکرہ بالا کا مطلب یہ نکلا کہ سرون سے حاصل کئے ہوئے گیان کے پربھاو سے کال کا اسپرش (چھونا) نہیں ہوتا سوال۔ ہے بھگون سب ہی ادھکاری لوگ سرون کرتے رہتے ہیں اور پھل تو کسی کسی کو ہوتا ہے اس کے جواب میں گورو مہراج بھگت یعنے محبت صادق کو لکھکر اس کے نتیجہ کو بیان کرتے ہیں۔

नानक भगता सदा विगास। सुणि यै दुःख पाप का नाश ।८।

نانک بھگتاں سدا بگاس۔ سنیئے دُکھ پاپ کا ناس۔ ۸۔

سری گورو جی کہتے ہیں کہ سرون کرنے سے بھگت لوگوں کا دُکھ معہ اُس کے جڑ کے یعنے اگیان اور پاپ کے ناش ہو جاتا ہے اور (سدا بگاس) ہمیشہ وے آنند میں رہتے ہیں مطلب یہ کہ جو ادھکاری بھگت سے سرون وغیرہ سادھن کرتے ہیں جیسے

دکھ پاپ کے کارن اگیان کو دور کرکے پرمانند کو پراپت ہوتے ہیں اور جو اس کے برخلاف یعنے بلا بھگتی کے سرون کرتے ہیں وہ اس پھل کو نہیں پاتے۔ اسی بات کو کٹھولی اوپنشد کی سُرتی نمبر ۲۳ جس کا ترجمہ حسب ذیل ہے ثابت کرتی ہے۔

ترجمہ:- "آتما من یعنے قلب ہے پس سوائے قلب کے اور کوئی سمجھنے اور سمجھانے والا نہیں ہو سکتا ہے آتما اپنے کو آپ خود سمجھتی ہے آتما نور ہے مجسم نہیں ہے گو کہ سب اجسام میں ہے جس نے آتما کو پہچانا وہ مستغنی ہو گیا اس سبب سے ہر کوئی اُس کو پا نہیں سکتا۔ آتما عبارت اور اشارت میں نہیں آسکتی ہے پس بید کے پڑھنے اور جگ اور اوپاشنا کرنے سے وہ پائی نہیں جاتی۔ جو آتما کو جانتا ہے وہ آتما کو پاتا ہے کہ آتما خود اپنی صورت آتما کو دکھا دیتی ہے۔ گیان سے آتما ملتی ہے اور کرم اور اوپاشنا سے نہیں ملتی ہے"۔

नरके पच्यमानस्तुय मेन परिभाषित:। किंत्वयानार्चितो देव: कसव: खेदनाशन:॥ नृसिंह पुरा० अ० ८ श्लो २१॥

स्व पुरुष ममिवी स्य पाश हस्तम्। वदतियम: किलतस्य कर्णमूले। परिहरम धुसुदनप्रपन्नान् प्रभुरह मन्यनृणां नवैष्णावानाम्॥ विष्णु पु० अंशे० ३ श्लो० १० अ० ७॥

جہنم میں پڑے ہوئے لوگوں کو دیکھ کر جمراج نے کہا جو تم کو دُکھ کے دور کرنے کی خواہش تھی تو دُکھ کے ناش کرنے والے کیشو کی تم لوگوں نے کیوں پوجا نہیں کی۔ ایک وقت پھانسی وغیرہ ہاتھ میں لئے اپنے نوکروں کو دیکھ کر جمراج نے نشچے کر کے اُن کے کان میں کہا جو مدھوسودن کی سرناگت ہیں اُن کو دور سے چھوڑ دینا کیونکہ میں اور لوگوں کا مالک ہوں ویشنو کا نہیں۔ اس اشلوک میں بھگوت پوجن اور بھگوت سرناگت روپ اپرا بھگت کہی ہے پرا بھگت پھل روپ ہے اور اپرا بھگت سادھن روپ

ہے اس آٹھویں پوڑی میں سکارن دُکھ کی نبرتی اور پرمانند کی پراپتی گیان کے ذریعہ سے یعنے پرابھگت کہی ہے ۔

سرون ایسے کرے سُنا جاتا ہے کہ جس وقت کوئی عمدہ راگ گاتا ہے مرگ کے مکھ میں جو ترن ہوتا ہے وہ باہر کا باہر و بھیتر کا بھیتر رہجاتا ہے درشٹانت میں آپ سمجھ لینا دش اوپنشد برہ دارون وغیرہ بھاکھا سہت سریک بھاش گیتا بھاش یہہ تین پرسنس تھان بیدانت کے کہلاتے ہیں ان کو ہی برمھ بدیا کہتے ہیں آتم پوران نیچ شی آدگرنتھوں کا اُنہیں انتر بھاو ہے ایسے ایسے گرنتھوں کا بودھ نشٹھا سے سرون کرنا جب تک سنسے پرجے یعنے شک و شبہ اچھی طرح سے دور نہ ہو جاویں تب تک آد سے انت تک ان گرنتھوں کا سرون کرنا چاہیئے اس کا نام سرون ہے ۔

सुणीऐ ईश्वर वरमा इन्दु ।
सुणीऐ मुखि साला हुण मन्द ॥

سُنیئے ایشور برہما اِند ۔ سُنیئے مکھ سالاہن مند ۔

سرون کرنے والا ادھکاری (ایشور) شیو کے برابر ہوتا ہے جیسے شیو جی نے کامدیو سے نہیں تکلیف پایا ویسے سرون کرنے والے کو بھی اندریاں دُکھ نہیں دیسکتی اور ایشور، شبد بشن کو بھی تبلاتا ہے جیسے بشن بھگوان کے نرنارائن اوتار کو اندر کی بھیجی ہوئی اپسرا نے ستوگن سے نہ ہٹایا ویسے سرون کرنے والے پُرکھ کو راجسی پدارتھ سروپ سے نہیں دور کرسکتی اور برما شبد کا اصل شبد برہما ہے جیسے دھرم مرجادا کو دنیا میں برہما قائم کرتے ہیں ویسے سرون کرنے والا بھی اپنے اُپدیش سے گیان کی مرجادا کو قائم کرتا ہے اور جیسے (اند) چندرماں اپنی کرنوں سے جیووں کے تاپ کو شانت کرتا ہے اسی طرح سرون کرنے والا پُرکھ اپنی سرن میں آئے ہوئے ادھکاری کے انتر کرن کے سنشے روپ تاپ کو اپنے اوپدیش روپ کرنوں

سے شانت کرتا ہے اور سرون کرنے والے پورکھ کی مُکھ اور مُند بھی (سالاہن، تعریف کرتے ہیں یہ بات دنیا میں ظاہر ہے کہ جو بھگت سے سرون کرتا ہے اس کی مُکھ (اچھے) مند (بُرے) سب ہی تعریف کرتے ہیں -

ਸੁਣਿਐ ਜੋਗ ਜੁਗਤਿ ਤਨ ਭੇਦ ॥

سُنئیے جوگ جُگت تن بھید -

سرون کرنے والا مہاتما جوگ شاستر کی جُگت سے شریر کے بھید کو جان لیتا ہے کہ اس جسم میں اس قدر ناڑی ہیں اور اتنے چکر ہیں اور اس طرح سے بنا ہے اس جگہ پر گورو مہاراج نے جوگ شاستر کو تبلایا ہے - پاتانجل رکھیشر کے جوگ شاستر کا یہ خلاصہ ہے -

"کرم جوگ پاتانجل کہے - بھیدی ہوئے بھید سو گہے - جو اشٹانگ جوگ بدہ آوے - ویہہ نہ دیہی سو پاوے - مول بندہ آسن ڈرہ کرے - الٹا پان پران سن چرے - اوٹی پون گگن دس جائی - اونچی دھن میں تہاں سمائی - جوگ جگت بھیئے کرتار - سیس کہیں پاتانجل سار"

مہا اوپنشد ونارائن اوپنشد و گربھا اوپنشد اتھربن بید و پرشن اوپنشد اتھربن بید اور جوگ سکھا و جوگ تت و امرت ناد و ہنس ناد اوپنشد اتھربن بید میں جوگ کی باتوں کو بدلائیل و مرموز طور سے بیان کیا ہے - یہ رازِ نہایت پوشیدہ ہے غیر مستحق کو بتانا ناواجب ہے ترکیب جوگ فقط لکھنے سے معلوم نہیں ہوتی مگر عامل کے بتانے سے اور بتانے والے نایاب اور بخیل ہیں پس جو اصل میں رقم تھا نقل کیا جن اصحاب کو اس میں مذاق اور دخل ہو وہ محولہ بالا اوپنشدوں کو و پاتانجل جی کے جوگ شاستر کو ملاحظہ کر سکتے ہیں - بھاگوت گیتا میں سری کرشن چندر مہاراج نے فرمایا ہے - تعلقات محسوسات بیرونی کو باہر کر کے نظر کو بھوؤں کی وسط میں ٹھہرا کے اور ناک میں سے گذرنے والے نفس بالا و پائیں کو مساوی کر کے جو عارف حواس دل اور عقل پر قادر رہے آزاد ہے اور

خواہش خوف اور غصہ سے بری ہے اُس کی ہر وقت نجات ہے۔ اس گیان جوگ کی طریقت میں شاغل کو واجب ہے کہ تعلقات محسوسات سے خیال کو روک کر دل کو یکسو کرے اور دونوں آنکھوں کی نظر اوپر کی طرف جہاں ناک کا بانسہ شروع ہوتا ہے ٹھہراوے منہ بند رکھے تاکہ سانس کی آمد و شُد ناک سے رہے اس شغل کی مزاولت اگرچند منٹ بھی روزمرہ دو تین دفعہ کیا جاوے سانس کی رفتار میں ایک قسم کا سکون شاغل کو معلوم ہوتا ہے اور نظر کی توجہ اوپر کرنے سے سلسلہ خیالات کا رُک جاتا ہے اور اشراق باطن میں جو کچھ ہوگا وہ شاغل خود ہی جان سکتا ہے یہی طریقت گیان کے کُل بیدوں میں سے اصول نکال کر سری کرشن بھگوان نے تسلیم کی ہے اور اسی ترکُٹی دھیان کو سرت سادھنا سُن دھیان۔ سہج اوستھا عارفاں ہندی اور فقرا اہل اسلام شغل شمسی کہتے ہیں بغیر اس شغل کے کشایش باطنی ناممکن ہے۔ جتنے لوگ بغیر اس شغل کے قیل و قال گیان کے کرتے ہیں وہ صرف زبانی ہیں اصلی ہرگز نہیں ہو سکتے۔ جوگی گوشہ میں تنہا بیٹھ کر قوت خیال اور دل کو روک کر بیم ورجا چھوڑ کر اور بے تعلق ہو کر جوگ کا شغل ہمیشہ کیا کرے۔ پاک جگہ میں چادر مرگ چرم یا کشا گھاس پر نہ بہت اونچی اور نہ بہت نیچی اپنی نشست بیحرکت قائم کرے۔ وہاں دل یکسو کر کے قوت خیال اور حواس کے فعلوں کو روک کر جائے نشست پر بیٹھ کر صفائی بطون کے واسطے جوگ میں مشغول ہووے

ہروے نابھ اور ترکُٹی تین دھیان استھان ۔ سُرت ایکتا نابھ میں ہردے میں پردہان
سرت لین ہو ترکُٹی برھم رہند میں گیان ۔ تین دھیان کی ایکتا پرم شانت اُور آن
سب منوت من سے رہے تج بچار اور گیان ۔ نربھے پد کی اوستھا کیونکر کروں بکھان
نربھے پد کی اوستھا جیوں پرکاشے بھان ۔ رہے دیہہ میں بدیہہ ہو ابناشی نربان
جیوں کا تینوں پہچانکر دوجے چھوٹی کان ۔ اب سنہال کمال نے کھیچے پران اپان

جسم سر اور گردن کو سیدھا بیحرکت قائم رکھتا ہوا اپنے ناک کے اگلے حصہ پر نظر جما کر

اطراف کو نہ دیکھتا ہوا شاغل طالب ذات مطمئن اور توہمات سے آزاد ہو کر دل کو روک کر ذات واحد کا تصور کرتا ہوا اُسی کے ادراک میں مشغول ہووے۔ جو سکون دل عشق اور شغل کی مزاولت رکھتا ہے اور بھووں کے درمیان نفس کو بخوبی روک کر علیم قدیم محرک لطیف سے الطف عالم کے قائم رکھنے والے قیاس سے برتر مثل آفتاب اور اُس سے بھی زیادہ جلال رکھنے والے تاریکی سے مبرا ہستی بحت کا تصور آخری وقت کرتا ہے وہ اُس اعلےٰ اور حیرت انگیز ہستی بحت کو پاتا ہے۔ جو سب دروازوں کو بند کرے دل کو قلب میں روک کر نفس کو ام الدماغ میں ٹھیرا کر جوگ کا شغل کرتا ہوا اور اوم اسم اعظم کہتا ہوا جسم ترک کر جاتا ہے وہ اعلےٰ منزل پر پہنچتا ہے۔ جوگ سکھا اوپنشد اتھربن بید میں یہ شغل تحریر ہے۔ دونوں آنکھوں کی نظر ناک کے بانسہ پر ٹھیرانے اور حرکت نفس کو اس مقام پر روکنے سے قوت متخیلہ سکون پاتی ہے۔ بغیر سکون خیال وصال ممکن نہیں۔ جب خیال ساکن ہوتا ہے اُسی وقت شاغل کو ہستی بحت کا دیدار جس کی آٹھ صفتیں اوپر بیان ہوئی ہیں حاصل ہوتا ہے دروازوں کا اشارہ حواس کی طرف ہے قوت متخیلہ کو اُن سے ہٹا کر قلب یعنے خلا میں جو جسم کے اندر ہے ٹھیرانا اور پران اور اپان کو ام الدماغ میں یعنے سر میں چوٹی کے مقام پر ساکن کرنا اور اوم کی ندا کا تصور کرنا جوگ کی طریقت ہے اس کے وسیلہ سے انسان اپنی ہستی کو جسم سے علیحدہ تمیز کر کے جزو سے کل ہو جاتا ہے۔

جوت جہاں جگمگے برمھ تالا کھلے گگن کا محل جہاں گھور گاجے
انگلا پنگلا سکھمنا سیج پہ ترکٹی جہاں جھنکار باجے
سات کو سمجھ کچھ چودہ کا دھیان کر اکیس کو دیوے جب لکھ پاوے
کال کو ٹال دے جم سے چور کر سرت کے ڈنڈ سے وہ دیس دکھاوے

گوشائیں چرنداس جی نے بگیان سماوہ یعنے حالت استغراق کو ان لفظوں میں بیان

کیا ہے -

جب لگ تت بچار کے کیے ایک ادر دوئے برمھ برت باندھے رہے تب لگ دھیان ہی ہوئے
میں تو یہ وہ بھول کر رہے جو سہج سو بھلائے اپا دیہہ اُٹھلے کر گیان سماوہ لگائے
گیان رہت گیا تا رہت اور رہت گے جان لگی کبھی چھوٹی نہیں یہ سماوہ بگیان

عبارت متذکرہ بالا اور اوپنشدوں کے حوالہ سے یہ بات ثابت ہوگی کہ سرون کرنے والا پورکھ جوگ کی جگت سے شریر کے بھید کو جان لیتا ہے

چشم بند و گوش بند و لب بہ بند - گر نیابی سرِ حق برمن بخند

सुणिऐ सासत सिम्रिति बेद ॥

سُنئیے ساست سمرت بید -

ساست (شاستر) اسمرت (سمرت) - سرون کرنے والا پورکھ شاستر اسمرت بید روپ ہوتا ہے مطلب یہ جیسے شاستر اسمرت بید بھلائی کا اُپدیش کرتے ہیں ویسے ہی سرون کرنے والا پورکھ بھی سب کے بھلائی کا اُپدیش کرتا ہے اس موقع پر مثال کی صفت اور خاصیت کو لینے سے بات کی صداقت ہوتی ہے کیونکہ ظاہراً سرون کرنے والے کا بید شاستر اسمرت سے مطابقت نہیں ہوتا اس سے بھلائی کے اُپدیش کا جوگن ہے اس کو سمجھنا چاہیئے - نیایے بشیک سانکھ پاتانجل پورب میمانسا اور اُتر میمانسا یہ چھ شاستر ہیں گوتم کناد کپل پاتانجل جیمن بیاس یہ چھ رشی اُن کے مصنف ہیں - اسمرت منو وغیرہ کا بنایا ہوا ہے منو سمرتی وجاگ ولک اسمرتی وغیرہ پر فی زمانہ پورا عملدرآمد ہوتا ہے ان میں دین و دنیا دونوں طریقوں کو دکھلایا ہے لیکن بیوہارک زیادہ ہے پرمارتھک کم ہے اور گیتا وغیرہ اسمرتی میں پرمارتھک زیادہ ہے جس میں بید کے ارتھ کو سمجھایا ہو وہ اسمرتی ہے - منتر اور برہمن بھاگ روپ بید ہے -

नानक भगता सदा विगासु । सुणिऐ दूख पाप का नासु ॥९॥

نانک بھگتاں سدا بگاس - سنئے دُکھ پاپ کا ناش - ۹ -

سری گوروجی کہتے ہیں کہ پرمیشر کے بھگتوں کو سرون کرنے سے ہمیشہ آنند ہوتا ہے اور دُکھ پاپ کا سبب جو اگیان یعنے جہل ہے اُس کا ناش ہوتا ہے اس کا ارتھ اس کے پیشتر والی پونڈی میں لکھ آئے ہیں وہاں سے دیکھ لینا -

सुणियैसतसंतोष गियानु। सुणियै ऋठसठ का इसनानु ॥

سُنئے ست سنتوکھ گیان - سُنئے اٹھسٹھ* کا اَشنان

سرون کرنے سے سچ بولنا اور صبر اور دھرم گیان اور برمھ گیان یعنے سب طرح کا گیان حاصل ہوتا ہے اور سرون کرنے سے (اٹھ سٹھ) شاستروں میں بیان کئے ہوئے خاص تیرتھوں کے اشنان کا پھل ملتا ہے مطلب یہ کہ جتنے بگھن ست کرموں میں ہیں وہ سرون کرنے والے لوگوں کو نہیں ہوتے - کیونکہ سرون کرنے والا تیرتھ پھل اور نام کے بگھنوں کو یعنے روکاوٹوں کو دور کرکے تیرتھ کا اشنان سیون کرتا ہے -

यस्यह स्तौचपा दौचमन श्चैवसु संयतम् । विद्यातपश्च कीर्तिश्च सतीर्थ फल मश्नुते ॥ १ ॥

جس کے ہاتھ نِندا والی یعنے خراب چیز سے ملوث نہیں ہوتے اور پانوں جہاں

---

* تفصیل اٹھسٹھ یعنے ۶۸ تیرتھوں کا - سنداکنی - برمھ گنگا - رام گنگا - بان گنگا - بھاگیرتھی - گنگوتری - گنگا ساگر - گومتی - کاویری - سرجو - سرسوتی - جمنا - گوداوری - کرشنا - تونگ بہدر - نربدا - سندھ - جہاندی - کالندی - الکھ نندا - برمھ پتر - انگ - پنج ند - پدما - چکر تیرتھ - بھرت کوپ - اندردوں کنڈ - رہنی کنڈ - رودر کنڈ - بشن کنڈ - تپت کنڈ - بھالگو - مان سر - راون رود - گورک چھتر - ہرہر چھتر - دوری چھتر - باراہ چھتر - پربھاس چھتر - پراگ راج - کاشی - متھرا - اجودھیا - مایا - کانچی - اونتکا - دوارکا - ہردوار - پنج بٹی - چترکوٹ - نیگ لاج - امرتسر - برہماورت - طوطاوری - رشی کیش - گیاجی - نسر گھ - برھم کپال - مکت ناتھ - پس پت ناتھ - کیدار ناتھ - بیجناتھ - سومناتھ - بدری ناتھ - ناگیشر ناتھ - گوکرن ناتھ - تراسبک ناتھ گرتمی ندی پر - جگناتھ +

جاننا چاہیئے اُس مقام میں نہیں جاتے اور مَن کام کرودہ وغیرہ سے رہت ہے۔ اور ان سب کا گیان ہونا بدیا کا پھل ہے اسواسطے وہی مکھ تیرتھوں کے اشنان کرنے کا پھل پاتا ہے جو بھگت سے سرون کرتا ہے۔ مطلب یہ کہ سرون کرنے سے اور اِس کے پربھاو سے مکھ تیرتھ اشنان نام اسمرن جگ وان تپ ست سنتوکھ شاستر گیان وغیرہ سب حاصل ہوتے ہیں اس واسطے اپنی بہبودی کے واسطے سرون کرنا ضرور چاہیئے

सुणियै पड़ि पड़ि पावहि मान। सुणियै लागै सहज धियान॥
नानक भगता सदा विगास। सुणियै दूख पाप का नास।१०॥

سُنئے پڑہ پڑہ پاوہہ مان ۔ سُنئے لاگے سہج دھیان ۔
نانک بھگتاں سدا بگاس ۔ سُنئے دُکھ پاپ کا ناس ۔ ۱۰ ۔

گورو کے مکھ سے سرون کرنے کے بعد بار بار پڑھنے وبچار کرنے سے سب جگہ عالموں کی صحبت میں سرون کرنے والا عزت وبڑائی پاتا ہے اور سرون کے پربھاو سے سہج دھیان روپ سو بھاوک سمادہی لگتی ہے۔ سمادہ دو پرکار کی ہوتی ہے ایک تو جوگ شاستر کے اشٹانگ جوگ کے ذریعہ سے نربکلپ سمادھی ہے اور دوسرے جو ساکشی یعنے ناظر میں کلپت روپ یعنے فرضی سنسار ہے سو متھیا نہیں بلکہ ساکشی روپ چیتن بستوست ہے اس طرح کا بچار سروپ ہے اسی کو سہج سمادہ کہتے ہیں۔ عارف کامل واقف اسرار باطنی گوشائیں ولی رام جیو نے اس منزل کی کیفیت کو ان الفاظ میں ظاہر کیا ہے۔

سادھوں سہج سمادہ بھلی ہے
گورپرشاد جا دن سے لاگی کبھوں نیک نہ ٹلی ہے

آنکھ نہ موندوں کان نہ روندوں کوی کشٹ نہ دہارا۔ اوگھڑے نین پہچانا ہنس ہنس سُندر روپ نہارا
جیتا چلوں سوئی پردکشنا جو کچھ کروں سو پوجا ۔ گرہ اودیان ایک سم جانا بھاو مٹایا دوجا

سن محل میں آن سمائی من باشنا تیاگی - سووت جاگت اٹھت بیٹھت ایسی تاڑی لاگی
یہ ہی رہنی یہ ہی گہنی ولی پرگٹ کہہ گائی - دُکھ سُکھ سے جو پرے پرم پد ہے وہ پد ہے سکھدائی
سادھوں سہج سماوہ بھلی ہے

بششٹ جی مہاراج نے جوگ بششٹ میں مہاراج رامچندر سے فرمایا ہے -

द्वौ क्रमौ चित्त नाशस्य योगो ज्ञानं च राघव ॥ योगोवृत्तिनिरोधोहि ज्ञानं सम्यगवेक्षणम् ? असाध्यः कस्यचिद्योगः कस्यचित्त्वनिश्चयः। प्रकारौद्वौ ततो देवो जगाद परम: शिव: २ ॥

ارتھ - ساکشی سے علیحدہ چت کے مٹانے کے دو طریقے ہیں ہے راگھو ایک تو چت کی سب برتیوں کے روکنے سے یعنے قوت متخیلہ کے سکون پانے سے نربکلپ سمادھی ہے کیونکہ چت کے ناش ہونے سے ساکشی پرماتما کا اسنگ بودھ ہو جاتا ہے اور دوسرا طریقہ گیان سروپ ہے پہلا جوگ ہے اور سمیک درشن روپ گیان ہے یعنے ہر میں ہر کو دیکھنا - جگت یعنے دُنیا کو است یعنے حادث جاننے والے ادھکاری کو جوگ مارگ موزوں نہیں ہے کیونکہ وہ سنسار کو متھیا جانتا ہے اس لئے بغیر طریقہ جوگ اسنگ آتما کا انبھو کر سکتا ہے اور جگت کو ست یعنے قدم جاننے والے ادھکاری کو بغیر اشٹانگ جوگ ساکشی کا گیان ہونا مشکل ہے اس لئے اُس کو سہج سماوہ موزوں نہیں ہے - اسی وجہ سے پرم شیو روپ ایشور نے بید اسمرت پُوران وغیرہ میں دو طریقہ بیان کیا ہے - سری گورو جی کہتے ہیں کہ پرمیشر کے بھگت ہو کر سرون کرنے سے دُوکھ پاپ کا ناش ہو جاتا ہے اور آنند ہمیشہ رہتا ہے -

सुणिऐ सरा गुणा के गाह ॥
سُنئے سرا گنڑا کے گاہ -

سرون کرنے والا شخص (سراگنتر اکے) عمدہ سے عمدہ نرمل گنوں یعنے صفتوں کا (گاہ) استھان ہوجاتا ہے مطلب یہ کہ ستری - کرونا - مدتا - اوپیکشا کا استھان اور سرون روپ بھگت سے چت کے برت کو روک کر پرمیشر میں پریم کا آسرے ہوجاتا ہے ان چاروں گنوں کو پہلی پونڈی کے ترجمہ میں بیان کر دیا ہے وہاں سے دیکھ لینا۔

सुणिऐ सेख पीर पातसाह ॥
سُننے سیکھ پیر پات شاہ ۔

سرون کرنے سے (سیکھ یعنے شیخ) پردہان یعنے افضل (پیر) مُرشد (پادشاہ) راجہ روپ ہو جاتا ہے یعنے سرون کرنے والا شخص پردہان گوروسروپ سب کا راجہ ہوجاتا ہے سب علم میں افضل اور سب بدیاوں کا راجہ آتم بدیا ہے اس وجہ سے اس علم کو سرون کرنے والا بھی سب میں پردہان اور اپنے علم کے سُننے والوں کا مثل راجہ کے حاکم ہوجاتا ہے گیتا کے دسویں ادھیاے میں (अध्यात्म विद्या विद्यानां) تحریر ہے اس باک سے معلوم ہوتا ہے کہ سب علموں میں پردہان علم الٰہی ہے اس واسطے اس کا سُننے والا بھی سب میں افضل ہے گیتا کے بچن کا یہ ترجمہ ہے کہ علموں میں علم خود شناسی ہوں۔ بھگوت گیتا کے نویں ادھیاے کے دوسرے اور تیسرے اشلوک میں سری کرشن چندر جی نے فرمایا ہے کہ یہ افضل العلوم - سرعظیم پاک و اعلیٰ ہے عین الیقین ہوتا ہے اور راست ہے - باسانی حاصل ہوسکتا ہے اور فنا پذیر نہیں ہے اے ارجن جو لوگ اس امر حق کے معتقد نہیں وہ مجھ تک رسائی نہ پاکر عالم فانی کے راستہ پر واپس آتے ہیں - نتیجہ یہ نکلا کہ آتم بدیا راج بدیا ہے یعنے سب علموں کا راجہ ہے لہٰذا اس کا سرون کرنے والا بھی راجہ روپ ہوجاتا ہے -

सुणिऐ अन्धे पावहि राहु। सुणिऐ हाथ होवै असगाहु ॥
سُننے اندھے پاویں راہ - سُنئے ہاتھ ہووے اس گاہ -

سرون کرنے سے (اندھے) یعنے جن لوگوں کے بچار کی آنکھیں نہیں ہیں وہ بھی (راہ) مُکت کا راستہ یعنے گیان کو (پا دہ) پا جاتے ہیں مطلب یہ کہ وہ شخص جو بچار سے بالکل بے بہرہ ہے اگر سرون رُوپ سادہن میں مشغول ہووے تو منن وغیرہ سادھنوں کے ذریعہ سے تت گیان روپ مُکت کے راستہ کو ضرور پہنچ جاتا ہے۔

سرون کا درجہ اور نتیجہ ایسا ہے جو بیان سے باہر ہے کیونکہ جو پرماتم سروپ بستو (اس گاہ) بے نہایت ہے اور جس کے جاننے کو سب اندریاں عاجز و قاصر ہیں وہ بھی (ہاتھ) یعنے جیسے کوئی چیز صاف طور پر ہاتھ پر رکھ لیوے اور سب دیکھیں خلاصہ یہ کہ حاصل ہو جاتی ہے۔ اب اس امر کی صداقت کے واسطے کیس اپ نکھد اتھربن بید کی سُرتی کا ترجمہ ذیل میں درج کرتا ہوں۔ یہ اُپ نکھد تعلیم میں توحید کی ہے ایک چیلہ سابل اور پر جابت مجیب ہے" سوال۔ پران اور دل بھی اصل اصول ہیں اور نیک و بد فعل کرتے ہیں اور نطق اور بصر علیٰ ہذا القیاس تمام حواس ظاہری اور باطنی کس کے حکم سے اپنے فعل کے فاعل ہوتے ہیں۔ جواب۔ سماعت ایک قوت عالمگیر ہے اُس سے حصہ ہر ایک کے کان کو ملا ہے اسی طرح بصر اور نطق اور تمام حواس کی قوت کو سمجھو ان سب کا موکل وہ نور ہے جس کے جاننے سے عارف راسخ دم اور ثابت قدم ہوتا ہے اُس موکل کی ماہیت جاننے کو دل اور تمام موکل حواس ظاہری اور باطنی عاجز اور حیران ہیں وہ دل کی فکر اور تعلیم سے سمجھا نہیں جاتا ہے پس میں اُس کی تعریف کیا کروں وہ جہل اور تمیز اور منقول اور معقول سے برتر ہے صانع کی صنعت مصنوع کو معلوم ہونی محال ہے اور مصنوع کی حقیقت صانع کو معلوم ہے کہ اُس کی صنعت ہے۔ اگلے وقت کے گیانیوں اور بزرگوں کی قوتوں سے معلوم کرتے ہیں کہ صانع صنعت کوی ہے جو حواس ظاہری اور باطنی اور انتہ کرن میں نہ آوے اور جس کو پران تمیز نہ کر سکے وہ برمھ ہے اور جو وہم و قیاس اور دید و شنید اور نطق میں آجاوے وہ برمھ نہیں ہے سمجھنے والے کی فہم کی غایت ہے

کیونکہ وہ بے نہایت ہے - جو وہم وقیاس میں سما جاوے وہ محدود ہوتا ہے اور اُس کی نہایت کچھ نہیں ہے برمھ بے نہایت ہے کسی طرح کسی کے فہم میں نہیں آتا کہ کسی نے کوئی شکل اُس کی نہیں بتائی گو کہ لاکھوں باتیں اپنے فضل و کمال کو بہتوں نے بتائیں اور معجزات دکھلائے اس بات کے جواب میں معترف بقصور رہے جو کوئی کچھ بتاوے وہ برمھ نہیں ہے فقط بتانے والے کے من کا بھرم ہے" اتنی باتوں سے برمھ کا بے نہایت ہونا یعنے اسگاہ ہونا ثابت ہوا اب ناتھ ہووے یعنے حاصل ہووے اس کو بتلاتے ہیں "سوال - تم کیسے گورو ہو جو کہتے ہو کہ میں نہیں جانتا کہ وہ کیا ہے میں نے سمجھا تھا کہ میرا گورو اچھا ہے اور سب کچھ جانتا ہے - جواب - یہ تیری اچھی سمجھ نہیں ہے جو تو گورو اور اپنے تئیں جدا سمجھتا ہے بلکہ لائق یہ ہے کہ سمجھ اور سمجھانے والا اور سمجھنے والے کو ایک تصور کر اور برمھ جان - اگر دیوتاوں کو جدا یا بصورت متفرق تصور کرے تو یہی خطا ہے کیونکہ وہ تمام موجودات میں بیاپک ہے اس وجہ سے یہ جاننا واجب اور بجا ہے کہ میں بھی برمھ ہوں - اے چیلے اب تو سمجھا جو میں نے اُپدیش کیا" اس طرح جب گورو کے اوپدیش سے یعنے سرون سے لا حاصل کو حاصل کیا تب سرون کی واقعی تعریف ہو گئی -

नानक भगता सदा विगास । सुणिऐ दुःख पाप का नाश ११॥

نانک بھگتا سدا بگاس - سُنئے دُکھ پاپ کا ناش - ۱۱ -

اس کا ترجمہ اوپر بیان کر آئے ہیں - ملاحظہ طلب ترجمہ پوڑی آٹھویں کا آخری حصہ اب آٹھ لغایت گیارہ پوڑی کا خلاصہ لکھ کر بارھویں پوڑی کا ترجمہ شروع ہوگا -

سُننے سے ہووے امیر و فقیر سُننے سے جوگی اور ہووے پیر
سُننے سے عالم کا ہووے چراغ سُننے سے ہووے فنا سے فراغ
سُننے سے ایشر ہوا مرتبہ سُننے سے برمھا و اندر ہوا

سُننے سے حامد و سِننے سے جوگ سُننے سے آیت حدیث و بروگ
سُننے سے سنتوکھ اور گیان ہے سُننے سے تیرتھ کا اشنان ہے
سُننے سے ہے علم توقیر جاہ سُننے سے ہووے امرپور پناہ
سُننے سے قادر و سُننے سے پیر سُننے سے ہو شاہ آفاق گیر
سُننے سے اندھے کو جلوہ دکھائے سُننے سے نایاب بھی ہاتھ آئے
صدیقوں کو راحت ہے او ہے پناہ سدا اُن کو خافی ہے رنج و گُناہ
یہ نانک کا ہے دہیان سو دبائے سدا اچھے من سے یہ من لائے

ہے بھگون آپ نے سروَن کی عجیب و غریب تعریف کی اب سرون کے بعد ہونے والا جو مَنن اُس کو بھی بیان کرنا ضروری ہے اس سوال کے جواب میں گورو مہاراج فرماتے ہیں۔

मन्नै की गति कही न जाय। जे को कहै पीछै पछुताय। कागद कलम न लिखन हार ॥

مَنّے کی گت کہی نہ جاے۔ جیکو کہے پیچھے پچھتاے۔ کاغذ قلم نہ لکھن ہار۔
مَنن کرنے کا جو پھل یعنے نتیجہ وہ کہا نہیں جاتا۔ گت بمعنی پھل۔ کیونکہ جو پرماتم سروپ بستو ہے وہ گیان کے وسیلہ سے سرون و مَنن و ندہیاسن کا پھل ہے اُس کو بانی یعنے زبان سے نہیں کہہ سکتے جو کوئی کہے وہ پچھتاویگا کیونکہ سب طرح سے محسوسات سے منزہ شے کو بیان کرنے سے بیان کرنے والے کو گفتار و شکل و منظر قائم کرنا پڑیگا اور اِن سے پرماتما پرے ہے اس وجہ سے پچھتانا ہوگا۔ جو مَنن یعنے غور کا ماحصل پرماتما ہے وہ قلم سے کاغذ پر لکھا نہیں جاتا کیونکہ پرماتما کا تھوڑا سا آنند سنکھ کے آنند سے لے کر ہرن گربھ (مجموعہ عناصر بسیط) کے آنند تک قلم سے لکھا جاتا ہے اب اس مطلب کی تائید کے واسطے شرتیوں کا ارتھ لکھتے ہیں۔

تیتری اوپنشد ۔ججر بید ۔ الکھ پرکاش ۔صفحہ ۱۲۹ و ۱۳۰ ۔

"تو اتنا بڑا ہے کہ فکر میں سما نہیں سکتا ۔ تو بے صورت ہے ۔ تو احاطے میں حواس ظاہری و باطنی کے نہیں آتا ہے تو عین سرور ہے" "تو حرف اسم اور فعل اور ضمیر سے باہر ہے ۔ تو گفتار سے منزہ ہے ۔ تو عین سرُور ہے"

آنند بلی اوپنشد ۔ ججر بید ۔ الکھ پرکاش ۔ صفحہ ۸۰ ۔

"وہ عین سرُور ہے کہ جوان ہو اور خوبصورت اور صحیح المزاج اور بید کا عالم اور صاحب قوت اور بادشاہ روئے زمین پس اُس کو ایک سرور فرض کرو ۔ یہ منکھ آنند ہے ۔ ایسے سو سرور کے ہم وزن اور سرور ہے کہ مرنے کے بعد نیک افعالی سے گندھرپ ہو جاوے ۔ ایسے سو سرور کے برابر وہ سرُور ہے کہ بید کو بامُید نتیجہ پڑھا ہو اور اُس کے نتیجہ سے گندھرپ کی ذات میں مل جاوے ۔ ایسے سو سرور کے برابر ہے اگر عالم ارواح میں پہنچے ۔ ایسے سو سرور کے برابر ہے جو نیک افعالی سے اجان دیو کہلاوے ۔ ایسے سو سرور کے برابر ہے اگر نیک افعالی سے کرم دیو کہلاوے ۔ ایسے سو سرور کے برابر ہے جو اندر کا مرتبہ پاوے ۔ سو اندر کے مرتبہ کے برابر ایک مرتبہ برہسپت کا ہے جو اوروں کو تعلیم کیا کرتا ہے ۔ سو برہسپت کے مرتبہ کے برابر مرتبہ پرجاپت کے سرور کا ہے ۔ سو پرجاپت کے مرتبہ کے برابر ایک مرتبہ ہرن گربھ کا ہے ۔ ہرن گربھ کا مرتبہ اور اُس کے سرور کا ایک ذرہ اُس کے مرتبہ کا ہے جو تعلقات جسمانی اور لذات فانی کو چھوڑ کے اپنے بدن کو اور تمام خلق کے بدن کو ایک جانے اور سب کے پران کو اپنا پران اور اپنے دل کے خزانہ کو سب کے دل کا خزانہ سمجھے اور خوف سے ایمن ہو جاوے اور کوئی فعل نتیجہ کی اُمید سے نہ کرے"۔ عبارت متذکرہ بالا کا یہ نتیجہ نکلا کہ من کی درگت) پھل یعنے نتیجہ نہیں کہا جاتا جو کوئی اُس کو چنیں و چناں کر کے کہے وہ کفِ افسوس ملے کیونکہ پرماتما کے مختصر سرور منکھ سے لے کر ہرن گربھ تک کو بیان

کرتے ہیں لیکن وہ غیر منقسم آنند بانی سے نہیں کہا جاتا اور کاغذ پر قلم سے نہیں لکھا جاتا ہے گورو اگر من کا پھل من بانی سے کہنے کے لائق نہیں ہے تب بھی من کا سروپ آپ میرے واسطے فرمائیے اس کے جواب میں گورو مہراج فرماتے ہیں۔

मन्नै का बह करन बिचार। ऐसा नाम निरंजन होय।
जे को मनि जाणै मनि कोय ।। १२ ।।

منّنے کا بہہ کرن بیچار - ایسا نام نرنجن ہووے - جے کو من جانے من کوے - ۱۲

جو بیٹھکر بچار کرنے والے لوگ بچار کرتے ہیں وہ من کا سروپ ہے - ایک پرم آتم تتو کے جاننے کے واسطے غور کرنے کا نام من سروپ بچار ہے سو اس طرح کے بچار کا ماحصل (نرنجن) انجن یعنے مایا رہت پرماتما کا نام ہے جس نام کے بچار سے پرماتما کے جتھارتھ سروپ کا ساکشات کار ہوتا ہے - جو کوئی بھی پرماتما کے نام اونکار کا یا ست نام کرتا پورکھ وغیرہ ناموں کا (من) بچار کرنا جانتا ہے اس کے آگے اناتما کا من (کرے) کیا ہے یعنے کچھ نہیں ہے فضول ہے - صرف تردید و تائید سے آتما کا حاصل ہونا غیر ممکن ہے یہ بات (گامے کو دیکھے حاضرا حضور) اس پونڈی کے ترجمہ میں بھی بیان کر آئے ہیں اور اونکار اور ست نام کا بھی اس گرنتھ کے شروع میں بیان کر آئے ہیں وہ من روپ ہے یعنے قابل غور ہے - لیکن شائقین کے ادراک کے واسطے اور مفصل سُرتی مثالوں سے نرنجن کے نام اونکار کا اور طرح سے توضیح کرتے ہیں -

نرسنگھ انتر جامی اوپنشد - اتھربن بید میں اس اوم کو بہت طول و تفصیل و دلیل سے بیان کیا ہے اگر حرف بحرف کل اس مقام پر نقل کیا جاوے تو طوالت ہے لہٰذا "عقلمنداں را اشارہ کافیست" اختصار کو کام میں لاتا ہوں اور عرض مطلب کرتا ہوں "اوم یعنے آتما کے چار حرف ہیں اول اُس کا الف ہے اس میں عالم جاگرت

اور جو اس کے متعلقات سے ہیں سب ہیں اور اس کے معنے اشید ہیں یعنے سب سے مقدم برمھ ہے پس الف لطیف اور کثیف اور تخم اور گواہ سب کچھ ہے کیونکہ تمام شے برمھ میں بالقوہ موجود ہیں مثل ملکوت وغیرہ۔ دوسرا واو وہ انکر ہے یعنے بزرگی دینے والا پس واو کی کیفیت رکھتا ہے کہ الف کے بعد ہوا اور سب صفت اکار یعنی الف کی رکھتا ہے۔ تیسرے میم یہ دکھلانے والی اور محو کرنے والی اور لطیف اور کثیف اور تخم اور گواہ ہے۔ چوتھے نون سب اس میں موجود ہیں کہ عالم تریا ہے اور اس میں ناسوت اور ملکوت اور جبروت سب محو ہو جاتے ہیں اور خود بخود روشن اور ظاہر ہے اور اس کی چار صفت ہیں۔

۱۔ پہلی صفت محو کر لینا کل کو کہ آتما سب میں محیط ہے اور وقت مہا پرلے وہ بصورت موت اور آگ اور آفتاب ہو کے تمام شعاع اپنی کو اپنے میں کشش کر کے نیم ماترا کر لیتا ہے۔

۲۔ دوسری صفت عطا کنندہ ہے کہ اپنے تئیں آپ جو بندہ کو بخش دیتا ہے اور اپنے کو آپ سمجھے ہے جیسے کہ آفتاب اپنی تاریکی کو اپنے میں محو کر لیتا ہے اور روشن کر دیتا ہے۔

۳۔ دانائی اور علم محض ہے کہ سب کو اپنے علم میں چھپا دیتا ہے جیسے آگ میں جو پڑے سب کو مثل اپنے رنگ کے کرے۔

۴۔ اور بے یقین اور واحد مطلق ہے۔ پس چاروں صفت آتما میں یعنے پرنو میں موجود ہیں۔

حواسوں کے دیوتاؤں نے پرجاپت سے استفسار کیا کہ سرور اور عالم کی تعریف کرو۔ پرجاپت نے جواب دیا یہی انبھو ہے یعنے وجدان۔ سوال۔ ان میں بھدان کیا ہے۔ جواب۔ پرجاپت آنکھ بند کر کے خاموش ہو گیا مراد یہ کہ علم اور سرور ہی

وجد ہے اور سرور اُس ذات کا سُرور عظیم ہے پس سرور برمھ ہے اور نام بھی برمھ ہے آخر لفظ برمھ کا میم ہے اور پرنو کا اخیر حرف بھی میم ہے یعنے اوم کا پس میم آخر پرنو اخیر برمھ کے ہے"۔ اور جیسے بجھی ہوئی آگ میں گرمی وغیرہ نہیں رہتی ویسے شانت سرور پرماتما میں کوئی تعلین نہیں۔ اس طرح سے نرنجن کے نام اونکار کی معرفت جو من ہے اُس کے سامنے اناتم چیزوں کا من بے سود اور ناچیز ہے۔

मन्नै सुरति होवै मनि बुद्धि । मन्नै सगल भवण की सुधि ।

مننے سُرت ہووے من بُدھ۔ مننے سگل بھون کی سُدھ۔

من کرنے سے (سُرت) پرماتما میں غایت درجہ کی محبت و بھگتی ہوتی ہے اور انتہ کرن کی برتی ندھیاسن روپ ہوتی ہے مطلب یہ کہ شاستروں کے بیان کئے ہوئے اپنے آتما کا برمھ روپ میں شک و شبہ نہیں ہوتا یہی من کا پھل ہے "من یعنے غور ایسے کرنا جیسے پٹھار ریشم کو سلجھاتا ہے ایسے ہی جو سرون کیا اُس کو ایکانت میں بیٹھ کر چنتون کرے ترکیب سے" حاصل مطلب کو مضبوط کرے اور ہالتی فروعات کو بالائے طاق رکھے اس کا نام منن ہے۔ اور ندھیاسن یہ ہے "کہ جیسے کوئی بازار میں بیٹھا ہوا اپنا کام کر رہا تھا راجہ کی سواری سامنے سے چلی گئی کچھ نہ معلوم ہوا ایسے جو منن کرکے "سدہانت بستو کا نشچے کیا ہے کہ میں دیہہ پران اندری من بُدھ اگیان کا ساکشی (ناظر۔ گواہ) کوٹست (مخزن) ہوں" اس کا ہمیشہ خیال کرنا اس کو توسجاتیہ پرواہ کہتے ہیں اور جیسا پہلے دیہہ میں ادھیاس (غلط خیال) تھا کہ میں "برہمن وغیرہ ہوں اس کا ہمیشہ خیال نہ کرنا اس کو بجاتیہ تسکار کہتے ہیں۔ اس طرح کے خیال کو ندھیاسن کہتے ہیں۔ سرون سے اگیان کا ناش منن کرنے سے سنشے (شک) کا ناش۔ ندھیاسن سے بپرجے (اُلٹا خیال) کا ناش ہوتا ہے۔ پھر مہا باک کے ارتھ کا گیان اچھی طرح سے مستقل ہو جاتا ہے یہی مکت کا سبب ہے"۔ پھر (من) انتہ کرن

میں (اُبدہ) ساکشات کار روپ برتی ہوتی ہے یعنے حق الیقین ہوتا ہے جس کو تمام انبھو یعنے وجدان کہتے ہیں۔ بعدہٗ من کے ساکشات کار روپ پھل سے تمام عالم کی (سُدہ) خبر ہوتی ہے۔ مطلب یہ کہ تمام عالم کا اوپادان کارن برمھ ہے اُس کے گیان سے تمام عالم کا گیان ہو جاتا ہے اس ایک کے جاننے سے سب جانا جاتا ہے ایسا بید میں تحریر ہے۔

چھاندوک اوپنشد۔ شیام بید۔ الکھ پرکاش صفحہ ۲۲۵، ۲۲۶، ۲۲۷۔

"سویت کیتو سے اُس کے باپ اودالک رکھیشر نے کہا کہ تیرے خاندان کے سب بید کے عالم ہوئے ہیں تو بھی بید کو پڑھ پس وہ تحصیل علم کیواسطے وطن چھوڑ گیا۔ چوبیس[۲۴] برس کی عمر جب ہوئی فضیلت حاصل کر کے آیا لیکن عُجب اور تبحّر سے اپنے آپ سے باہر ہوا جاتا تھا۔ باپ نے یہ حالت دیکھ کے کہا کر تو نے وہ علم بھی حاصل کیا ہے جس سے نہ سُنی بات سُن سکے اور نہ دیکھی دیکھ اور نہ سمجھی سمجھ لیوے۔ بیٹا یہ بات سُن کے حیران ہو گیا اور کہنے لگا کہ اے باپ یہ علم مجھے نہیں ہوا۔ باپ نے کہا کہ یہ علم نہایت آسان ہے کیونکہ ایک مٹی کی حقیقت جاننے سے تمام شے جو مٹی سے بنی ہیں تمیز ہو جاتی ہیں جیسے کوزہ اور سبو چہ۔ نام اور نقش اور جسم اُن کے برائے نام جُدے ہیں حقیقت میں کچھ علیحدہ نہیں ہیں اور سب کی اصل مٹی ہے۔

سونا ایک شے ہے اُس سے انگشتری اور آرسی وغیرہ نوع بنوع کے زیور سونار بناتا ہے کچھ صورت مختلف زیور سے اصلیت سونے میں تفاوت نہیں ہوتا ہے۔

آہن سے توپ اور بندوق اور تلوار اور برچھی وغیرہ بہت چیزیں بنتی ہیں اول اور آخر وہی لوہا ہے۔

بیٹے نے کہا کہ اُستاد نے یہ تعلیم نہیں کی آپ ہدایت کریں۔ باپ نے کہا کہ پہلے سب سے ایک ہست مطلق تھا جس کو واجب الوجود اور لاتعین کہتے ہیں کیونکہ اُس کا

نام اور نشان کچھ نہ تھا اور نہ ہے اور نہ ہوگا اور بے عیب اور لازوال اور بغیر صفت ہے۔ بعضے احمق سمجھتے ہیں کہ پہلے عالم معہ صانع صنعت کے نیست تھا اُن کی غلطی ظاہر ہے کہ نیست سے ہست ہو نہیں سکتا ہے پس ہست مطلق ضرور موجود تھا۔ جب اُس نے چاہا کہ وحدت سے کثرت ہووے پس اشکال مختلف کو قبول کیا۔ اپنے نور سے آگ کو روشن کیا جب آگ نے وحدت سے کثرت کو ارادہ کیا پانی پیدا ہوا اور اس دلیل سے جلد سمجھ میں آویگا کہ آدمی کو جب گرمی لگتی ہے بدن سے پسینا نکلتا ہے اسی طرح آگ سے پانی بنا پانی سے مٹی اور مٹی سے سب شے موجود ہوئیں"۔ دیکھو ایک شے سے پانی اور مٹی اور آگ پیدا ہوئی اور صورت اور نام مختلف رکھا گیا۔ ہر ایک شے کے تین حصے ہیں یعنے آگ اور پانی اور مٹی اس کا نام تر پرت کرن ہے۔ اِن تینوں عنصر بسیط کے تین تین حصے ہر ایک شے میں پائے جاتے ہیں۔ آگ میں سُرخی جزو آگ کی ہے اور سفیدی جزو پانی کی اور سیاہی جزو مٹی کی پس تینوں کے اجتماع سے آگ ہے اگر یہ تینوں صفات آگ سے جاتی رہیں آگ معدوم ہو جاوے۔ اب سمجھو کہ آگ ایک اسم فرضی ہے حقیقت اس کی کچھ بھی نہیں ہے اور تین شے سے مرکب ہو کے آگ موسوم ہوئی ہے۔ آفتاب میں جو سُرخی ہے وہ آگ کا جزو ہے اور سفیدی پانی کا اور سیاہی مٹی کا جزو ہے پس آفتاب اِن تینوں کے اجتماع کا نام ہے اگر قوت آگ اور پانی اور خاک اُس سے معدوم ہو جاوے آفتاب کی حدت تمام ہو جاوے پس یہ ایک اسم فرضی مرکب چیز کا ہے۔ چاند میں بھی تین رنگ ہیں اور بجلی میں اس تر پرت کو حکما اور عقلا سمجھتے ہیں اور جو اس کی حقیقت کو جانتا ہے وہ کل عالم کی موجوات کو جانتا ہے اور نادیدہ اور ناشنیدہ کی حقیقت کو از خود سمجھ لیتا ہے کہ مجموعہ عناصر لطیف اور بسیط سے تمام موجودات ہے"۔

عبارت محولہ بالا سے یہ بات اخذ ہوتی ہے کہ من یعنے بچار سے گیان کے ذریعہ سے تمام عالم کی خبر ہو جاتی ہے۔ مذکورالصدر سُرتی کے ترجمہ سے یہ ثابت ہے کہ ایک ست پرماتما کے گیان سے سب کا گیان ہوتا ہے ؞

मन्नै मुह चोटा न खाय। मन्नै यम के साथि न जाय।
एसा नाम निरंजन होय। जे को मन्न जाने मनि कोय॥१३

منّنے مُونہہ چوٹا نہ کھائے۔ منّنے جم کے ساتھ نہ جائے۔
ایسا نام نرنجن ہوئے۔ جیکو من جانے من کوئے۔ ۱۳

من کرنے سے مونہہ پر جم دُوتوں کے زود کوب کو نہیں کھاتا کیونکہ من کے پربھاو سے جمراج کے دُوتوں کے ساتھ نہیں جاتا اس طرح کا (نرنجن) پرمیشر کا نام ہے جو بچار کرے تو اس من کے سامنے (یعنے پرمیشر کے نام کا جو بچار ہے) فانی اشیاء کا بچار کیا ہے یعنے بالکل ہیچ و پوچ ہے۔ اب جم راج اور جم دُوتوں کے ہستی کو مثالوں سے ثابت کرتے ہیں۔

वैवस्वतं संगमनं जनानां यमं राजानं हविषा दुवस्यत॥

سُورج بھگوان کا لڑکا جو جمراج ہے اُس کے سامنے پاپی وغیرہ سب لوگوں کا جانا ہوتا ہے اس واسطے اے صاحبو کھیر (شیر برنج) سے بھوگ لگا کر یا ہون کر کے جمراج کو آسودہ و خوش کرو۔ اس رگ بید کے منتر سے جمراج کا ہونا پایا جاتا ہے اور کٹھولی اُپنشد میں لکھا ہے۔ اُس اُپنشد میں یہ سُرتی ہے۔

नसांपरायः प्रतिभाति बालं प्रमाद्यन्तं वित्तमोहेन मूढम्।
अयंलोको नास्ति पर इति मानी पुनः पुनः वशमापद्यते मे।
कठउप॰ व॰ २ श्रु॰ ६

ارتھ۔ جاہل سمجھتے ہیں کہ جو کچھ ہے یہی عالم ہے آخرت کچھ نہیں ہے اس عالم

کی محبت سے غفلت اور بھول میں ہیں ایسا ماننے والے بیرے جنگل میں پھنستے ہیں اور حیران رہتے ہیں - اس شرتی سے جمراج کا لوک قائم ہوتا ہے ۔

संजमने त्व नु भूयेनरेषामारेहावरे हो तदगति दर्शनात

शा० अ०३ पा०१ सू० १३॥

ارتھ - جو افعال قبیحہ کے فاعل ہیں وہ جم لوک میں جم دوتوں کی سختیوں کو برداشت کر کے اس لوک میں آتے ہیں ایسے لوگوں کو بد افعالی کے پاداش میں اس لوک میں (आरोह) جانا ہوتا ہے اور اعلےٰ و ادنےٰ جنم کے حاصل کرنے کے واسطے اس لوک میں (अवरोह) آنا ہوتا ہے کیونکہ شرتی مذکور الصدر میں ایسے جیووں کا جم کے تابع ہونا دکھلایا ہے - اس قدر مثالوں سے جمراج کا اور ان کے لوک کا ہونا سچ معلوم ہوتا ہے - اب جمراج کی پوری کی حالت کو بیان کرتے ہیں - جنوب و مغرب کے گوشہ میں سنجمنی پوری ہے وہ تمام ملک سخت پتھر کا بنا ہوا ہے سُر اور اسُر سے از راہ مخالفانہ قابل گذر و دخل نہیں ہے - مربع ہے اور چار پھاٹک ہیں - چار ہزار کوس میں اس کی بستی ہے - اس ملک میں چترگپت مہراج کا مندر ہزار کوس میں ہے اور چالیس کوس اونچائی ہے - ہر چہار طرف لوہے کے قلعہ سے محاصرہ ہے اور چترگپت مہراج سب انسانوں کی عمر اور نیک و بد کا حساب کرتے ہوئے بھی کبھی رغبت کو اُلفت میں نہیں پڑتے شگفتگی سے کام لیتے ہیں - چترگپت کے مقام سے اسّی کوس کے فاصلہ پر دھرم راج کا بہت ہی خوشنما مندر ہے - آٹھ سَو کوس لمبائی اور اسی قدر عرض ہے - اس مندر میں مثل آفتاب روشن چار سَو کوس کی سبھا ہے اس سبھا میں دھرم راج چالیس کوس کے نورانی آسن پر بیٹھا ہے - گندھرب و اپسراؤں یعنے حوروں سے و نیز ان کے مصاحبوں سے یہ سبھا بہت ہی دلکش و خوبصورت و نفیس معلوم ہوتی ہے -

پتروُمن و برمھ رکھ و راج رکھ جا بجا اس سبھا میں بیٹھتے ہیں لیکن جو گنہگار لوگ جنوبی پھاٹک سے لاتعداد تکلیفوں کو جھیلتے ہوئے سنجمنی پوری میں گئے ہیں وہ اُس سبھا کو نہیں دیکھتے بلکہ مصیبتوں ہی کو اُٹھاتے ہیں۔ جنہوں نے برہمنوں کو قتل کیا ہے اور لڑکوں کو ہلاک کیا ہے۔ گئوُ کشی و شراب نوشی کی ہے عورتوں کو مارا ہے۔ حمل کو گرایا ہے۔ گورو دیوتے اور برہمنوں کا مال چرایا ہے۔ عورتوں اور لڑکوں کے مال کو فریب سے لے لیا ہے۔ قرضہ لے کر ہضم کر لیتے ہیں۔ امانت میں خیانت کرتے ہیں۔ اعتقاد دلا کر دغا کرتے ہیں۔ کھانے میں زہر دیکر مارتے ہیں۔ برائیوں سے اُلفت رکھتے ہیں۔ بھلائیوں کی صفت نہیں کرتے ہیں۔ دانشمندوں سے حسد رکھتے ہیں۔ صحبت نیک سے نفرت و رذیلوں سے رغبت کرتے ہیں اور تیرتھ و اچھے لوگ و اچھے کرم و گورو کی نندا کرتے ہیں اور پوُران بید سمرتی شاستروں وغیرہ نہیں بیدانت ان میں نقائص نکالتے ہیں۔ رنجیدہ کو دیکھ کر خوش ہوتے ہیں و خندیدہ کو تکلیف دیتے ہیں۔ جو بد باطن تکلیف دہ باتیں کہتے ہیں اور بہبودی کی طرف متوجہ نہیں ہوتے شاستروں کی باتوں کو نہیں سنتے ہیں خودستائی پر سر دُھنتے ہیں اپنے آپ کو ہنرمند اوروں کو مت مند مانتے ہیں ان گنہگاروں کو اور پاپیوں کو جمراج کے دوت مارتے پیٹتے لے جاتے ہیں۔ لیکن جو سزا کے سزاوار ہوتے ہیں اُن جیووں کا ایک جسم سزا دینے کے لائق بنتا ہے جو سب طرح کی تکلیف سے فنا نہیں ہوتا یہ سب ہی اوپر لکھے ہوئے پاپی لوگ جم کے راستہ میں مصیبت سہتے ہوئے سنجمنی پوری کے دکھنی پھاٹک میں جاتے ہیں اور نیک اشخاص پورب پچھم اور اوتر کے پھاٹک سے جمراج کی سبھا میں داخل ہوتے ہیں اُن کا جمراج بشکل نورانی خاطر کرتا ہے۔ اس طرح پر جم کا راستہ مختصر طور سے دکھلایا ہے جس کو تفصیل کی ضرورت ہو وہ گرڑ پوران میں دیکھ لیوے۔ پرمیشر کے نام کا منن

کرنے والا اس تکلیف دہ راستہ کو نہیں دیکھتا - تھوڑی دیر کے لئے اگر فرض کیا جاوے یا مان لیا جاوے کہ یہ سب روچک و بھیانک ہے یعنی بیم ورجا - فی الحقیقت ان کا وجود عدم ہے تو بھی کرم کانڈی جیوں کی بہبودی کے واسطے و بدی سے بچنے کے واسطے اس کا ماننا مقدم ہے ۔

मन्नै मारगि ठाक न पाय। मन्नै पति सिउपरगटजाय॥
मन्नै मगु न चलै पंथ। मन्नै धरम सेती सन बन्ध॥
एसा नाम निरंजन होय।जे को मन्न जाणै मनिकोय॥१४॥

مننے مارگ ٹھاک نہ پایئے - مننے پت سیو پرگٹ جایئے
مننے مگ نہ چلے پنتھ - مننے دھرم سیتی سنبندھ
ایسا نام نرنجن ہوے - جیکو من جانے من کوئے ۱۴-

مننے (منن کرنے والے کو) پرلوک کے راستہ میں (ٹھاک) روک نہیں ہوتی مطلب یہ کہ اگر عین الیقین والے کو حق الیقین ہو گیا تو اُس کے پران کسی لوک کو نہیں جاتے اسی واسطے شُرتی مندرجہ ذیل میں لکھا ہے کہ عارف کی روح کہیں کو نہیں جاتی بلکہ برھم سروپ ہوا ہی برھم بھاؤ کو پراپت ہوتا ہے اور اگر سروپ کا گیان نہ ہو درمیان ہی میں مر جاوے تو عین الیقین کے طفیل میں اوتم لوک کو جاتا ہے اُس اوتم لوک میں من کے پربھاو سے روک ٹوک نہیں ہوتی ہے بلکہ بچار کرنے والا شخص (پت سیو) باعزت علانیہ داخل ہوتا ہے اور وہی شخص من کے پربھاو سے (مگ) راستہ (پنتھ نہ چلے) پیدل نہیں چلتا بلکہ عزت و توقیر کے ساتھ منور بوان میں بیٹھکر جاتا ہے اسی طرح من کے پربھاو سے دھرم راج سے ملاقات ہوتی ہے - (ایسا نام نرنجن ہوئے - جیکو من جانے من کوئے) اُس کا ترجمہ اوپر لکھ آئے ہیں وہاں سے دیکھ لیا جاوے - اب جو لکھا ہے کہ گیانی کے پران کہیں نہیں جاتے

اُس کو مثال سے ثابت کرتے ہیں -

नतस्य प्राणाउ त्क्रामन्त्य त्रै ब्रसमवनी यन्ते ब्रम्ह वसन् ब्रम्ह प्येति ॥ नृसिंह· उत्तर ता· खं· ५ ॥

عارفوں کی روح کہیں نہیں بھٹکتی ہے اور وہ کہیں نہیں جاتی ہے اپنے وجود میں تمام عالم کا تماشا کرتی ہے اصل یہ ہے کہ وے برمھ تھے جب سمجھے برمھ ہوگئے

धर्म राज पुरे गंतु चतुर्मार्गा भवंतिच ॥
पापि नां गमने पूर्वं सत्तुते परिकीर्त्तित: ४६ ॥

دھرم راج کے ملک میں جانے کو چار راستے ہیں - گنہگار لوگ دکھن کے دروازہ سے جاتے ہیں جس میں بے شمار تکلیفیں ہوتی ہیں اس راستہ کا خلاصہ یہ ہے - جم کا راستہ چھیاسی ہزار[۸۶۰۰۰] جوجن میں ہے - چار کوس کا ایک جوجن ہوتا ہے لیکن بے ترنی ندی کو چھوڑ کر جس کا پانی مثل خون اور گرم تیل کے ہے یہ دریا چار سو[۴۰۰] کوس میں ہے اس راستہ میں گنہگاروں کو تکلیف دینے کے لئے سولہ[۱۶] مقام ہیں جن کے نام یہ ہیں - سوم[۱] - سور پور[۲] - نگیندر بھون[۳] - گندہرب شیل[۴] - اگم پور[۵] - کروںچ پور[۶] - کرور پور[۷] - بچتر بھون[۸] - بھواپد[۹] - دُکھد[۱۰] - ناناکرند پور[۱۱] - سوتپت بھون[۱۲] - رَوور پور[۱۳] - پیو برکھنتر[۱۴] - شیتاڈہ[۱۵] - بھوبھیت پور[۱۶] - ان سولہ[۱۶] مقاموں میں جم دوت پاپیوں کو بیحد تکلیف دیتے ہوئے لے جاتے ہیں یہ دکھن کا راستہ بطور خلاصہ قلمبند کیا اب پورب اوتر پچھم کے راستہ کو بیان کرتے ہیں -

पूर्वादिक्षिस्त्रि भिर्मार्गैर्ये गता धर्म मंदिरे तेहिसु कृतिन:
पुण्यै स्तं स्यांग च्छन्तिता नशृणु ५० ॥

جو پورپ اوتر پچھم کے راستہ سے دھرم راج کے مندر میں آتے ہیں وہ اچھے لوگ نیکی کے طفیل میں دھرم راج کی سبھا میں جاتے ہیں اب ان کو سُنو -

पूर्वमार्ग स्तुतत्रैक: सर्व भोग समन्वित: ॥ पारिजाततरु
च्छायाच्छादितो रत्नमंडित: ५१ ॥

جم کی پوری میں ایک راستہ پورب کی طرف سے ہے - اس راستہ میں سب چیزیں آرام کی ہیں - کلپ برکش (درخت طوبےٰ) کا سایہ رہتا ہے جواہرات سے بھرا ہوا ہے -

बिमानगण संकीर्णो हंसा वृति विराजित: विद्रुमाएम
संकीर्णो पीयुषद्रवसुंयुत: ५२ ॥

بیوانوں سے بھرا ہوا ہے - ہنسوں کی قطار سے خوشنما ہو رہا ہے - جابجا باغوں میں درختوں سے آبحیات ٹپکتا ہے -

तेन ब्रह्मर्षयो यांति पुण्य राजर्षयो ऽ मला: ॥
अप्सरोगण गन्धर्व विद्या धरमहोरगा: ५३ ॥

برمہ رکھ پاک و نرمل راج رکھ و اپسرا و گندہرب و بدیا دھر کے مصاحب لوگ و بڑے بڑے منور شکل والے سانپوں کے جھنڈ کے جھنڈ اُس دھرم راج کی پوری میں پورب کے راستہ سے جاتے ہیں -

देवताराधकाश्चान्ये शिव भक्ति परायणा: । ग्रीष्मे प्रपादान
रता मांघे काष्ठ प्रदायिन: ५४ ॥

دیوتاؤں کے پرستش کرنے والے اور شیو کے بھگت - موسم گرما میں عالم کو پانی پلانے والے اور موسم سرما میں لکڑی خیرات کرنے والے پورب کے راستہ سے جاتے ہیں اور جو موسم برسات میں تارک الدنیا مہاتماؤں کو عزت و آبرو سے ٹھیراتے ہیں اور دُکھی کو دیکھ کر پرمیشر اُن کو خوش کرے ایسا کہتے ہیں اور خود ان کو پناہ دیتے ہیں اور ست بادی ہیں اور غصہ و لالچ سے بری ہیں اور باپ و ماں کے بھگت ہیں

گورو کی خدمت میں ثابت قدم ہیں اور زین گھر گوو علم ان کا خیرات کرتے ہیں اور پورانوں کے کہنے و سننے والے ہیں ایسے نیک افعال لوگ اور ان کے علاوہ جو ہوں وہ پورب کے راستہ سے جاتے ہیں۔ اور اوتر کا راستہ بڑے بڑے مہار تھوں سکھ پالوں نالکیوں و پالکیوں سے مزیب ہے بڑے بڑے مہارتھی بہادر لوگ اُس میں بیٹھے رہتے ہیں اس راستہ میں ایک آبحیات کا تالاب ہے جس کے چاروں طرف ہنس سارک چکرواک وغیرہ بیٹھے ہوئے تالاب کی خوبصورتی کو دوبالا کر رہے ہیں اس راستہ سے وے لوگ جاتے ہیں۔ جو بید کے مطابق کرم کرتے ہیں۔ ابھیاگتوں کا پوجن کرتے ہیں۔ درگا بھگوتی اور سورج بھگوان کا بھجن کرتے ہیں۔ پرب میں تیرتھ اشنان کرتے ہیں۔ دھرم جدھ اور برت میں مرتے ہیں۔ کاشی گوو استھان و بدھ سے تیرتھ جل میں مرے ہیں۔ برہمن کے واسطے و بالک کے کام کے واسطے و تیرتھ چھتروں میں مرے ہیں۔ دیوتا کے مندر و جوگ ابھیاس میں مرے ہیں۔ جو اچھے لوگوں کی سیوا کرتے ہیں۔ ابھے دان دیتے ہیں اور خیرات ہی پر کمر باندھے ہیں۔ یہ سب اوتر کے راستہ سے دھرم راج کی سبھا میں داخل ہوتے ہیں۔ ایک راستہ پچھم کی طرف سے ہے۔ لاانتہا جواہرات سے مزین ہے۔ آبحیات کی دریا بہتی ہے۔ ایراوت کے خاندان میں ہونے والے مست ہاتھیوں سے یہ راستہ بھرا ہوا ہے اور اُچیسروا گھوڑا کے مثل گھوڑوں سے یہ راستہ بھرا ہوا ہے۔ جو ادھیاتم شاستر کے جاننے والے آتم گیانی ہیں وہ سبھا میں اس راستہ سے جاتے ہیں اور جو بشن کے پروانہ برآتش کے مثال بھگت ہیں، اور گائتری منتر کا جپ کرتے ہیں وہ دھرم سبھا میں اس راستہ سے داخل ہوتے رہیں۔ اسی مطلب سے گورو مہاراج نے من کی تعریف کرتے ہوئے رو مننے جم کے ساتھ نہ جائے۔ "مننے دھرم سیتی سنبندھ" وغیرہ ایسے شبد زبان مبارک۔

سے خربا کر بچار کرنے والوں کو اعلےٰ درجہ کا حاصل ہونا بیان کیا ہے اور جو دوسروں
کو مارتے نہیں غیر کا مال نہیں چراتے۔ غیر کی نندا (ہجو) نہیں کرتے۔ غیر کی عورت
کی طرف نگاہ نہیں کرتے۔ اگن ہوتر کرم کرتے ہیں۔ نشکام بید کا پاٹ کرتے ہیں
برہمہ چرج برت کرکے بن میں تپ کرتے ہیں لوہا سونا پتھر کو برابر دیکھتے ہیں۔
سنیاسی و گیانی و بیراگی ہیں تمام سنسار کی بھلائی میں مستعد شیو و بشن کے برت
کرنے والے برھ ہیں سب کرموں کو ارپن کرنے والے ہیں۔ پتر۔ رکھ۔ دیوتا
ان تینوں (پتر رن (قرض)، پتروں کے نمت جو طعام تقسیم کیا جاوے اور جل
دان پنڈ او اس سے پتر خوش ہوتے ہیں۔ رکھ رن۔ بید کے پڑھنے سے رکھیشر
خوش ہوتے ہیں۔ دیو رن۔ ہوم کرنے سے دیوتا سیر اور خوش ہوتے ہیں اور نفع
پاتے ہیں) قرضوں کو ادا کر چکے ہیں۔ پنچ جگ (برہمہ جگ بید پڑھنے اور اس کے
مطابق عمل کرنے سے ہوتا ہے۔ دیو جگ۔ اگ میں کوئی چیز ڈالنے سے ہوتا ہے۔
بھوت جگ۔ اگن کنڈ کے باہر حلقہ کھود کے جانداروں کے واسطے حصہ رکھا جاتا
ہے۔ پتر جگ۔ مردوں کے ارواح کے واسطے کھانا دینا۔ نمہ جگ۔ یعنے
غریب اور محتاج فقیر کو ماتحیاج اور کھانا بخشنا اور اس کو ہتکار کہتے ہیں) میں پریت
رکھتے ہیں۔ پتروں کا سرادہ و ترپن کرتے ہیں نازک سے نازک وقت میں بھی
سندھیا سے غافل نہیں ہیں کم ظرفوں کی صحبت سے حذر و شریفوں کی صحبت میں
گزر رکھتے ہیں۔ ایسے لوگ اپسراؤں کے جماعت کے ساتھ آبحیات نوش جان
کرتے ہوئے عمدہ بیوانوں میں بیٹھکر دھرم راج کی سبھا میں داخل ہوتے ہیں۔
اس وقت میں دھرم راج چتر بھوج ہو کر بڑی عزت سے ان کا استقبال کرتے
ہیں۔ خوش آمدی چشم ما شاد دلِ ما روشن ایسے ایسے الفاظ کہتے ہیں۔ یہ سب
بالتفصیل گرڑ پوران میں تحریر ہے۔

ہے بھگون جو سرون من کرتے ہوئے حق الیقین سے محروم رہکر درمیان اہی میں فنا ہو کر راہی ملک بقا ہوئے اُن کی تو آپنی تعریف کی - اب جن کو سرون من سے حق الیقین ہو گیا اور بگیانی ہیں اُن کی حالت بیان کیجئے اس پر سری گوروجی فرماتے ہیں -

मन्नै पावहि मोष दुआर। मन्नै परवारै साधार।
मन्नै तरै तारै गुरु सिष । मन्नै नानक भवे न भिख॥
ऐसा नाम निरंजनु होय। जे को मन्नि जाणै मनि कोय॥१५

منّنے پاوہہ موکھ دُوار - منّنے پرحارے ساوہار -
منّنے ترے تارے گورسکھ - منّنے نانک بھوے نہ بھکھ
ایسا نام نرنجن ہوے - جیکو من جانے من کوے - ۱۵-

نن کے پربھاوسے ندھیاسن کے ذریعہ سے مکت کا دروازہ جو گیان ہے ملتا ہے یعنے عین الیقین سے حق الیقین حق الیقین سے فنا فی اللہ ہوتا ہے پھر (سا) سو شخص (پروارے) گیان کی سمپردا کو یعنے عرفان کے طریقہ کو دہارن یعنے اختیار کرتا ہے اس کے بعد اناتم جال یعنے اس عالم فانی سے (ترے) نجات حاصل کرے یعنے سنسار سے پرپار آنندسروپ آتما کو حاصل کرے اور اپ (گورو) مرشد ہو کر مُرید کو سنسار سے تارتا ہے یعنے نجات دلاتا ہے - سری گورو جی کہتے ہیں (بھکھ) دین یعنے عاجز ہو کر عالم میں (بھوے نہ) نہیں گھومتا و پریشان ہوتا ہے - مطلب یہ کہ گیان کے ہونے سے اگیان سے دور رہ کر تناسخ سے رستگاری حاصل کریگا - اسی رمز کو شُرتی دکھلاتی ہے -

इहैव सन्तो ऽ थविद्य स्त द्वयंन चेदवेदिर्महती विनष्टिः॥
य एतद्विदुरमृतास्ते भवन्त्यथे तरे दुःखमेवापि यान्ति

बृह॰ उप॰ अ॰४ ब्रा॰४ श्रु॰१४ ॥

اس بے انتہا تکلیف کے مقام جسم میں موجود رہکر جہل غفلت محبت میں پھنس کر بہت محنت سے ہم نے برمھ تتو کو آتم روپ سے جانا ہے (चेतन) جو نہ جانتے تو مرگ پیدائش کی تکلیف دُور نہ ہوتی جنھوں نے برمھ تتو کو آتم روپ سے جانا ہے وہ جنم مرن سے آزاد ہوئے ہیں اور علاوہ اُن کے اور لوگ دنیا میں عاجز ہو کر بھرمتے ہیں اور دُکھ ہی پاتے ہیں اس سُرتی سے ثابت ہے کہ آتم گیان سے سنسار میں دین ہو کر نہیں رہتے۔ رام گیتا میں سری رام چندر جی نے لچھمن جی سے واشٹابکر بیدانت میں اشٹابکر جی نے راجہ جنک سے یہی بات کہی ہے۔

رام گیتا

چوں سمے یہ جیو کی بھئی ابیدا ہان   ہم کرتا یہ کرم کے کون کہے یہ مان
تہ تے بدیا آپ ہے چھے نہ سمرتھ اور   موکش سادھنو گیان ہے نہ کر من کو دور۔

بیدانت اشٹابکر

ہوں تج بودہ کھرگ کر گاہو   کاہے تات دین ہوے راہو
نرمل بید ہو آپ کو لاہو   کاہے تات دین ہوے راہو
جب لوں رج ناہیں پہچانیو   تو لوں سرپ جاں بھئے مانیو
یوں ہی جگت مانہہ ہے تو لو   نج روپہ جانہہ نہیں جو لو
سوہی ہوں یہ جان پر بنیان   کاہے تات رہو ہوے دینان

خلاصہ سرون منن ندھیاسن بزبان دیگر

کبت

بھوجن کی بات سُن من میں مُدت ہوئے مُکھ میں نہ پڑے جو لوں میلئے نہ گراس ہے

سکل سامگری آن پاک کو کرن لاگیو من کرت کب جیہوں یہ آس ہے -
پاک جب بھئو تب بھوجن کرن بیٹھو مکھ میں میلت جاے یہی ندہیاس ہے -
بھوجن پورن کر ترپت بھئو ہے جب سندر ساکشات کار انبھو پر کاش ہے -

دیگر

سرون کرت جب سب سون اوداس ہوے چت کو ایکاگر آن گورو مکھ بیٹھیے -
بیٹھ کے ایکانت ٹھور انتہ کرن مانہہ من کرت پھیر واہی گیان گنیے
برمھ اپر وکش جان کہت ہے اہنگ برمھ سوہنگ ہنگ ہوے سداں ندھیاسن ہوئیے
سندر ساکشات کار کیٹ ہی تے ہوت بھرنگ یہی انبھو یہی سو سروپ بھنیئے -

اب بارہ لغایت پندرہ پوڑی کا خلاصہ لکھ کر سولھویں پوڑی کا ترجمہ شروع کرینگے -

خلاصہ

کہاں تک من کا کرے کو بچار
کرے جو کوئی ہووے وہ شرمسار

قلم لکھ سکے اس کو طاقت نہیں
جو دیکھے کوئی تو طلاقت نہیں

تو ہی عقل دیتا ہے سب کو تمیز
تو ہی ہے ہر اک کا یگانہ عزیز

محبت سے پر ضرب کھاتا نہیں
فنا کے کبھی ہاتھ آتا نہیں

تیری راہ ہے راست اے کردگار
نہیں کذب دھوکھے سے کچھ نہ کو کار

تیری راہ میں عز ہے اور وقار
ہے بد راہ سے عار ایمان سے کار

نہیں ہے حسب و نسب کی تمیز
تجھے جو کہ بھاوے وہی ہے عزیز

عزیز و یگانہ قبیلہ تبار
سبھی مکت گامی ہوں تجھکو نہار

گدا اور محتاج ہوتا نہیں
تیری یاد ہے جس کو سوتا نہیں

تیرا نام ایسا ہے امر دگار
کہ لینے سے ہووے نہ عالم سے کار

یہ ہیں شبد نانک کے من نے ولا
سدا اچھے دل سے تو کہہ برملا

ہے بھگون آپنے من کی بہت تعریف کی اب وہ شے بتلایئے جو قابل غور ہے کہ جس کے جاننے سے حق الیقین ہو اس پر گورو مہراج فرماتے ہیں -

पंच परवाण पंच परधान। पंचे पावहि दरगहि मानु ।
पंचे सोहहि दरि राजानु । पंचा का गुरु एकु धिआनु ॥

پنچ پروانڑ پنچ پردہان - پنچے پاوہہ درگہہ مان -
پنچے سوہہہ در راجان - پنچا کا گورو ایک دہیان -

اے شکھ (مرید) جو غور کرنے کی شے ہے وہ گندہرب پتر دیوتا اسُر راچھش ان پانچوں سے (پر) پرے ہے یعنے ان پانچوں کا مخزن بھی ہے اور ان سے الگ بھی ہے اور برہمن چھتری بیس شودر نکھاد یا پانچوں دیوتا برمھا بشن مہیش گنیش اور سورج ان کا کارن ہے یعنے یہ سب اسی سے ظہور میں آئے اور وہ ان سب سے منزہ ہے - اور (وانڑ) کیول ہے یعنے وہ یگانہ سب اشیاء کو آپ سے ظاہر کرتا ہے اور اپنے میں فنا کرتا ہے - وانڑ نام کیول کا بھی سنسکرت لغت میں لکھا ہے مطلب یہ کہ ایک وحدہٗ لاشریک لاتغیر ولاتبدل ہے - اسی طرح (پنچ) مذکورالصدر گندہرب وغیرہ پانچ یا برہمن وغیرہ پانچ یا پانچوں دیوتا وغیرہ ان اسماء واشکال یعنے نام وروپ سے پرے جو نراکار روپ اکاش ہے اُس کا (دہان) ادہشٹھان ہے قیام کرنے کی جگہ کو دہان کہتے ہیں اس واسطے مذکورہ بالا گندہرب وغیرہ پانچ کا جو ظاہر میں دکھلائی دیتے ہیں وتمام پرپنچ یعنے سنسار کا مخزن جو لامحدود ومحیط ہے وسوکشم واستھول سے رہت ہے اُسکے قیام کا مقام جو آتما ہے وہ نن یعنے غور کرنے کی چیز ہے اس مقام پر اس قدر اور سمجھ لینا چاہیئے کہ گندہرب وغیرہ پانچوں کا جو مخزن ہے وہ قدیم ہے اور پنچ پردہان شبد سے نراکار روپ اکاش کا ساکشات آتما ادہشٹھان (مخزن خیال

کرنا چاہئے یعنے تمام پرپنچ یعنے عالم خلا میں قائم ہے اور آتما میں یہ سب دایم قائم ہیں اوہیا تم پرکاش میں سکھدیو جی نے کہا ہے کہ۔

کبت

بیوم ہی میں ساتو ساتل وست لوک بیوم ہی کے مانجھ لوک لوک لیکھیت ہے
بیوم میں جگت اور جگت میں جیسے گھٹ گھٹ مانجھ اور نیارو نیارو پکھیت ہے
کہے سکھدیو جیسے جیو ایش بھید جامے جیسے گھٹ مٹھ بھید جامے بھیکھیت ہے
اور سب لچھن سماں جان بیوم کیسے برمھ مانجھ چیتن تا سو بکھیت ہے

اب پھر چیلے نے سوال کیا کہ اے مرشد ایسے آتما کا انبھوروپ گیان یعنے اشراق و عرفان کیسے حاصل ہوتا ہے اس کے جواب میں مرشد فرماتے ہیں (پنچے پاونہہ درگہہ مان)" پنچے درگہہ مان پاونہہ" یہ نثر ہوا۔ مطلب یہ کہ اے مرید زبان۔ من۔ آنکھ۔ کان۔ ناک ان پانچوں کا (درگہہ) دروازہ روک کر یعنے ہر ایک حواس کے ہر ایک حرکت و خواہش کو روک کر (مان) گیان کو (پادہ) پاتا ہے۔

درے پربند و ہم روزن و روزنجیر محکم کن مزن حرز باد حق یکدم بردا صلاح باطن کن
چشم بند و گوش بند و لب بہ بند ؤ گر نیابی سرحق بر من بخند ؤ

مطلب یہ کہ زبان وغیرہ اندریوں سے جو گیان ہوتا ہے اس سے آتما نہیں معلوم ہوتا ہے بلکہ اس آتما سے یہ سب پانچ کرم اندریاں و پانچ گیان اندریاں ظاہر ہوتی ہیں اس طرح کا جو ساکشی سروپ یعنے ہر شے کا شاہد برمھ ہے وہ قابل بچار کرنے کے ہے۔ ہے بھگون جو اندریوں سے گیان پیدا ہوتا ہے اور اس گیان کو پرکاش کرنے والی جو چیز آپ نے تبلائی وہ کیا آتما سے الگ ہے۔ اس کے جواب میں گورو مہاراج فرماتے ہیں (پنچے سونہہ درراجان)، اس موقع پر پنچ مراد پنچ تت یعنے عناصر جو پانچ ہیں ان سے ہے یعنے آب خاک باد آتش خلا۔ اے سکھ

وہ جو (راجان) تمام علوم کا راجہ روپ گیان مکت کا (در) دروازہ ہے سو (سپنچے) پرپنچ یعنے عالم میں (سوہیہ) سوہتا ہے یعنے مزین ہے - مطلب یہ کہ جو سب خیالوں کا ناظر و شاہد ہے اُسی کو تو برہم جان وہ برہم فانی اور تنزلزل شے سے منزہ ہے اور تمام علوم کا بادشاہ اور محیط اور لافانی ہے اور تمام رنج والم کو دور کرتا ہے اس واسطے جو سب کو روشنی دینے والا ہے اور سب ہے و سب میں ہے و سب سے الگ ہے وہی لائق منن یعنے غور و بچار ہے اور جو اس عالم کو بعد پیدائش کے طول و ترقی دینے والے برمھا وغیرہ ہیں یا اتہاس پوران اسمرت شاستر کے بنانے والے بیاس وغیرہ پانچ ہیں ان کا اُپدیش کرنے والا ہونے سے گورو ہے اور ایک یعنے یگانہ و بیگانہ سے آزاد ہے - ایں وآں چوں وچرا چنیں و چُناں کا اُس پر اطلاق نہیں ایسا جو برمھ ہے اس کا دہیان کرنا لازم ہے اتنی باتوں سے منن وند دہیاسن کو گورو مہراج نے تبلایا ہے - یہ گورو مہراج کا فرمانا بالکل بیدانت کی سُرتیوں سے مطابقت رکھتا ہے اس وجہ سے سُرتیوں کو لکھکر گورو مہراج کے کلام کی تائید کرتے ہیں -

यस्मिन् पञ्च पञ्च जना आकाशश्च प्रतिष्ठित :।
तमेवमन्य आत्मानं विद्वान् ब्रह्मामृतो ऽ मृतम् ।

बृह॰ अ॰ ४- ब्रा॰ ४॰ मं॰ १७॥

ارتھ - جس آتما میں گندہرب وغیرہ پانچ اور پانچوں حس ظاہری و مایا و آکاش سب موجود و قائم ہیں اُس آبحیات آتما کو میں امرت سروپ گیانی برمھ روپ غور و بچار کر کے جانتا ہوں مطلب یہ کہ پہلے آتما کو متعدد و فانی سمجھتا تھا یہ اگیان تھا اب برمھ گیان سے اپنے آپ کو امرت روپ ایک سمجھا ہے جو نہ گھٹتا ہے نہ بڑھتا ہے بحالت اصلی رہتا ہے -

यद्वाचानभ्युदितं येन वागभ्युद्यते ।
तदेव ब्रह्म त्वं विद्धि नेदं यदिदमुपासते ॥ १ ॥
यन्मनसा न मनुते येनाहुर्मनो मतम् ।
तदेव ब्रह्म त्वं विद्धि नेदं यदिदमुपासते ॥ २ ॥
यच्चक्षुषा न पश्यति येन चक्षूंषि पश्यति ।
तदेव ब्रह्म त्वं विद्धि नेदं यदिदमुपासते ॥ ३ ॥
यच्छ्रोत्रेण न शृणोति येन श्रोत्रमिदं श्रुतम् ॥
तदेव ब्रह्म त्वं विद्धि नेदं यदिदमुपासते ॥ ४ ॥
यत्प्राणेन न प्राणिति येन प्राणः प्रणीयते ।
तदेव ब्रह्म त्वं विद्धि नेदं यदिदमुपासते ॥ ५ ॥ केन·उप·खं· १॥

ان سُرتی بچنوں میں آتما کو برمھ روپ اور آنکھ کان وغیرہ کو دروازہ تبلایا ہے۔

ارتھ ۔ جو زبان سے کہا نہیں جاتا اور جس سے زبان میں گویائی کی طاقت ہے اُسی کو تو برمھ جان نہ یہ جو سب منظر اناتم روپ ہیں اور جس کا اپاسنا کیا جاتا ہے یہ منن ندھیاسن کے قابل نہیں ۔ جو من سے منن نہیں کرتا اور جس سے کہتے ہیں کہ مَن منن کیا جاتا ہے یعنے غور و بچار اس کا بچار نہیں کر سکتے بلکہ جس کی وجہ سے بچار میں طاقت بچار کی ہے اس کو تو برمھ جان نہ یہ جو اُپاسنا کیا جاتا ہے ۔ جو آنکھوں سے دیکھا نہیں جاتا اور جس سے آنکھوں کو دیکھتے ہیں اُسی کو تو برمھ جان نہ یہ جو اُپاسنا کیا جاتا ہے ۔ جو کانوں سے نہیں سنتا اور جس سے کان میں سُننے کی طاقت ہے اُسی کو تو برمھ جان نہ یہ جو اُپاسنا کیا جاتا ہے ۔ جو پران سے پران نہیں لیتا اور جس سے پران پران لیتا ہے اُسی کو تو برمھ جان نہ یہ جو اُپاسنا کیا جاتا ہے ۔ اس قدر عبارت سے یہ نتیجہ نکلا کہ منن کرنے کا جو گیان ہے اُس کی

ابتدا میں دروازوں کا روکنا یعنے دل کو محسوسات سے ہٹانا چاہئے اور جو علم عرفان کو تمام علوم کا راجہ کہا ہے اس کو اس (شنئے شیخ پیر پادشاہ) پونڈی میں بدلائیل ثابت کر آئے ہیں - اب جو گورو مہراج نے کہا ہے "ایک دھیان" اس کی بابتہ مثال لکھتے ہیں -

एक धैवानु द्रष्टव्यमेतदप्रमेयंध्रुवम । विरजः पर आकाशादज आत्मा महान्ध्रुवः तमेव धीरोविज्ञाय प्रज्ञां कुर्वीत ब्राह्मणः । नानुध्यायादबहून्छब्दान्वाचोविग्लापनं हितदिति ॥ बृ॰ अ॰ ४ ब्रा॰ २॰ ॥ २१ ॥ ब्रा॰ ४ ॥

گیانی اور عارف کو لازم ہے کہ تحصیل علم و دلائل عقلی سے تحقیق و تصدیق و وہم و خیال کے دفع کرنے کے بعد آتما کا دھیان کرے وہ آتما کیسا ہے جاودانی و ابناشی یعنے لافانی و محیط عالم ہے دھرم ادھرم و جنم و مرن و مایا سے رہت ہے جب برہمن یعنے برمھ کا جاننے والا ہووے برمھ کا دھیان کر کے اس میں محو ہو جاوے زبانی بات بنانے سے اور عامل نہ ہونے سے کچھ حاصل نہیں ہے یہ مقام حال کا ہے قال کا نہیں ہے - اس ندھیاسن کا سروپ پاتانجل رکھیشر نے اپنے سوتر میں لکھا ہے -

तत्र प्रत्ययैकतानता ध्यानम । यो॰ पा॰ ३ । सू॰ २ ॥

ارتھ - اُس پرم آتم نشانہ پر جو خیال کا یکسو ہو کر جانا ہے وہ دھیان ہے - اور جو برمھا وغیرہ جگت کے پھیلانے والے ہیں یا بید اسمرت و غیرہ کے مصنف جو بیاس وغیرہ ہیں ان سب کا ایک ایشور گورو ہے یہ پہلے بیان کر آئے ہیں اب اس کی نسبت مثال دیتے ہیں -

स एष पूर्वेषामपि गुरुः कालेनानवच्छेदात ॥ यो॰ पा॰ १ । सू॰ २६ ॥

ارتھ - سو یہ سب کا انترجامی ایشور جو جگت کے ابتدا میں ہونے والے برمھا پرجاپت منو بیاس وغیرہ ہیں سب کا گورو ہے کیونکہ پرماتما دیش و کال یعنے مکان و زبان سے منزہ ہے - مہا پرلے میں جب تمام سنسار و برمھا وغیرہ اُس آتما میں لین ہو جاتے ہیں اور دوبارہ موجودات کی موجودگی ہوتی ہے تب کوئی اُپدیش کرنے والا نہیں رہتا اس واسطے اس وقت وہی پرماتما سب کو اُپدیش کرتا ہے پھر بعد کو جب تک مہا پرلے یعنے قیامت کبریٰ نہیں ہوتا ہے تب تک رشی و مُنی وغیرہ سب اپدیش کرتے ہیں - موحد و موجد وہی ہے - سُرتی مندرجہ ذیل میں برمھا کو ایشور نے اُپدیش دیا ایسا لکھا ہے -

यो यो नियो निमधितिष्ट त्येको विश्वानिरु पाणि योनी श्चसर्वाः। ऋषिं प्रसूतं कपिलं यस्तमग्रेज्ञा नैर्विभर्त्ति जायमानंच पश्येत्त् ॥ श्वेता॰ अ॰ ५। मु॰ २। योब्रह्माणं विदधाति पूर्वं योवै वेदांश्च प्रहिणो तित स्मै ॥ तंहदे वमात्म बुद्धि प्रकासं मुमुक्षुर्वै शरण महं प्रपद्ये। श्वेता॰ अ॰ ६। मं॰ १८॥

ارتھ - جو پرمیشر کسی سے پیدا نہیں ہوا اور تمام جگت و مایا کو اپنی طاقت سے متحرک کر رہا ہے وہ ایک ہی صاحب ہے اور سب اجرام و اجسام کا مالک ہے اور آب خاک باد آتش و خلا کا جو تمام اجسام ارضی و سماوی کے باعث ہیں مخزن ہے اور کپل یعنے مثل طلا کے چمکدار ہرن گربھ روپ یعنے مجموعہ عناصر لطیف ہے یا کپل دیو مُن کو جو جگت کے ابتدا میں پیدا ہوئے بید ارتھ گیان بیراگ کو سکھلاتا و پرورش کرتا ہے اور بہشت کے ایجاد و قیام کے واسطے فانی اشیاء کو دیکھتا ہے اور جس پرمیشر نے عالم کی پیدائش کے شروع میں برمھا کو پیدا کیا

اور بید کے مذہب کو رواج دینے کے واسطے برمھا کے دل میں اس علم کو روشن کیا اُسی پرمیشر کو میں اپنی عقل کے روشن وحلیم کرنے کے واسطے نمسکار کرتا ہوں کیونکہ میں نجات کی خواہش رکھتا ہوں اس لئے اُس کی پناہ میں آیا ہوں۔ اس سُرتی میں پہلے فقرہ میں لفظ کپل سے اول مراد برمھا جی سے ہے جن کی شکل شل سونے کے نورانی وچمکدار ہے اور دوسرے مطلب کپل دیو جی سے ہے پورانوں میں بشن کا ایک اوتار کپل دیو نام سے بھی ہوا ہے۔

कपिलर्षिर्भगवतः सर्व भूतस्य वैकिल ॥

विष्णोरंशो जगन्मोहना शाय समुपागतः १

कृते युगे परंज्ञानं कपिला दिस्वरूपधृत् ।

ददाति सर्व भूतात्मा सर्वस्य जगतो हितम् ॥२॥

ارتھ - بشن بھگوان جن کی شکل بشکل تمام موجودات ہے اُن کی انش سے نشچے کر کے کپل رکھنے سنسار کے موہ کے دور کرنے کیواسطے ست جگ میں اوتار لیا اور بعد کو تمام عالم کی بہبودی کے واسطے سب کو آتم گیان کا اُپدیش کیا۔ بھگوت گیتا کے دسویں ادھیائے کے ۲۶ منتر میں سری کرشن بھگوان نے کہا ہے کہ کاملوں میں مَیں کپل مُنی ہوں۔

सिद्धानां कपिलोमुनिः

ان مثالوں سے یہ نتیجہ اخذ ہوا کہ جگت کے وید شاستر کے پھیلانے والے پانچوں کا پرمیشر گورو ہے یہ مطلب سُرتی سے نکلتا ہے۔ اِن باتوں سے جو شے قابل غور ہے اُس کو گورو مہاراج نے بتلایا ہے اور حق الیقین کے راستہ کو دکھلایا ہے

जे को कहै करै वीचार

جے کو کہے کرے بچار

اسے مُرید خدمت سے خوش ہوکر عارف لوگ اگر (کسے) ہدائت کریں تب مُرید (ویچار) غور کرے مطلب یہ کہ وحدانیت کے ہادی بہت کمیاب ہیں اگر خوش قسمتی سے کسی پر بہ نظر تُرحم انہوں نے مہربانی کی اور اُپدیش کیا تو سامع کو چاہئے کہ صدق عقیدت سے اس کو غور کرے کیونکہ غور کرنے سے یقین ہوگا اور یقین سے محویت حاصل ہوگی۔ نتیجہ یہ کہ پہلے مرشد کی ہدائت ہو بعدہٗ مُرید اُس پر بدلائل عین الیقین کرے مابعد حق الیقین کرنا چاہئے اس کے بعد محویت ہے۔

ہے بھگون (اے مُرشد) وہ کون سے طریقے ہیں جن سے خوش ہوکر گورو اُپدیش کرتے ہیں وہ طریقہ مجھ کو بھی بتلایئے جس کا عامل ہونے سے میں بھی قابل اُپدیش بن جاؤں۔ اس کے جواب میں گورو مہاراج فرماتے ہیں۔

करतेकै करसौ नाहीं सुमार ॥

کرتے کے کرنے نہیں شُمار

اسے پیارے مُرید (کرتے کے) کرنے لائق (کرنے، سادھنوں کی (شمار) گنتی نہیں ہے مطلب یہ کہ لاتعداد شاستر اسمرت پوران وغیرہ مذہبی کتب ہیں اور ان میں بے شمار طریقے تحریر کئے ہیں کچھ گنتی نہیں ہے۔ بھگوت گیتا کے تیرھویں ادھیائے میں بیس طریقے لکھے ہیں اور شاستروں کا کیا حساب ہے گیتا میں سادھنوں کی تفصیل یہ ہے۔

अमा नित्व मदम्भि त्व महिंसाक्षांतिराजेवम् ।
आचार्यौ पासनंशौचंस्थैर्य्य मात्म वि निग्रह : ८
इन्द्रि यार्थेषुवै राग्यमनहङ्कार एवच ।
जन्म मृत्युजराव्याधिदुखदोखानुदरसनम् । ९
असक्ति रन भिष्वंग : पुत्र दार गृहा दिषु ॥

नित्यं चसम च्चित्तत्व मिष्टा निष्टोप पत्तिषु । १०
मयि चानन्य योगेन मगक्ति रव्य भिचारिणी ।
विविक्त देशशे वित्वमरति जीनसंसदि । ११ ॥
अध्यात्म ज्ञान नित्य त्वं तत्त्व ज्ञानार्थ दर्शनम् ।
एत ज्ज्ञानमिति प्रोक्तम ज्ञानं यदतो ऽ न्य था १२ ॥

गी० अ० १३

ادرتھ - (۸) عاجزی[1] - راست[2] بازی - رحمدلی[3] - تحمل[4] - حلم[5] - استاد[6] کی تعظیم - صفائی[7] باطن - استقلال[8] - ضبط[9] دل -

باید کہ دولت صفا پذیرد - جز رنگ یگانگی نگیر

(۹) محسوسات[10] سے بے تعلقی - ترک[11] خودی - پیدائش موت بڑھاپے[12] اور بیماری کی تکلیفات سے آگاہ رہنا -

در راہ یگانہ خاک گشتہ - از موت وحیات پاک گشتہ

(۱۰) اولاد بیوی اور[13] متعلقین غیرہ سے آزاد رہنا - اور بے[14] تعلق رہنا - خوشی اور رنج کے موقع[15] پر یکساں رہنا -

در بحر فنا قدم گذارد - پروائے دو خود ندارد

(۱۱) خالص اور صادق[16] عشق کے ساتھ میرا طالب ہونا - گوشہ[17] گزینی کرنا - اہل دنیا[18] سے بے تعلقی رکھنا -

جلوہ وحدت بکثرت دیدہ اندر خلوت اندر انجمن بگزیدہ اند -

(۱۲) علم ذات میں[19] ثابت قدم رہنا - اور علم صفات سے[20] واقف ہونا یہ جان علم کا ہوا جو اس کے برعکس ہے وہ جہل ہے -

دردا کہ در دیار شما در دیار نیست :: آنرا کہ در دیار بود در دیار نیست

بطون کی طرف توجہ کا ہونا گیان یعنے علم ہے -

حواسوں سے مغلوب ہوجانا اگیان یعنی جہل ہے -

اوپر جو طریقے لکھ آئے ہیں ان کے علاوہ اور بہت سے فرشتہ صفت اوصاف ہیں جو قابل قبول ہیں -

سوال - ہے بھگون ایسی کرپا کرو کہ جس میں سب سادھنوں کا عامل ہو جاؤں تو اسی ایک سادہن کا اُپدیش کیجئے کہ جس کے اندر اور سب سادہن آجاویں - اس کے جواب میں گورو مہراج فرماتے ہیں -

धवल धर्मु दया का पूत । संतोष थापि रखिया जिन सूत ।

دھول دھرم دیا کا پوُت - سنتوکھ تھاپ رکھیا جن سوُت

ہے شکھ دیا اور دیا کے ساتھی دم اور دان ان سے جو (دھول) نِرمل اور صاف و شُدھ دھرم ہے اس کو اختیار کرو اور جس دم دان دیا کے (سوُت) بیٹے نے سنتوکھ (صبر) کو (تھاپ رکھیا) قائم کر رکھا ہے اُس کو اختیار کر اس سے تو سب سادہن کا عامل ہو جاویگا - مطلب یہ کہ دم دان اور دیا ان تین سادھنوں سے نرمل دھرم ہوتا ہے اور نرمل دھرم سے سنتوکھ ہونے سے سب سادہن حاصل ہو جاتے ہیں اس واسطے ان کو تو اختیار کر - یہ دم دان دیا تین سادہن اُسری سمپت یعنے شیطانی خصائل کے خاص تین عادتوں کو یعنے کام کرودھ لوبھ کو دور کرنے والے ہیں جب شیطانی خصائل کے تین خاص سردار شکست کھا چکے تب دیوی سمپت یعنی فرشتہ صفت انسان کا ایسا راج ہو گیا کہ جس کا کوئی دُشمن ہی نہیں - بعدہٗ خواہشات کو فنا کرنے والا اور بے نہایت آرام و سرور دینے والا سنتوکھ بھی حاصل ہو گیا تب نہ کسی چیز کی کمی رہنے سے اور نہ کسی چیز کی خواہش رہنے سے پرم آنند کی پراپتی ہوتی ہے - یہ دم دان دیا روپ سادہن بید میں بیان کیا ہوا ہے -

त्रया: प्राजापत्या: प्रजपतौ पित्तरि ब्रह्म चर्य्ये मूषुर्देवा मनुष्या असुराउषित्वा ब्रह्म चर्यं देवा ऊचुर्ब्रवीतुनो भवा निति ते भ्यो है तद क्षरमुवाचदयिति ॥ वृ॰ अ॰ ५। ब्रा॰ २॥

ارتھ۔ پرجاپت کی نسل تین قسم کی ہے۔ (۱) دیوتا یعنے سُر اور فرشتے اور ہوکل اور نیکو ہیدہ خصال اور نیک افعال یہ بھی آدمی ہیں غیر کوئی نہیں (۲) انسان جو اعتدال کی حفاظت کرتے ہیں اور سلامت روی اختیار کرتے ہیں اور انتظام دُنیا اور آخرت بجا بھی کرتے ہیں اور خویش اور بیگانہ اور دوست اور دشمن سے بعدل پیش آتے ہیں اور یہ بھی بصورت آدمی ہیں۔ (۳) اسُر یعنی اہرمن اور شیطان اور ظالم اور جاہل اور مغلوب شہوت اور غضب اور تعصّب اور حسد وغیرہ یہ بھی آدمی ہیں اور کوئی نہیں ہیں؞

تینوں قسم کے بحضور اپنے باپ کے حاضر ہوئے اور خواستگار ہدایت کے ہوئے۔ باپ نے حرف دال کہہ کے تینوں سے کہا کہ اس کے مطلب کو سمجھ لو یہی ہدایت میری ہے۔ چونکہ۔ فکر ہر کس بقدر ہمت اوست۔ ہر ایک نے جو سمجھا بیان کیا۔ سُروں نے کہا کہ اے باپ ہم سمجھے ہیں کہ آپ فرماتے ہیں کہ ہم جنبش دم کریں یعنے حواسوں کو وسواس ظاہری اور باطنی سے روکیں باپ نے جواب میں بہت خوشی سے پرنو کہا یعنے درست اور حق یعنے خوب سمجھے آدمیوں نے کہا کہ ہمارے قیاس میں آیا کہ آپ فرماتے ہیں کہ حکمت اور شجاعت اور عفت سے عدالت کرو اور عوام الناس سے خوش گذران رہو باپ نے خوش ہو کے پرنو کہا اسُروں نے کہا کہ ہماری سمجھ میں آیا ہے کہ آپ یہ فرماتے ہیں کہ خلق آزاری و کینہ کشی اور شہوت پرستی اور غضب رانی اور ہر قسم کی بدکاری چھوڑو اور جہالت سے باہر نکلو اور تعصّب نہ کرو باپ نے خوش ہو کر پرنو کہا۔ پرجاپت نے کہا کہ یہی دال دیو بانی ہے اور دیو

سے مُراد دیوتا ہے اور دیوتا برمھ ہے جب بادل گرجتا ہے تین دال کی آواز برآمد ہوتی ہے (د د د) اُس کے معنے سمجھو کہ ضبط کرنا حواس کا اور سخاوت اور شجاعت سے پیش انا مخلوقات سے اور آزار نہ دینا کسی جاندار کو آواز غیبی اور اکاس بانی اور کلام ایزدی ہے پس جمیع مخلوقات کو چاہیئے اس پر اپنا عمل رکھیں۔ یہ سب برہ دارون اُپنشد کے پانچویں ادھیائے میں لکھا ہوا ہے اور معقول ہے اور گیتا کے سولھویں ادھیائے میں بھی سری کرشن چندر جی نے فرمایا ہے۔

त्रिविधंनरकस्ये दंद्धारं नाशन मात्मनः॥
कामः क्रोध स्तथा लोभ स्तस्मादेत त्त्रयं त्य जेत् ॥
एतै र्विमुक्तः कौन्ते यतमो द्वारै स्त्रि भिर्नरः॥
आचरत्यात्मनः श्रेयस्त तोयाति परांगतिम्॥
गी : अ・१६॥ श्लो・२१।२२॥

ارتھ - خواہش - غصہ اور طمع دوزخ کے تین مختلف دروازے ہیں جن میں جان کو ایذا پہنچتی ہے اس واسطے ان تینوں کا ترک کرنا لازم ہے۔ اے ارجن جو انسان تموگُن کے ان تین راستوں سے بچ کر اپنی بہبودی میں کوشش کرتا ہے وہ اعلےٰ منزل پر پہنچتا ہے +

جب انسان اپنے عیبوں کو آپ دیکھے تب اس کی درستی جلد اور واجبی طور پر ہوسکتی ہے جیسے پرجاپت کے تینوں لڑکوں نے اپنے اپنے نقائص کو خیال کرکے اسی کے مطابق حرف دال کے ہدایت کو خیال کیا۔ دیوتوں میں کام یعنے خواہش زیادہ ہے بدیں وجہ اُنھوں نے خیال کیا کہ ہم کو دم یعنے ضبط دم کا اُپدیش کیا ہے۔ انسان نے خیال کیا کہ ہم میں طمع زیادہ ہے اس وجہ سے خیرات کرنے کا اُپدیش کیا ہے۔ اسُرون نے خیال کیا کہ ہم غصہ زیادہ کرتے ہیں

اس لئے ہم کو دیا یعنے رحم کرنے کا اُپدیش کیا ہے۔ اسی مطلب سے گورو جی نے مہربانی کر کے دم دان دیا سے پیدا ہوئے نرمل دھرم کے اختیار کرنے کا اُپدیش کیا ہے۔ اور سنتوکھ یعنے صبر ان تینوں کا دوار پال یعنے محافظ ہے جب صبر نگہبان مستعد رہے تب شیطانی اوصاف کو دور سے ناچیز خیال کر کے ہٹا دیتا ہے۔ سنتوکھ کو پاتانجل رشی اور بیاس جی نے اس طرح پر بیان کیا ہے۔

संतोषादनुत्तमः सुखलाभः। यो० पा० २ सू० ४२ ॥

यच्च कामसुखं लोके यच्च दिव्यं महत्सुखम् ॥

तृष्णाक्षयसुखस्यैते नार्हतः षोडशीं कलामिति ॥

ارتھ۔ تقدیر سے میسر ہوئے سے زیادہ کی خواہش نہ کرنے کا نام سنتوکھ یعنے صبر ہے مطلب یہ کہ خواہش کا نہ ہونا اسی کا نام صبر ہے اسی واسطے بیاس جی نے بے آرزوی کو صبر کہا ہے اس صبر سے سب سے اعلےٰ درجہ کا ارام ملتا ہے۔ اشلوک کا یہ مطلب ہے کہ جو اس لوک کا سکھ ہے اور جو پرلوک کا آنند ہے یہ سب نربانسک یعنے بے خواہشی سے پیدا ہوئے سکھ کے سولھویں درجہ کے بھی برابر نہیں ہے اس واسطے یہ صبر شیطانی صفات کو دور سے ناچیز سمجھ کے پھٹکار دیتا ہے ان باتوں سے ادھکاری کا بیان کیا ہے اب نتیجہ دکھلاتے ہیں۔

जे को बुझै होवै सचियार । धवलै ऊपर केता भार ॥

جیکو بُجھے ہووے سچیار۔ دھولے اُوپر کیتا بھار۔

اے مُرید جو اوپر لکھے ہوئے سادھنوں کو (کو) کوئی اعلےٰ مکت کا چاہنے والا (بُوجھے) اپنے اصلی روپ کو جانے یا بچار کرے تو (سچیار) ست بادی پرماتما کا سروپ ہووے۔ مطلب یہ کہ پرماتما کے گیان کے بغیر نہ تو بیوہار میں راست گو ہو سکتا ہے اور نہ پرمارتھ تت روپ ست کا کہنے والا ہو سکتا ہے۔ پرم تت کو

جانکر پرمارتھ یعنے روحانی علم کو بیان کرسکتا ہے اور راست گو ہو کر سب سے
تعظیم کے لائق جیسے جی مثل پرماتما ہوجاتا ہے اسی رمز کو سُرتی بھی دکھلاتی ہے

यंयंलोकंमन ससंवि भाति विशुद्ध सत्त्वः कामयते
यांश्चकामान्। तंतंलोकं जयते तांश्चकामांस्तस्मादा
त्मज्ञं ह्यर्चयेद्भूति कामः १ सवेदैत त्परमं ब्रह्म धाम
यत्रविश्वं निहितं भाति शुभ्रम्। उपासते पुरुषं येह्यका
मास्ते शुक्रमेतदतिवर्तन्ति धीराः २ द्वि० मु० खं० १
सयोहवैतत्परमं ब्रह्म वेद ब्रह्मैव भवति। नास्या ब्रह्म
वित्कुले भवति। तरति शोकं तरति पाप्मानं गुहा ग्रन्थि
भ्यो विमुक्तो ऽमृतो भवति॥ मुण्डक० उप० द्वि० मु० खं० २॥

ارتھ - آتم گیان سے شُدہ انتہ کرن یعنے علم لدنی سے صاف دل والا شخص
جس جس عالم کو یا اشیاء عالم کو دل سے چاہتا ہے کہ یہ لوک یا یہ چیزیں مجھ کو
یا میرے احباب یا غیر کو دستیاب ہوں وہ سب اُسے حاصل ہوتی ہیں اسواسطے
جن کو ایسی خواہش ہو وہ سب خواہشوں کو بالائے طاق رکھ کر آتم گیان حاصل
کرے جس سے سب خواہش پوری ہوں - پرماتما روپ بچیار کا عامل ہونا چاہیے
سب خواہشات کے پوُری ہونے کی وجہ یہ ہے کہ آتم گیانی برمھ رُوپ پرم دھام
شُدہ سروپ کو جانتا ہے اور جس برمھ میں تمام عالم اور اِس کی اشیاء قائم ہیں
اُس کو آتم گیانی آتما روپ سے جانتا ہے اس سے وہ لائق تعظیم ہے جو بے تعلق
و بلا نتیجہ افعال کے فاعل ہیں اور نجات کے خواہشمند ہیں اور پرماتما کو سب سے منزہ اور
اپنی آتما جانکر اُپاسنا کرتے ہیں وہ پیدائش و مرگ کی تکلیف سے رستگاری پاتے
ہیں جو کوئی ہزاروں میں ایک بچار والا برمھ کو جانتا ہے وہ برمھ سروپ ہوتا ہے اور

اس برہم گیانی کے مذہب یا خاندان میں برہم کا نہ جاننے والا نہیں ہوتا ہے اور زندہ ہی رغبت ونفرت و عزت و ذلت کے رنج و توہمات سے نجات پا جاتا ہے نیک و بد افعال کی پابندی سے گزر کر خواہشات سے تعلق چھوڑ کر بشکل آبحیات ہو جاتا ہے ۔

گزشتم از سر مطلب تمام شد مطلب ۔ حجاب چہرہ مقصود بود مطلب ہا

اس بات کو سری گورو جی آگے کی عبارت سے مضبوط کرتے ہیں (دہولے اوپر کیتا بھار) اس موقع پر دَم دان دیا اِن تینوں سادہنوں کے ابھیاس سے جو شدہ دھرم اوپر کہہ آئے ہیں اُس سے پیدا ہوئے گیان کا نام دہول ہے ایسے نِرمل دھرم پر رنج و غم و بد خواہشات کا دور کرنا کتنا (بھار) بوجھ ہے یعنے ان کے دُور کرنے میں اُس کو کچھ بھی تدبیر نہیں کرنی پڑتی ۔ مطلب یہ کہ بے شمار جنموں میں لاتعداد جوگ تپ جگ وغیرہ سے نہ ہٹنے والا اگیان یعنے جہل جب اُس نِرمل دہرم سے پیدا ہوئے گیان سے مثل کافور کے ایسا دُور ہوا کہ جس کا کہیں نام ونشان نہ رہا تب اُس کو ایسے فروعات یعنے رنج و محبت و پاپ وبُری باسنا وغیرہ کے دُور کرنے میں کیا دِقت ہے اِس تت گیان کی اوستھا یعنے حالت کو چوتھی بھومکا یعنے درجہ کہتے ہیں اس سے پہلے کی تین بھومکا گیان کی سادہن روپ ہیں اور بعد کی تین بھومکا جیون مُکت کی حالت کو ظاہر کرتی ہیں وہ ساتوں بھومکا یہ ہیں ۔

گیان کی سات بھومکا یا درجوں کی تعریف ۔

(۱) خواہش واسطے جہالت و نادانی دور کرنے کے ہونا اور گیان و مُکت کی تمنا کرنا اور اپنی تضیع اوقات پر جو جہالت و گمراہی میں ضائع ہوئے افسوس کرنا اور بد افعالی اور بد صحبت سے پرہیز کرنا اُس کا نام سبھا اِچھیا۔ بھومکا ہے ۔

(۲) کوشش تلاش اچھے علم اور اچھی صحبت کے واسطے کرنا ۔ اس کا نام بچار بھومکا

ہے۔

(۳) بیراگ یعنے وحشت ہونا اختلاط محسوسات سے اور فانی سمجھنا۔ اس کا نام تن ماننا ہے +

(۴) معاملات دُنیا اور عقبیٰ سے بالکل کنارہ ہو جانا اور محسوسات اور لذات کو فانی سمجھنا اور حق سے مشغول ہونا اس کا نام ستاپت ہے +

(۵) حق سے مشغول ہونا اس کا نام آسن شکت ہے +

(۶) ایسا حق سے مشغول ہو کہ دوسرا جگاوے تب جاگے ورنہ اُسی حالت میں رہے اس کا نام پدارتھ بھاونی ہے +

(۷) استغراق اس مرتبہ میں ہو کہ دوسرے کے جگانے سے بھی نہ جاگے اور ظاہر و باطن حق سے مل جاوے اس کا نام تریا ہے +

عبارت متذکرہ بالا سے نتیجہ یہ اخذ ہوتا ہے کہ جو مذکور الصدر دَم داُن دَیا کے ابھیاس سے نِرمل دھرم والا اصابر ادھکاری ہے وہ اوپر کے مدارج کے حساب چوتھے درجہ میں ہے جس کا نام ستاپت ہے۔ اب آگے راجسی تامسی جیودں کی نسبت کہتے ہیں۔

धरती होर परे होर होर । तिस ते भार तले कवण जोर ॥
जीय जात रंगा के नाव । सभना लिखिया वुड़ी कलाम ॥

دھرتی ہور پرے ہور ہور ۔ تِس تے بھار تلے کون جور
جیہ جات رنگا کے ناون ۔ سبھنا لکھیا وُڑی کلام

باوجودیکہ لفظ دھرتی سے مطلب صرف بھومکا سے ہے لیکن اس موقع کے سلسلہ بیان کے مطابق اس لفظ دھرتی کا مطلب چوتھی بھومکا سے ہے دھرتی کو بھوم کہتے ہیں۔ گیان کی چوتھی بھومکا ستاپت ہے۔ اب پونڈی کا یہ

ترجمہ ہوا کہ (ہور) اور جو تامسی یعنے جاہل و غافل اور جیوؤں کو تکلیف دینے والے و مارنے والے جیو ہیں اُن کو وہ دھرتی رُوپ گیان بھومکا (پرے) بہت دُور ہے اسی طرح جو (ہور ہور) اور جو علاوہ اُن تامسی جیوؤں کے راجسی جیو ہیں اُن کو بھی وہ گیان بھومی پرے ہے اس لفظ پرے کا دونوں طرف تعلق ہے جیسے دہلیز پر چراغ رکھا ہو۔ تَلے یعنے نیچے لیکن اس جگہ پر رہت ہونے سے مطلب ہے۔ ترجمہ یہ ہوا کہ جو گیان کی سادھن رُوپ پہلے کی تین بھومکا کے (بھارتے) بوجھ سے (تَلے) رہت ہیں اُن کو گیان بھومی کے پراپتی میں کیا (جور) زور ہے۔ مطلب یہ کہ بغیر طریقت کے عامل ہوئے معرفت کا حاصل ہونا دشوار ہے اور علم عرفان کے آرزومندوں کو رجوگُن یعنے لالچ و خواہش و تموگُن یعنے کاہلی۔ بیہودگی و غفلت کو ترک کر کے گیان کے پہلے تین بھومکا کا عامل ہونا چاہئے۔ اب سوال ہے کہ بے انتہا سُرور کا باعث جو گیان ہے اُس کے عامل سب لوگ کیوں نہیں ہوتے اس کے جواب میں گورو مہاراج فرماتے ہیں کہ ہے شکھ (جیہ جات) تمام لوگ رنگ یعنے نیلے و سفید وغیرہ گنوں کے ہیں اشارہ یہاں تینوں گنوں سے ہے اس سے تمام منکھ (رنگا کے ناون) گنوں کے نام والے ہیں یعنے تموگُن سے تامسی۔ رجوگُن سے راجسی۔ ستوگُن سے ساتکی کہے جاتے ہیں اس واسطے ہزاروں میں کوئی ایک اس لازوال راحت یعنے گیان کے سادھنوں کا عامل ہوتا ہے اس صفات سہ گانہ کے نام کو سب عالموں و آچارجوں نے لکھا ہے اور (وُڈہی) بزرگ و قدیم (کلام) بانی یعنے بید میں لکھا ہے۔ کہ فرشتہ صفت و انسان صفت و شیطان صفت تین گُن والے لوگ ہیں۔ اِس کو اوپر ہم ثابت کر آئے ہیں اور ستوگُن وغیرہ گنوں سے ساتکی وغیرہ نام اور ان کا انجام گیتا میں لکھا ہے

ऊर्द्धं गच्छन्ति सत्त्व स्था मध्ये तिष्ठन्ति राजसाः।

जघन्य गुणवृत्ति स्था अधो गच्छन्ति तामसाः गी० अ० १४ श्लो० १८।

ارتھ - جن لوگوں کا شعار دانشمندی اور راستبازی ہے یعنے ستوگُن کہتے ہیں - انہیں صفات کی عملداری میں اعلےٰ مرتبہ پر سرفراز سمجھنا چاہیئے جو لوگ تعلقات دنیوی میں بدل مصروف ہیں یعنے رجوگُن رکھتے ہیں وہ اس عملداری میں متوسط درجہ رکھتے ہیں - جو لوگ جہل اور ناراستی کے پیرو ہیں یعنے توگُنی ہیں وہ بمقابلہ اُن دونوں قسم کے شخصوں کے جن کا اوپر ذکر ہوا ادنےٰ درجہ میں سمجھے جاتے ہیں -

اور سادھو کرم جے پُرکھ کما وے نام دیتا جگت کہاوے - کُرکرت کرم جے جگ میں کرہی نام اُسرتا کو سب دہرہی ✦ یہ دسویں گوروجی کا بچن ہے -

एह लेख। लिख जाणै कोय ॥ लेखा लिखिया केता होय ॥

ایہہ لیکھا لکھ جانے کوے - لیکھا لکھیا کیتا ہووے -

اے مُرید جو پہلے کئی طرح کے سُر انسان اور اُسر ستوگنی رجوگنی اور توگنی نام والے لکھے ہیں، ان سب میں کوئی ایک گیان کے طریقہ نتیجہ و ماحصل کے حساب کو جو بشکل غور و خوض ہے اپنے انتہ کرن یعنے دل میں لکھنے جانتا ہے یعنے ذہن نشین کرتا ہے اور جب اچھی طرح اس حساب کو لکھ لیتا ہے تب وہ آپ ہی دکیتا، نجات یعنے مکتی کا مقام ہو جاتا ہے - کوش یعنے لغت میں (کیتن) کے معنے گرہ یعنے گھر لکھا ہے کیتن کے بدلے اس جگہ کیتا لفظ لکھا ہوا ہے اس سے یہ ترجمہ ہوا جو شخص سادھنوں کا ابھیاس کرکے گیان کو اپنے دل میں مستقل طور سے ذہن نشین کر لیتا ہے یعنے حق الیقین ہو جاتا ہے وہ برہم بھاو کو پراپت ہو کر مکت کا دہام ہو جاتا ہے، کیونکہ جب وہ برہم سروپ ہو گیا تب سب نجات کے چاہنے والوں کے پہنچ میں ہونے سے کیتا نام سے کہا جاتا ہے - جو برہم کو جانتا ہے وہ آپ برہم سروپ ہوتا ہے اس کو سُرتی شال سے (جیکو بُوجھے ہووے پچھان)

اس پونڈی میں بیان کرآئے ہیں۔ اب چیلہ سوال کرتا ہے کہ ایسا جو برمھ ہے اُس کی فضیلت بیان کیجیے اُس کی بخشش کو تبلائیے اس سوال کے جواب کو اباچ کہتے ہیں کہ جو زبان سے نہ کہہ سکے -

केता ताणा सुयालिह रूप। केती दात जाणै कवण कूत ॥
کیتا تان سوآلیہو روپ - کیتی دات جانے کون کوت -

ہے شکھ جو تو کہتا ہے (سویالیہو) اسمرن کراؤ یعنے یاد دلاؤ مطلب یہ کہ تبلاؤ اُس گمت کے رُوپ سرُوپ بھُوت برمھ کو سو ہمارے میں کتنا (تانڑ) زور ہے جو اس کو بیان کرکے تبلاویں۔ مطلب یہ کہ نہ تو اُس کو جنبیں وچناں سے تبلا سکیں اور نہ انگلی سے اشارہ کرکے دکھلا سکیں کیونکہ وہ سب جگہ ہے اور بخشش کی نسبت جو تو نے پوچھا کہ تمام عالم کے جانداروں کے واسطے کتنی اس کی بخشش ہے اور کتنا اُس کا (کوُت) اندازہ ہے ایسا کون جانے یعنے کوئی نہیں جانتا - بنگال دیش والے پرکھنے کو کوُت کہتے ہیں -

कीता पसाव एको कवाउ । तिस ते होय लख दरियाउ ॥
کیتا پساو ایکو کواو - تس تے ہوئے لکھ دریاؤ -

اُس پرماتما کی فضیلت یہ ہے کہ ایک (کواو) ارادہ سے تمام سنسار کا (پساو) پسارا (کیتا) کیا ہے کیونکہ اسی سنکلپ یعنے ارادہ سے لاکھ یعنے لاتعداد (دریاو) سمندر کے لہر کے مانند سرشٹان یعنے جگت پیدا ہوئے مطلب یہ کہ جیسے لہریں سمندر سے اُٹھکر پھر اُس میں مل جاتی ہیں اسی طرح سمندر روپ پرماتما سے بے شمار عالم مثل لہر کے پیدا ہوکر پھر اُس میں سما جاتے ہیں اب اس کی تائید میں سُرتی مثالاً لکھتے ہیں -

सो ऽ कामयत। बहुस्या प्रजायेयेति
सतपो ऽ तप्यत। सतपस्तप्त्वा। इद ं सर्वमसृजत॥ तै० ब्रह्म वल्ली॥

खण्ड ६१

جو گیانی کا سروپ بھوت آتما (مجموعہ عناصر لطیف و کثیف کو بھوت آتما کہتے ہیں) ہے اُس نے ارادہ کیا کہ میں اپنے آپ بہت روپ ہو کر ظاہر ہوں مطلب یہ کہ پہلے آتما ایک تھی جو نام و روپ سے منزہ تھی۔ اس قادر قدیر نے ارادہ کیا کہ وحدت سے کثرت ہو پس خود بخود سب دیش و سب کال میں نام و روپ سے نمایاں ہوا۔ اُس سے سب جہان پیدا ہوا اُس نے گوناگون صورت پیدا کیں اور خود اُن میں سمایا اور متحرک کیا۔ اس طرح ایک ارادہ سے تمام سنسار کو جس نے ظہور دیا اُس کی قدرت و بزرگی کو میں کیا کہوں یہ گورو مہاراج نے فرمایا۔ چیلہ سوال کرتا ہے کہ ہے گورو جس قدر آپ کو معلوم ہو اُسی قدر کہو۔

कुदरति कवण कहा वीचारु। वारिआ न जावा एक वार ॥

قدرت کون کہا بچار ۔ واریاں نہ جاوا ایک بار ۔

اے مرید اُس کی کونسی (قدرت) شکت کو بچار کر کہوں مطلب یہ کہ اُس کی اننت شکتی ہے ہم کہاں تک بچار کرینگے اسی طرح کہنا بنتا ہے کہ پرمیشر اننت شکتی والا ہے اُس کی قدرت کی انتہا نہیں اور اے مرید ہم نے تو اُسکے بھگت ہی میں کلیان یعنے فائدہ دیکھا ہے وہی کہتے ہیں کہ میں پرمیشر پر ایک بار (واریاں) قربان ہونا نہیں جانتا بلکہ ہر بار و بیحد مرتبہ تصدق ہونا جانتا ہوں۔ مطلب یہ کہ سب طرح سے پرماتما کے یاد ہی میں فائدہ ہے ۔

بھگوت گیتا کے دسویں ادھیائے میں سری کرشن بھگوان نے فرمایا ہے کہ ذات بحت کے قدرت کے جلوہ کثیر اور بے انتہا ہیں بلکہ کل اجسام اُنہیں سے نمود پاتے ہیں ۔ ذات کل اجسام میں محیط ہے اور کل اجسام کی ایجاد قیام اور فنا اُسی کا کرشمہ ہے قدرت کاملہ کے جلوہ بے شمار اور حیطہ بیان سے باہر ہے۔

جہاں جملہ فروغ نور حق دان حق اندر وے زہیدا بیت پنہان

اُس قدرت کے ایک شمہ نے کل عالم کو نمود دیا ہے - اور

بھگوت گیتا کے نویں ادہیاے کے ۱۳ و ۱۴ منتر میں سری کرشن بھگوان نے فرمایا ہے کہ اے ارجن جو نیک آدمی صفت رحمانی رکھتے ہیں وہ مجھے عالم کا مُبدا اور فنا سے برتر جانکر میری یاد کرتے ہیں - ثابت قدم انسان میرے حمد و ثنا اور عبادت کرتے ہوئے اور صدق دلی سے میری بندگی کرتے ہوئے میری پرستش میں ہمیشہ مشغول رہتے ہیں - (ر مھاوک ایچھا گرسے بھوت چکرت بدہ چار - پے گیانی سمرت سدان ایچھا دیہہ بسار - اشٹا کبر بیدانت) اس طرح گورو مہراج کے بچن (قدرت کون کہا بیچار - واریاں نہ جاواں ایک بار) کی تائید سری کرشن بھگوان کے کلام سے ہوتی ہے +

اب چیلہ سوال کرتا ہے کہ آپنے گیانی کے سروپ پرماتما کا اور اُس کے پربھاو کا تو بیان کیا لیکن میں یہ پوچھتا ہوں کہ میں جو سنسار میں بھٹکتا پھرتا ہوں میرا اصلی سروپ کیا ہے اور مجھکو کیا کرنا چاہیئے اس کے جواب میں گورو مہراج فرماتے ہیں

जो तुध भावै साई भली कार। तू सदा सलामत निरंकार॥ १६॥

جو تُدہ بھاوے سائی بھلی کار - تو سدا سلامت نرنکار - ۱۶ -

ہے شکھ (سدا سلامت) ہمیشہ ایک حالت پر رہنے والا جو نرنکار یعنے سب مایا کے آکار سے رہت برمھ ہے سو تو ہے مطلب یہ ہے کہ تیرے ظاہری نام و شکل سے علیحدہ تیرا اصلی سروپ ہے - آگے جو تجھکو عمدہ معلوم ہو (سائی بھلی کار) وہی اچھا ہے - مطلب گوروجی کا یہ ہے جیسے بید میں پرجاپت کے اُپدیش سے سُر اسُر انسان اور ان تینوں نے حرف داں کے اُپدیش کو اپنے اپنے عیبوں کے

مطابق بچار کیا اور اس پر عامل ہوئے اسی طرح ہم کو جو اُپدیش کرنا تھا سو کیا
تم اپنے عیب و ہنر کو بچار کر جو طریقہ مناسب سمجھو اُس کو اختیار کرو۔ اس طرح کا
اُپدیش سب سے عمدہ ہوتا ہے کیونکہ جو اپنے عیب کو آپ دیکھتا ہے اور اُس
کے دفعیہ کے واسطے وہی طریقہ اختیار کرتا ہے جس سے وہ عیب جاتا رہے وہی
ہنرمند کہلاتا ہے۔ اسی واسطے ایشور اور گورو کے مہربانی کے مثل حقیقت میں
آتما کے عنایت کی بھی ضرورت ہے اس طرح اس سولھویں پوڑی میں من و
ندھیاسن وادھکاری وپھل کو گورو مہراج نے فرمایا ہے +

مہاتما سُندر داس سے ایک چیلے نے سوال کیا ہے اور مہاتما نے اُس کا جو
جواب دیا ہے وہ بعینہٖ گورو مہراج کے کلام کے مطابق ہے اس لئے شائقین کے
ملاحظہ کے واسطے اُس کو یہاں درج کرتا ہوں +

کبت

سوال

میرو روپ بھوم ہے کہ میرو روپ آپ ہے کہ میرو روپ تیج ہے کہ میرو روپ پون ہے
میرو رُوپ بیوم ہے کہ میرو روپ اندری دس انتہ کرن ہے کہ بیٹھو ہے کہ گون ہے
میرو روپ نرگُن کہ اہنکار مہاتت پرکرت پورکھ کیدھوں بولے ہے کہ مون ہے
میرو روپ ستھول ہے کہ شُون اَے میرو رُوپ سندر پوچھت گورو میرو روپ کون ہے

جواب

تُو تو کچھو بھوم ناہیں آپ تیج بایو ناہیں بیوم پنچ بکھے ناہیں سو تو بھرم کوپ ہے
تُو تو کچھو اندری اور انتہ کرن ناہیں تین گُن تُو تو ناہیں نہ تو چھایا دھوپ ہے
تُو تو اہنکار ناہیں پُن مہاتت ناہیں پرکرت پورکھ ناہیں تُو تو سو نگ انوپ ہے
سُندر بچار ایسے شکھ سون کہت گورو ناہیں ناہیں کرت رہے سوئی تیرو روپ ہے

تیرو تو سروپ ہے انوپ چدآنند گھن دیہہ تولین جڑیا بیک کیجئے
تُوتو ہنہ سنگ نراکار ابناشی اج دیہہ تو بناش دنت تاہ ناہیں دیکھیئے
تُو تو کھٹ اوُرمی رہت سداں ایک رس دیہہ کے بکار سب یہہ سر دیجئے
سُند کہت یوں بچار آپ بہن جان پرکی ادپادہ کہاں آپ کھینچ لیجئے

اسی بات کو اشٹاوکر جی نے راجہ جنک سے کہا ہے -

جن جانیو سب آتما سبھی آتم مانہہ - تے من بھایو کرت ہیں بیے کاہو کی نانہہ
ہے یہ لاکھ بات کے باتا - اچھا ہوے سو کرئی تاتا
جیوایش اور جگت کو آتم جانے سوئے - من ہیں آوے تیوں رہنے ناہیں سکے کوئے

عبارت متذکرہ بالا سے گورو مہاراج کے کلام کی تائید ہوئی - جو چیلہ اپنے من ہیں یہ کہے کہ مجھ کو گوروجی ویسے ہی ٹالتے ہیں کسی ایسے سادہن کا نہیں اُپدیش کرتے ہیں جو اختیار کیا جاوے تو گوروجی اپنے دل میں اس بات کو جان کر سب طرح کے کلیان کے سادہنوں کو بیان کرتے ہوے پرماتما کی مہما کو کہتے ہوئے پھر دوبارہ ہی اُپدیش کرتے ہیں کیونکہ بار بار کہنے وسمجھانے سے چیلہ کو دڑہ نشچے ہوتا ہے -

असंख जप असंख भाउ । असंख पूजा असंख तपताउ ॥

اسنکھ جپ اسنکھ بھاو - اسنکھ پوجا اسنکھ تپ تاو -

اس پرمیشر کے سرشٹی یعنے جگت ہیں (اسنکھ) بے شمار جپ کرنے والے ہیں اور باعتبار انواع اقسام کے اِنسان کے بے شمار طریقہ جپ کے ہیں - اسی طرح (بھاو) پریم اننت ہے اور پریمی بھگت بھی اننت ہیں اننت ہی پُوجن کرنے والے ہیں اور اُن کی پوجا بھی لاتعداد طریقوں کی ہے اور تپ کا جو تاو نام حرارت ہے اس سے تپنے والے بھی اننت ہیں اس موقع پر بھوکھ پیاس سردی گرمی کو سہنا اُٹھ کر کھڑے رہنا یا بیٹھے رہنا شل لکڑی کے بےحس وبےحرکت

رہنا خاموشی اختیار کرنا یہ سب تپ ہے اور اس تپ کا جو نتیجہ ہے وہ تاو شبد سے جانا جاتا ہے ۔ تپ کا پھل پاتانجل رشی نے ایک سوتر میں لکھا ہے ۔

कायेन्द्रिय सिद्धि रशुद्धि क्षयात्तपसः ॥ योग० पा० २ सू० ४३॥

تپ کرنے سے چت کی اشدھتا دور ہو جاتی ہے یعنے دل پاک وصاف ہو جاتا ہے پاپ کا ناش ہو جاتا ہے اور پاپ کے دُور ہونے سے کایا (جسم) سدھ اور اندری سدھ ہوتی ہے ۔ سدھیاں آٹھ ہیں وہ یہ ہیں ۔ انِما ۔ لگھما ۔ مہما ۔ پراپت ۔ پراکمیہ بشیت ۔ اِش تِرتو ۔ جتر کاما وستیو ۔ یہ کایا سدھ ہے اور دُور سے سُننے بچارنے اور دیکھنے وغیرہ کی طاقت کو اندری سدھ کہتے ہیں ۔ کایا سدھ کے اول سدھی سے بہت باریک ہونے کی طاقت ہو جاتی ہے ۔ دوسرے سدھی سے چھوٹا ہو سکتا ہے ۔ تیسری سدھی سے بڑا ہو جاتا ہے چوتھی سدھی سے انگلی سے چاند کو چھو سکتا ہے ۔ پانچویں سدھی سے جیسی خواہش کرے ویسا ہو جاتا ہے جیسے پانی میں چھپ جاتا ہے اگر خواہش کرے تو مثل پانی کے زمین میں چھپ سکتا ہے اور نکل سکتا ہے ۔ چھٹی سدھی سے بھوت اور بھوتن کے کام اپنے قابو میں ہو جاتے ہیں اور آپ کسی کے اختیار میں نہیں ہوتا اور ساتویں سدھی سے پرکرت یعنے مایا کو اپنے قبضہ میں کر لیتا ہے اور عالم کے ایجاد و قیام و فنا کرنے کا اختیار اُس کو ہو جاتا ہے ۔ آٹھویں سدھی سے ست سنکلپ ہو جاتا ہے ◆

असंख ग्रंथ मुख बेद पाठ । असंख जोग मन रहैहि उदास ॥

اسنکھ گرنتھ مکھ بید پاٹ ۔ اسنگھ جوگ من رہے اوداس ۔

بہت لوگ سب گرنتھوں میں مکھ یعنے خاص جو اُپنشد بدیا روپ بید ہے اُسی کا پاٹ کرتے ہیں اور بہت لوگ چت کے برتیوں کو روکنے کے واسطے جوگ کرتے ہیں اور اُس میں من والے سنسار سے اوداس رہتے ہیں ۔ اس موقع پر سب

گرنتھوں میں خاص اپنشد روپ جو بید ہے اس میں مثال کی ضرورت ہے اور جوگ اور اُس کے طریقہ کو بھی مثال سے بتلانا چاہیئے اس لئے ان دونوں باتوں کو ثابت کرتے ہیں - پہلے سب علموں میں علم الٰہی اُپنشد کو علم اکبر جو کہا اُس کو ثابت کرتے ہیں۔

منڈوک اُپنشد - اتھربن بید - الکھ پرکاش

"سب سے پہلے جو مفہوم اور موسوم ہوا اور عقل کل کہلایا وہ برمھا ہے یعنے صفت رجوگن - تمام علوم اور عقول اور نفوس اور اجرام افلاک سب اس سے ظاہر ہوئے - برمھ بدیا یعنے توحید تمام علوم سے اعلےٰ اور اکبر ہے اور سب علوم کی تکمیل سے غرض اس علم کی ہے سب سے پہلے اَتھربا اپنے فرزند کو پڑھانے برمھ بدیا پڑھائی اور اُس نے انگرا کو بتلایا انگرا نے بھاردواج گوتر والے ست وہ رشی کو تبلایا اُنھوں نے اپنے بیٹے انگرس کو سمجھایا - جیسے برمھا ایک صفت موصوف کا نام ہے اس کا فرزند بھی ویسا ہی فرض کرنا چاہیئے اور اصل مطلب یہ ہے کہ متقدمین سے متاخرین کو پہنچی ہے - سونگ رکھشر نے انگرس رکھشر سے استفسار کیا کہ وہ کیا علم ہے جس کے جاننے سے تمام علوم متعلق حکمت نظری اور عملی پر علم ہووے اور معقول اور منقول کا نتیجہ سمجھ میں آوے اس نے جواب دیا وہ برمھ کا گیان ہے اور اُس کے دو فروع ہیں ایک کا نام اپرا یعنے علم صغیر مُراد ہے چاروں بید اور اُس کے فروعات سے جیسے کہ چھ شاستر و ۱۸ پوران اور صرف و نحو یعنے بیاکرن اور نظم و نثر اور ریاضی اور طبعی اور عملی اور اُس کے فروعات مثل نجوم اور طب وغیرہ کے ہیں کہ ان کی تعلیم سے تمیز نیک اور بد اور نیک افعالی اور بد افعالی کی پیدا ہوتی ہے اور قدرت تہذیب اخلاق کی ہو جاتی ہے - اور پرا یعنے علم اکبر مُراد ہے علم الٰہی سے جس کو مابعد الطبیعت اور ماقبل الطبیعت کہتے ہیں اس سے اُس ذات پاک کو پاتا ہے جو بے زوال

اور فنا سے آزاد ہے اور اس کی کیفیت الکھ ہے کیونکہ اس کی ماہیت حس ظاہری اور باطنی سے منکشف نہیں ہوتی ہے - یہ علم اُپنشد میں ہے جس سے پار برہم کا گیان ہوتا ہے یہی علم نجات کو دینے والا ہے" منڈوک اُپنشد - اتھربن بید - الکھ پرکاش +

اسی کا پاٹ گوروجی بتلاتے ہیں - اسی علم الٰہی سے سب کا علم ہوجاتا ہے اور اس بچن سے (بید پاٹ مت پاپان کہاے) اسی بدیا کو مُکت کے چاہنے والے کو قبول کرنا چاہئے +

اب جوگ شاستر کی ریت سے جوگ کو لکھتے ہیں -

योगश्चित्त वृत्ति निरोध :। यो० पा० १० सू० २ ॥

ارتھ - خیالات دو طرح کے ہوتے ہیں - ایک راجسی و تامسی جو جنم و مرن وغیرہ تکلیفات کا باعث ہے اور دوسرا ساتکی جو آتما کو پنچ کوش اور تین اوستھا سے علیحدہ بتلاتا ہے اور باعث راحت ہے - خیالات کے روکنے کے یعنے من کو توہمات اور تفکرات محسوسات سے روکنے کے دو طریقہ ہیں - ایک جس میں راجس و تامس یعنے غضب و شہوت سے ملے ہوئے خیالات وغیرہ مسدود ہوں اور دوسرے ساتک یعنے تمیز جس سے سب طرح کے اچھے و بُرے خیالات دُور ہوں - اب ان خیالات کے روکنے کا سادہن یعنے طریقہ کہتے ہیں -

अभ्यास वैराग्याभ्यां तन्निरोध : ॥ यो० पा० १ सू० १२ ॥

ابھیاس اور بیراگ سے سب طرح کے خیالات کا دفعیہ ہوتا ہے مطلب یہ کہ چت روپی ندی دو طرف کو چلتی ہے ایک تو سنسار کی طرف اور دوسرے مکت کی طرف چلتی ہے - جن میں بچار نہیں ہے اور سنسار کے راگ و دویش یعنے رغبت و نفرت سے پاپ کرم میں پھنسے ہوئے ہیں یہ تو سنسار کی طرف چلتی ہے یہ

کوسنگت یعنے بُری صحبت کا نتیجہ ہے ۔ اور جو موکش مارگ (راستہ) میں بچار اور ست سنگ کے خیالات ہیں یہ ندی موکش کی طرف چلتی ہے ۔ جس طرف چت روپی ندی کا پرباہ زور پر ہوتا ہے اُسی طرف جُھک پڑتی ہے اب موکش درکت کا چاہنے والا) کو سنسار کے پاپ پرباہ کو نبرت کرنا چاہیئے اس واسطے بیراگ سے سنسار کی چیزوں میں محبت کم ہوجاتی ہے اور ابھیاس سے بچار کا راستہ طاقتور ہوجاتا ہے ۔ ابھیاس کے معنے یہ ہیں کہ کسی چیز پر دیر تک اور ہمیشہ عمل رہے اور بیراگ یہ ہے کہ اس لوک کے دیکھے سُنے جو پدارتھ اِستری چندن مالا وغیرہ و پرلوک کے جو سُنے امرت نندن بن دیوتوں کی استریاں وغیرہ و آنٹھ سِدہ و نَوندہ سب کو متھیا وانِت و دکھدائی جانکر منکی اِچھا پور یک سب کو تیاگ دینا پھر اُن میں دینتا نہ ہونی برمھ لوک کو ترن وت (مثل گھر کے ناچیز) جاننا اِس کو بیراگ کہتے ہیں ۔ عبارت متذکرہ بالا سے یہ نتیجہ نکلا کہ لاتعداد لوگ جوگ کے عامل ہو کر بیراگ وغیرہ طریقوں کو اختیار کرتے ہوئے اوداسیں رہتے ہیں یعنی سنسار سے محبت نہیں رکھتے ۔

असंख भगत गुण गियान बीचार। असंख सती असंख दातार॥
असंख सूर मुह भख सार। असंख मोनि लिव लाय तार॥
कुदरति कवण कहा बीचार। वारिया न जावा एक वार॥
जो तुध भावै साई भली कार। तू सदा सलामति निरंकार॥ १७

اسنکھ بھگت گن گیان بیچار ۔ اسنکھ ستی اسنکھ داتار ۔
اسنکھ سُور موہنہ بھکھ سار ۔ اسنکھ مون لیولائے تار ۔
قدرت کون کہا بیچار ۔ واریا نہ جاواں ایک بار ۔
جو تُدھ بھاوے سائی بھلی کار ۔ تو سداں سلامت نرنکار ۔ ۱۷ ۔

بے شمار پریشر میں محبت رکھنے والے بھگت لوگ ہیں۔

चतुर्विधाभजंते माजनाः सुकृतिनोऽर्जुन ॥
आर्तोजिज्ञासुरर्थार्थी ज्ञानी च भरतर्षभ ॥ गी० अ०७ श्लो०१६॥

ارتھ۔ اے ارجن مجھے چار اقسام کے نیک انسان یاد کرتے ہیں۔ دردمند۔ طلبگار عقبیٰ۔ اہل غرض۔ عارف۔

(۱) دردمند جیسے اندر کے غضب سے ڈر کر برجباسی کرشن بھگوان کو یاد کرتے تھے وجراسندہ کے قید میں راجہ لوگ وراج سبھا میں دروپدی وگراہ کی قید میں گجیندر وغیرہ وغیرہ۔

(۲) طلبگار عقبیٰ۔ جیسے راجہ مچکند۔ اُودھو۔ پرتھی راج وغیرہ۔

(۳) اہل غرض۔ جیسے سگریو وبھیکھن وغیرہ۔

(۴) عارف۔ جیسے سنکادک نارد پرہلاد سکھدیو جنک وغیرہ یہ نشکام ہیں اور اوپر کے تین سکام ہیں۔ شدہ پریمی بھگت جیسے گوپی وغیرہ و راجہ یودھشٹر واکرور وغیرہ۔

اِس طرح سے باوجودیکہ چار طرح کے بھگت ہیں لیکن کروڑوں برہمانڈ کی اننت سرشٹیاں ہیں اور ماضی حال مستقبل زمانوں کے لحاظ سے بھگتوں کا شمار نہیں اس واسطے گوروجی نے اسنکھ بھگت کہا ہے پھر وہ بھگت دگن (شم دم وغیرہ صفت سے موصوف ہیں اور گیان کا کارن جو بچار ہے اس سے جگت ہیں یعنے معمور ہیں اور بے شمار سچ بولنے والے ہیں درلاتعداد خیرات کرنے والے ہیں اور بے شمار بہادر میدانِ جنگ میں (موہنہ) چہرہ پر رسار) ہتھیاروں کو (بھکھ) سہتے ہیں۔ لڑائی میں مرنے سے اعلےٰ درجہ کا حاصل ہونا سمرتی میں کہا ہے۔

द्वा विमौ पुरूषौ लोके सूर्य्य मण्डल भेदि नौ परिव्राड़ योगयुक्त श्च रणे चाभि मुखो हत : ॥

ارتھ - اس لوک میں دو طرح کے لوگ سورج منڈل سے ہو کر برمھ لوک کو جاتے ہیں - ایک تو بیراگ کرکے جوگ میں قائم رہنے والا اور دوسرا میدان جنگ میں بہادری سے دھرم کے واسطے مرا ہوا +

اور بے شمار مون دھارن کرنے والے یعنے چپ رہنے والے ہیں اور لاانتا (لیو لائے تار) برمھا کار (لیو) برت یعنے خیال کو (تار) تیل کی دھار کی طرح لگاتے یا جاتے ہیں - اس پونڈی کے آگے کے تین مصرعہ کا ترجمہ سولھویں پونڈی میں ہو چکا ہے - اس سترہویں پونڈی میں اُن لوگوں کا ذکر گورو مہراج نے کیا ہے جو پرمیشر کو حاصل کر سکتے ہیں اور ستوگنی ہیں - پونڈی مابعد میں تذکرہ رجوگنی و تموگنی لوگوں کا ہے جو سنسار چکر میں بھرمتے ہیں کیونکہ جب تک ترک کرنے کے قابل و اختیار کرنے کے لائق دونوں باتوں کا اُپدیش نہیں ہوتا ہے تب تک جگیاسو کو عیب کے ترک کرنے کی و ہنر کو اختیار کرنے کی لیاقت و تمیز نہیں ہوتی ہے اسواسطے سترہویں پونڈی میں اوصاف حسنہ کو بیان کر کے آگے کی پونڈی میں اوصاف قبیحہ کا بیان کرتے ہیں +

असंख मूरख अन्ध घोर । असंख चोर हराम खोर ॥
असंख अमर करि जाहि जोर । असंख गल वढ हत्या कमाहि ॥
असंख पापी पाप कर जाहि । असंख कूड़ियार कूड़े फिराहि ॥
असंख मलेछ मल भख खाहि । असंख निन्दक सिर करहि भार ॥
नानक नीच कहै बीचार । वारिया न जावा एक वार ॥
जो तुध भावै साई भली कार । तु सदा सलामति निरंकार ॥ १८

انکھ مورکھ اندہ گھور ۔ انکھ چور حرام خور
انکھ امر کر جانہہ جور ۔ انکھ گل وڈ ہتیا کما نہہ
انکھ پاپی پاپ کر جانہہ انکھ کوڑیار کوڑے پھرانہہ
انکھ ملیچھ مل بھکھ کھانہہ انکھ نندک سر کر نہہ بھار
نانک نیچ کہے بیچار واریاں نہ جاوا ایک بار
جو تُد بھاوے سائی بھلی کار تو سداں سلامت نرنکار ۔ ۱۸

اس پرمیشر کے سرشٹی میں انکھ یعنے لاانتہا (اندہ گھور) حد درجہ کے تموگنی مُورکھ) جاہل ہیں یعنے شاستروں کے سننے سے محروم ہیں اور اسنکھ (حرام) بیدشاستر سے جو چیز ممنوع ہیں اُن کو (خور) کھانے والے اور استعمال میں لانے والے چور ہیں اور بے شمار لوگ (جور) بے انصافی وطاقت سے (امر) حکم سے مخلوق کو تکلیف دیکر جم لوک کو جاتے ہیں یہ بات شاستر میں لکھی ہے کہ جو راجہ بغیر تحقیقات کے رعایا کو تکلیف دیتا ہے وہ جم لوک میں ضرور جاتا ہے اور سزا کا سزاوار ہوتا ہے ۔ یہ بات بالتفصیل بشن پوران کے دوسرے انش کے چھٹویں ادہیائے میں تحریر ہے ۔ اور گرڑ پوران میں بھی لکھا ہے ۔ اس مطلب سے گوروجی راجہ لوگوں کو ہدایت کرتے ہیں ۔ مطلب یہ ہے کہ انت راجہ لوگ رعایا پر زور کا (امر) حکم کر کے جم کے سزا کے مستوجب ہوتے ہیں ۔ اسی واسطے گوروجی کا دوسرا بچن ہے (راجے چوُلی نیاے کی) راجہ کو صرف دھرم و انصاف کرنا ہی چوُلی یعنے پرم دان ہے اور بھی گوروجی کا کلام ہے

दानं पराःपूर्बेणा मुंचंते महीपतोविपरीतवुद्धयं मार तलोकहू
नानक चिरंकाल दुरव भोगते ॥

ارتھ ۔ زمانہ ماضی میں جو خیرات وغیرہ کئے رہتے ہیں اُس کی وجہ سے راجہ لوگ

سکھ بھوگتے ہیں اور اس کے خلاف عمل کرنے والے رعایا کو ناش کرتے ہیں
سری گوروجی کہتے ہیں کہ خلاف عقل و عمل والے راجہ لوگ بہت دنوں تک
دکھ بھوگتے ہیں۔ اس موقع پر گوروجی کا مطلب یہ ہے کہ جن کو چھنے کے کرم سے
راج ملے وہ دھرم سے راج کا کام کریں نہیں تو ضرور جم کی دی ہوئی تکلیفوں کو
اٹھاوینگے اور بے شمار لوگ مخلوق کا گردن کاٹ کرم ہتیا کمانہ، قتل کرنے کے
عذاب کو اپنی گردن پر لیتے ہیں اور بے شمار اگلے جنم کے پاپی لوگ پھر پاپ ہی پاپ
کرتے ناقص و ذلیل جنموں میں پیدا ہوتے ہیں اور بے شمار (کوڑیا۔) درہ ٹھگوادر
کپٹی ٹھگی کرنے والے (کوڑے پھرانہہ، سور و کتا وغیرہ کے قالبوں میں جنم لیتے
ہیں اور بے شمار (ملیچھ) چنڈال وغیرہ (مل) غلیظ کھانے والے جیوں کو کھاتے
ہیں اور بے شمار نندک یعنے دوسرے کی برائی دبجو کرنیوالے آپ پاپ کا بوجھ اٹھ
کر جن کو سناتے ہیں اُن کے سر پر لوبھ رکھتے ہیں یہ نندا کرنے والے سب سے برے
ہیں کیونکہ جن کی نندا کرتے ہیں اُن کے پاپ کو بھی اپنے سر پر اُٹھا لیتے ہیں۔
عیب جوئی کو نندا کہتے ہیں +

सदसद्वा परिवादा ब्राह्मणा स्तनशास्त्रवै ॥ नरकप्रतिष्ठास्ते
स्युर्पे एवं कुर्वैतेजना : ॥

ارتھ۔ یہ مہابھارت میں اشلوک لکھا ہے۔ ترجمہ یہ ہے کہ کسی کی نندا و برائی
کسی کو نہ کرنا چاہئے بالخصوص برہمن کو ہرگز ہرگز نہ چاہئے جو لوگ ظاہری عیوب کو
دیکھ کر اور باطنی عیوب کو خواہ وہ ہوں یا نہ ہوں کسی میں قائم کر اُس کی مذمت کرتے
ہیں وہ داخل جہنم ہوتے ہیں۔ سری گوروجی کہتے ہیں یہ بچار کے نیچ یعنے ذلیل
ہیں کیونکہ اس طرح کے نقائص و عیوب کو جگیاسو کو ترک کرنا چاہیئے۔ اس مطلب سے
رذیلوں کا بیان کیا گیا ہے۔ اس پوڑی میں (قدرت کون کہا بچار) اس عبارت

کا پاٹ نہیں ہے لیکن مطلب سے تعلق ہے ۔ اس وجہ سے اس کا ترجمہ پہلے ہو چکا ہے وہاں سے سمجھنا چاہیے اور اگر چیلہ کہے کہ آپ اُن کو بد افعالی سے روکیں اُس پر گورو مہراج کہتے ہیں کہ اے چیلہ ہم تو ایک بار بھی اُن کو (واریا نہ جاوا) بدافعالی سے روکنے کے واسطے اُن کے نزدیک نہیں جاتے ۔ مطلب یہ کہ راہ حقیقت سے وہ بے بہرہ ہیں کبھی ست سنگت میں آتے نہیں ہیں تب بغرض عالم کو کیا ضرورت ہے جو اُن ظاہر بین دنیا داروں کو روکے ۔ واریا ۔ یا ۔ وارنا کے معنے روکنے کے ہیں ۔ خلاصہ یہ کہ ایسے بدکاروں سے حذر کرنے میں گُذر ہے ۔ جو سائل سوال کرے کہ میرا اصلی سروپ کیا ہے اور مجھکو کیا کرنا چاہیے تو اُس کے جواب میں گورو مہراج فرماتے ہیں (جو تُدھ بھاوے سائی بھلی کار ۔ تُو سدا سلامت نرنکار) اس کا ترجمہ اوپر لکھ آئے ہیں وہاں سے ملاحظہ طلب ہے ۔ جو پہلے (اسنکھ جپ) اس پونڈی میں شاستر میں لکھے ہوئے سادھنوں کا سیون کرتے ہیں یعنے طریقوں پر عمل کرتے ہیں وہ ساتکی یعنے عُمدہ خصلت و تمیز والے دیوتا کہلاتے ہیں اور جو (اسنکھ مُورکھ) اس پونڈی میں شاستر کے خلاف سادھن لکھے ہیں ان کے جو عامل ہیں وہ راجسی و تامسی یعنے غضب و شہوت والے اَسُر کہے جاتے ہیں ان میں راچھسن بھی ہوتے ہیں ۔ اب ان سب کے ناموں کو اور ان کے رہنے والے مقاموں کو بے شمار کہتے ہیں ۔

असंख नाव असंख याव । अगम्य अगम्य असंख लोय ॥
असंख कहहि सिर भार होय। अखरी नाम अखरी सालाह ॥

اسنکھ ناویں اسنکھ تھاویں ۔ اگم اگم اسنکھ لوے ۔
اسنکھ کہیں سر بھار ہوے ۔ اکھری نام اکھری سالاہ ۔

متذکرہ بالا سروں اور اسُروں کے بے شمار نام ہیں اور اُن کے رہنے کے

مقام بھی لاانتہا ہیں اور ان کے (لوی) لوک بھی انت ہیں وہ لوک ان میں آپس میں ایک دوسرے کے قابل گزر نہیں ہے کیونکہ جس مقام پر ستاگنی لوگوں کا گزر ہے وہاں راجسی و تامسی نہیں جا سکتے اور جہاں۔ جوگنی و تموگنی لوگ جاتے ہیں وہاں ستوگنی نہیں جاتے ہیں۔ اب یہ سوال کا جواب ہے (اکھری نام اکھری سالاہ) اور سوال یہ ہے (لاسگھ کہیں سر بھار ہوے) ترجمہ یہ ہے کہ آپ نے جو جیوں کے استھان و لوک انت کہے یہ شاستروں کے خلاف ہے کیونکہ شاستروں میں صرف چودہ[14] لوک لکھے ہیں۔ لوک بمعنی اقلیم کے ہے: اس خلاف کہنے کا بھار یعنے بوجھ آپ کے سر پر ہوگا۔ اس کے جواب میں گورو مہاراج فرماتے ہیں (اکھری نام اکھری سالاہ) ترجمہ یہ ہے کہ اکھر یا اکھشر نام پرمیشر کا ہے اس کا حق الیقین یا علم بید سے ہونے سے بید کو اکھری یا اکھشری کہتے ہیں اس وجہ سے بید اور بید کے ارتھ بتلانے والے گرنتھوں میں بے شمار نام اور استھان اور لوک کو بیان کیا ہے اور ان ناموں استھانوں اور لوکوں کی بید ہیں (سالاہ) تعریف یعنے استت کی ہے اور اسی طرح نندا یعنے ہجو بھی کی ہے کیونکہ استت کا پرتجوگی یعنے خلاف نندا ہے۔ مطلب یہ کہ جو شاستر کے مطابق عملدرآمد کرتے ہیں ان کے نام استھان اور لوک کی تعریف کی ہے اور جو شاستر کے خلاف پیرو ہیں اُن کی مذمت کی ہے۔ ستھان اور لوک میں یہ فرق ہے کہ استھان تو صرف ایک شخص کے رہنے کی جگہ کو کہتے ہیں اور لوک وہ ہے جس میں بہت استھان ہوویں۔ چودہ لوک یعنی اقلیم یہ ہیں۔ تہاتل[1]۔ رساتل[2]۔ اتل[3]۔ سوتل[4] تل[5]۔ تلاتل[6]۔ پاتال[7]۔ بھور لوک[8]۔ بھوور لوک[9] سور لوک[10]۔ مہر لوک[11]۔ جن لوک[12]۔ تپو لوک[13]۔ ست لوک[14]۔ جوگ ساعتر کے تیسرے[3] حصہ کے پچیسویں سوتر کے بیان میں بیاس جی نے گو کہ چودہ بھون یعنے لوک لکھا ہے لیکن بیاس جی نے ایک برہمانڈ یعنے کرہ بیضاوی کی حالت بیان کی ہے

اور سمرتی و پورانوں سے اننت برہمانڈوں کا ہونا معلوم ہوتا ہے اس واسطے گورو جی نے اننت برہمانڈون کو جان کر نام واستھان ولوکوں کو اسنکھ یعنے لاتعداد کہا ہے -

यथा सुदीप्तात् पावकाद्विस्फुलिङ्गाः सहस्रशः प्रभवन्ते सरूपाः। तथाक्षराद्विविधाः सोम्य भावाः प्रजायन्ते तत्र चैवापियन्ति। द्वि० मु० खं० १ श्रु० १ ॥

جیسے ایک جلتی ہوئی آگ سے سمان (برابر) روپ والے اننت پرکار (طرح) کے چنگارے نکلتے ہیں ویسے ہی اکشر (لافانی) پرماتما سے ہے سوم طرح طرح کے پدارتھ روپ نام استھان لوک پیدا ہوتے ہیں اور اسی میں لین ہوتے ہیں +

अण्डानां तु सहस्राणां सहस्राण्ययुतानि च। ईदृशानां तथा तत्र कोटिशतानि च ॥ विष्णु पुराण वाक्य

ارتھ - پرمیشر کی شکت میں ہزاروں برہمانڈ ہیں اُن ہزاروں کے پھر دس ہزار ہیں پھر ان دس ہزاروں کے کروڑ ہیں پھر ان کروڑوں کے سو کروڑ ہیں۔ مطلب یہ کہ پرمیشر کی شکت میں جو برہمانڈ یعنے کُرہ بیضاوی ہیں اُن کا شمار نہیں کر سکتے اس بات کو سمجھ کر سری گوروجی نے بے شمار نام وغیرہ کہے ہیں -

عبارت متذکرہ بالا سے یہ نتیجہ اخذ ہوتا ہے کہ اکھری یا اکشری یعنے بید و شاستر و اسمرت و پران سے لاتعداد نام معلوم ہوتے ہیں اور اُن کی (سالاہ) تعریف ہوتی ہے اور تعریف کا ضد مذمت ہے وہ بھی ہوتی ہے - اب جیسے بید میں اچھوں کی تعریف اور بُروں کی ہجو لکھی ہے وہ کہلاتے ہیں - اور عبارت مندرجہ ذیل سے یہ بھی معلوم ہوگا کہ علاوہ چودہ اقلیم کے اور بھی ہیں +

چھاندوک اُپنشد۔ شام بید۔ الکھ پرکاش

"جب کوئی کسی کی خدمت کرتا ہے عوض خدمت میں زمین اور پرگنہ اور جو چاہتا ہے پاتا ہے مگر چند روز کے بعد وہ اُس سے منتقل ہوجاتا ہے اسی طرح جو نیک عمل کرتے ہیں وہ نتیجہ پاتے ہیں اخر اُس کی میعاد بھی تمام ہوتی ہے۔ لیکن جو آتما کو پہچان کے اس عالم سے جاتا ہے وہ سب عالم میں کامیاب ہوتا ہے اور جیسے آتما بے نہایت ہے اس کا نتیجہ بھی بے نہایت ہے اور جیسے آتما لازوال ہے اس کا نتیجہ بھی لازوال ملتا ہے۔ اگر پتر لوک کو آتما کا گیانی جاوے تمام دیوتا وہاں کے اس کے حضور میں فوراً حاضر ہوویں اور اس کے باپ اور دادا اس کا دل خوش کردیں اور جو ماں لے لوک کو یا برادران کے لوک کو یا ہمشیرگان کے لوک کو یا دوستوں کے لوک کو یا چندن لوک کو جہاں خوشبو ہیں یا اُن لوک کو جہاں کھانے اور پینے کی چیزیں ہیں یا پاتر لوک کو جہاں ہمہ اسباب موجود ہیں پا استری لوک کو جہاں اپسرا ہیں غرضیکہ جہاں وہ جاوے سب اس کی فرمانبرداری کریں۔ یہ مرتبہ فقط راستی اور دانائی سے ملتا ہے"۔

برہ دارون اُپنشد۔ یجر بید۔ الکھ پرکاش

"جو لوگ جگ وغیرہ کریا اور کرم اور اُپاسنا کیا کرتے ہیں اور اپنے اعمال کے نتائج پر امید رکھتے ہیں اور گیان سے بہرہ نہیں رکھتے ہیں فقط لوکاچار کو معتبر جانتے ہیں اور نیک افعالی اور بد افعالی کی حقیقت کو نہیں جانتے وے جب مرتے ہیں دُھواں کے موکل کے ہمراہ رات کے مقام میں پہنچتے ہیں یعنے ظلمات میں اور اُس کے ذریعہ سے کرشن پچھ یعنے ناقص النور کی منزل میں پھر دکشنا پن ششماہی کے مقام میں پھر ارواح مردگاں کے مقام میں پھر چندرماں کے لوک میں جب وہاں پہنچتے ہیں دیوتا کی غلامی اور خدمتگاری کرتے ہیں یعنے ان کے داسان داس ہوکے وقت

کو کاٹتے ہیں۔ جب میعاد معینہ اُن کے افعالوں کی ختم ہوتی ہے پھر بھوت آکاس کی راہ سے مرت لوک میں واسطے پانے جزائے افعالوں کے جو پہلے کئے ہوتے ہیں گرتے ہیں اسی کو جہنم یعنے نرک کہتے ہیں اور جب جہنم میں آتے ہیں صورت سانپ اور سور اور بچھو اور گیدڑ وغیرہ کے جُون پاتے ہیں ؛

اس طرح اکھری یعنے بید ہی نے افعال حسنہ اور عارفوں اور ان کے مقاموں کی تعریف کی ہے اور افعال قبیحہ اور جاہلوں اور اُن کے مقاموں کی مذمت کی ہے

अखरी ज्ञान गीत गुनग्राह ॥

اکھری گیان گیت گن گاہ ۔

اور اکشری یعنے بید ہی نے ادویت گیان کو (گیت) گایا ہے اور (گن گاہ) گُن یعنے اوصاف ملکوتی اور گاہ یعنے اختیار کرنے والا و قبول کرنے والا۔ ترجمہ یہ ہوا کہ مکت یعنے نجات کے چاہنے والے یا نجات حاصل کئے ہوئے جو اوصاف ملکوتی سے موصوف اشخاص ہیں اُن کو بھی اکشری (اکشر پرماتما کو کہتے ہیں اس قادر مطلق کی جو کچھ ماہیت معلوم ہوتی ہے وہ بید ہی سے معلوم ہوتی ہے اس وجہ سے گورو مہراج نے بید کو اکھری یا اکشری کہا ہے) یعنے بید نے کہا ہے۔ مطلب یہ کہ ادویت گیان ومموکشو و مکت لوگوں کا تبلانے والا بید ہی ہے۔ اب اس کو مثال سے ثابت کرتے ہیں ٭

ایشا باس اُپنشد ۔ یجر بید ۔ الکھ پرکاش ۔

"انسان کی عمر طبعی سَو برس کی ہے اگر عُمر طبعی بھی نصیب ہووے دُنیا کی لذات کی طرف میل نہ کرے اور نیک افعالی کو نہ چھوڑے اور خلق خدا سے نیک سلوک کرے اور حواس ظاہری و باطنی اور قوائے افعالی کو حکمت نظری اور عملی کی طرف لگاتے رہے اور تن اور من اور دہن اور زر اور زمین اور زن سے آتما کی دہارنا کرے اور

جگ اور تپ اور دان اور پُن جو کچھ کرے آتما کے واسطے کرے کہ آتما کے پرستی ہونے سے سب دیوتا قابو میں ہوجاتے ہیں اور کسی نیک افعالی کے نتیجہ کی اس عالم میں یا اُس عالم میں جس کے آنے کا گمان ہے خواہش نہ کرے یہی گیان ہے اور یہی دھیان اور سوچ اور بچار ہے اور اسی سے جیون مُکت اور بدیہہ مکت ہوتی ہے اور یہی سب سے عمدہ راہ ہے" "معجو کوئی آتما کا گیانی ہووے وہ کُل عالم میں اپنے تئیں محیط سمجھے اور برمھا اور بشن اور مہیش اور عذاب اور ثواب اور بہشت اور دوزخ سب کو اپنا ہی جسم تصور کرے اور ظاہر ہے جو آتما ہوگیا وہ منزہ اور بے زوال ہوگیا اور صفات ایجاد اور ابقا اور فنا سے پاک ہوگیا اور اعمال کی قیود سے آزاد ہوگیا اور ہمہ دان ہوا اور بزرگوں کا بزرگ ہوا اور بلندوں سے بلند ہوا اور خود وہ بہشت ہوگیا"۔ ایشاباس اوپنشد۔ یجر بید *

अखरी लिखण बोलण बाण ॥

اکھری لکھن بولن بان۔

جو کچھ دھرم کے دکھلانے والے بانی یا کلام کو (بولن) زبان سے کہہ کر دیوتا انسان یا بیاس وغیرہ رشی لوگ لکھتے ہیں وہ سب اکشری یا اکھری یعنے بید ہی سے لکھتے ہیں کیونکہ آستک دھرم کی جڑ بید ہی ہے۔

वेदोऽखिलो धर्ममूलं स्मृतिशीले च तद्विदाम् ।
आचारश्चैव साधूनामात्मनस्तुष्टिरेव च ॥ मनु० अ०२ श्लो०६ ॥

ارتھ۔ بید۔ سمرتی۔ نیک افعالوں کے دستور العمل۔ وجہ معقول سے جو ثابت ہو۔ اور جو افعال حسنہ کے پیروی کرنے میں خامی ہو وہ خامی۔ اور جس کو اپنی آتما قبول کرے وہ بات۔ اور جو راگ اور دویش رہت پُرکھوں میں شیل ہے۔ یہ سب اصول دھرم کے ہیں۔ اس عبارت سے یہ بات نکلتی ہے کہ جو اصول دھرم کے بید شاستر

کے مثالوں سے ثابت ہوں وہ قابل پذیرائی ہیں علاوہ اُن کے قابل ترک ہیں۔

अखरा सिर संजोग बखाणु ॥ जिन इह लिखे तिस सिर नाहि ॥
اکھرا سر سنجوگ بکھان ۔ جن یہ لکھے تس سر نانہہ ۔

اسی بید میں سب اکھر یا اکھشروں کا جو سِر یعنے مُبدا جو اونکار ہے اُس کا بھی بیان ہے اور اُس اونکار کا (سنجوگ) میل یا تعلق جو پرماتما سے ہے اُس کا بھی بکھان یا بیان ہے ۔ اور جس پرمیشر نے دیہ) جگت میں دھرم قائم کرنے کیواسطے برمھا کی معرفت بید رُوپ اکشر لکھے ہیں اُس پرمیشر کا یہ (اکھرا سر) اونکار کارن نہیں ہے کیونکہ وہ پرمیشر اونکار سہت تمام بید کا آپ کارن ہے ۔ اب ان سب باتوں کو مثال سے ثابت کرتے ہیں ۔ سونگ اُپنشد ۔ اتھربن بید ۔ الکھ پرکاش ۔ "تمام رنگ اور بو اور صورت اور مزہ اور لمس پرنویں ہے اس واسطے پرنو یعنے اوم کا ایک نام اندر بھی ہے بمعنی بادشاہ حرفوں کا اور عناصروں کا اور جانداروں کا یہ کوئی غیر اور مجسم نہیں ہے ::

برہ داروں اُپنشد ۔ یجر بید ۔ جس طرح لکڑی کے جلانے سے دھواں رنگ برنگ کا نکلتا ہے اسی طرح اُس مہابھوت سے چاروں بید اور سب اُپنشد اور تمام علوم حکمت نظری اور عملی کے بے اختیار بعبارت اور مضمون مختلف ہر آن و زمان مختلف میں برآمد ہوا کرتے ہیں "

تمثیل مندرجہ بالا سے یہ بات پایہ ثبوت کو پہنچتی ہے کہ بید میں اونکار کا بیان قلمبند ہوا ہے اور پرمیشر سب کا کارن ہے ۔ اور بھگوت گیتا کے دسویں ادھیائے کے پچیسویں اشلوک میں لکھا ہے کہ لفظوں میں اوم ہوں गिरामस्म्येकमक्षरम् باقی اونکار کا تعلق پرماتما سے اور یہ کہ پرماتما کا نام اونکار ہے اور پرماتما اونکار سروپ ہے یہ سب تفصیل کے ساتھ ایک اونکار کے ترجمہ میں بیان ہو چکا ہے ۔

اب چیلہ سوال کرتا ہے کہ ہے بھگون اُس اکشر پرماتما کی پراپتی کیسے ہوتی ہے اس کے جواب میں گورو مہراج فرماتے ہیں -

जिव फुरमाये तिव तिव पाहि ॥

جیو فرمائے تیو تیو پاہ -

فرمائے لفظ فارسی ہے بمعنی حکم - ترجمہ پونڈی کا یہ ہوا کہ جو دھرم و گیان کے احکام بید اسمرت وشاستروں میں درج ہیں ان پر عامل ہونے سے جیو کو پرماتما (پاہ) پراپت ہوتا ہے - گیان کے حاصل ہونے کے سادہن (ربخ پروان) اس پونڈی میں لکھ آئے ہیں - مطلب یہ کہ جیسے پرمیشر دھرم کے دکھلانے والے بید سُرتی اور اسمرتی روپ اگیا یعنے حکم میں جیو کو سادہنوں کے ابھیاس کرنے کے واسطے حکم دیتا ہے ویسے ویسے سادہنوں کا ابھیاس کرنے سے جیو پرماتما کو (پاہ) پراپت ہوتے ہیں -

जेता कीता तेता नाव । विण नावै नाहीं को थाव ॥

جیتا کیتا تیتا ناون - بن ناویں ناہیں کو تھاو -

ہے شکھ اُس اکشر رُوپ پرماتمانے جو کچھ کیا ہے وہ سب ہی نام رُوپ ہے کیونکہ (تھاو) پدارتھ یعنے چیز کوئی بھی ہو ایسی نہیں ہے جو بغیر نام کے ہو مطلب یہ کہ نام جو باچک شبد ہے اور باچ جو اُس کا ارتھ ہے ان دونوں کا آپس میں سنبندہ ہے اسی واسطے استھول روپ سے ارتھ کے ابھاو ہونے سے سوکشم ارتھ کے ساتھ نام کا سنبندہ ہے کیونکہ جب کسی چیز کا نام لے کر پکارا جاتا ہے تب اُس کے ارتھ کا خیال ہو جاتا ہے اس واسطے نام یعنے شبد سے علیحدہ ارتھ نہیں ہے اسی واسطے گورو جی نے پرمیشر کے حاصل کرنے کو اس طرح پر کہا ہے کہ پدارتھ ماتر پرپنچ یعنے جگت کو نام سروپ چنتن کر کے نام ماتر کا اونکا

ہیں بے چیتن کرے پھر اونکار کی ماتر اُن کے ارتھ جو براٹ ہرن گربھ ایشور تت پد
اور بشو تیجس پراگ تونگ پد ہیں ان کو بچار کر کے اُس پد برمھ میں لے چنتن کرے
تب اپنے الهی اکشر سروپ پرماتما کو پراپت ہوتا ہے۔
اونگ کار صاحب اہے پرنو درس کو بھاو - کہت نام نامی ملے کہے کون سونیا و (رام گیتا)

कुदरति कवण कहा वीचारु। वारिआ न जावा एक वार ॥
जो तुधु भावै साई भली कार। तू सदा सलामति निरंकार॥१९॥

قدرت کون کہا بیچار - واریاں نہ جاوا ایک بار -
جو تُدہ بھاوے سائی بھلی کار - تو سدا سلامت نرنکار - ۱۹-

ہے شکھ جس پرمیشر نے یہ سرشٹ اپنے سنکلپ سے رچی ہے اس کی قدرت یعنی شکت کو کس بچار سے کہیں اور ہم تو اُس پر اپنے آپ کو ایک بار یعنے مرتبہ کون کہے اننت بار نچھاور یعنے قربان کرتے ہیں اور اے مُرید تجھ کو گیان بیراگ بھگت ان میں سے جو (بھاوے) پسند ہو وہی اچھا ہے کیونکہ اصل میں تو تُو سدا اسلامت نرنکار سروپ ہے یعنے ابناشی نراکار برمھ اور تیرا ہمیشہ ابھید ہے یعنے جیو اور برمھ ایک ہے +

اب ۱۶ لغایت ۱۹ پونڈی یعنے سیڑھی کا خلاصہ لکھ کر بیسویں پونڈی کا ترجمہ شروع کرینگے +

خلاصہ - پونڈی ۱۶ لغایت ۱۹ -

عنایت کئے پانچ تونے حواس — یہ ہیں خارجًا ظاہرًا سب کے پاس
جو ہیں خارجی تجھ سے ہیں وہ بری — ہے دروازۂ شاہ پر برتری
جو ہیں معنوی تجھسے ہیں سرفراز — تیری بھید قدرت کا سمجھے ہیں ساز
نہیں تیری قدرت کا کچھ انتہا — یہاں اشہب عقل ہے تھک رہا

جو عامل ہیں دم کے دیا دان کے ۔۔۔ وسنتوکھ نرمل دھرم کہان کے
سمجھ بوجھ گرست گامی ہوے ۔۔۔ نہیں باسنا وہ اکامی ہوئے
ذرا تک جو عالم پہ ہووے نگاہ ۔۔۔ تو کہتی ہے یہ عقل سُن واہ واہ
نہیں جنس حیوان کا گو کچھ شُمار ۔۔۔ ازل سے دیا رزق پروردگار
لکھی تو نے روز ازل جو کتاب ۔۔۔ وہ ہے کون جو کر سکے یہ حساب
کہاں تک کہوں تیری قدرت خیال ۔۔۔ یہ اندازہ باندھا ہے یا ذوالجلال
کسی کو یہ اندازہ آتا نہیں ۔۔۔ کوئی بیش و کم جس سے پاتا نہیں
کیا چار عنصر کا ایک ہی قیام ۔۔۔ ہوا جس سے یہ کثرت و اژدہام
کوئی زہد کرتا ہے تپ کو کوئی ۔۔۔ کہیں لاکھ پوجا ہیں اور جپ کوئی
کوئی بید خوان ہے بوصف و ثنا ۔۔۔ کوئی جوگ کر کر کے ہے تھک رہا
کوئی بھگت کرتا ہے باصد تمیز ۔۔۔ کوئی ہے ستی اور جہاں کو عزیز
کوئی ہے شجاعت کا دم مارتا ۔۔۔ کوئی ہے حقیقت کے پر جھاڑتا
کوئی چپ ہوا اور گوشہ نشین ۔۔۔ کوئی چور ہے اور جاہل چنیں
کوئی ہے بڑا ظالم و بد شعار ۔۔۔ کوئی خون ناحق کا امیدوار
کوئی کاذب و عیب زن پیچدار ۔۔۔ کوئی گندہ خور و کوئی عیب دار
ہزاروں ہوے ایک تجھ سے نمود ۔۔۔ کریں سارے مل کر کے تجکو سجود
جو کہتا ہوں کہنے میں آتی نہیں ۔۔۔ قلم کے تصرف میں جاتی نہیں
فقط وصف اور گفتگو ہے مُراد ۔۔۔ سدا دل رہے جس سے ہر لحظہ شاد
تیرا جس سے جسم حقیقی ملے ۔۔۔ طبیعت کے پیچوں کی گھنڈی کھلے
جو تحریر تقریر سے پاک ہے ۔۔۔ فنا و اجل سے تو بیباک ہے
لکھا تو نے جو کلک تقدیر سے ۔۔۔ وہی ہوگا کیا کام تدبیر سے

جو پیدا ہوا ہے تیرا نام ہے تیرے نام ہی سے سدا کام ہے
مکان و مکین تجھ سے خالی نہیں زمان و زمین تجھ سے خالی نہیں
کہاں بوالعجب قدرتوں کا شمار میں قرباں جاؤں نہ پاؤنگا پار
وہی خیر ہے جو ہے تجھ کو پسند سدا تو سلامت رہے ارجمند
نصائح یہ نانک کی ہیں بے مثال کہو اچھے دل سے نہ لاو ملال

پوڑی مذکورہ بالا میں اُتم یعنے اعلے ادہکاری کے واسطے پرمیشر کی مہا بیان کرتے ہوئے گورو مہراج نے (تو سدا سلامت نرنکار) اس طرح کا ابھید یعنے ہمہ اوست کا اُپدیش کیا ہے۔ اب آگے جو اوسط اور ادنےٰ درجہ کے لوگ ہیں اور کرم و دھرم وادھرم کے قیود میں پڑے ہوئے ہیں اُن کو اُپدیش کیا ہے اور مثالوں سے سمجھایا ہے۔

भरीयै हथ पैर तन देह । पाणी धोतै उतरस खेह ॥
मूत पलीती कपड़ होय । दे साबुण लईयै ओह धोय ॥

بھریئے ہتھ پیر تن دیہہ - پانی دھوتے اُترس کھیہ
موت پلیتی کپڑ ہوئے - دے صابون لئیے اوہ دھوئے

جب (تن) جسم کے ہاتھ اور پاؤں اور (دیہہ) درمیانی حصہ (کھیہ) خاک سے بھر جاوے تب پانی سے دھونے سے وہ خاک دُور ہو جاتی ہے اسی طرح جب کپڑا پیشاب وغیرہ سے (پلیتی) ناپاک ہو جائے تب صابون لگا کر اس کو دھو لیتے ہیں ۔

भरीयै मति पापां के संग । ओह धोपै नावै के रंग ।
पुन्नी पापी आखण नाहि ॥

بھریئے مت پاپاں کے سنگ - اوہ دھوپے ناویں کے رنگ - پُنّی پاپی آکھن ناہہ

اوپر لکھی ہوئی مثالوں کی طرح مت یعنے عقل جب بدافعالی سے ملوث ہوجاتی ہے تب اس کا دھونا (ناویں کے رنگ) پرمیشر کے نام کے ابھیاس میں رنگ جانے سے ہوتا ہے جیسے ہلدی وغیرہ کے رنگ سے کپڑا رنگین ہوجاتا ہے ویسے ہی پرمیشر کے نام سے بدھ یعنے عقل کے رنگین ہوجانے سے اُس میں شدھتا یعنے پاکی آجاتی ہے اور بدھ کے شدھ ہوئے پر (پُنّی پاپی) نیک افعال و بدافعال ناموں سے نہیں (آکھن) کہا جاتا مطلب یہ ہے کہ نام کا ابھیاس کرتے کرتے سلسلہ سے ست چدآنند سروپ کے پراپت ہونے سے سب نیک و بدافعال کے قیود سے رستگاری ہوجاتی ہے اسم سے مسمیٰ مل جاتا ہے اسی ارتھ کو سُرتی جو ذیل میں درج ہے بیان کرتی ہے -

पितृघ्नो मातृ घ्नो जारो गुरूहानेक कोटिय त्तिघ्नो ऽ नेककृत पापो-योममषरणावति कोटि नामानि जपतेस तेभ्य: पापे भ्य: प्रमुच्य तेस्वय मेव्रसच्चिदानन्द स्वरूपो भवेन्नकिम् ॥

हनुमदुक्करामोपनिषद। स्वराड २ ॥

ارتھ - یہ سُرتی پرم بھگت ہنوان کے نام سے ورشٹ رام اوپنشد میں لکھی ہے - وہاں بہبھیکھن لنکا کے راجہ سے سری رام بھگوان نے اپنے نام کی فضیلت اور درجہ کو اس طرح پر بیان کیا ہے کہ اے بہبھیکھن جو میرے چھیانوے کروڑ ناموں کا جپ کرتا ہے وہ اگر جنم جنمانتریں باپ ماں کا مارنے والا ہو- گورو کی عورت کے ساتھ بدفعلی کرنے والا ہو - گرو کو مارڈالنے والا ہو کروڑوں سنیاسیوں کو مارنے والا ہو ان کے علاوہ اور جتنے پاپ کرم ہیں ان کا کرنے والا ہو تب بھی ان پاپوں سے مکت ہوکر کیا اپنے آپ ست چدآنند سروپ نہ ہوگا یعنے ضرور ست چدآنند سروپ ہوجاویگا - مطلب یہ کہ جب برمھ بھاؤ کو

پراپت ہوا تب پنّتی پاپی ناموں سے اُس کو نہیں کہتے -اور جو نام کے رنگ سے نہیں رنگے ہیں اور راگ دویش یعنے رغبت ونفرت میں پڑے ہیں اور نیک و بد حرکتوں کو کرتے ہیں ان کی حالت کو اب بیان کرتے ہیں -

करि करि करणा लिखि लै जाहु ॥ आपे बीज आपे ही खाहु ॥
नानक हुकमी आवहु जाहु ॥२०॥

کر کر کرنا لکھ لے جائہو- آپے بیج آپے ہی کھاہو- نانک ھکمی آوہو جاہو-٢٠-

جو شخص پرماتما کے نام کے ابھیاس سے رہت (محروم) ہیں وہ سُکھ بھوگ کے اور دُکھ بھوگ کے اور سُکھ دُکھ ملے ہوئے بھوگ کے واسطے کرموں کو (کرکر) بار بار کرکے (کرنا) ، اُن کرموں کے نتیجہ کو اپنے انتہ کرن روپی کاغذ میں لکھ کر کرم کے نتیجہ کو بھوگنے واسطے جنم لیتے ہیں کیونکہ اپنے آپ کرم روپ بیج بوتے ہیں اور آپ ہی اُس کے پھل کھاتے ہیں سری گورو جی کہتے ہیں (ھکمی) پرماتما کے حکم سے پرلوک سے اس لوک میں آتے ہیں اور اس لوک سے پرلوک میں جاتے ہیں- یہاں پر اس قدر اور سمجھنا چاہئے کہ جس طرح جیو آنے اور جانے میں خود مختار نہیں ہیں اُسی طرح کرم کے کرنے میں اور اُس کے نتیجہ اُٹھانے میں بھی خود مختار نہیں ہیں بلکہ ایشور پرماتما کے اختیار میں ہیں -اب سُرتی مثالاً لکھتے ہیں -

तं विद्या कर्म्मणी समन्वारभेते पूर्व प्रज्ञा च ॥ बृ० उ० ब्रा० ४ ॥

ارتھ - اس جسم کو چھوڑ کر دوسرا شریر گرہن یعنے لینے کیواسطے جانے والے جیو کے واسطے اُپاسنا اور کرم ساتھ چلتے ہیں اور پہلے جسم میں جو کرم پھل کی اچھا یعنے خواہش سے کئے گئے ہیں وہ سنسکار بھی ساتھ جاتے ہیں- مطلب یہ کہ جس طرح جیو نے پہلے جنم میں یعنے گزشتہ جسم میں اُپاسنا اور اچھے و بُرے کرم کئے ہیں اور جیسے اُس کے اعلےٰ ادنےٰ اور اوسط درجہ کے کرم کے نتیجہ کی

خواہش رہتی ہے وہ سب کو ساتھ لے کر دوسرا جسم قبول کرنے کے واسطے جاتا ہے۔

कर्म्म कारयति तं यमेभ्यो लोकेभ्यः उन्निनीषत एष
वा असाधु कर्म्म कारयति तं यमधो निनीषत एष
लोक पाल एव लोकाधिपतिरेव लोकेशः सम आत्मेति
विद्यात्। कौषी॰ उ॰ अ॰ ३॥

ارتھ - تمام عالم کو متحرک کرنے والا نشچے کرکے پرمیشر ہی ہے وہی پرمیشر جس کو عالم بالا کو بھیجنے کی خواہش کرتا ہے اُس سے اچھے کرم کراتا ہے اور جس کو عالم پائین کو بھیجنے کی خواہش کرتا ہے اُس سے بُرے کرم کراتا ہے اور وہی پرمیشر تمام لوگوں کا پرورش کرنے والا ہے اور تمام اقلیم کا افسر و مالک ہے اور سب لوگوں کا قیام دینے والا ہے وہی میرا آتما ہے اس طرح جانے۔

خلاصہ پونڈی ۲۰

اگر دست و پا خاک آلودہ ہو　کریں صاف سب اُس کو پانی سے دھو
جو کپڑے ہوئے گرد چرکیں سے خاک　کریں ایسے میلے کو صابن سے پاک
مکدر بدی سے اگر بُدھ ہو　تو سمرن سے اونکار کے شُدھ ہو
شقی و سعید اُس کو کہتے نہیں　عذاب و صواب اس کو لگتے نہیں
اجر کے جو رہتے ہیں امیدوار　وہی جنم لیتے ہیں ہر بار بار
وہی بیج بے اور وہی کھات ہے　وہی باغ عالم کی سوغات ہے
اُسی کے حکم سے یہاں آئے　اُسی کے حکم سے وہاں جائے
یہ ہے دھیان نانک کا باصد سرور　اسی اچھے دل سے کرو تم ضرور

اے مُرشد اس سنسار سے چھوٹنے کی تدبیر بتلایئے کہ جس تدبیر پر عمل کرکے پرمانند کو حاصل کروں - اس طرح کی مُرید کی خواہش پر اس پونڈی

مندرجہ ذیل کو شروع کرتے ہیں +

तीर्थ तप दया दत दान । जे को पावै तिल का मान ॥

تیرتھ تپ دیا وت دان - جیکو پاوے تِل کا مان

جو کوئی بھی مُکت کا چاہنے والا شخص (تِلکا مان) سب بدیاوں کا تلک یعنے تمام علوم کا مخزن و سب سے اعلےٰ (ران) گیان کو پانا چاہتا ہے وہ باقاعدہ تیرتھ سیون کرے اور جسمانی تکالیف کو برداشت کرتے ہوئے تپ کرے اور تمام مخلوق پر رحم کرے اور (دت) اندریوں کو اپنے قابو میں کرے اور حتی المقدور خیرات کرے ان سادھنوں سے جب گیان حاصل ہو جاوے تب تمام گرفتاریوں سے آزادی حاصل ہو جاتی ہے +

सुणिया मन्निया मन कीता भाव । अन्तर गति तीर्थ मल नाउ ॥

سُنیا منیا من کیتا بھاو - انترگت تیرتھ مل ناو -

ہے شِکھ (مُرید) تو سرون منن اور (من کیتا بھاو) ندھیاسن کو اچھی طرح سے ابھیاس کر کے (انترگت) پرم تتو کے (تیرتھ) گیان میں (مل ناو) مل کی نبرتی کے واسطے اشنان کر مطلب یہ کہ سرون منن و ندھیاسن سے گیان جس سے اگیان دور ہوتا ہے حاصل ہوتا ہے - اس موقع پر یہ خیال کرنا چاہئے کہ تیرتھ سیون یا اشنان و تپ و دیا و اندریوں کو جیتنا و دان وغیرہ گیان کے ظاہری یا بہرنگ سادہن ہیں اور سرون وغیرہ باطنی یا انترنگ سادہن ہیں +

सभ गुण तेरे मै नाही कोय । विण गुण कीते भगति न होय ॥

سب گُن تیرے ہیں ناہیں کوئے - بن گُن کیتے بھگت نہ ہوئے -

ارتھ ہے شِکھ (اے مُرید) تیرے سُروپ بھوت پرم تتو میں سب گن ہیں اور کوئی بھی نہیں ہیں اس طرح کے (گُن) گیان کے بغیر کرے (بھگت)

ایکسوئی خیال کا دبارا نہیں ہوتا مطلب یہ کہ بچار کرنے والے شخص کو اس طرح جاننا چاہئے کہ میرے سروپ میں

दिगदेस का लाद अन्ये क्षस वे गम् र्सीता ८हिननित्य सुप निरंजनम् ज हृस्वात्म तीर्थ मजते विनियकृप: ससर्वदित सर्वगतोमृतो भवेत।

ارتھ - جہات زمان و مکان سے مبرہ و منزہ ہے اور تینوں تاپوں کا یعنے ادبیاتمک وادہ تھولک وادہ زیوک کا دور کرنے والا ہے مایا سے مدت ہے ایسے آتم تیرتھ ہیں جو کوئی نشکام اشنان کرتا ہے وہ سب کا جاننے والا اور سب جگہ حاضر و حاضر و بشکل آب حیات ہے یعنے امرت روپ ہے +

باوجودیکہ گُن کارج پرپنچ یعنے سنسار جو تینوں گُن سے موجود ہے معلوم ہوتے ہیں لیکن اِن کے ہوتے بھی میں نرگُن ہوں اور اِن کا مجھ میں بالکل ابھاو یعنے نیست ہے جیسے بغیر گیان روپی چراغ کے جلے ہوئے تاریکی کے مثل گُن اور اُس کے فعل معلوم ہوتے ہیں اور گیان روپ پرکاش (روشنی) کے ہونے پر تمام کارن کارج پرپنچ کی بُو بھی نہیں رہتی ہے اسی واسطے گنوں کے ہوتے بھی میرے سروپ میں اِن کا نام و نشان بھی نہیں ہے کیونکہ پرماتما نِش پرپنچ و ترگناتیت ہے سو میرا سروپ ہے اس طرح گیان ہونے کے بعد بلا خصوصیت چیتن پرماتما کی اندریوں سے جاننے لائق بھگت روپی برت یعنے خیال کا پرباہ (دبار) ہوتا ہے اور جب تک ایسے پرماتما کا بودہ نہ ہووے تب تک ایسا خیال ہوتا نہیں +

सुअसति आथ वाणी बरमाउ। सति सुहाण सदा मन चाउ॥

سواست آتھ بانی برماو - ست سوہانڑ سدا من چاو -

ارتھ - ہے گورو (سوانت، میرے کلیان کے واسطے (برماو) پاربرھم

پرماتما کے متعلق الفاظ کو (آتھ) کہو کیونکہ میرے من میں ہمیشہ ست سروپ پرماتما میں (سوہانڑ) جو درشیہ کی نبرتی یعنے اس منظر کا ابھاو اس کا (چاو) او تساہ یعنی خوشی اس کے جاننے کی رہتی ہے اس سوال کے جواب دینے کے واسطے گورو مہاراج پرمیشر کے تعجب خیز مہما کو بیان کرتے ہیں *

कवरण सु वेला वखत कवरण कवरण तिथि कवरण वार ॥
कवरण सि रुती माहु कवरण जित होआ आपार ॥

کون سو ویلا وقت کون کون تتھ کون بار -
کون سی رُت ماہ کون جت ہووا آکار -

ارتھ - جس کو فارسی میں وقت کہتے ہیں ایسا وہ ویلا کون ہے اور تتھ ودن وموسم و مہینہ کون ہے (جت ، جس میں پرماتما سے (آکار) یہ بھوت اور بھوتک پرپنچ یعنے سنسار ہوا ہے مطلب اس کا نشچے نہیں ہوتا ہے *

वेल न पाईया पंडिती जि होवे लेख पुराण ।
वखत न पाइओ कादीया जि लिखन लेख कुराण ॥
थिति वार न योगी जाणै रुति माहु न कोई ।
जा करता सिरठी कउ साजे आपे जाणै सोई ।

ویل نہ پائیا پنڈتی جے ہووے لیکھ پوران - وقت نہ پایو قاضیا جے لکھن لیکھ قرآن -
تتھ وار نہ جوگی جانے رُت ماہ نا کوئی - جا کرتا سرشٹی کو ساجے آپے جانے سوئی -

ارتھ - سرشٹ یعنے جگت کے پیدا کرنے کے وقت کو پنڈتوں نے نہیں پایا اگر پاتے تو پورانوں میں ضرور لکھتے - اسی طرح قاضی لوگوں نے بھی اس وقت کو نہیں پایا جو جانتے ہوتے تو قرآن میں ضرور اس بات کو لکھتے اور جوگی لوگ بھی جگت کے رچنا کے تتھ دن رت ماہ کو نہیں جانتے - جو پرمیشر جگت کو (ساجے)

رچتا ہے وہ اپنے آپ ہی اس جگت کے وقت کو جانتا ہے مطلب یہ ہے جب
معمولی لوگ جگت کے پیدا کرنے کے وقت کو نہیں جانتے تب اُس کی بنرتی
یعنے وغیرہ کیسے کر سکتے ہیں ہے بھگون جو جگت کے رچنا کے کال یعنے وقت
کو وہ پرماتما اپنے آپ ہی جانتا ہے تو آپ اُس کا میرے واسطے اُپدیش کیجئے۔
چیلے کی اس خواہش پر گورو جی فرماتے ہیں ۔

किव कर आखा किव सालाही किउ वरनी किव जाणा ॥

کیو کر آکھا کیو سالاہی کیو ورنی کیو جانا

ارتھ ۔ اے مُرید کسی بات کو سمجھانے کے واسطے یا اُپدیش دینے کے واسطے
چار چیزوں کی ضرورت ہوتی ہے وہ یہ ہیں ذات ۔ خاصیت (گُن) فعل (کرم)
نسکیت یعنے نشان ۔ مثلاً یہ انسان ہے سفید ہے پڑھتا ہے اور یہ دیودت ہے
اس موقع پر انسانی ذات سفید گن پڑھنے کا کام اور دیودت نام جو باپ وغیرہ
نے نشان بنا رکھے ہیں ایک شے یا شخص کے تبلانے کے واسطے ضروری ہیں
لیکن پرماتما کے اصلی سروپ میں یہ چاروں نہیں ہیں تب ذات کے نہ ہونے سے
کیسے (اکھا) بیان کروں اور گنوں کے نہ ہونے سے (کیو سالاہی) کیسے اُس
کی اُستت کروں اور کریا رہت ہونے سے (کیو ورنی) کیسے اُس کو ظاہر کروں
اور بے نشان ہونے سے کیسے اُس کا نشان دوں (نشان اُس کا کسی سے کب
بیان ہو) اس طرح جب پرماتما کسی طرح سے بنانے کے لائق نہیں ہے تب
اُس کا گیان نہ ہونا چاہئے ۔ مُرید کے اس سوال پر گورو مہاراج فرماتے ہیں ۔

नानक आखण सभ को आखै इकदू इक सिआणा ॥

نانک آکھن سب کو آکھے اِک دُو اِک سیانا ۔

ارتھ ۔ سری گورو مہاراج فرماتے ہیں کہ جو ایک سے ایک (سیانا) ہوشیار و دانا ہیں

وہ تمام (ذ آکھن) اُپدیش (آکھے) کرتے ہیں مطلب یہ کہ باوجودیکہ پرماتما میں ذات وغیرہ نہیں ہیں تب بھی مہاتما لوگ لچھن سے بودھ کراتے ہیں اس بات کے کہنے سے پہلے جوشکھ نے سوال کیا تھا کہ ست برمھ میں سے درشیہ یعنے منظر کی نبرتی یا وفعیہ چاہتا ہوں اس کا جواب یہ کہا کہ لچھن برت سے تت پد کے لچھ نشان سے تونگ پد کے لچھ کو ابھید جانکر اکھنڈ بتو کے انبھو سے درشیہ کی نبرتی ہوتی ہے لیکن اُس اکھنڈ بتو کا ساکشات کار برمھ گیانی گورو کے اُپدیش سے ہوتا ہے بغیر اُپدیش کے برمھ کا آتم سروپ سے گیان عمدہ نہیں معلوم ہوتا ہے۔ اب اس بات کو بیان کرتے ہیں (تت پد و تونگ پد کے مطلب سمجھنے کے واسطے پانچویں پونڈی کے آخری حصہ کے ترجمہ کو ملاحظہ کرو۔

बडा साहिबु वडी नाई कीता जा का होवै ।

नानक जे को आपौ जाणै अगै गइआ न सोहै ॥ २१॥

وڈا صاحب وڈی نائیں کیتا جا کا ہووے۔

نانک جیکو آپے جانے آگے گیا نہ سوہے۔ ۲۱۔

ارتھ۔ جو (صاحب) سب کا سوامی ہے وہ (وڈا) سرب بیاپی ہے یعنے ہر جگہ حاضر و ناظر ہے اور (نائیں) جو بید بانی× یا آواز تبلاتی ہے وہ سب سے افضل ہے اور جس کا (کیتا ہووے) تمام عالم وجود میں لایا ہوا ہے ایسے نانک پد سے سمجھنے لائق پُرشوتم پرماتما کو جو (آپے جانے) بغیر گورو کے اُپدیش کے اپنے آپ جانتا ہے وہ (آگے گیا) عقلمند لوگوں کے سامنے عزت نہیں پاتا (نہ سوہے) اچھا نہیں معلوم ہوتا ہے۔ مطلب یہ کہ لچھن کے نہ جاننے سے اختلاف نہ دُور ہونے سے اور پرمیشر کی سرناگت کے تیاگنے سے بدھ مہاتما کے سبھا میں قابل توقیر نہیں رہتا ہے اور جس کو گورو اُپدیش سے لچھن سے بودھ ہوتا ہے

وہ ایسا جانتا ہے کہ ترنگ یعنے لہر کے اصلی سروپ سمندر کی طرح میرا اصلی سروپ برھم ہے میں پرمیشر کا ہوں پرمیشر امیرا نہیں -

सत्य पिभेदा पगमे नायतवा हं न मामि की नस्त्वं सामुद्रोहि
तरंग: क्वचन समुद्रोनतारंग: २॥

ارتھ - ہے بھگون بچار سے ہمارا اور آپ کا بھید تو کہیں نہ رہا تب بھی ہے ناتھ میں تمہارا ہوں اور آپ میرے نہیں کیونکہ سمندر کا نشچے کر کے ترنگ ہے کچھ ترنگ کا سمندر نہیں ہے ؞

اشعار

اوست در ہر ذرہ پیدا و نہاں   اوست در ارض و سما و لامکان
جملہ ذرات حق اندا اے بیخبر   ہرچہ آید در نظر از خیر و شر
اوست پیدا در تو تو از خویش گم   مرگ آید ناگہاں گوید کہ قم
ہرچہ بینی در حقیقت جملہ اوست   شمع و گل پروانہ و بلبل از اوست
ہرچہ آید در نظر از جزو کل   بوم و صحرا بلبل و بستان گل
عارفاں را نقش زیبا و چہ زشت   صورت ہر نیک و بد را خود نوشت
گوہر جاں مطلع انوار اوست   معدن دل مخزن اسرار اوست
یار در پہلو چرا اے بیخبر   یار در تو تو چہ گردی در بدر

خلاصہ پونڈی (بیڈہی) بیت ۲۱ ویکم

بنا کر دئے تو نے تیرتھ ہزار   چھٹے جس سے زنگار روح نگار
مگر دو طرح ایسے اشنان ہیں   کہوں جس طرح اُن کے جوشان ہیں
اگرچہ ہے ظاہر کو کچھ برتری   مگر باطنی سے نہیں ہمسری
وے باطنی میں بھی ہے امتیاز   کروں اُس کی تفصیل باصد نیاز

وہ ہے ایک دریائے رحم و سخا — کہ ظاہر کے دریا کو دیوے چھپا
مگر تین دریا جو ہیں برتریں — اگر اُن میں کوئی نہاوے کہیں
یقین ہے کہ وہ مکت گامی ہے — وہ نام اوروں میں گرامی بنے
سو ان میں سے ہے ایک عین الیقین — دوئم حق ہیں سوئم علم الیقین
صفت سے ہے موصوف اور پاک ہے — مگر رنگ صفت سے بیباک ہے
صفت کا جو اطلاق ہے برملا — بپاس عبادت لیا مُدعا
توئی جزو مطلق معظم توئی — توئی ذات مُطلق مقدم توئی
ہمیشہ جو تفصیل سے عشق ہے — تیرے نام نامی کو یہ مشق ہے
وہ ہے کونسا وقت تاریخ کون — وہ ہے کونسا یوم اور فصل کون
وہ ہے کونسا ماہ جو برملا — تعین تشخیص ہو اولی تیرا
لکھے سیکڑوں پنڈتوں نے پُران — پڑھے بہت سے قاضیوں نے قرآن
جہاں میں کہ جتنے ہیں جوگی جتا — سری بیشنو اور ہیں کن پھٹا
ہیں جتنے کہ سر چھوڑ روی زمین — کسی نے تیرا بھید پایا نہیں
تو فاعل حقیقی ہے اے کردگار — تجھے سب مشیر و مددسے ہے عار
بیاں حمد تفسیر کیونکر کروں — میں اس دُکھ کی تدبیر کیونکر کروں۔
بیان بھی کروں گر یہ معلوم ہو — کہ دانا پے دانا ہو مخدوم ہو
تیرا ساختہ ہے تو ہی ہے کبیر — جہاں میں تیرا کون ہیگا نظیر
یہ ہے فیض تیرا کہ لوں میں پناہ — کروں پیش قدمی کہ ہے یک گناہ
نصائح جو نانک کے ہوں دستگیر — تو اچھے دلوں سے لکھے یہ فقیر

पाताला पाताल लख आगासा आगास ।
ओडक ओडक भाल थके वेद कहन इक बात ॥

सहस अठारह कहन कतेबा असलू इक धात ।
लेखा होय त लिखीयै लेखै होय विणास ।
नानक वडा आखीयै आपे जाणै आप ॥ २२ ॥

پاتالاں پاتال لکش آکاشاں آکاس - اوڑک اوڑک بھال تھکے بید کہن اِک بات -
سس اٹھارہ کہن کتیباں اصلوا اِک دھات - لیکھا ہوئے یا لکھیئے لیکھے ہوئے بناس
نانک وڈا آکھئے آپے جانے آپ - ۱۱ -

ارتھ یعنی ترجمہ - اے مرید جو شے لکش یعنی مخزن جملہ اشیار کا ہے وہ پاتالوں کا پاتال ہے اور لکش ہی آکاشوں کا آکاش ہے مطلب یہ کہ آکاش اور پاتال کا ادہشٹھان روپ ہوا است بھانت پرید روپ سے پرتیت کرنے والا ہے یعنی جب اُس لکش بستو یعنے پرماتما کا خیال اور بچار کیا جاوے تب پاتال اور آکاش کچھ دکھلائی نہیں دیتا اسی واسطے سُرتی منددرجہ ذیل میں لکش بستو بھو کو سب جگہ حاضر و ناظر کہا ہے - است یعنی ہے بھانت کے معنے ہیں ظاہر ہونے کو اور پریہ یعنی اچھا معلوم ہونا -

सएवाधस्तात् सउ परिष्टात् सपश्चात सपुरस्तात्
दक्षिणतः सउत्तरतः सएवेद ॅ सर्वमित्य यातोऽ
हङ्कारादेश एवाहमेवा धस्ताद हमुपरिष्टाद हं पश्चादहं
पुरस्ताद हं दक्षिणतो ऽहमुत्तरो ऽ हमेवेद ॅ सर्व
मिति ।१। अथात आत्मा देश एवात्मैवा ऽ धस्ता दात्मो
परिष्टा दात्मा पश्चा दात्मा पुरस्ता दात्मा दक्षिणत आ
त्मोत्तरत आत्मैवेद ॅ सर्वमिति छा० उ० अ०७ ॥

ارتھ - بھو - روپ پار برہم جی نیچے پاتالوں کا ادہشٹھان ہے اور وہی اوپر

سب نکاشوں کا ادشٹھان یعنی مخزن ہے - ادہشٹھان اس مقام کو کہتے ہیں
جہاں سے کوئی چیز نکلے یعنے سرچشمہ ہے اسی طرح آگے پیچھے اوتر دکھن سب
طرف سب کا ادہار ہے بہت کیا کہیں تمام عالم اُس کا سروپ ہے - اسی طرح
اہنکار کر کے یا آتما کر کے جو آدیش نام اُپدیش ہے اس کو بھی ایسا ہی جاننا اس
موقع پر بھوا شبد اور اہنگ شبد اور آتما شبد سے نکش بستو کو سرب رُوپتا
بتایا ہے اور وہی نکش بستو (اوڑک کے معنی ہیں پرے یا علیحدہ) اوڑک جو
تمام پرپنچ کی عمر یا حد ہے اُس کا بھی (اوڑک) اوود (عمر) روپ ہے یعنی
پرے ہے اسی واسطے سُرتی میں پرم تتو روپ پورکھ کو پرے سے پرے
بتلایا ہے -

इन्द्रियेभ्यः पराह्यर्था अर्थेभ्यश्च परंमन:॥मनसस्तु
पराबुद्धिर्बुद्धेरात्मा महानपर: १०॥ महत: परमव्यक्त
मव्यक्तात् पुरुष: पर:॥पुरुषान्न परंकिञ्चित्साकाष्ठा
सापरागति: ११॥ कठ० ३०

ارتھ - جو سوکشم بھوتوں نے اپنے پرکاش کرنے واسطے اندری بنائے ہیں اُن
اِندریوں سے پرے سوکشم بھوت روپ ارتھ ہیں اور اندری اور ارتھوں کا بیوہار
من کے آدہین ہے اس واسطے ارتھوں سے پرے من ہے من سے پرے
بدھ اور بدھ سے پرے مہاتت اور مہاتت سے پرے مایا اور مایا سے پرے
پورکھ ہے پورکھ سے پرے کچھ نہیں ہے اور تمام پرپنچ کی وہ ہی حد ہے
اور وہی پرم گت ہے اس واسطے سندر بلاس میں سندر داس مہاتما نے
کہا ہے -

کبت

بھوم پر آپ اُپھو۔ کے پرے پاوک ہے پاوک کے پرے پَون بایو ہی بہت ہے
بایو پرے بیوم بیوم ہو کے پرے اندری دس اندری کے پرے انتہ کرن بہت ہے
انتہ کرن پرے تینوں گُن اہنکار اہنکار پرے مہاتت کو لہت ہے
مہاتت پر مُول مایا مایا پر پار برمھ تا ہی تے پرات پر سُندر کہت ہے

اسی واسطے گورو مہراج نے پورکھ روپ لکش بستو ہی کو اوڑک اوڑک نام سے کہا ہے اُسی لکش روپ بستو کو کیوں ترک کر کے (بھال تھکے) کھوجتے کھوجتے تھک گئے لا نہیں لیکن ایک بات۔ وحدت و ایکتائی کو جو ظاہر کرتا ہے ایسا جو بید ہے وہ بید اُس لکش بستو یا پار برمھ پرماتما کو بھی سے بتلاتا ہے کچھ شکت سے نہیں اور جن چوراسی لاکھ جنم کو (کیتباں) قرآن سے لے کر سب کتابیں اٹھارہ ہزار گنتی کرتے ہیں وہ سب ہی (اصلو) اصل میں (اک دہات) ایک پرمارتھ تت لکش روپ ہے اب اس میں یہ سوال چیلے کی طرف سے ہے کہ وہ لکش بستو آپ کن کن مثالوں سے بتایا جاتا ہے اس کے جواب میں گورو مہراج فرماتے ہیں کہ۔ لیکھا ہوئے تا لکھیئے۔ یعنے جو اُس کا کچھ حساب و اندازہ ہو تو مثال ہووے تب لکھا جاوے لیکن وہ سب حساب سے و اندازہ سے باہر ہے یعنی بے حساب و بحد ہے اور اگر حساب و اندازہ ہوگا تو (بناس) فانی ہوگا کیونکہ جو جو چیزیں حساب و اندازہ میں آتی ہیں وہ سب ہی بناشی یعنے فانی ہوں گی اس واسطے سری گوروجی کہتے ہیں کہ اُس لکش بستو پرماتما کو سب سے بڑا آکھئے یعنے کہیئے لیکن وہ اپنے آپ ہی اپنی بڑائی کو جانتا ہے۔ کٹھولی اُپنشد جو اتھربن بید میں یہ نمبر ۲۶ ہے اسی بات کو تبلاتی ہے۔ اُپنشد سر پوشیدہ اور کلام توحید کو کہتے ہیں۔

کٹھولی اُپنشد الکھ پرکاش "آتما بزرگ سے بزرگ ہے" "آتما اپنے آپ کو خود سمجھتی ہے" "آتما عبارت اور اشارت میں نہیں آسکتی ہے"۔

برہ دارن اُپنشد ۔ یجر بید ۔ الکھ پرکاش میں بھی اسی بات کو ظاہر کیا ہے جس سے گورو مہاراج کے کلام کی تائید ہوتی ہے وہ یہ ہے "کارک رکھشر کے سوال جاگولک سے ۔ تمام موجودات جو نظر آتا ہے ایک دوسرے سے بنی ہے جس طرح تانے اور بانے سے کپڑہ بنا ہے آپ ترتیب سے ان کی تعریف کریں جواب ۔ پانی ہوا سے اور ہوا اکاس سے اور اکاس انترہ لوک سے اور انترہ لوک ادت لوک سے اور آدت لوک چندر لوک سے اور چندر لوک نچھتر لوک سے اور نچھتر لوک دیو لوک سے اور دیو لوک گندہرپ لوک سے اور گندہرپ لوک پرجاپت کے لوک سے اور پرجاپت کا لوک برہما کے لوک سے اور برہما کا لوک جس سے بنا ہے اُس کا جاننا امکان بشر سے باہر ہے چاہیئے کہ تو حد سے قدم باہر نہ رکھ اور سوال نہ کر اس سے اعلےٰ بیان کرنے کی دیوتوں کو بھی مجال نہیں ہوئی تو تو انسان ہے پس کارک خاموش رہا۔ جو غور کرے وہ سمجھے کہ برہما دل ہے اور دل سے عقل ہوتی ہے اور عقل کی حد اس سے آگے نہیں ہے اور جو اس مقام تک پہنچتا ہے وہ اُس سے آگے کا حال دیکھ سکتا ہے مگر کہنے کی مجال نہیں رکھتا ہے اور اس سرو سے محویت حاصل کرتا ہے کہ کہنے اور سُننے سے مستغنی ہوتا ہے ۔

अशाब्दमस्पर्शमरूपमव्यमजथारसं नित्यम गन्धव त्व यत अनाद अनंतं मह मृत मुखात प्रमुचते ॥

تلفظ میں نہیں آتا اور محسوسات سے بیان نہیں ہو سکتا اس کو کوئی چھو نہیں سکتا ۔ نہ دیکھ سکتا ہے لامحدود ہے بُو و ذائقہ سے مبرّہ ہے انادے انعت ہے

بڑا ہے سب سے پرے ہے جو اُس پرماتما کو بچار کر کے ایسا یقین کرتا ہے جیسا اوپر تحریر ہوا ہے وہ موت کے مُنہ سے چھوٹ جاتا ہے یعنے امر پدوی کو پہنچتا ہے +

خلاصہ پونڈی ۲۲ -

کیا تونے ارض و سما کا ظہور　　ہیں پاتال اکاش سب تیرا نور
انہیں کہتے ہیں بید لا انتہا　　کہ کہنے سے سب کوئی ہے تھک رہا
کتب کہتے ہیں ہیں اٹھارہ ہزار　　نہیں ہے غلط ان کی ایسی شمار
ہے کثرت سے دونوں کی یاں پر مُراد　　بکیلہے جو کہہ کے دل اپنا شاد
مگر انتہا کوئی پاتا نہیں　　کہ تو تو کسی کو بتاتا نہیں
جو ہے قول عالی جو نانک کا یار　　تو کر اچھے دل سے سدا یہ پُکار

ہے بھگون جو آپ نے ایک پرمارتھ وستو بیان کیا ہے وہ اگر سب کا اصلی سروپ ہے وہ اُن کو حاصل ہے اس طرح حیلہ کے اعتراض کو دور کرنے کے واسطے گورو مہراج فرماتے ہیں -

सालाही सालाह्ह एती सुरति न पाईया।
नदीया अते वाह्ह पवहि समुन्द न जाणीयह्ह॥

سالاہی سالاہ ایتی سُرت نہ پائیا - ندیا اتے واہ پوہ سمند نا جانی ایہہ

ارتھ - اے مرید (سالاہی) سکھ روپ سے تعریف کے لائق پرماتما کی آنند روپ سے تعریف کر کیونکہ وہ پرماتما ہی سُکھ روپ ہے اُس سے علیحدہ جو کچھ ہے وہ سب دُکھ روپ ہے اسی واسطے سرتی میں پرماتما سے علیحدگی کو سُکھ روپ نہیں کہا ہے -

यो वै भूमा तत्सुखं नाल्पे सुखमस्ति॥ छां० उ० प्र० ७ खण्ड २३॥

ارتھ۔ جو (بھوما) سب سے بہت برمھ تتو روپ بستو ہے وہی سُکھ رُوپ ہے اور فانی چند روزہ چیزوں میں سُکھ نہیں ہے۔ بلکہ دُکھ یعنے تکالیف سے بھرے ہوئے ہیں +

اور جہاں تک (سب سرشٹی یعنے جگت ہیں اِن کو (سُرت) علم (ناپائیا) نہیں حاصل ہوتا باوجودیکہ تمام لوگوں کو سکھپت کی حالت میں آنند حاصل ہے لیکن اگیان یعنے غفلت سے اُس خواب کی حالت میں اُن کو اُس سرُور کا علم نہیں رہتا ہے کہ ہم روزمرہ اُسی آنند روپ بستو سے بار بار سنسکار کا پربھاو سے نکل کر پھر اُسی میں سما جاتے ہیں جیسے ندیاں اور واہ کہتے ہیں نالے کو یہ سب سمندر سے نکل کر پھر اُسی میں جا کر ملتے ہیں لیکن ان کو اس بات کا بودہ نہیں کہ ہمارا سمندر میں پرویش یعنے داخل ہونا اور اُسی سے اوتھاں یعنے نکلنا ہے +

समंद साह सुलतान गिरहा सेती माल धन ।
कीड़ी तुल न होवनी जितिस मन हु न वीसरह ॥ २३॥

سُمند شاہ سلطان گرہا سیتی مال دہن۔ کیڑی تُل نہ ہوونی جی تِس من ہوں نہ بیسرہ۔۲۳

شاہ (منڈیشور) سلطان (چکرورتی راجہ) جن کے (گرہا سیتی) صرف زبان ہلانے سے مال دہن یعنے روپیہ پیسہ ہاتھی گھوڑا وغیرہ وغیرہ اکٹھا ہو سکتے ہیں مطلب یہ کہ بِل سکتے ہیں یہ سب (کیڑی تُل) یعنے چیونٹی کے مانند حقیر اس وقت تک نہیں جب تک سمندر رُوپ پرماتما سے جاگرت یا سوپن میں نکلکر پھر سکھپت میں سمندر رُوپ پرماتما میں لین ہوتے ہیں اور اس بات سے غافل رہتے ہیں کیونکہ دونوں کی یعنے عالم اور جاہل کی جنم جنمانتر کے پرانپتی میں ایکتا ہے لیکن جن لوگوں کو من سے پرم تتو یعنے پار برمھ پرماتما کا بھول نہیں ہوا تب وہ نہ بھلا چیونٹی کی برابری نہیں ہوتی ہے کیونکہ بڑا فرق ہو گیا صرف اگیان سے جنوں میں

بھرتا ہے ۔ اسی واسطے سکھوپت اوستھا میں سب جیووں کو برہم کی پراپتی اور برہم کا اگیان سرتی میں جو نیچے لکھی ہے پایا جاتا ہے ۔

सो ऽभ्येमा : सर्वा : प्रजा सति सम्पद्य न विदु : सति सम्पद्यामह इति ॥ त इह व्याघ्रो वा सिंहो वा वृको वा वराहो वा कीटो वा पतंगो वा दंशो वा मशको वा यद्यद्भवन्ति तदाभवन्ति ॥ छा० उ० अ० ६ खण्ड० ९ ॥

ارتھ ۔ اودالک رکھشر نے کہا اے فرزند سوپت کیتو یہ سب جو جاندار ہیں حالت سکھوپت اور موت اور قیامت میں یکساں ہیں کیونکہ ان تینوں حالتوں میں ہست حقیقی سے وصل ہو جاتا ہے اور کچھ جدائی نہیں رہتی ہے پھر جو صورت شیر یا بھیڑیا یا گرگ یا گیدڑ یا مار یا کژدم یا کسی نوع کی بنے نہیں جانتا ہے کہ اصل میری کیا تھی جب تک کہ اپنے اصل سے پھر وصل نہیں ہوتا ہے ٭

خلاصہ پوڑی ۔ ۲۳ ۔

توہی ایک تعریف کے جوگ ہے — تجھی میں آنند اور سبھی جوگ ہے
سمندر سے ندیاں نکلتی رہیں — پھرا پھر کے اُس ہی میں گرتی رہیں
بچاریں نہیں آد کو اپنے — رہیں کاہ میں اور کا سے بنے
بڑا ہو وہی ہو ظلم زور ہو — نہ پاوے تجھے تو نہ تُل چیونٹی ہو
تجھے یاد رکھے وہ سب سے بڑا — رہا کام اُس کا نہیں پھر اڑا
گورو کا مجھے قول ہر دم ہے یاد — اُسے اچھے دل سے جپوں بامراد

ہے بھگون جس پرم تتو کے گیان سے کیٹ پتنگ یعنے چھوٹی چیزوں کی برابری نہیں ہوتی ہے بلکہ برہم بھاو کی پراپتی ہوتی ہے وہ برہم تتو آپنے سب سے بڑا بیان کیا ہے یعنی سب طرح سے بھید سے رہت ہے لیکن وہ

سب طرح کے بھید سے رہت نہیں معلوم ہوتا کیونکہ آپ اُس کی استت کرتے ہیں اور جہاں استت ہوتی ہے وہاں ایک استت کرنے والا اور ایک استت اور ایک جس کی استت کی جاوے تین چیزیں ہوتی ہیں یعنے فعل فاعل مفعول یہ ترپٹی سب جانداروں کی پیدائش ہیں دینے دیکھنے سننے میں سب جگہ موجود ہے تب سب طرح کے بھید سے رہت کیسے ہو سکتا ہے اس اعتراض کے دفعیہ کے واسطے چوبیسویں پوڑی گورو مہاراج فرماتے ہیں۔

अन्त न सिफिती कहणि न अन्त। अन्त न करणै देणि न अन्त ॥ अन्त न वेखणि सुणणि न अन्त ॥

انت نہ صفتی کہن نہ انت۔ انت نہ کرنے دین نہ انت۔

انت نہ دیکھن سُنن نہ انت

اس پوڑی میں لفظ انت کے معنے بھید کے ہیں۔ درمیانی بھید کوئی اصلی بھید نہیں ہے جیسے چراغ تیل بتی کے بھید سے آگ میں بھید معلوم ہوتے بھی اگ ایک واحد شکل کی ہے اسی طرح (صفتی) اُستت اور کہتے ہیں جو اختلاف یعنے انت معلوم ہوتا ہے وہ جسم وغیرہ درمیانی اُوپادھی سے ہے یہ درمیانی اختلاف اُس ایک وحدہ لاشریک میں کچھ اختلاف نہیں پیدا کرتا ہے۔

ابیات

کیست در گوش کہ او می شنود او ازم یا کدامی کہ سخن میکند اندر دہنم
کیست در دیدہ کہ از دیدہ بروں می نگرد یا چہ شخص است بگوئی کہ منش پیرہنم

از اندروں خانہ چو آید ندا بروں

خود از کجیں بود متصور نہ از مکاں

اسی رمز کو سُرتی مندرجہ ذیل ثابت کرتی ہے -

अग्निर्यथै को भुवनं प्रविष्टो रूपं रूपं प्रति रूपो बभूव।
एकस्तथा सर्व भूतान्तरात्मा रूपं रूपं प्रति रूपो वहिश्च॥
कठ० उ० व० ५ श्रु ९ ॥

ارتھ - جیسے ایک ہی آگ بسبب اختلاف مواضعات یعنے مقام لکڑی بتی وغیرہ کے مختلف قسم کی بلکہ جس جس سے آمیزش کرتی ہے اُسی اُسی نوع کے دکھلائی دیتی ہے اسی طرح ایک ہی آتما دروں و بروں اور بصورت مختلف ایک ہی ہے ٭

کرن کے معنے پیدا ہونا - اس موقع پر جیو آتما کی پیدائش فرض کرو اس لئے پرماتما سے اُپادھی کے پیدا ہونے سے جیو کے پیدا ہوئے بھی کارن کارج رُوپ سے بھید نہیں یعنے لفظ فاعل مفعول کا کہنا ٹھیک نہیں ہوتا کیونکہ پرم تتو روپ مخزن المقامات سے مایا سے ملے ہوئے چت کے پیدا ہونے سے چت اپادھک جیو کی اُتپت کا بیوہار ہوتا ہے یعنے ارادہ ازلی کے قلب کی موجودگی سے روح انسانی کے وجود کا اظہار ہوتا ہے اصلیت میں مخلوق خالق سے جدا نہیں -

در جسم ما چوں جان توئی در جا نہاں جاناں توئی
صورت توئی معنی توئی پیدا توئی پنہاں توئی

اسی بات کی تائید میں سُرتی مثالاً پیش کرتا ہوں ٭

तदे तत्सत्यं यथा सुदी प्तात् पाव काद्वि स्फुलिगा :
सहस्रश : प्रभव न्तेसरूपा : तथा क्षराद्वि विधा : सौम्य
भावा: प्रजायन्ते तत्रचै वापियान्ति॥ द्वितीयमुण्डु कखंड०२ श्रु०१॥

ارتھ۔ جس طرح ایک روشن آگ سے ہزاروں چنگاری اُڑتی ہیں اور سب چنگاریوں کی صورت اور رنگ آگ کے مانند ہوتے ہیں اسی طرح اُس نطفہ بے زوال سے بیشمار جیو آتما ظاہر ہوتی ہیں اور اُس میں محو ہوجاتی ہیں وہ ذات عین سرور ہے اور عین نور ہے اور ظاہر و پوشیدہ ہے اور ظاہری و باطنی حواس سے باہر ہے اور پاک اور لطیف اور برنز ہرن گربھ سے ہے۔ جو اسم اور صفت سے بیان کرتا ہوں مراد سمجھانے سے ہے ورنہ وہ ہر ایک سے منزہ ہے۔ تمام عالم اُس کی صورت ہے اور کواکب اور عناصر اور اجرام اور اجسام اور صفات اور اطراف اور نطق اور کیفیت اور لطیف اور کثیف سب وہ ہی ہے جب وہ دم لیتا ہے تمام عالم دم لیتا ہے اور سکھوپت کی حالت میں تمام عالم فانی ہوتا ہے کیونکہ کُل عالم دل اُس کا ہے اس واسطے جیو آتما میں محو ہوجاتا ہے۔ ساتوں حصے زمین کے مثل ساتوں پانوں اُس کے ہیں اور وہ جان سب جہان کی ہے وہ محیط کل عالم کا ہے اور اُس کا نام ویراٹ پُرش بھی ہے یعنے شخص کُل +

قطعہ

قطرہ بگریست کہ از بحر جدائیم ہمہ بحر بر قطرہ بخندید کہ مائیم ہمہ
فی الحقیقت وگرے نیست خدائیم ہمہ لیک از گردش یک نقطہ جدائیم ہمہ

اور مایا اور پادہی بھی کوئی فی الواقعی بھید نہیں ہے کیونکہ مایا اور برہمہ کا ایسا میل ہے جس کو کوئی علیحدہ نہیں کرسکتا اور نہ کبھی علیحدہ ہوسکتا ہے کیونکہ دونوں ایک ہے۔

کبت

دویت کر دیکھے جب دویت ہی دکھائی دیت ایک کر دیکھے تب وہی ایک اگ ہے

سُورج کو دیکھے جب سورج پرکاش رہیو کرن کو دیکھے تو کرن نانا رنگ ہے
بھرم جب بھیُوتب مایا ایسو نام دھریو بھرم کے گئے تے ایک برمھ سرب اَنگ ہے
سُندر کہت یاکی درشٹ ہی کو پھیر بھیئو برمھ اور مایا کے نو ماتھے ناہیں سرنگ ہے

اور اسی طرح جیوؤں کے ہر روز دان یعنی خیرات کرنے سے اور پرماتما کے گیان رُوپ دیکھنے سے اور سُننے سے بھی پرماتما میں دراصل کوئی اختلاف ہوتا نہیں ہے۔

अन्त न जापै कीया मन मंत । अन्त न जापे कीता आकार ।
अन्त न जापे पारा वार ।। अन्त कारण केते बिललाहि ।
ताके अन्त न पाये जाहि ॥

انت نہ جاپے کیا من منت - انت نہ جاپے کیتا آکار -
انت نہ جاپے پارا وار - انت کارن کیتے بلِلاہہ -
تا کے انت نہ پائے جاہہ

جو من یعنے غور و بچار کرنے والا شخص ہے اُس کو منت کہتے ہیں اُس کا کیا ہوا جو (من) یعنے من ہے وہ (کیا) یعنے اختلاف کے ثابت کرنے میں مجبور ہے اس واسطے (انت نہ جاپے) اختلاف نہیں ہے فعل فاعل اور مفعول میں اور جو پرماتما نے اپنے ارادہ ازلی سے اوتار آکار کیا ہے اُس سے بھی بھید سِدہ نہیں ہوتا ہے اور جو پارا وار یعنے سنسار ہے اُس سے بھی اصلیت میں کوئی اختلاف نہیں پایا جاتا +

کبت

کہت ہے دیہہ ما ہنہ جیو آئے رل رہیو کہاں دیو کہاں جیو برتھا چونک پریو ہے
بُوڈبے کے ڈرتے تِرن کو اوپاے کرے ایسے نہیں جانے یہ مرگ جل بھریو ہے

جیوری کو سانپ جیسے سیپ بکھے رُوپا جان ہی کو اور دیکھ یونہیں بھرم کریو ہے
سندر کہت یہ ایکھی اکھنڈ برمھ تا ہی کو پلٹ کے جگت نام دھریو ہے
اور بہت سے معترض لوگ اختلاف کے ثابت کرنے کے (کارن) واسطے (ببلاہ) بلاپ کرتے ہیں یعنے روتے رہیں لیکن اُس کا اصلی بھید اُن کو نہیں ملتا *

کبت

کھوجت کھوجت کھوج گئے ارو کھوجت ہیں پُن کھوج ہے آنے
ناچت گاوت گائے سگئے بہو گاوت ہیں اور گائے ہیں گانے
دیکھت دیکھت دیکھ رہے سب ویسے نہیں کچھو ٹھورٹھکانے
بُوجھت بُوجھت بُوجھکے سُندر ہیرت ہیرت ہیر ہرانے

एहु अन्त न जाणै कोय। बहुता कहीयै बहुता होय॥
ایہہ انت نہ جانے کوئے - بہوتا کہیئے بہوتا ہوئے

جو کوئی ادھکاری مختلف قسم کے اختلاف کو علم اشراق سے (نہ جانے) نہ معلوم کرے اُس کو (بہوتا کہیئے) سب سے بڑا جو برمھ ہے وہی کہنا چاہیئے کیونکہ وہ اکھنڈ برمھ کا انبھو کرنے والا آپ ہی (بہوتا) برمھ رُوپ ہوتا ہے اس موقع پر گوروجی نے سُرتی کی مثال کو ظاہر کیا ہے *

सयोहवैतत्परमं ब्रह्म वेद ब्रह्मैवभवति॥ तृतीय मुण्डक खण्ड ०२

ارتھ - نشچے کر کے جو پرسدہ پورکھ پار برمھ کو جانتا ہے وہ برمھ ہی ہے -
سوال - ہے بھگوان جو سب طرح سے بھید سے رہت ہے وہ جاگرت سوپن سکھوپت اوستھا والا ہے یا نہیں *

वडा साहिब ऊचा थाउ । ऊचे उपरि ऊचा नाउ ॥
ए वड ऊचा होवै कोय । तिस ऊचे कउ जाणै साय ॥
जे वड आपि जाणै आपि आपि । नानक नदरी करमी दात । २४॥

جواب - وڈا صاحب اونچا ٹھانوں - اُونچے اُوپر اونچا ناوں -
اے وڈا اونچا ہووے کوئے - تِس اونچے کو جانے سوئے -
جے وڈ آپ جانے آپ آپ - نانک ندری کرمی دات -۲۴-

اے مرید باوجودیکہ وہ برمھ سب مقاموں میں بھید سے رہتا ہے یعنی سب سے منزہ ہے لیکن اُس کا تُریا اوستھا رُوپ سب جاگرت سپن سکھوپت اوستھاوں سے اونچا مقام ہے ایسے اونچے استھان والا صاحب سب کا سوامی (وڈا) بیاپک ہے - تُریا اوستھا کس کو کہتے ہیں یہ سُرتی مندرجہ ذیل میں درج ہے -

अवस्था त्रया भावाद् भाव साक्षिस्वयं भावरहितं नैरन्तर्य्यं चैतन्यं यदा तदा तत्तुरीयं चैतन्यमित्युच्यते । सर्वोपनिषत्सारोपनिषत् ॥

ارتھ - جس وقت تینوں حالتوں کے دُور ہونے سے سب کا ناظر اپنے آپ سب سے آزاد و مبرہ ہونے سے سب سے الگ معلوم ہوتا ہے اُس وقت اُس چیتن کو تُریا کہتے ہیں (ملاحظہ ہو ترجمہ پونڈی "گاوے کو ساج کرے تن کھیہ" جس میں تُریا اوستھا کو اچھی طرح سے بتلایا ہے)۔ مطلب یہ کہ جس وقت کیول چیتن کا ظہور ہوتا ہے اُس کو تُریا کہتے ہیں۔ سب سے اوپر یعنے سب سے اونچے تُریا چیتن کے (اوپر) اُس کا بودھک یعنے بودھ یا گیان کا پیدا کرنے والا نام بھی اونچا ہے - جو کوئی اتنا بڑا اونچا ہوتا ہے

وہ اُس اونچے کو جانتا ہے مطلب یہ ہے کہ اُس اونچے کو بغیر جانے اُتنا اونچا ہونا نہیں اس واسطے جتنا بڑا آپ پرمیشر ہے اُتنا بیاپک (آپ) انتہ کرن میں (آپ) اپنے ساکشی روپ آتما کو (جانے) انبھو کرے - سری گورو جی کہتے ہیں جس کو ندری (گورو کی ڈکرمی) جگت روپ کرم والے پرمیشر کی کرپا سے سادہن سامگری کی پراپت روپ دات یعنے بخشش ہوتی ہے وہ تریاپد کو انبھو کرتا ہے -

رمزیت کہ از فیض پیر گردد
ایں دولت نایاب زکوشیدن نیست

خلاصہ پوڑی - ۲۴ -

صفت کی تیری ہووے کب انتہا — زبان و قلم اس جگہ تھک رہا
بیان میں تیرا کام آتا نہیں — تیری حسن خوبی میں پاتا نہیں
کہاں آنکھ لاؤں جو نظارہ ہو — تیری راہ میں دھیان صدپارہ ہو
تیری خواہش خاص کچھ کم نہیں — یقین تشخص کو کچھ گم نہیں
جو ہیں خاص مقبول درگاہ کے — جو مشتاق ہیں معنوی راہ کے
تگاپو سے وہ باز آتے نہیں — حقیقت کو پر تیرے پاتے نہیں
عبث انتہا کا ہے تیرے خیال — ہوئی عقل عاجز جو پایا محال
ہزاروں طرح سے جو گایا تجھے — جہاں تک چلا دُور پایا تجھے
تو اکبر ہے عالی ہے سردار ہے — تو اعلیٰ سے اعلیٰ ہے کردار ہے
جو مانند اکبر ہو تیرے کوئی — تو عظمت و شوکت کو پاوے کوئی
سوا ایسے کی جگ میں نشانی نہیں — جہاں میں تیرا کوئی ثانی نہیں
تو عظمت کو اپنے ہے خود جانتا — نہیں دوسرا کوئی پہچانتا

کرم تیرا اگر شامل حال ہو تو البتہ ماہر ہو خوشحال ہو
یہ فرمودۂ نانک نامدار کرو ورد اچھے رہو باوقار

बहुता कर्म्म लिखिआ न जाय। वडा दाता तिल न तमाय॥
بہوتا کرم لکھیا نا جائے - وڈا داتا تل نہ تمائے -

ہے گورو چوبیسویں پونڈی میں پرمیشور کو اپنے کرمی نام سے موسوم کیا ہے تب اُس کے کرم اور اُس کے دات یعنے بخشش کے سُروپ کو بیان کیجئے - کیا اُس کی بخشش جیو کو سنسار سے آزادی دینے والی ہے یا سنسار میں گرفتاری کا باعث ہے - اس طرح چیلہ کے سوال کے جواب میں گورو مہراج اس پونڈی کو شروع کرتے ہیں *

ارتھ پونڈی - اے مُرید اُس پرمیشر کا جو جگت روپی کرم ہے وہ سرشٹیوں یعنے جگت کے انت ہونے سے لکھا نہیں جاتا کیونکہ ایک برہمانڈ کی کیفیت کو کوئی نہیں جان سکتا ہے نہ کسی کے خیال میں آسکتا ہے اور پرمیشر کے سنکلپ میں کروڑوں برہمانڈ ہیں کہاں تک کوئی بیان کرسکتا ہے اس واسطے لکھا نہیں جاتا - اور وہ پرماتما سب سے بڑا داتا ہے کیونکہ ہرن گربھ وغیرہ یعنے مجموعہ عناصر لطیف وکثیف کو سب علوم میں جو سب سے اعلےٰ بید علم بدیا ہے اُس کو دیتا ہے - اس قدر اعلےٰ خیرات کرکے بھی (تل) ذرا بھی (تمائے نہ) اچھا یعنے خواہش نہیں کرتا کیونکہ اپورن کام کو دیکر اچھا ہوتی ہے اور پرمیشور پورن کام ہے اُس کو ذرا بھی خواہش نہیں ہے - اب جو پرمیشر کی سب طرح کی بخششیں ہیں اُن میں سے کسی کسی کا نام لکھ کر بیان کرتے ہیں -

केते मंगहि जोध अपार। केतिआ गणत नही बीचार।
केते खप तुटहि वेकार

کیتے منگھہ جودہ اپار - کیتیا گنت نہیں بیچار - کیتے کھپ توٹہہ بیکار -

جودہ تپ کو کہتے ہیں - اس لیئے بے شمار لوگ لاانتہا تپ کر کے سکام ہونے سے اُس تپ کے نتیجہ کو مانگتے ہیں اور پرماتما دیتا ہے اور جن کا شمار نہیں ایسے کتنے ہی نشکام دھرم کر کے بچار کو مانگتے ہیں اور پرمیشور اُن کو بچار کی بخشش کرتا ہے اور (کیتے) بے شمار لوگ رجوگن اور تموگنؐ سے آزاد ہو کر سنسار کے بِشے بھوگ میں (کھپ) کھچکر یعنے پھنس کر (بیکار) موت روپی بیکار کو پراپت ہوئے (توٹہہ) ایک شریر کو چھوڑ کر دوسرے جسم کو پاتے ہیں جیسے جیسے لوگوں کے کرم ہوتے ہیں ویسے ویسے نتیجہ کی دات یعنے بخشش منجانب پرمیشر ہوتی ہے -

केते लै लै मुकर पाहि । केते मूरख खाही खाहि ॥
केतिया दूख भूख सद मार । इहि भि दात तेरी दातार ॥

کیتے لے لے مُوکر پاہ - کیتے مورکھ کھاہی کھاہ

کیتیا دُکھ بھوکھ سدمار - ایہہ بھی دات تیری داتار

ارتھ - انیک ہی رجوگنیُ اور تموگنیُ لوگ قرض لے کر ہم نے نہیں لیا اس طرح (مُوکر پاہ) پھر جاتے ہیں یعنے نادہند ہو جاتے ہیں انیک لوگ (مُورکھ) سنساری نادان پرمارتھ گیان سے رہت جیو (کھاہی کھاہ) بِشے بھوگ کو ہی پرم پُرشارتھ مانتے ہیں - انیک لوگوں کو (دُکھ) من میں دُکھ ہوتا ہے پرانوں میں بھوکھ پیاس ہوتی ہے اور (سدمار) لڑکپن میں باپ ماں کی سختیاں وتداڑک جوانی میں چوری وغیرہ کر کے راجہ کے تدارک اور ضعیفی میں لڑکوں وغیرہ کی جھڑکیوں اور سختیوں اور موت کے وقت جم کی سختیوں کو پاتے ہیں اے داتار یعنے دینے والے وبخشش کرنے والے یہ بھی تیری بخشش ہے مطلب

یہ کہ اچھے نتیجہ کی طرح برے نتیجوں کو بھی جیووں کو اُن کے کرم کے مطابق اے پرمیشر
تو ہی دیتا ہے -

यथा कारी यथा चारी तथा भवति साधु कारी साधु र्भवति पापकारी पापो भवति पुण्य: पुण्ये नकर्म्मणा भवतिपा-प: पापेन ॥ वृह० उप० अ० ६ ब्रा० ४ ॥

ارتھ - جیسے کرم اور اچار والا جیسا ہوتا ہے ویسا ہی ہوتا ہے اچھے کرم کرنیوالا اچھا ہوتا ہے اور پاپ کرم کرنیوالا پاپی جنم کو پاتا ہے کیونکہ نیک کرم کرکے نیک جنم کو پاتا ہے اور پاپ کرکے پاپ آتما ہوتا ہے - اے گورو سنسار کے بندھن سے نبرتی یعنے آزادی کے لئے جو تدابیر ہوں ان کو بیان کیجئے اس سوال پر چیلے کے گورو مہراج جواب میں فرماتے ہیں -

वन्ध खलासी भाणै होय। होर आख न सकै कोय ॥
जे को खाय कु आखण पाहि। ओह जाणै जेतीया मुहि खाय ॥

بندہ خلاصی بھانے ہوئے - ہور آکھ نہ سکے کوے - جیکو کھائی کو آکھن پاہ -
وہ جانے جے تیا مونہ کھائے -

ارتھ - اے چیلہ (بندہ خلاصی) جو بندھن سے کُتی ہے وہ صرف (بھانے ہوئے) اپنے اصلی سروپ برمھ کے ظاہر یعنے بھان ہونے سے ہوتی ہے (ہور) اس کے علاوہ اور کرموں سے یعنے دیوتا دھیان وغیرہ سے نجات کا باعث کوئی نہیں کہہ سکتا ہے اور کوئی شخص بغیر گیان کے گرفتاری سے آزادی دلانے کا کوئی اور ذریعہ رکھا ہے (منظور کرے وہ شخص (گو آکھن) بدگوئی کو (پاہ) پاویگا یعنے اس شخص کا کلام داخل نکوگوئی نہ ہوگا - مطلب یہ کہ اس کے کہنے کو جو دلیل سے خالی ہے کوئی پسند نہ کریگا -

اور (جے تیا مونہ) جس قدر مونہ پرست پورکھوں کے اعتراضوں وپھٹکا گو (کھائے) قبول کریگا اُس کو (وہ جانے) وہی جانیگا دوسرا نہیں جانیگا۔ مطلب یہ ہے کہ بندہن سے مکتی حاصل ہونے کا ذریعہ صرف گیان ہے دوسرا نہیں۔ جیسے تاریکی کے دفعیہ کا ذریعہ بغیر روشنی کے اور کچھ نہیں ہے اسی طرح گیان کے روشنی کے بغیر بندہن یعنے اگیان کی تاریکی دُور نہیں ہوسکتی ہے۔ گیان سے ہی مُکتی ہوتی ہے اس بات کو ذیل میں جو اسمرتی کا اشلوک درج ہے ثابت کرتا ہے۔

कर्म्मणा वध्यते जन्तुर्विंद्यया च विमुच्यते । तस्मात् क
र्म्मन कुर्व्वन्तियतय : पारदर्शिन : ३ अज्ञान मल पूर्णत्वा
त् पुरुषो मलिन : स्मृत : । तत् क्षयाद्धि भवेन्मुक्तिर्न्ना
न्यथा कर्म्म कोटिभि : २ ॥

ارتھ۔ کرم یعنے طریقت سے لوگوں کو بندہن یعنے گرفتاری ہوتی ہے اور علم سے گیان ہوتا ہے اسی واسطے سنسار سے پرپار برمھ کے دیکھنے والے مہاتما لوگ کرم نہیں کرتے کیونکہ جہالت کے بُرائی سے بھرجانے سے پرماتما کو اگیان میں ملوث مانتے ہیں اور اس اگیان کے دُور ہونے سے مُکت ہوتی ہے اور طرح سے چاہے کروڑوں کرم کرے مکت نہیں ہوتی۔ مطلب یہ کہ اگیان اور گیان کا آپسمیں اختلاف ہے کرموں سے اگیان کا برودھ نہیں ہے اس واسطے صرف گیان سے اگیان بندہن کی نبرتی ہوتی ہے۔ اسی وجہ سے گوروجی نے (ہور آکھ نہ سکے کوے) اس طرح سے بیان کیا ہے۔ اب چیلہ سوال کرتا ہے کہ اے گوروجی جس گیان سے بندہن کی نبرتی ہوتی ہے وہ گیان گورو چیلہ کو کس طرح دیتے ہیں اس کے جواب میں گورو مہاراج فرماتے ہیں۔

आपे जाणै आपे देइ । आखहि सिभि केई केइ ॥

जिस नो बखसे सिफ़ति सालाह। नानक पाति साही पातसाह ॥२५॥

آپے جانے آپے دے - آکھے سبھ کے ای کے - جسنو بخشے صفت سالاہ -

نانک پادشاہی پادشاہ - ۲۵ -

ارتھ - اے مُرید وہ گیانی شخص (آپے جانے) گورو کی سرن ہوکر اپنے سروپ بھوت ساکشی کو سب کا ادھشٹھان (مخزن)، برمھ روپ جانتا ہے اور اسی طرح (آپے دے) اپنے آپ کو سُکھ (چیلہ) کے واسطے دیتے ہیں مطلب یہ کہ جس طرح مریدوں نے مُرشدوں کی پناہ میں آکر اپنے سروپ کو انبھو کیا ہے یعنے علم اشراق سے جانا ہے اسی طرح مرشد لوگ اپنے مرید کو انبھو کراتے ہیں جب اپنے آپ کا انبھو کراتے ہیں تب اپنے آپ کا دینے والے کہلاتے ہیں لیکن جو اس طرح اپنے آپ کو مُرید کے واسطے (آکھ) معرفت کو بیان کرکے سمرپن کرتے ہیں (سبھ کے ای کے) سو بھی کوئی کوئی ہیں یعنے بہت شاذونادر لوگ ہیں اور کمیاب ہیں - جس کسی کو (صفت) صفتوں سے (سالاہ) موصوف ہونے لائق گیان (بخشے) دیتے ہیں سری گورو جی کہتے ہیں مے پادشاہوں کے بھی پادشاہ ہیں - مطلب یہ کہ برمھ روپ سے سب کا ادھِپت یعنے افسرِ اعلیٰ ہے - تمثیلاً اشلوک گیتا مرقوم ہے -

मनुष्याणां सहस्रेषु कश्चिद्यतति सिद्धये॥ यततामपि सिद्धानां कश्चिन्मां वेत्ति तत्त्वत:॥ गी० अ०७ श्लो०३॥

ارتھ - ہزاروں انسانوں میں سے کوئی کمال پانے کی کوشش کرتا ہے کوشش کرنے والے جو کمال کو پاتے ہیں اُن میں سے بھی کوئی مجھے واقعی طور پر جانتا ہے - حقیقت شناس عارف ہر زمانہ میں نادرالوجود ہوتے آئے ہیں - رباعی

ہر گاؤ خرے لائق اطلس نبود - لعل و گوہر مناسب خس نبود

عرفانِ گوہر گہر شناسی باید - بشناس گہر شناس ہر کس نبود -

सवाएष महानज आत्मायो ऽयंविज्ञानमय: प्राणेषुयएषोऽ
न्तर्हृ दयआकास्तस्मिञ्छेते सर्वस्यवशी सर्वस्येशान:
सर्वस्याधिपति: सनसाधुना कर्म्मणा भूयान्नोएवासाधु
नाकनी यान् एषसर्वेश्वरएषभूताधिप तिरेषभूतपाल:
बृह० उप० अ० ६ ब्रा० ४ ॥

ارتھ - پس یہ آتما بڑا اور جنم مرن سے رہت ہے جو پرانوں کے بیچ میں یہ بدھ اوپادیک ہے جو یہ عالم فضاے یعنے دل کے اندر خلا ہے اُس میں جو مقیم ہے وہی اصل میں سب کو قابو میں کرنے والا ہے اور سب کو قائم کرنیوالا اور سہارا دینے والا ہے سب کا افسر اعلے ہے افعال حسنہ سے بڑا نہیں ہوتا افعال قبیحہ سے چھوٹا نہیں ہوتا وہی سب کا ایشور ہے اور وہی سب کا مالک ہے و پرورش کرنے والا ہے - مطلب یہ کہ گیان کے ہونے سے اس طرح سے آتما کو برمھ بھاؤ کی پراپتی ہوتی ہے - اسیواسطے گوروجی کہتے ہیں - (جسنو بخشے صفت سالاہ - نانک پادشاہی پادشاہ)

(۲۵)
خلاصہ پیڑہی پچیویں

کرم تیرا شامل ہے توقیر سے — بیان کب ہو تحریر و تقریر سے
سخاوت کا ایوان ہے عالی بنا — در جُود ہر لحظہ ہر دم کھلا
طمع کی نہ طاقت کہ پر مار جائے — جو بنکر کے لالچ مجسم بھی آئے
کہاں قدرتوں کا تیرے ہو خیال — نہ تفصیل ہو مجھ سے اے ذوالجلال
ہیں کتنے شجاعت کے امیدوار — کہانتک بچاروں نہیں کچھ شمار
کوئی ضائع زندہ بیکار ہے — مگر تیری قدرت کا اقرار ہے
کوئی مال رکھتا ہے زردار ہے — وے تجھ سے برہم ہے انکار ہے

ہزاروں ہی جاہل ہیں غفلت نشاں مگر تو ہے اُن سب کو روزی رساں
کوئی گرسنہ اور بیزار ہے کچھ اس میں بھی قدرت کا اسرار ہے
تو ہی ہے کہ جو بخشتا ہے نجات ادا ہوں قلم سے نہ تیرے صفات
قدم جو بڑھاوے کہے بخلاف آسے طوق لعنت کا ملتا ہے صاف
جو محتاج ہیں تو ہے خود جانتا کرم کی روش کو ہے پہنچانتا
نہ مایوس جاوے یہ درگاہ ہے تو سارے جہاں کا شہنشاہ ہے
یہ کہتا ہے بس نانک خوش کلام کرے اچھی سمرن جپے تیرا نام

اب جس علم حقیقت کے نتیجہ سے عالم لوگ شاہان شاہ کہلاتے ہیں اس گیان کو اور اُس کے ذرایع و وسائل کو اور اُس کے نتائج کو سری گوروجی امولک یعنے بے قیمت تبلاتے ہیں -

अमूल गुण अमूल वापर । अमूल वापारीये अमूल भण्डार॥
अमूल आवहि अमूल लै जाहि। अमूलभाय अमूल समाहि ॥
अमूल धरम अमूल दीवाण । अमूल तुल अमूल परवाण ॥

امول گن امول واپار - امول واپاری امول بھنڈار - امول آونہہ امول لے جانہہ امول بھاے امول سمانہہ - امول دھرم امول دیوان - امول تل امول پروان -

ارتھ - اے مُرید پشتیر جو برمھ گیان انتہ کرن کی برتی سروپ کہا ہے اس برتی کو گُن یعنے خاصیت کہتے ہیں اب گورو مہاراج فرماتے ہیں کہ وہ گُن (امُول) بیش بہا ہے یعنے بہت ہی نادر ہے کیونکہ وہ برتی گیان یعنے خیال معرفت اپنے آپ منتھیا بھی ہے لیکن چونکہ حق شے کو ظاہر کرتی ہے اور باوجودیکہ ابدیا (جہالت) کا کارج ہے لیکن اُس جہالت کو دور کر دیتی ہے اور ابدیا کو مِٹانے والی ہو کر بھی ابدیا یعنے اگیان سے چونکہ پیدا ہے اس وجہ سے اپنے آپ کو بھی ناش (فنا) کر دیتی ہے اس واسطے وہ گیان کی خاصیت

بے بہا ہے اور دوا پار یہہ ہے کہ گیان کو پیدا کرنے والا گورو کا اُپدیش اور چیلہ کا اُس اُپدیش کو جو سُنتا ہے یہ دونوں طرح کا جو بیوپار ہے وہ بیش قیمت ہے کیونکہ گورو کا اُپدیش جو ہے وہ ایسی شے ہے جو تلفظ میں نہ آسکے اور محسوسات سے بیان نہو سکے اسلئے بیش قیمت ہے اسی طرح چیلہ کا ذات خاصیت اور کرم سے معرا ہوکر جو اُس حق اُپدیش کو سُنتا ہے امولک ہے اور اس قسم کے بیوپاری . . . . یعنے اُپدیش دینے والے و سُننے والے اَمولک ہیں کیونکہ وہ عارف برمھ گیانی جسکو حق الیقین حاصل ہے اپدیا یعنے جہالت سے ملوث نہو کر بھی پرالبدہ کرم کی یعنے افعال ماضی کے قابو میں ہوکر لا علم جاہل کی طرح جملہ افعال کو کرتا ہوا دکھلائی دیتا ہے اور کمیاب ہونے سے سُننے والا خریدار بیوپاری بھی بہت ہی نادر الوجود ہے اسی واسطے سری بھگوان نے ایسا کہا ہے کہ ہزاروں آدمیوں میں کوئی ایک علم معرفت کی طرف رجوع ہوتا ہے۔ اور دبھنڈار، گیان کے رہنے کا مقام جو انتہہ کرن ہے دمن بدھ چت اہنکار کے مجموعہ کو انتہہ کرن کہتے ہیں)، وہ بھی امول ہے یعنے جس کی قیمت نہیں ہے۔ کیونکہ بغیر خواہش بیراگ وغیرہ ساوہنوں کا عامل شک شبہہ سے خالی ایسا دل بہت ہی کمیاب ہے اس وجہ سے امولک ہے اور جو گورو کی سرن میں آتے ہیں اور جنم و مرن کے دور کرنے والے گیان اُپدیش کو لے جاتے ہیں وہ بھی امولک ہیں۔ گیان روپ برتی سے بغیر کسی حجاب و اختلاف کے جو برمھ کا بھان یعنے ظاہر ہوتا ہے اس کو بھائے کہتے ہیں۔ اس طرح کا جو برمھ کا پرکاش ہے وہ بھی امولک ہے اور ایسے نادر و حق شے میں جو عارفوں کا (سماو) پانی میں پانی کی طرح سمانا یعنے لے ہونا ہے وہ بھی بحالت استغراق چونکہ جملہ تکالیف سے آزادی دلانے والا ہے اس وجہ سے امولک ہے اور صفائی قلب کا جو دھرم جس سے گیان حاصل ہوتا ہے اور نشکام دھرم کے بچارنے کے لئے جو عارفوں کی سبھا روپی دیوان ہے وہ دونوں امولک ہیں

کیونکہ جس سے اُن عارفوں کی (تُل) برابری بحث و تکرار سے مبترہ ہونا ہے وہ بھی
اَمولک ہے اور (پروان) یعنے مثال۔ نشکام دھرم کو بتلانے والے جو مثالیں ہیں وہ
بھی اَمولک ہیں۔ مثالوں کے نادر و کمیاب ہونے سے سنت پُرکھوں کی جو برابری
ہے اُس کو اُپورب جاننا اور برابری کے اپورب ہونے سے سبھا کی اپورتا جاننی چاہیئے

अमूल बखसीस अमूल नीसाण। अमूल करम अमूल फु-
रमाण ॥ अमुलो अमुल आखिया न जाय। आख आख
रहे लिव लाय ॥

اَمول بخشیش اَمول نیشاں ۔ اَمول کرم اَمول فرمان ۔
اَمولو اَمول آکھیا نہ جائے ۔ آکھ آکھ رہے لیو لائے ۔

اے مُرید نشکام دھرم کا مثالوں سے نشچے کرکے جب کوئی شخص عامل ہوتا ہے
تو پرماتما کی ہوئی چِت شُدھ رُوپی جو بخشیش ہے یعنے بے تعلق ہوکر فعل کے
فاعل ہونے کا جو نتیجہ صفائی قلب ہے وہ پرماتما کی عنایت ہے اور یہ بخشیش اَمولک
ہے کیونکہ بہت سے لوگ من کی چنچلتا سے اور سکام کرم سے صفائی قلب کو نہیں حاصل
کر سکتے ہیں اور جو صفائی قلب کا نشان یعنے علامت ہے وہ بھی اَمولک ہے کیونکہ
جب حق ناحق کا بچار اچھی طرح سے ہوتا ہے تب قلب کی صفائی معلوم ہوتی ہے
وہ بچار اپنے آپ پیدا ہونے سے بہت ہی کمیاب ہے اور صفائی قلب کے بعد
جو کرم یعنے سرون منن وغیرہ ہیں وہ بھی اَمولک ہیں اور جو سرون وغیرہ فعلوں کے
بتلانے والے (فرمان) بید کے بچن ہیں وہ بھی اَمولک ہیں کیونکہ دھن دولت وغیرہ
کی خواہش کے بغیر تیاگے یہ بات حاصل نہیں ہوتی ہے جیسے برہ داروں اُپنشد
کے چوتھے ادھیائے میں جاگولک رکھشر نے اپنی زوجہ میتری کو جس نے تمام خواہشات
دھن پُتر وغیرہ کی ترک کر دی تھی اور صرف آتم گیان کی شلاشی تھی سرون منن وغیرہ کا

اُپدیش کیا تھا۔ اسی وجہ سے ایسے احکام یعنے فرمان امولک ہیں۔ اسی بات کو "نانک ایوے جانئے سب آپے سچیار" اس پونڈی کے ترجمہ میں بید کے بچن کو لکھ کر واضح طور پر بیان کیا ہے۔ اے مُرید مندرجہ بالا اطوار سے جس پرمیشر کے گیان کے سادھن وغیرہ بہت ہی کمیاب و نادر و بیش قیمت ہیں اُن سب سے پرماتما بیحد امولک ہے چُناں وچُنیں کو اُس میں دخل نہیں ہے۔ کیونکہ سب کا مخزن سب کا قائم کرنے والا اور رکھنے والا و پرورش کرنے والا اور روشن کرنے والا اپنے آپ میں فرض کئے ہوئے، سب اشکال واسماء وضمایر میں بیان کیا جاتا ہے ایسا بیان کر کرکے بہت سے مہاتما لوگ اُس پرماتما میں (لِو) خیال کو لگائے رہتے ہیں یعنے مستغرق رہتے ہیں مطلب یہ کہ سنسار کو اسار و است جانکر سہج سمادھ میں قائم ہو کر لین ہو گئے ہیں۔

اے بھگوان اس طرح جس میں مہاتما لوگ قائم و لین ہیں اور سرن و پناہ میں آئے ہوئے جگیاسوؤں کو جس کا اُپدیش کرتے ہیں اس میں مثال کیا ہے اس سوال کے جواب میں گورو مہراج فرماتے ہیں۔

आखहि वेद पाठ पुराण। । आखहि पडे करहि वखियाण॥
आखहि ब्रमे आखहि इन्द । आखहि गोपी ते गोबिन्द ।
आखहि ईसर आखहि सिद्ध ॥

(آکھہ بید پاٹ پُوران - آکھہ پڑھے کرے وکھیان - آکھے برمے آکھے اِند-
آکھے گوپی تے گوبند - آکھے ایشر آکھے سِدھ)

ارتھ - اس پرماتما کو (بید پاٹھ) اوپنشد و دیا اور پُوران یہ سب ہی بیان کرتے ہیں اور جو بید کو پڑھ کر اس کو بیان کرتے و سمجھاتے ہیں وہ سب ہی اپنے اتہاس اسمرت وغیرہ گرنتھوں سے پرم تت کو بیان کرتے ہیں اور برہمانڈوں کے مالک جو بے شمار برہما ہیں وہ سب ہی اپنے اپنے چیلوں کے لئے بیان کرتے ہیں اور اسی طرح اِندر بھی

کہتے ہیں اور (گوپی تے) اور گوپیوں سے گوبند بھی کہتے ہیں اور (ایشر) شیوجی بھگوتی پاربتی سے کہتے ہیں اور اسی طرح کپل دیو وغیرہ سِدھ بھی اپنی ماں سے پرم تت کو بیان کرتے ہیں اور دیگر لوگوں سے بھی کہتے ہیں -

आखहि केते कीते बुध। आखहि दानव आखहि देव।
आखहि सुर नर मुनि जन सेव ॥

(آکھہ کیتے کِیتے بُدھ - آکھہ دانو آکھہ دیو - آکھہ سُر نر مُن جن سیو -)

اور جو گیانی لوگوں نے (کیتے) کتنے ہی (کِیتے) کئے ہیں (بُدھ) بچار و دلیل - اصطلاحی معنے یہ ہوئے کہ جو عارفوں نے بچار و دلیل انواع اقسام کے کئے ہیں وہ بھی پرماتما کو بیان کرتے ہیں اور جو دانو یعنے اسُر مثل پرہلاد وغیرہ ہیں اور سورج و چاند وغیرہ دیوتے اور (سُر نر) کنتر جو خاص دیوتا ہیں - کِنتر اُن کو کہتے ہیں جن کا مُنہ گھوڑے کی طرح اور جسم انسان کا ہو یا جسم انسان کا اور مُنہ گھوڑے کا ہو اور (مُن) منن کرنے والے لوگ اور جو (جَن) چاروں برنوں کے لوگ ہیں یہ سب اس پرم تت پرماتما کو دھیان جپ وغیرہ سے بیان کرتے ہیں اسی واسطے سُرتی میں دیوتا رکھشر اور انسانوں کو سرب آتم بھاو کی پراپتی برمھ بودھ سے لکھی ہے -

तद्यो यों देवानां प्रत्यबुध्य तस एव तद भवत्त याऋषीणां
तथा मनुष्याणाम्। बृह० उप० अ० ३ का० १० । ब्रा० ४ ॥

ارتھ - جو جو دیوتا رکھیشر اور انسان ہیں ان میں جو کوئی پرم تتو کو جانتا ہے وہ سرب آتم بھاو کو پراپت ہوتا ہے -

केते आखहि आखणि पाहि। केते कहि कहि उठि उठि
जाहि ॥ एते कीते होरि करेहि। ता आखन सकेहि कई केइ।
जेवड भावै ते वड होय। नानक जाणै साचा सोय ॥

जे को आखै बोल विगाड़। ता लिखियै सिर गावार। गावार॥२६

کیتے آکھ آکھن پاہ - کیتے کہہ کہہ اُٹھ اُٹھ جاہ - ایتے کیتے ہور کریہہ -
تا آکھ نہ سکے کے ای کے - جے وڈ بھاوے تے وڈ ہوئے - نانک جانے
ساچا سوے - جیکو آکھے بول بگاڑ - تا لکھیئے سر گاوارا گنوار - ۲۶ -

ارتھ - اے مُرید (کیتے)، بہت سے عارف لوگ (آکھہ) اُس برمھ کو جگیاسو لوگوں کے واسطے بیان کرتے ہیں اور (آکھن پاہ) پھر اُس پرم تتو کے کہنے ہی میں پڑے رہتے ہیں اور کتنے ہی کہہ کہہ کرکے اُس میں بھید و بچھیپ یعنے فرق مان کر اُپدیش کرنے کو تیاگ کر چلے جاتے ہیں لیکن جو اُپدیش کرتے ہیں وہ نیم و لچھن سے کرتے ہیں کیونکہ جو (ایتے) پرتھوی وغیرہ تت پرمیشر کے کتھن وغیرہ سو بھاوسے بنے ہیں (ہور کریہہ) اور طرح پر کوہل وغیرہ سو بھاو والا کر دیوے تب بھی (کے ای کے) کوئی بھی گن کریا ذات رہت کا شکت برتی سے نہیں بیان کر سکتا اس واسطے گورو کے اُپدیش کیے ہوئے آتم تتو کو جسقدر بڑا بھاونا کرے اُسی قدر بڑا وہ پورکھ آپ ہوتا ہے کیونکہ سری گوروجی کہتے ہیں (سوے)، سوادھکاری شخص اپنے آپ کو (ساچا جانے) ست روپ پرماتما جانتا ہے اور جو شخص ابھید کے ظاہر کرنے والے (بول)، بچن یعنے سخن کو (بگاڑ)، کسی طرح حجت و دلیل سے رد کرکے حق بات کو ناحق دکھلاوے تب اُس کو گنواروں میں یعنے جاہلوں میں (سر)، سِروئن یعنے افسر (گنوار جاہل لکھنا چاہیے مطلب یہ کہ بہت سے لوگ سُرتی و بید باک کے واجبی و واقعی مطلب کو نہ جانکر اپنے غرض و مطلب کے موافق معنے لگاتے ہیں (तत्त्वमसि) تت تونگ اس بید کے ابھید مہاباک کے مطلب کو (तस्यत्व) تس تونگ یعنے اُس پرمیشر کا تو داس ہے ایسے ایسے بھید و تفرقہ کو ثابت کرتے ہیں لیکن اُن کا کہنا سُرتی کے مطابق نہیں ہے اور اگیان سے بھرا ہوا ہے کیونکہ سُرتی مندرجہ ذیل سے پرماتما کا اکھنڈ چیتن

ہونا ثابت ہے۔

ऐतदात्म्यमिदं सर्वं तत्सत्यं स आत्मा तत्त्वमसि श्वेतकेतो॥ छा० उप० अ० ६॥

ارتھ - یہ جو تمام نام روپ پرپنچ یعنے سنسار ہے وہ ست برمھ آتما ہے اس سے علیحدہ نہیں جیسے پانی میں برف وغیرہ فرضی ظاہرا موجود دکھلائی دیتے ہیں لیکن پانی سے علیحدہ نہیں ہیں یعنے دراصل وہ پانی ہے ویسے ہی ست روپ برمھ میں فرضی اسم و شکل والی دُنیا بجز ذات باریتعالی کے اور کچھ نہیں ہے۔ اور وہ ست برمھ لافانی ہے اور وہی تمام جگت کا انترآتما ہے۔ مطلب یہ کہ تمام پنڈ برہمانڈ سب کا انترآتما ست برمھ ہی ہے اور اے سویت کیتو وہی تو ہے - ۲۶

خلاصہ پونڈی-۲۶-

عجب بے بہا تیرے اوصاف ہیں کہ زنگ کدورت سے وہ صاف ہیں
عجب بے بہا تیرا بیوپار ہے عجب بے بہا تیرا بھنڈار ہے
عجب بے بہا آمد و رفت ہے عجب بے بہا نرخ اور وقت ہے
عجب ہے عدالت عجب ہے مکان عجب حکم ہے تیرا شاہ جہان
عجب بخششیں ہیں عجب ہے عَلَم عجب جود ہے اور عجب ہے کرم
عجائب تیری کی نہیں ہے شمار یہ دریا اگم ہے نہیں جس کی پار
جہان ناک کے جگ میں ہیں بید و پران تیرے قدرتوں کا کرے نہیں بکھان
تجھے اندر گاتا ہے برہما تجھے کہیں گوپ گوبند شاما تجھے
جپے تجھ کو ایشر بجپے بدہ دیو تیری شور قدرت کا ہے اِک غریو
جپے دیوتا اور انسان جپیں فرشتے جپیں اور حیوان جپیں
ہزاروں جپیں جپ سکیں پر نہیں اوڑیں تو بہت کیا کریں پر نہیں

اس اُمید میں سب گزر جاتے ہیں ہزاروں ہی جپ جپ کے مر جاتے ہیں
جو مخلوق ہے اس سے ہووے دوچند نہوں ختم یہ قدرتیں ارجمند
بزرگی و عظمت جو مطلوب ہے توہی جانتا ہے جو مرغوب ہے
جو دم مارے کوئی ادب نشناس تو جاہل ہے مطلق نہیں عقل پاس
نصیحت ہے نانک کی اے ارجمند سوا چھے دلوں سے سُنے اُنکی پند

اب تک گیان کے سروپ کو بیان کیا ہے اب جو اوپاسنا والوں کے دھیان کرنے کے لائق ساکار سرگُن برمھ ہے اُس کو بیان کرنے کے واسطے چیلہ کے سوال کو دکھلاتے ہیں -

सो दर केहा सो घर केहा जित बह सर्ब समाले ॥

سو در کیہا سو گھر کیہا جت بہہ سرب سمالے -

اے بھگوان جب آپ ست لوک میں بدیا سنپرداے کے پھیلانے کیواسطے پار برمھ کے پاس گئے تھے اُس پار برمھ کا سو (در) دروازہ (کیہا) کیسا ہے اور اُس کا (سو گھر) سبھا استھان کیسا ہے (جت بہہ) جس مقام میں بیٹھکر (سرب سمالے) سب جیوں کو خیال کر کے پرورش کرتا ہے - اس سوال کا جواب لکھتے ہیں -

वाजे नाद अनेक असंखा केते वावण हारे ॥

واجے ناد انیک اسنکھا کیتے واون ہارے -

اس پار برمھ کے دروازہ پر انواع اقسام کے باجے ہیں اور ان باجوں کی ناد یعنے آواز و دُہن بھی (اسنکھ) بے شمار ہے اور کتنے ہی یعنے لاتعداد (واون ہارے) بجانے والے ہیں مطلب یہ کہ اس پار برمھ کے دروازہ کے عظمت و شوکت سب سے اعلےٰ ہے - اب آگے اُس کی سبھا کی تعریف کرتے ہیں -

केते राग परी सिउ कहीअन केते गावण हारे ।

गावहि तुहु नो प उरा पाराणी वैसंतर गावै राजा धर्म दुवारे। गावहि चित गुप्त लिखि जाणैहि लिखि लिख धर्म वीचारे॥

کیتے راگ پری سیو کہین کیتے گاون ہارے - گاوے توہ نوں پون پانی بیسنتر گاوے راجہ دھرم دوارے - گاوہ چت گپت لکھ جانہہ لکھ لکھ دھرم بیچارے -

(پری سیو) راگنی کے سہت (کیتے راگ) اننت راگ اس سبھا میں (کہین) گائے جاتے ہیں اور (کیتے) اننت ہی اُن بھیروں وغیرہ راگوں کے گانے والے ہیں اور (توہ نوں) اُس پار برہم کے گنوں کو ہوا پانی اور آگ کے مالک تینوں دیوتے گاتے ہیں اور دھرم کے دروازہ کا راجہ دھرم راج بھی اُس کے گنوں کو گاتے ہیں اور جو جوگ بل سے جیووں کے کرم کو لکھنے کو جاننے والا چترگپت ہے وہ بھی پرماتما کے گنوں کو گاتا ہے اور چترگپت بار بار کرموں کو لکھکر دھرموں کے راجہ دھرم راج کے سامنے بچار کرتا ہے +

गावहि ईसर वरमा देवी सोहन सदा सवारे। गावहि इन्द इंदासण बैठे देवतिया दर नाले। गावहि सिद्ध समाधि अन्दर गावन साध वीचारे॥

گاوہہ ایشر برہما دیوی سوہن سدا سوارے - گاوہہ اِندر اندراسن بیٹھے دیوتیاں در نالے - گاوہہ سدہ سمادھی اندر گاون سادہ بیچارے -

شیو اور برمھا اور (دیوی) ان کی شکتیاں جو کہ سدا پرماتما کے (سنوارے) اپنے اپنے درجہ میں مقرر کئے ہوئے بڑائی پا رہے ہیں وہ سب ہی پرماتما کے گنوں کو گاتے ہیں اور دیوتوں کے (در) دَل یعنے گروہ کے ساتھ اپنے اندراسن یعنے تخت سلطنت پر بیٹھکر اِنیک اندر پرماتما کے گنوں کو گاتے ہیں اور سِدہ لوگ یعنے کامل عارف لوگ سمادھی میں قائم ہوکر یعنے حالت استغراق میں پرماتما کو گاتے ہیں یعنے دھیان کرتے ہیں اور (سادہ) شم دم ببیک بیراگ سادھنوں کے عامل لوگ بچار کرتے ہوئے پرماتما کو گاتے ہیں +

मावन जती सती सतोषी मावहि वीर करारे ।
गावन पडित पड़न रिषी सर जुग जुग वेदा नाले ।
मावहि मोहसीआ मन मोहनि सुरगा मछ पइयाले ।
गावन रतन उपाए तेरे अठ सठ तीर्थ नाले ।
मावहि जोध महाबल सूरा मावहि खाणी चारे ।
मावहि खंड मंडल वरभंडा कर कर रखे धारे ॥

گاون جتی ستی سنتوکھی گاونہہ بیر کرارے - گاون پنڈت پڑہن رکھیشر جگ جگ بیدا نالے گاونہہ موہنیا من موہن سُرگا مچھ پیالے - گاون رتن اوپلے تیرے اٹھ سٹھ تیرتھ نالے گاونہہ جودہ مہابل سورا گاونہہ کھانی چارے - گاونہہ کھنڈ منڈل برہبنڈا کر کر رکھے دہارے

ارتھ - جو سنتوکھ کو دہارن کر کے (ستی)، ست روپ پار برمھ کے جاننے والے (جتی) سنیاسی ہیں وہ بھی پرماتما کو گاتے ہیں اور جو کرارے یعنے بڑے زبردست بھیروں مہابیر وغیرہ بیر یعنے بہادر ہیں وہ بھی پرمیشر کو گاتے ہیں اور شاستروں کے پڑھنے والے جو پنڈت ہیں اور (جگ جُگ) چاروں بیدوں کے جو چار رکھیشر مصنف ہیں وہ بھی پرمیشر کو گاتے ہیں اور جو سب کے دل کو موہنے والی عورتیں ہیں وہ بھی پرمیشر کے گنوں کو گاتی ہیں اور سورگ یعنے عالم بہشت (مچھ)، منکھ لوک یعنے یہ عالَم (پیال)، پاتال ان سب کے افسر و حاکم تینوں دیوتا بھی پرمیشر کے گنوں کے گانے والے ہیں یا جو ان عالم بہشت وغیرہ کو موہنے والی موہنی حوریں ہیں وہ بھی پرمیشر کو گاتی ہیں اور خاص خاص جو اڑسٹھ تیرتھ اور وہاں کی خاص خاص چیزیں یعنے چودہ رتن جو اے مرید تیرے اِشٹ دیو کے پیدا کئے ہوئے ہیں وہ سب ہی پرماتما کو گاتے ہیں اور جو بڑے زور آور بہادر پہلوان ہیں اور چار کھانی یعنی چار قسم کی جو مخلوقات عالم ہیں - اول جیرج جس میں انسان اور چارپایہ شامل ہیں - دوم انڈج یعنے وہ جاندار جو انڈے سے پیدا ہوتے ہیں مثلاً پرند -

سوم سویدج جو بدن کے میل سے پیدا ہوتے ہیں مثلاً جوں وچیلر وغیرہ۔ چہارم اودبھج یعنے حشرات الارض اور نوکھنڈ (منڈل) دیپ (بربھنڈا) برہمانڈ ان سب کے افسر جو پرماتما نے پیدا کر کر کے قائم کئے ہیں وہ سب ہی پرمیشر کے گنوں کو گاتے ہیں۔ اس موقع پر خاص خاص تیرتھ وغیرہ سے پرمیشر کا گایا جانا بوجہ اس کے کر وے جڈ ہین ناممکن ہے لیکن گوروجی کا مطلب ان کے افسر دیوتاؤں سے ہے اسی واسطے "چندر سورج جا کے تپت رسوئی بیسنتر جا کے کپڑے دھوئی" اس پد میں تینوں خاص دیوتاؤں کو راون کے زیرِ تحت لکھا ہے جو چاند و سورج و آگ کے سروپ ہی کو راون کے قید میں مانینگے تب آفتاب و ماہتاب کی روشنی اور عالم میں نہ ہونی چاہیے۔ اور آگ سے کپڑوں کا دھونا ناممکن ہوگا۔ اور دیوتاؤں کے پانچ پانچ سروپ بتلائے ہیں۔

विग्रहो हविषां भोग ऐश्वर्य्यंच प्रसन्नता ॥ फल प्रदान मित्ये तन्पंचकं विग्रहादिकम् ॥

ارتھ۔ ۱۔ بگرہ۔ ۲۔ اہوتیوں کا بھوگ۔ ۳۔ ایشورج یعنے پریرناشکتی۔ ۴۔ پرسنتا۔ ۵۔ پھل پردان یعنے بھگتوں کو پھل دینے والا سروپ۔ مطلب یہ ہے کہ دیوتاؤں کے اپنے اپنے قیام میں مقامی سروپ کو بگرہ کہتے ہیں اور کوئی سروپ جگ وہون کے اہوتی کھیر کے بھوگنے واسطے ہے اور کوئی سروپ پریرناشکتی یعنے تحریک کرنے والی ہے اور کوئی سروپ اپنے بھوگوں میں خوش و خرم ہے اور کوئی سروپ پھل یعنے نتیجہ کے دینے واسطے پھل ہی دیتا ہے اسی طریقہ سے ایک ایک دیوتا پانچ پانچ سروپ ہیں اور دیوتاؤں کو طاقت ہے کہ انیک روپ بنا لیویں۔ اس واسطے اپنے اپنے لوک میں موجود رہ کر کسی سروپ سے پاربرہم کی سبھا میں گاتے ہیں اسی واسطے اس گرنتھ کے دیباچہ میں سارنگ اشٹ پدی میں لکھا ہے "انک برمھے جا کے بید دھن کرنہہ۔ انک مہیش بیس دھیان دھرنہہ۔
انک پرکھ انش اوتار۔ انک اندر اوبھے دربار۔"

ایسے ایسے طریقہ سے پاربرہم کی قدرت کے جلوہ وجلال کو ظاہر کیا ہے۔

सई तुध नो गावहि जो तुध भावन रत्ते तेरे भक्त रसाले ।
होर केते गावन से मैं चित न आवनि नानक किया वीचारे ।

سے ای تُدھ نوں گاوہنہ جو تُدھ بھاون رتّے تیرے بھگت رسالے۔

ہور کیتے گاون سے میں چِت نہ آون نانک کیا بچارے۔

ارتھ۔آپ نے پہلے کئی طرح کے گانے والے بیان کئے لیکن اے بھگوان جو بھگت لوگ (رسالے) بھگت رس کے استھان ہیں یعنے محبت کے ذائقہ کے چشیدہ ہیں اور آپ کے گنُ گا بنادیں (رتّے) رنگے ہوئے ہیں (سے ای) وہی آپ کو گاتے ہیں جو آپ کے سروپ کی (بھاون) بھاونا یعنے تصور کرتے ہیں ان کے علاوہ اور کتنے گاتے ہیں لیکن وہ میرے خیال میں نہیں آتے ہیں اور جو خیال بھی کریں تب بھی ہم نانک کہتے ہیں کہ کہاں تک بچار کریں کیونکہ پرماتما کی ظہور کی انتہا نہیں اسی واسطے گیتا میں پرمیشر کی ببھوتی کو اننت کہا ہے۔

नान्तोऽस्ति मम दिव्यानां विभूतीनां परंतप ।
एष तूद्देशतः प्रोक्तो विभूतेर्विस्तरो मया ॥ गी० अ० ॥ १० ॥ श्लो० ४०

ارتھ۔اے ارجن میرے نادر جلووں کی انتہا نہیں ہے یہ تو میں نے اپنے جلووٗں کا مختصر بیان کیا۔قدرت کاملہ کے جلوہ بے شمار اور حیط بیان سے باہر ہیں ✣

اے بھگوان جس کے دروازہ اور گھر کا آپ نے بیان کیا ہے وہ آپ نے ایک دیشی یعنے خاص مقام قائم کر کے بیان کیا ہے جو فنا پذیر ہے لیکن بھجن کرنے کے لائق ایشر سروپ تمام شیو و برہما کے پرستش کے لائق آپ نے بیان کیا ہے وہ ایک دیشی فانی ایسا کیسے ہو سکتا ہے کیونکہ یہ قاعدہ ہے کہ جو ایک دیش میں موجود ہوگا اور کسی کرم سے پلنے کے لائق ہوگا وہ فانی ہوگا اس واسطے آپ کو اے گورو مہاراج ایسا نہ کہنا چاہیے

اس اعتراض کے جواب میں گورو مہاراج فرماتے ہیں۔

सोई सोई सदा सच साहिब साचा साची नाई। है भी होसी जाय न जासी रचना जिनि रचाई। रंगी रंगी भाती कर कर जिन सी माया जिनि उपाई॥

سوئی سوئی سدا سچ صاحب ساچا ساچی نائی۔ ہے بھی ہوسی جائے نہ جاسی
رچنا جِن رچائی۔ رنگی رنگی بھاتی کر کر جِن سی مایا جن اوپائی +

ارتھ۔ اے مُرید جو سب وقتوں میں ست رُوپ اور ست ناموں کے ساتھ سچا صاحب ہے (سوئی سوئی) جو ہم نے بیان کیا ہے وہی اس کا سروپ ہے مطلب یہ کہ سرب بیاپی یعنے محیط عالم پرماتما کا اپنے ارادہ سے بھگتوں پر براہ عنایت ایک دیش میں قیام ہے لیکن وہ بھی صرف بھگتوں کے واسطے ان کے اعتقاد کے بموجب خاص جگہ پر ظہور معلوم ہوتا ہے ورنہ وہ سرب بیاپک ہے اور جو (ہے) موجودہ وقت میں سنسار (بھی) زمانہ ماضی کا پرپنچ (ہوسی) زمانہ آئندہ کا عالم یہ سب ہی (جائے) پیدا ہوتا ہے اور (نہ جاسی) نہیں پیدا ہوتا ہے جس نے بے شمار طرح کے رنگوں سے طرح طرح کے عالم کو پیدا کیا ہے اور لفظ مایا سے مُراد اِندرجال کی مانند ہے یعنے اندرجال کے مانند جھوٹھی انیک طرح کی سرشٹی بار بار کر کے مہتت یعنے کارن کے سات قوتوں سے اور اہنکار وغیرہ پانچ تت سے جن سے (اوپائی) پیدا کی ہے۔ ایک ہی پرمیشرا اپنے انیک طرح کی شکلوں کو ظاہر کرتا ہے۔ یہ شُرتی میں کہا ہے۔

एको वशी सर्व भूतान्तरात्मा एकं रूपं बहुधा यः करोति। तमात्मस्थं ये ऽनुपश्यन्ति धीरास्तेषां सुखं शाश्वतं नेतरेषाम्

॥ कठ० उप० व०५ श्रु०१२ ॥

ارتھ۔ ایک پرماتما سب کو اپنے قابو میں کرنے والا سب کے اندر کا آتما ہوا ہی اپنے

ایک روپ کو اوپادہی کے بھید سے بہت طرح سے کرتا ہے جو اپنے جسم کے اندر خلا میں اُس آتما کو دیکھتا ہے وہ گیانی ہے اُسی کو دائمی آتمانند سکھ سروپ حاصل ہوتا ہے اور جو ظاہری عقل والے بیرونی اشیاء کو دیکھتے ہیں ان کو وہ آنند نہیں ہوتا ہے - عبارت متذکرہ بالا سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ سرگُن و نرگن دونوں ایک روپ ہیں - اسی واسطے "نرگنِ آپ سرگُن بھی اوہی کلادھارِ جن سگلی موہی"- اس گورو کے بچن سے نرگن و سرگن دونوں کا ایک ہونا پایا جاتا ہے

कर कर वेषै कीता आपणा जिव तिसदी वडियाई ।

जो तिस भावै सोई करसी हुकम न करणा जाई ॥

(کر کر ویکھے کیتا آپنا جیو تس دی وڈیائی - جو تس بھاوے سوئی کرسی حکم نہ کرنا جائی)

مہتت یعنے کارن کارج پرپنچ تمام عالم کو اہنکار وغیرہ سے پیدا کر کے بار بار اس جگت کے رچنا کو یعنے اپنے کئے ہوئے کارج کو دیکھتا ہے (جیو) جیسے اُس کی (وڈیائی) عظمت و مرجاد قائم رہے مطلب یہ کہ منظر کا بھید ناظر میں بھید کا کارن نہیں منظر یہ جگت ہے اور ناظر پرماتما ہے جیسے حالت خواب میں ناظر و منظر کا بھید کوئی نہیں کر سکتا ہے اسی طرح یہ عالم جو منظر ہے ایشور ساکشی سروپ ناظر کے بھید کے باعث نہیں ہے اور جو اس پرماتما کا ارادہ ہے اُسی کے مطابق عالم کی پیدائش ہے کچھ اس پر کسی کا حکم و زور نہیں ہے اور نہ کیا جا سکتا ہے کہ جگت کو آرام دینے والا کیوں نہیں بنایا تکلیف دینے والا کیوں بنایا -

सो पातसाह साहा पातसाहिब नानक रहणा रजाई २७।

(سو پادشاہ شاہاں پادساہب نانک رہن رضائی) ۲۷

وہ پرماتما (پادشاہ) سب کا مالک ہے اور جو سب جگت کے (پادساہاں) ہرن گربھ وغیرہ ایشور ہیں اُن کا بھی (صاحب) افسر اعلےٰ تریں ہے سری گورو جی کہتے

ہیں اُس کی (رضائی) حکم میں اگن وغیرہ دیوتے (رہتی) رہتے ہیں اسی واسطے شرتی مندرجہ ذیل میں سورج وغیرہ کو پرماتما کا خوف دکھلاتا ہے۔

पदिदं किञ्च जगत् सर्वं प्राण एजति निः सृतं। महद्भयं
वज्रमुद्यतं य एतद्विदुरमृतास्ते भवन्ति ॥ २॥ भयादस्या
ग्निस्तपति भयात्तपति सूर्य्यः। भयादिन्द्रश्च वायुश्च
मृत्युर्धावति पञ्चमः ॥ ३॥ क० उप० व० ॥ ६॥

ارتھ - جو یہ تمام عالم ہے اُس پرماتما سے پیدا ہو کر اُس سے اس طرح ڈرتا ہے جیسے کہ شمشیر برہنہ رکھنے والے سے ڈرتے ہیں اُس کے خوف سے آگ سوزان ہے اور آفتاب خوف سے تاباں اور اسی طرح اندر اور ہوا اور موت اس کے خوف سے اپنے اپنے فعل کو کرتے ہیں۔ مطلب یہ کہ پرماتما کے خوف سے سب اپنے اپنے کام میں مشغول ہیں کوئی اُس کے حکم سے باہر نہیں ہے سب اُس کے حکم میں چلتے ہیں۔ اب آگے سری گورو مہراج باطنی سادھنوں کو بیان کرتے ہیں۔ اب پہلے ستائیسویں پونڈی کا خلاصہ لکھ کر بعد کو اٹھائیسویں پونڈی شروع کرینگے۔

خلاصہ پونڈی ۲۷

وہ کیسا تیرا گھر ہے پروردگار وہ کیسا تیرا تخت ہے زرنگار
کہ جس پر جلوس شہ عام ہے ہر اک چیز کا نیک انجام ہے
منادی ہے اس تخت کا اشتہار ہزاروں ہی کہتے ہیں جس کو پکار
پکاریں ہیں سب باد آتش و آب تیرے بھید پانے کو ہیں دل کباب
کریں حمد سب مل کے کر خوبیاں کریں ورد قدرت کی سب خوبیاں
کرے حمد جو کاتب خاص ہے تیرے حکم سے جسکو اخلاص ہے
کریں حمد برہما و ایشر ستی تیرا نام لیتے ہیں ہیں جو جتی

کرے حمد اندر جو ہے سرفراز ملائک کریں حمد باصد نیاز
کریں حمد تیری مراقب فقیر کریں حمد عابد بچارے حقیر
کریں حمد صابر عفیف و قدیم کریں حمد ثابت قدم اور حکیم
کریں حمد پنڈت رکھی و مُنی کریں حمد علما رغنی و گُنی
کریں حمد حوراں بہشتی تمام سدا سارا عالم جپے تیرا نام
کریں حمد چودہ رتن ایک بار کریں حمد تیرتھ رہیں برقرار
کریں حمد تیری شجاعت نشان موالید اربعہ لگاتے ہیں کان
جہاں تک ہیں آباد کون و مکان تیری حمد کرتا ہے سارا جہان
تیری حمد کرتے ہیں وہ باتمیز کرے ہی عبادت ہوئے ہیں عزیز
کریں حمد اتنی نہیں انتہا کروں کس زباں سے بیاں اور ادا
کریں حمد سب تو خداوند ہے تو برحق ہے اور حق کا پابند ہے
سدا حق ہے اور حق ہی ہوگا سدا کئے حق سے مخلوق لا انتہا
گمان میں تیرے کام آتے نہیں رہ واہمہ میں وہ جاتے نہیں
ہزاروں ہی رنگ ہیں ہزاروں طلسم ہزاروں ہیں مذہب ہزاروں ہیں سم
تو خود کارکن اور ہے کردگار تو عظمت کی خود دیکھتا ہے بہار
تو اپنے رضا پر ہے اور ہے حکیم نہیں کام میں تیرے شرک وسہیم
جو پابند احکام درگاہ ہیں وہ سارے جہاں کے شہنشاہ ہیں
نصیحت ہے نانک کی دُرِ بے بہا تو اچھے خیالوں سے لاؤ بجا

सुंदा संतोष सरम पत झोली ध्यान की करहि बिभूति।
खिंथा काल कुआरी काया जुगति डंडा परतीति॥

مُندا سنتوکھ سرم پت جھولی دھیان کی کرہہ ببھوت۔

کھنتھا کال کواری کایا جگت ڈنڈا پرتیت +

ترشنا و باسنا یعنے خواہش و غرض جس میں نہ ہو اُس کو سنتوکھ کہتے ہیں اُسی سنتوکھ کی باطنی مُدرا یعنے کُنڈل دہارن کرو اور (سرم پت) سرم یعنے سُکھ پاتر مطلب ہے پت سے۔ اب معنے یہ ہوئے کہ سُکھ کا برتن یعنے جو مقام تُریا ہے وہی باطنی جھولی ہو۔ اور دھیان یعنے اُس تُریا چیتن کا جو تصور ہے وہی بھبوت ہے اور کال کے سانتھ جس کا بیاہ نہیں ہوا وہ کال کنواری (کایا) یعنے جو کال یعنے زمان سے منزہ اکھنڈ چیتن سروپ دیہہ ہے وہی (کھنتھا) کنتھا یعنے اوپر سے اوڑھنے والی گدڑی یعنی کفنی ہے۔ اور جو منن کرنا یعنے قوت فکری سے حق و باطل کا تحقیق کرنا ہے وہی ڈنڈا یعنے عصا رفقیری ہے۔ مطلب یہ کہ جیسے ڈنڈے سے جانوروں کو دور کر دیتے ہیں ویسے ہی من کے جگت یعنے تدبیر رُوپ ڈنڈے سے ناحق بات پر چلنے والے جاہلوں کو دُور کر دیتے ہیں۔

आई पंथी सगल जमाती मनि जीतै जग जीतु। आदेस तिसै आदेस आदि अनील अनादि अनाहति जुग जुग एको वेस ॥ २८ ॥

(آئی پنتھی سگل جماتی من جیتے جگ جیت۔ ادیس تسے آدیس
آد انیل اناد اناہت جُگ جُگ ایکو ویس) ۲۸۔

اے مُرید جوگیان کے راستہ پہ چلنے والی جماعت (آ) سب طرف سے (ای) جمع ہوئے ہیں وہ سب ہی ہماری جماعت ہیں اور ان بچار کرنے والے مہاتماؤں کے تعلق سے جو من کو جیتنا ہے وہی جگت کا جیت یعنے فتح ہے اور جو پرمیشر سب کا (آد) ازلی کارن یعنے سبب ہے اور انیل یعنے نیل کے رنگ کی طرح جو اندھکار ہے اُس سے منزہ ہے اور (اناد) آپ دوسرے کارن سے رہت ہے یعنی آپ

خود بخود ہے اور (اناہت) جو متھیا پرپنچ یعنے سنسار ہے اُس سے الگ ہے اور سب جُگوں میں ایک روپ ہے (تسے) اس کا جو (آدیس) اُپدیش ہے وہی ہماری (آدیس) نام والی نمشکار ہے۔ مطلب یہ ہے کہ جیسے گورکھ ناتھ کے سنپرداوالے اپنے اُئی پنتھی نام والے پنتھ کی جماعت باندھ کر جگت کو جیتنا مانتے ہیں اور آپسمیں آدیس آدیس کرتے ہیں ویسے ہم بھی بچار شیل اور سنتوکھ والے مہاتماؤں سے مل کر من کو جیت کر برمھ کا اُپدیش رُوپ آدیس کرتے ہیں۔ ظاہری سادھنوں سے باطنی سادھن یعنے عمل بہت ہی عمدہ ہیں یہی گوروجی کا مطلب ہے کیونکہ انترنگ سادھن کلیان کے دینے والے ہیں نہ کہ بہرنگ سادھن۔

भुगति ज्ञान दया भण्डारणि घठ घठ वाजहि नाद।
आप नाथ नाथी सभ जा की रिधि सिद्धि अवरा साद।
संजोग विजोग दुइ कार चलावहि लेखे आवहि भाग।
आदेस तिसै आदेस आदि अनील अनादि अनाहति जुग
जुग एको वेस ॥ २९ ॥

بُھگت گیان دیا بھنڈارن گھٹ گھٹ باجہہ ناد۔ آپ ناتھ ناتھی سب جا کی ردھ سادھ اوراساد۔ سنجوگ بجوگ دوئی کار چلاوہہ لیکھے آوہہ بھاگ۔ آدیس تسے آدیس آد انیل اناد اناہت جُگ جُگ ایکو ویس۔ ۲۹

ارتھ۔ اے مرید اپنے اصلی سروپ آنند کے اگیان سے دنیا کی ناچیز چیزوں میں جو خواہش و ترشنا ہے اس ترشنا کے ناش ہونے سے جو سُروپ کے آنند کا گیان ہے وہی (بُھگت) بھوجن یعنے غذا ہے اور اُس گیان رُوپ بھوجن کا سامان یعنی (دم داں دیا) جو خاص سادھن ہیں وہی (بھنڈارن) بھنڈارا یعنے خوراک بنانے والے ہیں۔ اور سب گھٹوں یعنے جسموں میں پرماتمانت مدہمان بیکھری روپ سے ناد یعنے

رہا ہے - پرا آواز اس کو کہتے ہیں جو ناف سے اُٹھے - پشینت آواز اس کو کہتے ہیں جو دل سے اُٹھے - مدہمان اُس آواز کو کہتے ہیں جو حلق سے نکلے اور بیکھری اس آواز کو کہتے ہیں جو دہن سے نکلے - ناد آواز کو کہتے ہیں - ان کے علاوہ جو لکڑی وغیرہ کے باجے ہیں وہ ظاہری نمائشی باجے ہیں پرمارتھ میں لائق اختیار کرنے کے نہیں ہیں - اور آپ جو اپنا سروپ آتما ہے وہی (ناتھ) سب کا سوامی ہے کیونکہ (جاکی) جس کا سب میں (ناتھی) مالکانہ پن ہے اور رِدّہ یعنی غلہ کی کمی نہ ہونی - اور آٹھ سِدّہ یعنے جو انڑما وغیرہ سِدہیاں ہیں اِن کا (اورا) اناتم درشی یعنے جو آتما کے مثلاشی نہیں ہیں ان لوگوں کو (سواد) ذائقہ یعنے مزا ملتا ہے ترشنا سے رہت پُورش اِن رِدھیوں سِدھیوں کو ناچیز سمجھتا ہے - اے چیلہ مرغوب شے کا ملنا اور نامرغوب شے کا نہ ملنا یہ دونوں ہمارے کام کے چلانے والے کارپرداز ہیں کیونکہ جو کچھ پرالبدہ میں اچھا یا بُرا حصّہ لکھا ہے وہ لابدی ملنے والا ہے "آدیس تِسے آدیس وغیرہ وغیرہ" اس کا ترجمہ پونڈی ۲۸ میں ہوچکا ہے وہاں سے دیکھ لیا جاوے +

एका माथी जुगति वियाई तिन चेले परवाण। इक संसारी इक भराडारी इक लाए दीवाण। जिव तिस भावै तिवै चलावै जिव होवै फुरमाण। ओह वेखै ओह ना नदर न आवै बहुता एहु विडाण। आदेस तिसे आदेस आदि अनील अनादि अनाहति जुग जुग एको वेस ॥ ३०॥

ایکا مائی جُگت بیائی تِن چیلے پروان - اِک سنساری اِک بھنڈاری اِک لائے دیوان - جیوں تس بھاوے تیوے چلاوے جیو ہووے فرمان - وہ ویکھے وہ نا ندر نہ آوے بہوتا ایہو وڈان - آدیس تسے آدیس آدا نیل اناد اناہت جُگ جُگ ایکو ویس -۳۰-

ارتھ - ایک جو پرماتما (مائی) سب شکتیوں سے پورن ہے وہ (جُگت) یعنی جیووں کے

سنچت کرموں کا جو نتیجہ ملنا ہے اور اُن پوشیدہ افعالوں کے نتیجہ دینے کے واسطے جو وقت و اتفاق ہے اُس سے وہ ایک مائی روپ پرم تت (بیائی) مہت تت وغیرہ جگت کو پیدا کیا اس جگت میں برمھا بشن مہیش روپ تین چیلے (پروان) مشہور ہیں اسی واسطے پوران میں ایسا لکھا ہے

ब्रह्मा बिष्णु शिवा ब्रह्मन् प्रधाना ब्रह्म शक्तय:

(برمھا بشن شیوا برہمن پردہان برمھ شکتیہ -)

ارتھ یہ ہے کہ اے برہمن برمھا بشن اور شیو برمھ کے خاص و مشہور شکتیاں یعنی طاقتیں ہیں +

ان تینوں میں سے ایک عالم کو پیدا کرتا ہے اور ایک پرورش کرتا ہے اور ایک (دیوان) دربار یا سبھا کو لگاتا ہے مطلب یہ کہ تمام عالم کو فنا کرتا ہے جیسے ایک پرم تتو کو (بھاوے) منظور ہوتا ہے (تِوے چلاوے) ویسے ہی دنیا کے کام کو چلاتا ہے کیونکہ جیسا اُس کا (فرمان) حکم ہوتا ہے اُسی طرح کی کارروائی برہما وغیرہ کرتے ہیں اور (ایہو وڈان) یہ اسچرج روپ یعنے تعجب خیز و حیرت انگیز پرماتما چونکہ (بہوتا) سب سے بڑا ہے اس واسطے وہ پرماتما سب کو دیکھتا ہے اور (اوہ نا) برمھا وغیرہ کو وہ پرماتما اس قدر ہے یا ایسا ہے اس طرح سے نظر نہیں آتا ہے - اسی واسطے سارنگ اشٹ پدی میں "اپنا کیا جانے آپ" ایسا لکھا ہے یعنی اپنے کام کو آپ ہی جانتا ہے مطلب یہ کہ اس پار برمھ کے انش اوتار برمھا وغیرہ اُس کے عظمت و انتہا کو نہیں جانتے اور جیسے کن پھٹے جوگی و ناتھ وغیرہ پاربتی کو ایک مائی مانتے ہیں اسی طرح ہم ایک مائی پرم تتو کو مانتے ہیں +

आसरा लोय लोय भण्डार। जो किछु पाया सो एकावार॥

(آسن لوئے لوئے بھنڈار - جو کچھ پایا سو ایکا بار -)

بیٹھنے کی جگہ کو آسن کہتے ہیں - وہ (لوے) پرکاش روپ یعنے وہ جو سونیگ جوت آتما ہے وہ قیام کی جگہ ہونے سے یعنے مقصود المقام ہونے سے آسن ہے اور گیانی روپ بھوجن کے ہونے کی جگہ جو لوے یعنے پرکاش روپ انتہ کرن ہے وہی بھنڈار ہے اور جو کچھ گیان روپ بھوجن ہے وہ ایک ہی مرتبہ پایا ہے بار بار اس کی صرف مضبوطی ہوتی ہے ہر مرتبہ حاصل نہیں کیا جاتا ہے حاصل صرف ایک مرتبہ ہوتا ہے اور بار بار اُس پر غور و عمل سے نشچے ہوتا ہے -

करि करि वेखै सिरजणहारा। नानक सचे की साची कार। आदेस तिसै आदेस आदि अनील अनादि अनाहति जुगजुग एको वेस ॥ ३१॥

(کر کر ویکھے سرجن ہار - نانک سچے کی ساچی کار - آدیس تسے آدیس آد انیل اناد اناہت جگ جگ ایکو ویس) - ۳۱

ارتھ - اے مُرید جن کو ایک مرتبہ سروپ گیان ہوا ہے وہ اُس سروپ گیان سے اپنے آتما کو بار بار (سرجن ہار) پرماتم روپ بیان کرکے دیکھتے ہیں - مطلب یہ کہ اپنے ساکشی سروپ چیتن کو ہی جگت کی پیدائش و قیام و فنا کا اصلی ذریعہ سمجھ کر بار بار خیال کرتے ہیں - اسی بات کو سُرتی مندرجہ ذیل ثابت کرتی ہے -

मय्येव सकलं जातं मयि सर्वं प्रतिष्ठितम् ॥
मयि सर्वं लयं याति तद्ब्रह्माद्वयमस्म्यहम् ॥
कैवल्य० उ० खण्ड १॥

ارتھ - تمام پرپنچ جگت میرے سروپ ادہشٹھان یعنے مخزن سے پیدا ہوا ہے اور اسی میں قائم ہے اور اسی طرح میرے سروپ میں لین ہو جاتا ہے وہ ادوت برمھ میں ہوں +

سری گوروجی کہتے ہیں سروپ گیانی سچے پورکھ کی جس قدر (کار) کارروائی ہے وہ سب ہی راست ہے مطلب یہ کہ اس کے جتنے کام ہیں وہ سب مایا سے رہت ہیں اسی مطلب کو سرتی دکھاتی ہے۔

तेषा मसौ विरजो ब्रह्म लाको नयेषुजि ह्ममनृतंनमाया
चेंति प्रश्न उ० प्र० १॥

ارتھ - اُن لوگوں کو ہی وہ رجوگن وغیرہ خرابیوں سے مبترہ برمھ لوک ملتا ہے جن میں دروغگوئی بدکاری اور مایا نہیں ہے جو دل میں اور خیال کرتے ہیں اور ظاہرا اور کرم کرتے ہیں وہ مایا ہے جیسے جوگی وغیرہ پوجا کو کار کہتے ہیں اور جگت میں گھوم کر کار دیتے ہیں ویسے سچے لوگوں کا جو دروغ بے فروغ کاموں سے بچنا ہے وہی پوجا ہے اور وہی کرنے لایق کار ہے۔

خلاصہ ۲۸ و ۲۹ و ۳۰ و ۳۱ پوڑیاں

سدا کان میں پھیر کنڈل سمائے ۔۔۔ پہن شرم کچلول دھونی رمائے
سدا دھیاں کی راکھ تن پر ملے ۔۔۔ ارادے کی کفنی و کنٹھا سجے
صداقت کا ڈنڈو جوے ہاتھ میں ۔۔۔ اور اخلاق چیلہ بھی ہو ساتھ میں
جہاں پر بھی ہووے مساوی نظر ۔۔۔ جو من جیت لے جگ کی پھر کیا خبر
مجاہد بنے جبکہ اس طور سے ۔۔۔ گرو کی نصیحت سُنے غور سے
جو مرشد حقیقی سے عرفاں ملے ۔۔۔ تو باطن میں بھیدوں کی گھنڈی کھلے
جو جوگی حقیقی سے مانوس ہو ۔۔۔ چراغ ہدایت کو فانوس ہو
جہاں کو ملیں کشف کی لذتیں ۔۔۔ اور اپنے تئیں عرش کی عزتیں
نہ ہوگا جو جوگی یہ میں نے کہا ۔۔۔ یہ رہتا ہے دو حال میں مبتلا
کبھی دید معشوق کا ہے فراق ۔۔۔ کبھی وصل حاصل کبھی ہجر شاق

یہ تحریرِ قسمت پہ ہے اعتبار کبھی دل پہ لاؤ نہ اس کا غبار
یہ قدرت ہے ایک مادرِ نیک خو جنے تین فرزند صاحب وضو
ہوا ایک کا پنتھ ایجاد کا بنا دوسرے سے ہوئی ہے بقا
ہوا تیسرے سے فنا کا نشاں یہ تینوں ہیں مصروف کارِ جہاں
ہیں مرشد حقیقی کے فرمان میں شب و روز رہتے اسی دھیان میں
سمجھتے ہیں تعمیل احکام خاص بناؤ و فناؤ و تناؤ و خلاص
کوئی بھید اس کا تو پاتا نہیں عدالت کے نزدیک جاتا نہیں
مگر جیسا جوگی بیاں ہیں کیا جو منظور درگاہ ہو کبریا
حقیقت کی البتہ دیکھے بہار جو مرشد حقیقی پہ ہووے نثار
قیام اس کا ہو نور در نور میں ذخیرہ ملے دفعتاً نور میں
ہو مرشد حقیقی سے خود ہم کلام سدا راستی خیر ہے جس کا نام
جو جوگی حقیقی ہے یہ بیں ہے سدا اسکے چرنوں کی آدیس ہے
ازل اور ابد سب کا ہے غیب دان ہے الہام عالی کا وہ ایک کان
یہ نانک کا فرمودہ جوگ ہے سدا جس سے اچھے کو سنجوگ ہے

इक दू जीभौ लख होहि लख होवहि लख वीस।
लख लख गेड़ा आखीयहि एक नाम जगदीस।
एत राहि पति पौडीया चडीयै होय इकीस।

ایک دُو جیبھو لکھ ہوے لکھ ہووے لکھ بیسؔ ۔ لکھ لکھ گوڑا اکھے ایک نام جگدیس ۔ ایت راہ پت پوڑیا چڑھئے ہوے اکیسؔ ✦

ارتھ ۔ اے مرید جو نہایت ہی صدق ارادت محبت سے پرمیشر کے نام کا جپنا ہے وہی پرمیشر کے پراپتی یعنے ملنے کا ذریعہ ہے یہ بات گورو جی نے چیلہ کے

اس سوال کے جواب میں کہ جس گیان سے سب سچا بیوہار اور خراب پاگھنڈ وغیرہ شیطان خصلت کا تیاگ یعنی ترک ہوتا ہے اُس گیان کے حاصل ہونے کا آسان طریقہ جو دیش وکال اور سرتی کے مطابق ہو بیان کیجئے فرمایا ہے لیکن پرماتما کے نام جپنے کا شوق و محبت اس طریقہ کا ہو کہ جو ایک زبان سے میری لاکھ زبان ہووے اور دو لاکھ پھر بیس لاکھ ہووے تب اس قدر زبانوں سے لاکھ لاکھ مرتبہ ایک پرمیشر کے نام کو کہیں۔ اسطور کے راستہ سے (پت) عزتِ والی یعنے خاص و شکل و لایق تعظیم گیان کے بھومکا روپی یعنے درجہ کے شکل والے پونڈیوں یعنی زینوں پر چڑھ کر (اکیس) ایک ایشر روپ ہوتا ہے۔ نام کی بڑائی کے ظاہر کرنے والے بید کے باک یعنی بچن (اوہ دھوپے ناویں کے رنگ) اس پونڈی کے ترجمہ میں تحریر ہیں وہاں سے سمجھ لیا جاوے اور گیان کی بھومکاوں کا بیان (اپنچ پروان وغیرہ) پونڈیوں میں درج ہے ملاحظہ ہو۔

सुणा गला आकास की कीठा आई रीस।
नानक नदरी पाइयै कूडी कूड़ै ठीस ॥ ३२ ॥

سُن گلا آکاش کی کیٹا آئی ریس۔ نانک ندری پائی کوڑی کوڑے ٹھیس۔ ۳۲۔

ارتھ۔ اے مُرید بہت سے ظاہری آچار والے پاکھنڈی لوگ کیٹ یعنی کیڑے کے برابر نہایت ہی ناچیز (اکاش) پرمیشر کے جو مثل خلا کے محیط ہے باتوں کو سُنکر برمھ نشٹھ گیانیوں کی ریس یعنی حقارت و نندا کر کے یہ کہتے ہیں کہ ہم کو کوئی کرم کرنا لازم نہیں ہے اس سے پرمیشر کے نام جپنے سے کیا مطلب و فائدہ ہے۔ سری گوروجی کہتے ہیں اُن (کوڑے) کپٹی لوگوں کی جو (ٹھیس) کرم نہ کرنے کے متعلق جو کہنا ہے وہ (کوڑی) جھوٹھ و فضول ہے۔ کیونکہ (ندری) جیوں کا تینوں گیانی ہونے پر (پائی) پرم تت کی پراپتی ہوتی ہے (ایشا باس اُپ نکھد۔ ججر بید۔

الکھ پرکاش صفحہ ۳، گورو مہاراج کے کلام کی تائید میں رقم ہے ”انسان کی عمر طبعی ۱۰۰ برس کی ہے اگر عمر طبعی بھی نصیب ہووے۔ دنیا کی لذات کی طرف میل نہ کرے اور نیک افعالی کو نہ چھوڑے اور خلق خدا سے نیک سلوک کرے اور حواس ظاہری اور باطنی اور قوائے افعالی کو حکمت نظری اور عملی کی طرف لگائے رہے اور تن اور من اور دھن اور زر اور زمین اور زر سے آتما کی دھارنا کرے اور جگ اور تپ اور دان اور پن جو کچھ کرے آتما کے واسطے کرے کہ آتما کے پرشن ہونے سے سب دیوتا قابو میں ہو جاتے ہیں اور کسی نیک افعالی کے نتیجہ کی اس عالم میں یا اُس عالم میں جس کے آنے کا گمان ہے خواہش نہ کرے یہی گیان اور یہی دھیان اور سوچ اور بچار ہے اور اسی سے جیون مکت اور بدیہہ مکت ہوتی ہے اور یہی سب سے عمدہ راہ ہے“۔

خلاصہ پوڑی ۳۲

زباں کی اگر ہوویں ایک صد ہزار — کرو سے ضرب یہ صد ہزار
ہر اک سے جپو نام معبود کا — تو شاید کہ منبع کھلے جود کا
ہمیشہ جو مرشد سے اقرار ہو — تو شاید کہ کچھ واقف کار ہو
وگرنہ وہ ہے ہاتھ آنا محال — سراسر ہے اک ہورچہ کا ساحال
اگر آسمان کی حکایت سنیں — تو پانیکو اسرار کے سر دھنیں
مگر بھید پانا تو دشوار ہے — کہ قدرت تو بھید و نگاکھسار ہے
مگر جو مقر ہیں خداوند کے — سدا اُسکے اقرار میں ہیں جھکے
سدا یاد میں اس کے ہیں مشتغل — کرم سے وہ رہتے ہیں سب مشتمل
نہیں مدعی کو یہ ملتی ہے راہ — یہاں حل ہوتا ہے اُس کا تباہ
یہ کہتے ہیں یاں نانک خوش کلام — رکھو اچھی صحبت سے مرشد کے کام

आखरा जोर चपै नह जोर । जोर न मंगरा देरा न जोर ।
जोर न जीवरा मररा नह जोर । जोर न राजि मालि मनि सोर ।
जोर न सुरती ज्ञान वीचार । जोर न जुगती छुटै संसार ।
जिस हाथ जोर कर वेखै सोय । नानक उत्तम नीच न कोय ॥३३॥

آکھن جور چپے نہہ جور۔ جور نہ منگن دین نہ جور۔ جور نہ جیون مرن نہ جور۔
جور (زور) نہ راج مال من شور۔ جور نہ سُرتی گیان بچار۔ جور جگتی چُھٹے سنسار۔
جس ہاتھ جور (زور) کر ویکھے سوے۔ نانک اُوتم نیچ نہ کوے۔ ۳۳۔

ارتھ۔ اے مُرید (جور یا زور) برہم بدیا روپی طاقت انیک شاستروں کے (آکھن) کہنے سے نہیں حاصل ہوتی ہے اسی طرح (چُپے) مون دھارن کرنے یعنی خاموشی اختیار کرنے سے بھی وہ برہم بدیا روپ طاقت یعنی علم عرفان کا زور حاصل نہیں ہوتا ہے اور وہ طاقت کسی سے مانگنے اور کسی کے دینے سے بھی حاصل نہیں ہوتی ہے اور بہت زیادہ عرصہ تک زندہ رہنے یا مر جانے سے بھی وہ طاقت نہیں ملتی ہے اور (سُرتی) جوگ دھیان (گیان بچار) سانکھ شاستر کے طریقہ سے تتوں کے بچار سے بھی برہم بدیا روپ طاقت کی پراپتی نہیں ہوتی ہے اور جس برہم بدیا رُوپ طاقت سے سنسار چھوٹ جاتا ہے وہ جگت یعنے ترک و دلیل و اعتراضات سے نہیں حاصل ہوتی ہے۔ لیکن جس کسی اچھے و کامل تقدیر والے شخص کے ہاتھ میں وہ برہم بدیا روپی طاقت ہے وہ (کر) اپنے ہاتھ میں آئی ہوئی چیز کی طرح اپنے سُروپ کو دیکھتا ہے اُس گیان کے پربھاو سے سری گورو جی کہتے ہیں اُس کی نگاہ میں نہ کوئی اچھا اور نہ کوئی بُرا ہے۔ مطلب یہ کہ اپنے پُرشارتھ سے برہم بدیا روپی طاقت حاصل ہوتی ہے کیونکہ اس جیو کو جو جسم وغیرہ اناتم پدارتھوں میں آتما کا بھرم ہے وہ ہمیشہ آتم بھاونا سے دور ہوتا ہے

اسی واسطے سرتی میں لکھا ہے۔

आत्मना विन्दतेवीर्य्यं विद्यया विन्दते ऽमृतम् ॥

केन उप० खण्ड २॥

ارتھ۔ اپنے آتما ہی سے بدیا روپ طاقت کو پاتا ہے اور بدیا سے امرت روپی مکت کو پاتا ہے۔ جس گیان کی نگاہ سے اعلےٰ ادنےٰ کو نہیں دیکھتا ہے اس کو گیتا میں بیان کیا ہے۔

विद्याविनयसम्पन्ने ब्राह्मणे गवि हस्तिनि ॥ शुनि चैव श्वपाके च पण्डिताः समदर्शिनः ॥ गी० अ० ५ श्लोक० १८॥

ارتھ۔ باعلم و مہذب برہمن۔ گئو۔ ہاتھی۔ کتے اور چنڈال کو عارف مساوی دیکھتا ہے اس کو پنڈت یا عارف کہتے ہیں جو وحدت کا جلوہ کثرت میں دیکھتا ہے۔ کل اجسام میں ایک آتما کو محیط دیکھتا ہے۔ اس کے نزدیک فرق صرف صفات و افعال میں ہے ذات اُن سے منزّہ ہے۔

کبت

ایک گھٹ مانہہ تو سوگندہ جل بھر راکھیو ایک گھٹ مانہہ تو دُرگندہ جل بھریو ہے۔
ایک گھٹ مانہہ پُن گنگود ک راکھیو آن ایک گھٹ مانہہ آن مدرا کو کریو ہے۔
ایک گھرت ایک تیل ایک مانہہ گگو نیت سبھی میں بنا کو پرت بب پریو ہے۔
تیسے ہی سندر اونچ نیچ مہ ایک برمہ دیہہ بھید دیکھ بھن بھن نام دھریو ہے۔

خلاصہ پونڈی ۳۳

نہ پڑھنے سے یہ علم اعلےٰ ملے — نہ چُپ سے بھی یہ علم اعلےٰ ملے
طلب سے نہ یہ علم اعلےٰ ملے — نہ دینے سے یہ علم اعلےٰ ملے
نہ جینے سے یہ علم اعلےٰ ملے — نہ مرنے سے یہ علم اعلےٰ ملے

نہیں راج سے علم اعلےٰ ملے　　نہیں مال سے علم اعلےٰ ملے
نہیں جوگ سے علم اعلےٰ ملے　　نہیں سانکھ سے علم اعلےٰ ملے
دلیل اور حجت سے ملتا نہیں　　خودی و تکبر سے ملتا نہیں
اگر کوئی قسمت کا کامل ہوا　　پر شار نظر پر اپنے جو عامل ہوا
تو پاس اس کے وہ چیز موجود ہے　　وہ خود عابد و عبد معبود ہے
نہ بندہ کوئی اور نہ صاحب کوئی　　نہ منداکوئی اور نہ صائب کوئی
گورو کا یہ ارشاد سو ہے بجا　　رہوں اچھی طبیعت سے تابع سدا

اب جس تت کے گیان سے دوری کی نگاہ دور ہو کثرت بیں وحدت معلوم ہو اس کو بیان کرتے ہیں ؞

राती रुती थिती वार पवन पाणी अगनि पाताल ।
तिस विच धरती थाप रखी धरम साल ॥

راتی رُتی تھتی بار پون پانی اگنی پاتال ۔ تس وِچ دھرتی تھاپ رکھی دھرم سال

ارتھ ۔ رات یا دن اور رُت یعنی موسم و تھتھ اور بار یعنی دن اور مکان و زمان و آفتاب و ماہتاب ہوا پانی اور آگ اور پاتال اور اس کا پرتجوگی آکاش اور (دھرتی) یعنی جو دھرم شالہ روپی زمین ہے یہ سب اُسی پرم تت میں ہی قائم ہیں مطلب یہ ہے کہ جس قدر پرپنچ عالم ہے یہ سب ہی اُس پرماتما میں کلپت ہیں جیسے مُرداستھل یعنے سُراب میں آب فرضی ہے ویسی ہی یہ سب پرماتما میں ہیں سب کا اصلی مخزن پرماتما ہے ۔ اس واسطے ایسے پرماتما کے گیان سے اور ایسے ستا کی نگاہ سے دُوی دور ہوتی ہے ؞

तिस विच जीय जुगति के रंग । तिनके नाम अनेक अनंत ।
करमी करमी होय वीचार । सचा आप सचा दरबार ॥

رتس وچ جیہ جگت کے رنگ ۔ تنکے نام انیک اننت ۔ کرمی کرمی ہوے بچار۔
سچّا آپ سچا دربار ٭

ارتھ ۔ اور (جگت) اوپادھی کے جوگ سے جن جیووں میں (رنگ) راگ یعنے محبت اور اس کا پرتجوگی یعنی ضدین دویش یعنی نفرت وکام کرودھ وغیرہ ہے وہ بھی (رتس وچ) اُسی پرماتما میں استھت یعنی قائم ہیں اور اُن جیووں کے کامی کرودھی راگی دویکھی ایسے بہت سے بے شمار نام ہیں اور جن جیووں نے (کرمی) پرماتما میں اپنے کرموں کو ارپن کیا ہے وہ کرمی کرمی نام سے کہے جاتے ہیں کیونکہ وہ پرماتما میں کرموں کو ارپن کرنے والے ہیں جب انہوں نے پرمیشر میں کرموں کو سمرپن کر دیا تب ان کو یہ بچار ہوتا ہے کہ اپنا آپ جو آتما ہے وہ تینوں کال میں ست وابناشی ہے یعنے سچا ہے اور دربار یعنے جو تمام عالم کا منبع و مبدا و مخزن یعنے ادھشٹھان شدہ چیتن برہم ہے وہ سچا یعنے ابناشی وست ہے اس واسطے میرا سروپ شدہ چیتن روپ ہے اس طرح کا بچار وگیان پرماتما میں کرموں کو سمرپن کرنے والے کو ہوتا ہے ٭

तिथै सोहनि पंच परवाणु। नदरी करमि पवै नीसाणु।
कच पकाई ओथै पाय। नानक गया जापै जाय॥ ३४॥

رتتھے سوہن پنچ پروانڑ ۔ ندی کرم پوے نشان ۔ کچ پکائی اوتھے پائے
نانک گیا جاپے جائے ۔ ۳۴ ۔

ارتھ ۔ (پنچ پر) تمام عالم میں جو آتما محیط اور سب سے پرے ہے اُس کے (وانڑ) بان یا تیر کے شکل والے جو دھیانی لوگ ہیں وہ (تتھے) اس ادویت نشٹھا میں (سوہن) سوبھا پاتے ہیں ۔ مطلب یہ ہے کہ اپنشد بدیا میں برہم کو نشانہ اور آتما کو بان یا تیر سے نسبت دیا ہے اسواسطے سب میں پھیلا ہوا اور سب سے پرلے پرماتما کے سروپ میں جن لوگوں نے اپنے آتما کو دھیان سے لین کر دیا ہے وہ

دھیانی لوگ ادویت نشٹھا یا درجہ معرفت میں سوبھا پاتے ہیں یعنے مزین ہوتے ہیں مثالاً سُرتی ذیل میں درج ہے ۔

प्रणवो धनुः शरो ह्यात्मा ब्रह्म तल्लक्ष्यमुच्यते । अप्रमत्तेन वेद्धव्यं शरवत्तन्मयो भवेत् ॥ मुण्डक० उप० द्वि० खण्ड० २॥

ارتھ ۔ پرنو یعنے اونکار کمان ہے اور جیوآتما تیر ہے اور برمھ جو محیط عالم ہے نشانہ ہے ۔ خواہشات نفسانی سے آزاد لوگ اس نشانہ پر تیر لگا سکتے ہیں ۔ جیسے تیر جب نشانہ پر لگ جاتی ہے نشانہ سے الگ نہیں رہتی ہے ویسے ہی دھیان کرنے والا برمھ رُوپ اپنے آتما کو کرتا ہے اور تیر یعنے جیوآتما کو برمھ سرُوپ دیکھتا ہے ۔ اس طرح کے دھیانی وحدانیت میں رنج و غم و محبت کا نہ ہونا یہی سوبھا یعنے خوبصورتی ہے اس کی تائید میں سُرتی مثالاً پیش ہے ۔

यस्मिन् सर्वाणि भूतान्यात्मैवाभूद्विजानतः । तत्र को मोहः कः शोक एकत्वमनुपश्यतः ॥ ईशावास्य । मं० ७ ॥

ارتھ ۔ جس وقت عارف کو علم معرفت و وحدانیت میں تمام عالم اپنا آتما ہی ہوگیا اُس وقت اُس کو کیا محبت اور کیا رنج ۔ مطلب یہ کہ سب باتیں دویت میں ہیں ادویت میں کچھ نہیں ۔ اور (ندری یا نظری) گیانی اور اُس کے کرم اور گیان نشٹھا کے (نیشان) علامت اور نشچے و بلا نشچے گیان روپ (کچ پکائی) کچا اور پکا گیان اس میں پائے جاتے ہیں لیکن سری گوروجی کہتے ہیں وہ برمھ رُوپ (جاے) جگہ گورو کی سرن میں (گیا) جانے سے (جاپے) دکھلائی دیتا ہے ۔ یا اس کا یہ مطلب ہے کہ (ندری کرم) گیانی کو جو کرم یعنے جو تت گیان کا ابھیاس ہے اور من کے شنکلپ بکلپ کے ناش کا ابھیاس ہے اور خواہشات کے دور کرنے کا ابھیاس یا عمل ہے اس سے (نشان) جیون مکت کی علامت (پوے)

پائی جاتی ہے - جیون مکت کے علامات جوگ بششٹ میں سری رامچندر جی سے
بششٹ جی مہاراج نے فرمایا ہے +

एवंस्थितेहि भगवन् जीवन्मुक्तस्य सम्मतः। अपूर्वातिशयः
को ऽसौ भवत्यात्मविदां वर ॥ १ ॥

ارتھ - اس طرح جب انیک سادھنوں کے ابھیاس سے جیون مکت ہوگیا
تب اس کو ہے بھگوان اور سب سے عمدہ کس طریقہ پر عامل ہونا چاہئے - اے
آتم گیانیوں میں سب سے اعلےٰ گورو آپ بیان کیجئے

वशिष्ठ उवाच ॥ नास्य कस्मिंश्चिदेवांशे भवत्यतिशयेन धीः
नित्यतृप्तः प्रशान्तात्मा स आत्मन्येव तिष्ठति २॥ मन्त्र
सिद्धैस्तपः सिद्धैर्योगसिद्धैश्च भूरिशः। कृतमाकाशयाना
दि तत्र कास्यादपूर्वता ३॥ एक एव विशेषो ऽस्य न समो मू
ढ बुद्धिभिः। सर्वत्रास्था परित्यागः सदा निर्वासनं मनः ४॥
एतावदेव लखलिङ्ग मलिङ्ग मूर्तेः संशान्त संसृति चिर
भ्रम निर्वृतस्य। तज्ज्ञस्य यन्मदनकोप विषाद मोह लोभापदा
मनुदिनं निपुणं तनुत्वम् ५ ॥

ارتھ - بششٹ جی کہتے ہیں اس جیون مکت گیانی کی بدھ کسی بھی چیز میں نہیں
رکتی مطلب یہ کہ اس کے عقل میں کسی چیز میں خواہش کرنا اچھا نہیں معلوم ہوتا
کیونکہ وہ شانت آتما اپنے آپ میں سدا آسودہ و آنند ہے - منتر سدھ کرنیوالے
اور تپ سدھ کرنے والے اور جوگ سدھ لوگوں نے بہت طرح سے آکاش میں
چلنے والے طریقہ دکھلائے ہیں ان میں کوئی تعجب کی بات نہیں ہے ایسا وہ
جیون مکت جانتا ہے لیکن جیون مکت میں ایک یہ خاص صفت ہے کہ اور

لوگوں کی طرح وہ جاہل نہیں ہے کیونکہ اس کی عقل کسی چیز میں پابند نہیں ہوتی ہے اور ہمیشہ بغیر خواہش رہتا ہے ۔ ایسے جیون مکت کی یہی نشانی ہے کہ سنسار میں بھرم کی شانتی سے ہمیشہ آنند میں رہتا ہے و کام کرودہ لوبھ میں نہیں پھنستا ہے یہ اس کی خاص صفت ہے کہ کام کرودہ لوبھ موہ وغیرہ میں بہت کم دخل رکھتا ہے بار بار جو پرم تت کا خیال ہے یہ تت ابھیاس ہے ۔ اور میتری وغیرہ خواہشوں سے جو بار بار راگ و دویش پیدا ہوتا ہے اس خواہش کو جو دور کرنے کا ابھیاس ہے اس کو باسنا کے دور کرنے کا ابھیاس کہتے ہیں ۔ میتری وغیرہ کو مثالوں سے سوچے سوچ نہ ہووی) اس پونڈی میں بیان کیا ہے وہاں سے سمجھ لیا جاوے اور خیالات کے رُک جانے سے من کا ناش ہو جاتا ہے ایسے خیالات کے رُکنے کے سمادھی کو منو ناش ابھیاس کہتے ہیں ۔ ایسے ہی طریقوں پر عامل ہونے سے گیان کے حامی کی پختگی ہوتی ہے اس واسطے (داتھے) اس گیانی کے کرم سادہوں میں (کچ پکائی ، کچے کا پکنا (پاے) پایا جاتا ہے لیکن اس جیون مکت کی (جاے) جگہ یعنے مقام سری گورو جی کہتے ہیں (گیا جاپے) جیون مکت گورو کی سرن میں جانے سے دکھلائی دیتا ہے ۔ ۳۴ ۔

خلاصہ پونڈی ۳۴

جہاں رات دن فصل کا ہے مقام　　کریں خاک و باد آب آتش قیام
جہاں اس سے ہے راتدن سب کو کام　　احاطہ وہ ناسوت کا ہے تمام
مسافر بھی ہیں یاں ہر اک رنگ کے　　بہت نام کے اور بہت ڈھنگ کے
کوئی جیسا کرتا ہے پاتا ہے وہ　　عمل آپ اپنا کماتا ہے وہ
یہ مظہر سب اُس کا ہے اور ہے ظہور　　یہ سب حق ہے اور حق سے نہ دُور
عنایت ہوے اس جگہ سب حواس　　عمل اور مجاہد کا موقع ہے پاس

بنارس طرح کا یہ دلکش مقام کہ پختہ بھی ہو جاوے جو ہووے خام
گذر جبکہ ناسوت سے ہو عزیز تو پختہ اور خام کی ہے تمیز
گورو کی مبارک ہو مجھ کو سدا کہ اچھے دنوں سے نہ ہوگی جدا

धर्म खण्ड का एहो धरम। ज्ञान खण्ड का आखहु करम।

دھرم کھنڈ کا ایہو دھرم - گیان کھنڈ کا آکھو کرم +

اے گورو مہاراج آپنے دھرم کھنڈ کا یعنے نشکام کرم جو خاصکر دھرم کھنڈ ہے اُس کا دھرم یعنے سوبھاو بیان کیا مطلب یہ کہ سرون منن وغیرہ سادھنوں سے ہے کہ جیون مکت کے درجہ تک جو سکھ پہونچتا ہے وہاں تک آپ نے بیان کیا اس کو میں نے جانا اب آپ مہربانی کرکے گیان کھنڈ کے کرم کو بیان کیجئے مطلب یہ کہ جب کسی کو سروپ کا یعنے اپنے آتما کا ساکشات کار یعنے حق الیقین ہو جاتا ہے تب وہ کیا کرم کرتا ہے اگیان کے دور ہونے سے اُس کا جسم قائم رہتا ہے یا نہیں اگر جسم قائم رہتا ہے تو وہ گیانی اس جگت کو کس نگاہ سے دیکھتا ہے +

केते पवण पाणी वैसंतर केते कान महेस। केते बरमे घाडत घडीयहि रूप रंग के वेस। केतीया करमभूमी मेरु केते केते धूउपदेस। केते इन्द चन्द सूर केते केते मण्डल देस। केते सिद्धि बुद्ध नाथ केते केते देवी वेस। केते देव दानव मुनि केते केते रतन समुंद। केतीया खाणी केतीया बाणी केते पात नरिंद। केतीया सुरती सेवक केते नानक अन्त न अन्त ॥ ३५ ॥

کیتے پون پانی بیسنتر کیتے کا نہہ مہیش - کیتے برمھے گھاڑت گھڑیئے رُوپ رنگ کے بھیس - کیتیا کرم بھومی میرُو کیتے کیتے دُھرو اُپدیش - کیتے اندر چندر

سُور کیتے کیتے منڈل دیس ۔ کیتے سِدہ بُدہ ناتھ کیتے کیتے دیوی بیس ۔ کیتے
دیو دانو مُن کیتے کیتے رتن سُمند ۔ کیتیا کھانی کیتیا بانی کیتے پاپ نرند ۔ کیتیا سُرتی
سیوک کیتے نانک انت نہ انت ۔ ۳۵ ۔

ارتھ ۔ اے مرید گیانی کا اس طرح کا نشچے ہوتا ہے کہ میرے برھم سُروپ آتما بیں (دیکھتے) بے شمار ہوا پانی اور آگ ہیں اور لاتعداد (کانہ مہیش) کرشن بشن اور مہیش ہیں اور کتنے ہی برمھا جگت کی (گھاڑت) رچنا کو (گھڑ یئے) کرتے ہیں لیکن ان سب کا (بھیس) سروپ روپ رنگ کی طرح ہے جیسے چاندی میں رنگ کا بھرم مشہور ہے اسی طرح ادہشٹھان چیتن میں ہوا وغیرہ سب بظاہر موجود ہیں اور کتنے ہی کرم کرنے کی زمین اور پہاڑ ہیں اور کتنے ہیں (دھُو) دھرو جن کو نارد وغیرہ نے اُپدیش کیا ہے اُس میں ہیں اور کتنے ہی اندر و ماہتاب و آفتاب ہیں اور کتنے ہی سورج منڈل کے نزدیک ویش مین موجود بدھ شکر وغیرہ نچھتر یعنے سیارے ہیں اور سِدھیوں سے جو آٹھ ہیں تعداد مین کتنے ہی بدھ اوتار اور پرجا یعنے مخلوق کے ناتھ یا مالک دچھ وغیرہ بھی پورن اُس ادہشٹھان چیتن میں ہیں اور لکشمی پاربتی اور سُرستی وغیرہ دیبیوں یعنے شکتیوں کے (بھیس) سُروپ بھی بہت ہیں اور (دیو) ستوگتی اور دنو کے بیٹے دانو دیت جو دیوتوں کے دشمن ہیں وہ بھی بہت ہیں اور منن کرنے والے مُن لوگ اور رتنوں سے بھرے ہوئے سُمند بھی بہت اُس چیتن میں ہیں اور انڈج جیرج سویدج اودبھج وغیرہ کہانی اور پراتشینت مدہمان بیکھری بانی یعنے آواز بھی بہت ہیں اور (پات نرند) سنگھاسن پت بھی بہت ہیں اور کیتے ہی (سرتی) خوبصورت بھگت والی عورتیں ہیں ۔ اور کتنے ہی سیوک بھگت لوگ ہیں لیکن سری گوروجی کہتے ہیں تمام سنسار کے کھنڈن کی جو حد یعنے انت ہے اس میں (انت) بھید

نہیں ہے مطلب یہ کہ اکھنڈ ساکشات کار گیانی کا یہ نشچے ہے کہ میرے سروپ میں مندرجہ بالا بے شمار چیزیں قائم ہیں لیکن میرے سروپ میں یہ چیزیں کچھ تغیر و تبدل پانے کی ویدی نہیں پیدا کر سکتی ہیں۔ اس واسطے گیانی کا ایسا انبھو ہے

विशुद्धो ऽस्मियि मुक्तो ऽस्मि पुर्णो त्पूर्णानंमाकृति :।-
असंस्पृश्यममात्मानंसंतु ब्रह्मांड कोटय : ॥

ارتھ۔ میں خاصکر شدہ اور مکت ہوں محیط جو خلا وغیرہ ہے اُن سے بھی پورن ہوں میرے آتما کو نہ چھو کر کے کڑوروں برہمانڈ ہوویں تب بھی کیا نقصان ہے کیونکہ میں سب میں محیط ہوں سب مجھ میں ہے اور میں سب سے منزہ ہوں اور سب ہُوں۔ مطلب گورو جی کا یہ ہوا کہ اے مُرید اس طرح کا نشچے ویقین کے انبھو کا ہونا ہی گیان کا کرم ہے +

کہا میں نے ناسوت کا تم سے حال اور ہے دوسرا ایک عالم مثال
ہیں چندے پون دیو اور خوش قماش ہیں چندے برن دیوتا غم نزاش
کئی بشن ہیں اور برہم کئی کئی دیوتا بسو کرمان کئی
کئی علم عالم مجاہد امام کئی وعظ سے اپنے رکھتے ہیں کام
کئی اندر ہیں اور کئی آفتاب کئی ہیں ولایت کئی ماہتاب
کئی ہیں فقیر اور کئی ہیں حکیم کئی اہل اشراق اور ہیں ندیم
کئی دیوتا ہیں سیانے کئی کئی صاحب فوج دانا کئی
رتن کا ہی منبع زیاں ہیں کثیر کئی ہیں شہنشاہ آفاق گیر
کئی بید ہیں اور بہت ہیں پُران ہزاروں صفت بہت ہیں قران
ہیں سب میں ہوں سب سے الگ بھی ہوں مگر بھید اس کو نہ ہرگز کہوں
یہ نانک شہنشاہ کی ہے کلام سدا ورد اچھے کرو دل کو تھام

ज्ञान खराड महि ज्ञान प्रचराड । तिथै नाद बिनोद कोड अनन्द

گیان کھنڈ مہہ گیان پرچنڈ - تیتھے ناد بنود کوڈ انند +

ارتھ - اے مُرید (گیان کھنڈ مہہ) برمھ گیان کو پیدا کرنے والا یا تبلانیوالا جو بید کا آخری حصہ ہے اس میں (پرچنڈ) مستقل نشچے یا حق الیقین علم معرفت کا بیان ہے کیونکہ (تیتھے) اس پرچنڈ گیان کے بیان کے واسطے (ناد) اُپدیش کیا ہے جس اُپدیش کو (بنود) صدق محبت و ارادہ سے خوش ہوکر دھارن کرنے سے (کوڈ انند) کروڑ یعنے لا انتہا آنند یعنے سرور حاصل ہوتا ہے یعنی اس درجہ میں کسی قسم کی خواہش نہیں رہتی ہے جب خواہش نہیں ہے تب ہر طرح سے مطمئن و مسرور ہے -

अथ यत्र देवइवराजे वाहमे वेद ५ सर्वों ऽ स्मीति मन्यने सो ऽ स्यपरमोलोक: ॥ वृह० उ० अ० ॥६॥ का० २०

ارتھ - جیسے چکرورتی راجہ وغیرہ جواگیان کی وجہ سے اپنے کو جسم وغیرہ خیال کر رہے ہیں اور حالت جاگرت میں ہر وقت اسی خیال میں رہتے ہیں اسی وجہ سے. بحالت سوپن بھی ان لوگوں کو ایسے ہی معلوم ہوتا ہے کہ ہم راجہ ہیں یا برہمن وغیرہ وغیرہ - اسی طرح سے جس کو حق الیقین ہو گیا ہے یعنی گیان کا دڑہ و مستقل نشچے ہو گیا ہے وہ سوپن میں بھی یہ دیکھتا ہے کہ میں چیتن رُوپ آتما تمام روپ ورنگ ہوں اس طرح کا ماننا و یقین ہی پرم لوک ہے مطلب یہ ہے کہ جب سوپن میں تمام آتم بھاو اپنے میں دیکھتا ہے تب ہی دڑہ بودہ یعنے حق الیقین کہا جاتا ہے اس دڑہ بودہ سے مہا آنند یعنے سرور عظیم حاصل ہوتا ہے "

एषास्यपरमा गति रेषास्यपरमासम्पदेषो ऽ स्यपरमोलोकएषो ऽ स्यपरम आनन्द एतस्यै वानन्दस्या न्यानि भूतानि मात्रा

मुपजीवन्ति ॥ बृह० उ० अ० ४॥ का० ३२॥

ارتھ - یہ تمام آتم بھاؤ ہی اس بگیان اوپادہک جیو کی پرم گت ہے اور یہ ہی اوس کی پرم بیبھوت ہے اور یہ ہی اس کا پرم لوک ہے اور یہ ہی اس کا پرم آنند سروپ ہے اس آنند کے ایک حقیر سے حقیر جزو کو تمام سنساری لوگ بھوگتے ہیں +

सरमखण्ड की वानी रूप। तिथै घाडत घडीयै बहुत अनूप।
ता कीया गला कथीया न जाहि। जे को कहै पिछे पछुताय॥

سرم کھنڈ کی بانی رُوپ - تتھے گھاڑت گھڑیئے بہت انوُپ - تا کی یا گلا کتیا نا جائے جیکو کہے پیچھے پچھتائے +

ارتھ - سرم یعنے سُکھ کا جو کھنڈ یا باب ہے اُس میں مختلف قسم کے لوگوں کو انواع اقسام کے سُکھ یعنے راحت ملتی ہے اور وہ بانی رُوپ یعنے زبان کی خوبصورتی ہے مطلب یہ کہ بیان کیا جا سکتا ہے کیونکہ (تتھے) تس سُکھ میں (انوپ) بے مثال بہت طرح کی (گھائرت) کلپنا یعنے خیالات (گھڑئی) کئے جاتے ہیں اور جو مہا آنند سُروپ پرماتما ہے اُس کی (گلاں) باتیں نہیں کہی جاتی ہیں اگر کوئی بیان کرنا چاہے۔ تو بجز حسرت و افسوس کے اور کچھ حاصل نہیں ہوگا۔ مطلب یہ کہ جو پرم آتم سروپ سُکھ کا ایک ادنےٰ سا سکھ ہے وہ انسان کے آنند سے لے کر ہرن گربھ (مجموعہ عناصر بسیط اور ہوئی عناصر لطیف اور دفع کرنے والا غرور کا اور جو نرگن سے سرگن ہوا اور لاتعین سے تعینات میں آیا) تک بیان کیا جاتا ہے اور جو مہا آنند سرُوپ پرم تت ہے وہ گفتار سے باہر ہے اگر کوئی زبان سے کہے۔ تو سوائے پچھتانے کے اور کیا ہے کیونکہ اُس کی حقیقت سمجھی نہیں جاتی ہے۔ اور تلفظ میں نہیں آسکتا ہے اور محسوسات سے بیان ہو سکتا ہے۔

باوجودیکہ (منتے کی گت کہی نہ جائے) اس پونڈی کے ترجمہ میں اس چھوٹے سے

چھوٹے آنند کھا دپنشدونکی مثال سے ثابت کر آئے ہیں لیکن اس مقام پر بھی ناظرین کے ملاحظہ کے واسطے برہ وارُن اوپنشد کی سُرتی سے جس کا ترجمہ ذیل میں درج ہے اُسی آنند کو بیان کرتا ہوں +

"انسانوں میں چکرورتی راجہ کا سب سے بڑا آنند ہے ایسے انسانوں کے ایک صد آنند کے برابر پتروں کا ایک آنند ہے - اور پتروں کا صد آنند ہے اُس آنند کے برابر گندہرپ کا ایک آنند ہے اور گندہرپوں کے صد آنند کے برابر ایک آنند دیوتوں کا ہوتا ہے - جو پیدایشی دیوتے ہیں وہ اجان دیو کہلاتے ہیں جو کرم دیوتوں کے صد آنند ہیں - وہ اجان دیو کا ایک آنند ہے اور جو اجان دیو کا صد آنند ہے وہ پرجاپت کے ایک آنند کے برابر ہے - اور پرجاپت کے صد آنند کے برابر برہملوک میں ایک آنند ہے - اور جہاں راست کی حد نہیں ہے یعنی لاانتہا سرور ہے وہی پرم آنند روپ پرماتما ہے -

ब्रिह० उ० अ० ४

नितै घडीयै सुरति मति मनि बुधि। नितै घडीयै सुरा सिधा की सुध ॥३६॥

تتھے گھڑیئے سرت مت مَن بُدھ - تتھے گھڑیئے سُرا سدہاں کی سدھ + ۳۶

اے مرید اس گیان کھنڈ میں (سُرت) سرون (مت) منن (من) ندہیاسن (بدھ) ساکشات کار گیان کے واسطے (گھڑئی) بیان کئے جاتے ہیں مطلب یہ کہ ساکشات کار گیان کے ہونے کے واسطے یعنے محویت و فنا فی اللہ ہونے کے واسطے علم الیقین عین الیقین اور حق الیقین تین طریقے بیان کئے گئے ہیں اور اس گیان کھنڈ میں (سرا سدہان) ستوگنی لوگوں میں (سدھ) ظاہر و مشہور و معروف (گھڑئی) الٰہی امتحان نشچے کیا جاتا ہے مطلب یہ کہ جس گیان نشٹھا سے لوگوں کو مکت روپ پھل کی پراپتی ہوتی ہے وہ سادھن سرون منن وغیرہ ستوگنی اور نشکام کرم کرنے والوں

لوگوں میں پائی جاتی ہے انہیں لوگوں میں ایسے سادھنوں کو جو دیکھنا چاہیں دیکھ سکتے ہیں۔ ستوگنی گیانی کا یہانتک جیون مکت کا کارن ظاہر ہے اس بات کا بیدانت اور او پنشدوں کے گیان کے کھنڈ میں بیان ہے اسی واسطے گورو جی کہتے ہیں (تتھے گھڑئی سرا سدھاں کی سدھ) ۳۶

خلاصہ پونڑی ۳۶

کہا میں نے جو ایک عالم مثال سو وہاں طالبوں کو نہیں ہے ملال
حقیقت کی لذت ہے وہاں بےشمار ملیں حظ عقلی ہزاراں ہزار
وہ ملکوت ارواح عالم ہے اور عجائب غرایب اور عالم ہے اور
حقیقت کہوں اس کی دشوار ہے پشیمان ہو خام رفتار ہے
یہ مجرب ہے دیکھو ہر اک عقل کا کہ ایجاد ہوتے ہیں سب برملا
مگر ہے نقوشوں سے وہ مشتمل کئی نقش اور عقل آپس میں مل
کلام گورو کا ہے بس اعتماد سدا اچھے دل سے رہے یہ مراد

करम खण्ड की वाणी जोर। तिथै होर न कोई होर।
तिथै जोध महाबल सूर। तिन महि राम रहिआ भरपूर॥

کرم کھنڈ کی بانی زور۔ تتھے ہور نہ کوئی ہور۔ تتھے جودھ مہابل سور۔
تن مہنہ رام رہیا بھرپور۔

ارتھ۔ اے مرید جو کرم کھنڈ یعنے کرم کانڈ یا طریقت کی بانی یعنے اس کے متعلق جو بیان ہے اس میں صرف زور یعنے طاقت ہی کا بیان ہے زور کے معنے سامرتھ یا طاقت کے ہیں یہ سامرتھ دو قسم کی ہے ایک تو سکام کرم سے دنیا کی چیزوں کے استعمال کرنے کی سامرتھ ہے اور دوسرے نشکام کرم ایشور میں کرموں کو ارپن کرنے سے اس کا نتیجہ جو چت کی صفائی ہے یہ سامرتھ

ہے اور اے مُرید اس کرم کانڈ میں دھوپ شُدہ جیو ایشور کے سروپ کا بیان
نہیں اور دکوئی ہون اور جیو ایشور کے ایکتائی کا بھی بیان کرم کانڈ میں نہیں
ہے لیکن اس کرم کانڈ میں کوئی کوئی کرم ایسا ہے جس سے برمھ لوک ملتا ہے
بعد بھگت بھی دجاتی ہے جیسے (تتھے) اس کرم کانڈ میں (جودہ) لڑائی
لڑنے والے بڑے زبردست بہادر یو پہلوان ہیں یعنے ان کا جو دھرم جُدہ میں
مرتا ہے (تن دھا ابں) دھرم جُدہ میں جو مرتا ہے اس کا پھل یعنے نتیجہ تو بھرپور
نام ہی دریا تمام گیا ہے +

द्वायि मौपुरुषौ लोके सूर्य्य मराडल भेदिनौ ॥ परिब्राड्‌योगयुक्तश्च युद्धे चाभिमुखोहत: १ ॥

ارتھ - دو قسم کے لوگ سورج منڈل کے لوک میں سے گزر کر برمھ لوک
میں پہونچتے ہیں ایک تو چت کے برت کے نرود کرنے والے یعنے خیالات
کو محسوسات سے روکنے والے تیاگی لوگ اور دوسرے دھرم جُدہ میں سامنے
بہادری سے جان دینے والے لوگ ہیں -

तिथै सीतो सीता महिमा माहि। ताके रूप न कथने जाहि ॥ ना ओहि मरहि न ठागे जाहि। जिन के राम बसै मन माहि ॥

تتھے سیتو سیتا مہا مانہہ - تا کے رُوپ - کتھنے جانہہ - اوہ مرے نہ ٹھاگے
جاے کہ - جن کے رام بسے من مانہہ ،

ارتھ اس کرم کانڈ میں جو پت برت دھرم روپی کرم ہے اس کا پھل مُکت
ہے اس واسطے اس میں سیتا کی دیماں (مانہہ) اس مہا میں موجودہ (سیتو) سیتا
کے برابر عورتوں کا بیان ہے سیتو کے معنے سیتا کے برابر کے ہیں (تا کے) تنکے
(روپ) سروپ یعنے پر بھاریا بڑائی نہیں بیان کی جا سکتی ہے کیونکہ نہ تو

(وہ) وہ پت برت دھرم والی استری اگیانی لوگوں کی طرح بار بار مرتی ہے اور نہ بشے باسنا میں ٹھگی جاتی ہے جن کے من میں رام نواس کرتا ہے مطلب یہ ہے کہ وہ پت برت دھرم والی استری اپنے پت کو رام کا سروپ جانکر سب جگہ وہروقت من میں یہی دھارنا رکھتی ہے مفصل ایسی استریوں کا بیان اتہاس پورانوں میں رقم ہے +

اب کرم کانڈ کو بتلاکر اوپاسنا کا بیان آگے کیا جاتا ہے - -

तिथै भगति वसहि के लोय। करहि अनंद सचा मनि सोय।
सच खण्ड वसै निरंकार ॥ करि करि वेखै नदर निहाल।
तिथै खण्ड मण्डल वरभण्ड ॥ जे को कथै त अन्त न अन्त।
तिथै लोय लोय आकार ॥ जिव जिव हुकमु तिवें तिव कार।
वेखै विगसै करि वीचार। नानक कथना करड़ा सार ॥ ३७

تتھے بھگت بسے کے لوے - کرنہہ انند سچا من سوے - سچ کھنڈ بسے رنکار

کرکر ویکھے ندر نہال - تتھے کھنڈ منڈل برہمنڈ - جیکو کتھے تا انت نہ انت -

تتھے لوے لوے کار - جیو جیو حکم تیوے تیو کار - ویکھے بگسے کرو یچار -

نانک کتھنا کرڑا سار - ۳۷ +

ارتھ - اے مُرید جو اپاسنا کا پھل سچ کھنڈ ہے جس سچ کھنڈ کی بڑائی پہلے سوور کی پونڈی میں بیان ہو چکی ہے (تتھے) تس سچ کھنڈ میں بھگت لوگ (لوے) اوپاسنا روپ برت یعنے خیال کو (رکے) کرکے (بسہہ) قیام رکھتے ہیں اُس استھان میں آنند کا انبھو کرتے رہیں کیونکہ ان کے دل میں (سوے) وہ سچا ہے اور اُسی سچ کھنڈ میں (نرنکار) پرماتما سرگن روپ قائم ہے اُس کو مایا کے آکاروں سے رہت ہونے کی وجہ سے بھگت لوگ نرنکار کہتے ہیں بار بار

بھگت روپی ندر یعنے نظر یا تصور کو قائم کرکے اس کو دیکھتے ہیں اور (نہال، کرتوں) سے ربت ہوتے ہیں اس سچ کھنڈ میں (کھنڈ) نو کھنڈ (منڈل) آریہ ورت وغیرہ دیش (ربرہمنڈ) برہمانڈ ہیں جو کوئی ان کو بیان کرنا چاہے تب بھی (انت) اس کے اوہشٹھان یعنے مخزن میں (نہ انت) بھید نہیں مطلب یہ کہ جیسے مٹھائی کے کھلونے بغیر مٹھائی کے اور کچھ نہیں ہیں ویسے ہی سچ کھنڈ میں موجودہ اشیاء پرماتما سے علیحدہ نہیں ہیں اور اس مقام میں جو آکار ہیں وہ آپ (لوے) منور ہیں اور دوسروں کو (لوے) روشن کرتے ہیں جیسے جیسے پرپار برہم کا حکم ہے ویسے ویسے کام ہوتے ہیں اور وہ بھگت لوگ بچار کرکے سروپ کو دیکھتے ہیں اور (وگسے) خوش ہوتے ہیں لیکن سری گوروجی کہتے ہیں اُس (سار) آنند سروپ پرم تت کا بیان کرنا بہت مشکل ہے مطلب یہ کہ اُس کی مہا بہت بڑی ہے اور تعجب سے بھری ہے *

خلاصہ پوڑی ۳۷

کہاں مجھ سے جبروت کا ہو بیان ۔ یہ ہے غیر سے صاف عالی مکان
جو ہیں خاص مقبول درگاہ یار ۔ جو میدان حقیقت کے ہیں مرد کار
محامد الہیٰ میں مشغول ہیں ۔ وہ جبروت میں خاص مقبول ہیں
فنا سے نہیں اُنکو ہرگز ہے کار ۔ سدا دل میں بستا ہے پروردگار
فریب و دغا صاف کھاتے نہیں ۔ کبھی مکر کی راہ آتے نہیں
یہ مسکن صدیقوں کا ہے اے دلا ۔ کہ دل جن کا مسکن ہے خود حق کا
یہی خاص ہے راستی کا دیار ۔ جہاں آپ بستا ہے وہ کردگار
وہی مہربان ہے اور کرتا ہے کام ۔ ہے قابو میں اُس کے جہاں کی لگام
تشخص تعین ہے یاں نور کا ۔ یہاں منبع ہے نور در نور کا

جہاں فکر کی راہ گمراہ ہے سراسر یہ گمراہ کی راہ ہے
اطاعت گورو کی ہو مد نظر یہ اچھے سدا دل سے رکھو خبر۔ ۳۷۔

اب آگے گورو مہاراج جو پہلے ۳۷ پونڈی میں اوپدیش کر چکے ہیں اُس کا خلاصہ مختصر طور پر بیان کرتے ہیں ۔

जत पहारा धीरज सुनियारा॥ अहरण मति बेद हथीयार॥

جت پہارا دھیرج سونیار ۔ اہرن مت بید ہتھیار ۔

ارتھ ۔ اے مُرید جو جت ، جت اندری ہونا ہے وہ پہارا ہے زیور بنانے کا جو مقام یعنے نہائی ہے اُس کو پہارا کہتے ہیں یا زیور بنانے کی تمام چیزیں جس میں رکھی رہتی ہیں اس کو پہارا کہتے ہیں اور سنتوگنی سچے استقلال کی مدد سے دل نفس اور حواسوں کے فعل جو بذریعہ جوگ ضبط کئے ہوئے ہے اور صبر وغیرہ خاصیت جس میں موجود ہیں ایسا جو ادھکاری ہے وہ گیان روپی زیور کا بنانے والا ہونے کی وجہ سے سونار کہا جاتا ہے (ملاحظہ ہو گیتا ادھیائے ۱۲ ۔ اشلوک ۱۶ و ۱۷ و ادھیائے ۱۸ ۔ اشلوک ۳۳)

ترجمہ اشلوک ۱۶ ۔ ادھیائے ۱۲ ۔ بھگوت گیتا +

جو میرا طالب بے خواہش ۔ پاک باز ۔ ہوشیار ۔ آزاد اور مکروہات سے بری ہے اور اپنے سب فعلوں کے نتیجہ پر نظر نہیں رکھتا ہے وہ مجھے عزیز ہے +

ترجمہ اشلوک ۱۷ ۔ ادھیائے ۱۲ ۔ بھگوت گیتا +

جو طالب شوق و نفرت بیم و اُمید نہیں رکھتا ہے اور نیکی و بدی کو ترک کر دیتا ہے وہ مجھے عزیز ہے +

ترجمہ اشلوک ۳۳ ۔ ادھیائے ۱۸ ۔ بھگوت گیتا +

اے ارجن جس سچے استقلال کی مدد سے دل نفس اور حواسوں کے فعل

بذریعہ یوگ ضبط کئے جاتے ہیں وہ اعلےٰ ہے +

اور جو ستوگنی (ست) بدہ یعنے عقل ہے وہی اہرن یعنے زیور گھڑنے یا بنانے کی چیز ہے اور گورو سے اُپدیش کیا ہوا بید کے بچن کا بچار (ہتھیار) ہتھوڑا ہے۔ مطلب یہ ہے کہ جیسے ہتھوڑے سے سونار زیور بناتا ہے ویسے ہی ستوگنی استقلال والے شم دم شنتوکھ وغیرہ سادھنوں کے سادھنے والے ادھکاری بھی گورو کے اُپدیش کئے ہوئے بید کے بچن کو بچار سے ستوگنی بدہ روپی اہرن یعنے گھریا میں گیان روپی زیور کو بناتا ہے۔ ستوگنی بدہ کا لچھن گیتا کے اٹھارہویں ادھیاے کے اشلوک تیس میں درج ہے جس کا ترجمہ یہ ہے "اے ارجن جو عقل پابندی اور آزادی کے اسباب امر و نہی خوف اور بیخوفی کی حالت اور قید اور نجات کو تمیز کرتی ہے وہ اعلےٰ ہے"+

भउ खला अगनि तप ताउ । भांडा भाउ अम्रित तित ढाल । घडीऐ सबद साची टकसाल । जिन कउ नदर करम तिन कार । नानक नदरी नदरि निहाल । ३८ ॥

بھو کھلا اگنی تپ تاو۔ بھانڈا بھاو امت تت ڈہال۔ گھڑیٔ شبد سچی ٹکسال۔
جن کو ندر کرم تن کار۔ نانک، ندری ندر نہال +

ارتھ۔ جو پیدا ہونے اور مرنے کا (بھو) بھَے یعنے خوف ہے وہی کھلا ہے کھلا چڑے کی دھونکنی کو کہتے ہیں جس سے آگ تیز کی جاتی ہے۔ تاو کہتے ہیں تیج کو۔ آگ کا جو تیز جلنا یا روشن ہونا ہے وہی تپ یعنے تت تونگ پد کا ایک ہونا ہے۔ تت پد ایشور اور تونگ پد جیو کو کہتے ہیں۔ بغیر ایسا جانے اکھنڈ ساکشات کار ہوتا نہیں اس واسطے اس بات کو جاننا اور سمجھنا گویا آگ کو تیز کرنا ہے اور بھانڈا یعنے برتن (بھاو) تینوں اوستھا کا شاکشی چیتن ہے (تت) تس میں

(امِرت ، تت پدلکش چیتن کو بچار سے دیکھ کر ڈہال دینا چاہیے پھر سچی ٹکسال یعنے بربھ گیانی گورو کے دربار میں (سبد) اکھنڈ ساکشات کار جس سے ہوتا ہے وہ شبد (گھڑ ئی) پیدا ہوتا ہے لیکن یہ (کار) ، کارروائی ان کو حاصل ہوتی ہے۔ جن کو ندر، کرم) گیان کے دینے والے نشکام یعنی بے تعلق کرم اور پرمیشر کے نام کا جپنا وغیرہ ایسے کرم حاصل ہیں بعدہٗ سری گورو جی کہتے ہیں (ندری اگیانی لوک (ندر، گیان سے ونہال ، کریارت جیون مُکت ہوتے ہیں ÷ ۲۸ -

خلاصہ پونڈی ۸

مہیا ہوں آلات گر زرگری — تو زیور بنے صاف یک سر سری
جو عفت کا اک کارخانہ بنے — حقیقت کا دل میں نشانہ بنے
بنے فہم کا اہرن خوش قماش — تحمل کا زرگر بنے غم تراش
جو دستہ شریعت کا اک ہاتھ آئے — تو خوف خدا کا ہی منبغ بنائے
سوا زہد و تقوی کا آتش لگائے — اور ایمان کا ایک بوتنہ بنائے
کرے روح اور نفس کو تب گداز — تو زیور حقیقت بنے بے نیاز
ارادت کی لیکن کھٹائی ملے — تو زیور کو تب روشنی اعلے
یہی کام اُن کا جو مقبول ہیں — سدا دھیان میں اُسکے مشغول ہیں
ارادت تو اب قول نانک بتا — مجھے اچھے چرنوں سے اُسکے ملا

اشلوک

सलोक ॥ पवरण गुरू पाणी पिता माता धरति महत ।
दिवस राते दुइ दाई दाया खेलै सगल जगत ॥ चंगियाईआ
बुरियाईआ वाचै धरम हदूर । करमी आपो आपणी केनेड़े
केदूरि ॥ जिनी नाम धियाइआ गए मसकत घालि ।

नानक ते मुख उजले केती छुटी नाल ॥१॥

پون گورو پانی پتا ماتا دھرتی مہت - دیوس رات دوی دای دایا کھیلے سگل جگت -
چنگائیا بُوریائیا باچے دھرم حضور - کرمی آپو آپنی کیا نیڑے کے دُور -
جن نی نام دہیائیا گئے مشقت گھال - نانک تے مکھ اُوجلے کیتی چھوٹی نال ۱۰
ارتھ - اب گورو انگدجی مہاراج سری گورو نانک دیوجی سے برمھ ودیا کو سُنکر
بہت خوش ہوکر گورو مہاراج کی ایک اشلوک سے اُستت کرتے ہیں کہ اے گورو مہاراج
آپ مانند ہوا اور پانی کے ہیں جیسے ہوا دنیا کی بدبو کو دور کرکے پاک کر دیتا ہے
ویسے گورو بھی اپنے سرن میں آے ہوے چیلوں کے اگیان کے ورکندہ کو دور کرکے
شُدہ برمھ بھاو کو دیتے ہیں اور جیسے پانی تمام لوگوں کی گرمی کو دور کرکے ٹھنڈک
پہنچاتا ہے ویسی ہی گورو بھی اپنے اوپدیش سے مریدونکو شانت کرتے ہوے
اُن کی خواہش کو جس سے دل میں جلن رہتی ہے دور کرتے ہیں اسی طرح گورو ہی باپ ہیں
کیونکہ جیسے باپ بیٹے کے جسم کو پیدا کرکے اُس کی پرورش کرتا ہے ویسے گورو بھی
اجر امر برمھ روپ شریر کو اپنے اُپدیش سے تدہ کر اگیان سے پرپار پراپت کرتے
ہوئے پالنا کرتے ہیں اور گورو ماتا سروپ ہیں کیونکہ جیسے ماں بیٹے پر رحم کرکے
اُس کے بھلائی کے اوپدیش اُس کو دیتی ہے ویسے ہی گورو بھی گوکہ اُن کو چیلے سے
کچھ غرض و سروکار نہیں ہے لیکن تب بھی بنظر ترحم اُن چیلوں کو جو ادھکاری ہوتے
ہیں اور سرن میں آتے ہیں اُن کی بہبودی کا اوپدیش کرتے ہیں - اسی طرح گورو
مثل زمین کے ہیں کیونکہ جیسے زمین سب طرح سے لوگوں کی پرورش و طاقت
کے واسطے اپنے اندر سے عمدہ عمدہ ادہ یات ونباتات کو پیدا کرتی ہے اور اپنے اندر
موجود رکھتی ہے اسی طرح گورو بھی سب کی بھلائی کے واسطے اپنے میں عمدہ عمدہ
بیراگ وغیرہ گُنوں کو دھارن کرتے ہیں اور دوسرے کو بھی دیتے ہیں اور گورو مہت

اکاش کی طرح ہیں کیونکہ جیسے آکاش باوجودیکہ سب میں پورن ہے لیکن کسی کے
عیب و ہنر سے ملوث نہیں ہوتا اسی طرح گورو بھی سب جیووں میں موجود رہ کر
بھی اننک رہتے ہیں اور گورو دن یعنے روز روشن کی طرح ہیں کیونکہ جیسے جب
دن ہوتا ہے۔ سب کی نیند جاتی رہتی ہے اور اپنے اپنے کام میں سب لگ جاتے
ہیں ویسے گورو بھی اپنی موجودگی سے جیووں کے الس یعنے کاہلی کو دور کر کے سرون
دمنن میں لگاتے ہیں اور گورو رات ودی) دونوں طرح کی راتوں کے مانند ہیں
کیونکہ جیسے شکل پکش کی اوجیالی رات تاپ یعنی گرمی کو دور کرتی ہے اور کرشن پکش
کی اندھیری رات تھکاوٹ کو دور کرتی ہے اسی طرح سری گورو لوگوں کے ترشنا
روپی تاپ کو دور کر کے سکام کرم میں لگے ہوئے تھکاوٹ کو دور کرتے ہیں اور گورو
دائی اور دایا کے برابر ہیں کیونکہ اسری سنپت یعنی شیطانی خصلت کے جو کانٹے ہیں ان سے
بچاتے ہیں اس لئے مثل دائی کے ہیں جیسے دائی بچونکو کانٹے وغیرہ سے بچاتی ہے اور
دیوی سنپت یعنی فرشتہ صفت کی خاصیت والے باغیچہ کا سیر کراتے ہیں یعنی عمدہ خصائل مریدوں
سے کراتے ہیں اس وجہ سے مثل دایہ کے ہیں یعنی مجسم رحم ہیں اور تمام سنسار کے جیوونکے اودہار
کرنے واسطے (کھیلے) لیلا کرتے ہوئے بد و نیک کی اصلیت کو بیان کر کے بھلے و برے
کا تمیز کراتے ہیں اسواسطے کہ دھرم کے حضور یا سامنے انکو کر دیویں کیونکہ بغیر اچھے و
برے کے بچار کئے ست است کا تمیز نہیں ہوتا اور بغیر اس تمیز کے دھرم کے پابند
جیو نہیں ہوتے ہیں۔ ایسے گورو اپنے اپنے افعال کے مطابق کسی افعال حسنہ کے
عامل کے نزدیک ہیں اور کسی افعال قبیحہ کے عامل کے دور ہیں اسواسطے جس کسی اچھے
کرم والے نے (نام) گورو کے ادپدیش سے پرم تت کا دھیان کیا ہے وہ شخص
(مشقت گھال) محنت دپرشارتھ کر کے (گئے) پرم دھام کو پہنچے ہیں سری گورو جی
کہتے ہیں جو بچار دیراگ وغیرہ گنوں سے بھرے ہوے ہیں (رتے) وہ لوگ (دکھ) سے

میں پردہان یعنی عام میں خاص ہیں اور اگیان کو دور کر کے (اُدہ جلے) نرمل یعنی صاف وگیانی ہوے ہیں ایسے لوگوں کے رناں) ساتھ میں ہو کر کہتی (کتے ہی لوگ (چھٹی) مکت ہو گئے اور آگے ہو رہینگے۔ پہلے سری گورو جی گدی پر جو جو گورو تخت نشین ہوتے گئے وہ سب ہی نوئیں پادشاہی تک اپنے اپنے کلام میں نانک نام ہی لکھتے گئے۔ نانک شبد کا ارتھ دیباچہ میں لکھدیا گیا ہے دہاں سے دیکھ لیا جاوے۔ اسی واسطے گورو انگد جی نے اپنے اشلوک میں پرم منگل پرشوتم پرماتما کا ظاہر کرنیوالا نانک نام لکھا ہے اونگ تت ست

کبت - گوروتات گورومات گورو بندھو نج گات گورو دیو نکھ سکل سمہاریو ہے
گورو دیئے دبّ نین گورو دیئے مکھ بین گورو دیو سروان دے شبد ادچاریو ہے
گورو دیئے ہاتھ پاؤں گورو دیئے سیس بھار گورو دیو پنڈ مانہہ پران آے ڈاریو ہے
سندرکہت گورو دیو جو کرپال ہوے پھیر گھاٹ دھر کر موہنہ نستاریو ہے
جوگی کہیں گورجین کہیں گورو بودھ کہیں گرو جنگم مانئیں
بھگت کہیں گور نیاسی کہیں بن باسی کہیں گور اور بکھانئیں
شیخ کہیں گور صوفی کہیں گوریا ہی تے سندر وت بسرانئیں
واہو کہیں گورو دو کہیں گورو ہے گورسوئی ہے بھرم بہانئیں

گائتری - سنت سرود منجن کیجے جت کی دھوتی تن پر لیجے۔ گیان انگوچھا سیل دھرا کھے دھرم جنیو ست مکھ بھاکے۔ شانت تلک دیا کر دیجے۔ پریم بھگت کا آچمن لیجے جو نر ایسی کار کما دے۔ مال کنٹھی منگل ہو جاوے۔ گائتری ہوے جو گت بھوو ترپن ہوے سو نک نہ ہووے سندھیا وہی جو سنت بچانے۔ من بچھڑے کو گھٹ میں آنے
ایسی گائتری میرے من مانی۔ کہو نانک گن گو مکھ بولے جانی

اونگ تت ست